ہینڈ بک برائے چھوٹی موٹر گاڑی

محفوظ ڈرائیونگ کی گائیڈ
لائسنسنگ ایجنسی

اشاعت ہفتم

8009090 rta.ae

تربیت اور ٹیسٹ کے لائحہ عمل کا خاکہ



اس کتابچہ میں علامات کی رہنمائی

Caution

خبردار رہیں، کام کرنے کی جگہ پر کسی چیز کو نقصان پہنچانے یا غلط طریقہء کار استعمال کرنے سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ ہدایات پر عمل کریں۔

Safety

سیفٹی آپ کو حفاظتی طرز عمل کی پیروی کرنا یا حفاظتی لباس پہننا

Questions

خود کو پرکھنے کے لئے سوالات – ہر حصہ کے آخر میں دیئے گئے سوالات کا جواب دے کر خود کو پرکھیں کہ آپ اس حصہ میں دی گئی معلومات کو سمجھ چکے ہیں۔

اس ہینڈ بک کو پڑھنے کا طریقہ

اس ہینڈ بک میں علامات اور رنگین خانے استعمال کئے گئے ہیں تاکہ آپ کو اس ہینڈ بک کے مطالعہ اور استعمال کرنے میں آسانی ہو۔ ذیل میں ان کے نمونے دیئے گئے ہیں۔

یہ بکس کسی قانون کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔

MUST

" لازمی" جب آپ اس ہینڈ بک کا مطالعہ کرتے ہیں تو آپ دیکھیں گے کہ لفظ "لازمی" کو موٹا کرکے لکھا ہوا ہوگا۔اس سے آپ پر یہ بات واضح کی جاتی ہے کہ یہ وہ قانون ہے جس کی پابندی آپ پر " لازم" ہے۔اگر آپ اس عمل کی پابندی نہیں کرتے ہیں تو آپ قانون کی خلاف ورزی کررہے ہوں گے۔

یہ علامت کسی چیز کے مطلب کی وضاحت کرتی ہے۔

آپ کی مدد کے لئے سڑک پر سلامتی کے بارے میں کسی ہدایت کی نشاندہی کرتی ہے۔

فہرست مضامین

تعارف ۷

اس ہینڈ بک کا پڑھنا کیوں ضروری ہے؟ ۸

حصہ ۱ ۱۰

لائسنس کے حصول اوراس کی تجدید کے لئے ۹ اقدام ۱۰

غیر ملکی افراد کا دبئ میں گاڑی چلانا ۱۳

متحدہ عرب امارات میں دوسرے ملکوں کے تسلیم شدہ لائسنس ۱۴

تجدید ۱۶

حصہ ۲ ۱۷

ڈرائیونگ سیکھنا ۱۷

محفوظ طور پر ڈرائیونگ کرنا بطور ایک چیلنج ۱۸

متواتر مشق کرنا سیکھنے کا بہترین طریقہ ہے ۱۸

مدافعانہ طور پر ڈرائیونگ کرنا ۱۹

آپ کا ڈرائیونگ انسٹرکٹر ڈرائیونگ سیکھنے میں آپ کا مددگار ہوگا ۲۳

۵ مراحل میں ڈرائیونگ سیکھنا ۲۴

آپ برسوں تک سیکھنا جاری رکھیں گے ۲۶

حصہ ۳ ۲۷

خطرات سے نمٹنا ۲۷

رفتار ۲۸

حفاظتی بند (سیٹ بیلٹ) ۲۹

الکوحل، منشیات اور ادویات ۳۱

ڈرائیونگ کے مختلف حالات میں گاڑی چلانا ۳۲

دھند میں گاڑی چلانا ۳۴

دبئ میں سیلاب ۳۶

موبائل فون یا توجہ ہٹانے والے دوسرے عوامل ۳۸

تھکاوٹ کے دوران گاڑی چلانا ۳۹

غصہ کی حالت میں گاڑی چلانا ۴۰

گاڑی کی دیکھ بھال ۴۱

ڈرائیور کی مدد کے نظام ۴۲

ٹکراؤ کے امکانات کو کم کرنا ۴۸

رات کے وقت محفوظ طریقہ سے گاڑی چلائیں ۵۰

فہرست مضامین

حصہ ۴	**۵۳**
روڈ صارف کی حفاظت	۵۳
دبئی میں اسکول بس	۵۷
دبئی میں بس اور ٹیکسی کے لئے لین	۶۰
دبئی ٹرام اور دبئی میٹرو	۶۴
دبئی میں ٹرام سے متعلقہ اشارے اور نشانات	۶۶
حصہ ۵	**۷۱**
قوانین اور ذمہ داریاں	۷۱
ایک ذمہ دار ڈرائیور بننا	۷۱
نظم و ضبط کے ساتھ ڈرائیونگ کرنا	۷۱
سڑک کے قوانین کیا ہیں؟	۷۵
سڑک کے اشارے	۷۵
منظم کرنے کے اشارے	۷۶
خطرے جانب نشاندہی کرنے والے اشارے	۸۰
دبئی میں "سالک"	۸۸
سڑک پر لگے ٹریفک کے نشانات	۹۱
چوراہوں پر ٹریفک کا نظم و ضبط	۹۵
حد رفتار	۹۸
پیدل چلنے والے افراد کو راستہ دینا	۹۸
موڑ مڑنا	۱۰۰
ٹریفک کا گول چکر (راؤنڈ اباؤٹ)	۱۰۵
لین تبدیل کرنا اور اوورٹیک کرنا	۱۰۸
بڑی شاہراہوں (Freeways) پر گاڑی چلانا	۱۱۳
تقاطع پر بنے ہوئے پل (انٹر چینجز)	۱۱۵
پارکنگ	۱۱۶
دبئی میں پیڈ پارکنگ	۱۱۸
حادثہ ہونے کی صورت میں آپ کا محفوظ طرز عمل اور ذمہ داریاں	۱۲۰

فہرست مضامین

حصہ ٦	۱۲۳
کفایت شعاری کے ساتھ گاڑی چلانے کی عادت	۱۲۳
حصہ ۷	۱۲۵
اپنی معلومات پرکھنے کے لئے سوالات	۱۲۵
حصہ ۸	۱۲۷
ٹریفک کے قانون کی خلاف ورزیاں، جرمانے اور بلیک پوائنٹ	۱۲۷
حصہ ۹	۱۳۴
آرٹی اے کا آسان لائسنس کا نظام	۱۳۴
ڈرائیونگ سیکھتے رہیں اور اپنی گاڑی چلانے کے تجربات سے لطف اندوزہوں	۱۳۷
حصہ ۱۰	۱۳۸
نصاب کی معلومات کی تربیت	۱۳۸
نظریہ نصاب	۱۳۸
عملی تربیت کا ریکارڈ	۱۴۰

تعارف

چھوٹی موٹر گاڑی کی ہینڈبک میں خوش آمدید

چھوٹی موٹر گاڑی کی یہ ہینڈبک نہ صرف زیرتربیت نئے ڈرائیوروں بلکہ تجربہ کار ڈرائیوروں کو بھی محفوظ ڈرائیونگ کے لئے راہنمائی مہیا کرتی ہے۔

ہوسکتا ہے کہ دوسرے ممالک سے تعلق رکھنے والے تجربہ کار ڈرائیور حضرات دبئی کے ٹریفک قوانین کو اپنے ممالک سے مختلف پائیں۔ اور دبئی میں سڑکوں کا نظام اور ٹریفک کے حالات بھی ان کے ممالک سے مختلف ہو۔ اس ہینڈبک میں دی گئی معلومات کو پڑھنے اور سمجھنے سے دبئی میں طویل عرصہ تک کسی دقت کے بغیر گاڑی چلانے کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

یہ ہینڈبک آپ کی ڈرائیونگ کی تربیت کے دوران محفوظ طورپر ڈرائیونگ سیکھنے کا ایک ضروری آلہ ہوگی۔ جب بھی ضرورت پڑے تو اس میں دی گئی معلومات سے رجوع کریں کیونکہ یہ اہم معلومات آپ کو ڈرائیونگ تھیوری اور عملی ٹیسٹ میں کامیابی حاصل کرنے میں مدد گار ہوں گی۔

ڈرائیونگ ٹیسٹ میں کامیابی حاصل کرلینے کے بعد بھی اس ہینڈبک کا وقتاً فوقتاً مطالعہ کرنے سے آپ ڈرائیونگ کے دوران پیش آنے والی مشکلات کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔

یاد رکھیں کہ ڈرائیونگ ٹیسٹ پاس کرنے کے بعد آپ کا سیکھنے کا سلسلہ ختم نہیں ہوجاتا۔ ڈرائیونگ کے حالات کسی وقت بھی تبدیل ہوسکتے ہیں۔ ہمہ وقت تبدیلی سے دوچارٹریفک کے حالات سے محفوظ طور پر نمٹنے کےلئے مہارت اور تجربے کی ضرورت ہوتی ہے جوکہ صرف پریکٹس سے ہی حاصل ہوتے ہیں۔

ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرلینے کے بعد پہلے چند مہینےکا وقت عام طور پر گاڑی چلانے کا خطرناک دورانیہ ہوتا ہے۔ اس دورانیے میں نوجوان طبقہ خودمختاری سے گاڑی چلانے کی آزادی ملنے پر کافی پرجوش ہوتے ہیں۔ اور یہی وقت ہوتا ہے جب نئے ڈرائیور گاڑی چلانے کی اپنی صلاحیت کی حد آزمانے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔ ناتجربہ کاری اور پرجوش ہونے کا امتزاج عام طور پر بہت ہی خطرناک ہے۔

اس ہینڈ بک کا پڑھنا کیوں ضروری ہے؟

جیسا کہ آپ یہ بات جان جائیں گے کہ آپ کو محفوظ طور پر ڈرائیونگ کرنا سیکھنے کے لئے بہت زیادہ مشق کرنے کی ضرورت ہوگی۔

یہ ہینڈ بک ان تمام لوگوں کے لئے ہے جو گاڑی چلانا سیکھنے کے خواہش مند ہیں۔ یہ تربیتی لائسنس، مکمل لائسنس، یا غیر ملکی لائسنس کو دبئی کے لائسنس میں تبدیل کرنے میں رہبری کرتی ہے۔ تربیتی لائسنس کے حصول کے لئے ٹیسٹ دینے سے پہلے آپ کو اس ہینڈ بک کا بغور مطالعہ کرنے کی ضرورت ہوگی۔

یہ ہینڈ بک درج ذیل کے لئے آپ کی مددگار ہوگی:

لائسنس حاصل کرنے کے لئے آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہوگی۔

یہ جاننے میں کہ آپ ڈرائیونگ کرنا اورڈرائیونگ کی بہت زیادہ مشق کرنا کیسے سیکھ سکتے ہیں۔

سڑک استعمال کرنے والوں کی سلامتی، ٹریفک کے قوانین اور بحیثیت ڈرائیوراپنے فرائض کو سمجھنا۔

تاہم آپ یہ بھی یاد رکھیں کہ یہ ہینڈبک ایک قانونی دستاویز کے طور پر نہیں بنائی گئی ہے۔ اگر آپ کسی مسئلہ کے بارے میں قانون جاننے کے خواہشمند ہوں تو اس کے لئے آپ کو چاہئے کہ وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱ (۱۹۹۵) سے رجوع کریں۔

چھوٹی موٹر گاڑی کی ہینڈ بک میں دی گئی معلومات کو استعمال کرنے کے فیصلہ سے آپ سالہا سال تک محفوظ سواری کرنے کی راہ پر گامزن ہوجائیں گے۔ اپنا لائسنس حاصل کرلینے کے بعد بھی اس ہینڈ بک سے رجوع کرتے رہیں اور ایک محفوظ ڈرائیونگ کے تجربہ سے لطف اندوز ہوتے رہیں۔

اس ہینڈ بک کے استعمال کا طریقہ

اس ہینڈ بک کو آٹھ حصوں میں تقسیم کیاگیاہے۔

حصہ اول آپ کے لائسنس حاصل کرنے اور ڈرائیور بننے کے لئے درکار ۹ اقدام کی وضاحت کرتا ہے۔اس حصہ میں تربیتی یا مکمل لائسنس کے حصول اوراس کے ساتھ ہی آپ کے غیر ملکی ہونے کی صورت میں دبئی کا لائسنس حاصل کرنے کی معلومات شامل کی گئی ہیں۔

حصہ دوئم ڈرائیونگ کرنا سیکھنے اور اپنے ڈرائیونگ انسٹرکٹر کی موجودگی میں بہت زیادہ مشق کرنے کے موضوعات کا احاطہ کرتا ہے۔

حصہ سوئم ڈرائیونگ کے دوران پیش آنے والے خطرات سے نمٹنے کے بارے میں معلومات مہیا کرتاہے۔

حصہ چہارم سڑک استعمال کرنے والوں کی سلامتی اور سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کے رویّوں پر روشنی ڈالتا ہے۔

حصہ پنجم ٹریفک کے قوانین اوربطور ڈرائیور آپ کی ذمہ داریوں کی وضاحت کرتا ہے۔

حصہ ششم کفایت شعارانہ اور ماحولیاتی آلودگی کا خیال رکھتے ہوئے ڈرائیونگ کرنے کے فوائد کا خاکہ پیش کرتا ہے۔

حصہ ہفتم خود کو پرکھنے کے اس مرحلہ میں دیئے گئے سوالات کو استعمال کرتے ہوئے آپ خود کو پرکھ سکتے ہیں کہ آپ نے اس ہینڈبک میں دی گئی معلومات کو کتنا سمجھا ہے۔

حصہ ہشتم ٹریفک کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں آپ پر عائد ہونے والے بلیک پوائنٹس اور جرمانوں کی فہرست پیش کرتاہے۔

حصہ ۹ : آر۔ ٹی ۔ اے لائسنس کے بارے میں معلومات

حصہ۱۰ : تربیتی نصاب کے بارے میں معلومات

انتباہ برائے بدعنوانی!

کسی انسٹرکٹر، ممتحن یا پرکھنے والے شخص کو کسی قسم کا تحفہ، رقم یا مدد کی پیشکش کرنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ ایسا کرنے کو "رشوت" سمجھا جائے گا۔ ایسے کیس کو قانونی کارروائی کے لئے پولیس میں دے دیا جائے گا۔ آپ بدعنوانی کو روک سکتے ہیں

حصہ ۱ : ڈرائیونگ لائسنس

لائسنس کے حصول اور اس کی تجدید کے لئے ۹ اقدام

پہلا قدم : ای-ٹریفک نظام میں فائل کھولیں اور اپنا ہلکی گاڑی ڈرائیونگ کی ہینڈبک کا نسخہ حاصل کریں

کچھ وقت ہینڈبک کا مطالعہ کرنے میں صرف کریں۔ یہ ہینڈبک سڑک پر سلامتی اور ٹریفک کے قوانین کی ان اہم معلومات پر مشتمل ہے جو محفوظ طور پر گاڑی چلانے کے ساتھ معلوماتی ٹیسٹ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے ضروری ہیں۔

دوسرا قدم: فیس ادا کرنے کے بعد اپنا تربیتی پرمٹ حاصل کریں

دبئی میں گاڑی چلانے کی تربیت حاصل کرنے کے لئے تربیتی پرمٹ حاصل کرنا بہت ہی اہم ہے۔ تربیت کے دوران اسے ہر وقت اپنے ہمراہ رکھنا اور آر-ٹی-اے کے انسپکٹر حضرات کی درخواست پر انہیں دکھانا لازمی ہے۔ اور تربیت جاری رکھنے کے لئے اس کی معیاد ختم ہونے کی تاریخ پر یا اس سے قبل اس کی تجدید کروانا لازم ہے۔

تیسرا قدم: معلوماتی ٹیسٹ کی تاریخ حاصل کریں

آپ اپنے معلوماتی ٹیسٹ کی تاریخ اپنے منتخب کردہ ڈرائیونگ انسٹیٹیوٹ کے ذریعہ لے سکتے ہیں۔ اس کی فیس ۲۲۰ درھم ہے جو کہ ناقابل واپسی ہے۔ اس لئے آپ اس ہینڈبک کا اچھی طرح مطالعہ کرکے ٹیسٹ کی تیاری کرنے کو یقینی بنائیں۔ اگر آپ اپنے ٹیسٹ کی تاریخ تبدیل کرنا چاہیں تو آپ ایسا ٹیسٹ کی تاریخ سے ۴۸ گھنٹے قبل کرسکتے ہیں بصورت دیگر آپ کی ٹیسٹ کے لئے ادا کردہ فیس ضائع ہو جائے گی۔ اگر آپ اپنا ٹیسٹ ملتوی کروانا چاہتے ہوں تو آپ پر لازم ہے کہ اپنے ڈرائیونگ سنٹر کے بکنگ کاؤنٹر سے رابطہ کریں۔ برائے مہربانی یہ یاد رکھیں کہ اگر آپ اپنے ٹیسٹ کی تاریخ ملتوی کرتے ہیں یا وقت پر نہ پہنچنے کے باعث آپ کو ٹیسٹ سنٹر میں داخلے کی اجازت نہیں ملتی ہے تو آپ کی ادا کردہ ٹیسٹ فیس واپس نہیں کی جائے گی۔

چوتھا قدم: معلوماتی ٹیسٹ دیں اور اس میں کامیابی حاصل کریں

آپ اپنا معلوماتی ٹیسٹ اس ڈرائیونگ انسٹیٹیوٹ میں دے سکتے ہیں جہاں آپ نے اپنی فائل کھلوائی ہو۔ ٹیسٹ کے دن آپ پر لازم ہے کہ مقررہ وقت سے کم ازکم ۳۰ منٹ قبل ٹیسٹ سنٹر میں موجود ہوں۔ آپ کو ٹیسٹ سنٹر میں اپنی ذاتی اشیاء جیسا کہ موبائل فون، پین یا حتیٰ کہ گھڑی تک بھی لانے کی اجازت نہیں ہے۔ ٹیسٹ سنٹر میں لاکرز کا انتظام بھی کیا گیا ہے جہاں آپ اپنی ذاتی اشیاء کو محفوظ کرسکتے ہیں۔

معلوماتی ٹیسٹ میں کامیابی حاصل کرنا لائسنس کے حصول کے عمل کا ایک اہم قدم ہے۔ اگر آپ اس ٹیسٹ میں کامیابی حاصل نہیں کر پاتے ہیں تو آپ کو گاڑی چلانے کے عملی ٹیسٹ میں حصہ لینے اجازت نہ ہوگی۔

پانچواں قدم: گاڑی چلانے کی تربیت حاصل کرنا شروع کریں

آپ کی تربیت کی ابتداء اس ہینڈبک میں دی گئی معلومات کی بنیاد پر شروع ہوتی ہے۔ اگر آپ محسوس کریں کہ آپ کو اس ہینڈبک میں دی گئی کچھ معلومات سمجھنے میں مشکل پیش آرہی ہے تو اس کے لئے ڈرائیونگ سنٹر/ انسٹیٹیوٹ میں آپ کی مدد کے لئے معلوماتی لیکچر کی انتظام موجود ہے۔ گاڑی چلانے کی عملی تربیت کے دوران ہوسکتا ہے کہ آپ کا ڈرائیونگ انسٹرکٹر بھی اس ہینڈبک میں دی گئی کچھ معلومات کا حوالہ دے۔

تھیوری کے کل اسباق کی تعداد آٹھ ہے اور ان کا حاصل کرنا لازمی ہے۔ ان اسباق کو ڈرائیور کی مثبت سوچ اور ذمہ داریوں پر بھرپور طور پر روشنی ڈالتے ہوئے تیار کیا گیا ہے خاص طور پر اس وقت جب وہ قانونی طور پر ڈرائیونگ لائسنس یافتہ بن جاتے ہیں۔

آپ پر لازم ہے کہ عملی تربیت کے مرحلہ ۲ میں جانے سے قبل تھیوری کے کم از کم نمبر ۱ اور ۲ اسباق ضرور حاصل کریں۔ اس کا مقصد آپ کو سڑک پر عملی تربیت دینے سے قبل ٹریفک کے قوانین و ضوابط کا علم ہونے کو یقینی بنانا ہے۔

عملی تربیت کے دوران ہوسکتا ہے کہ آپ کا انسٹرکٹر اس ہینڈبک میں دی گئی معلومات سے رجوع کرسکتا ہے۔ عملی تربیت میں ایک گھنٹہ دورانیہ کے دو اسباق بھی شامل ہیں جن کو حاصل کرنا آپ کے لئے لازمی ہے۔

گاڑی چلانے کی تربیت حاصل کرنے کے دوران قانونی طور پر آپ پر لازم ہے کہ:

- آپ کے ہمراہ ڈرائیونگ انسٹرکٹر موجود ہو
- آپ شراب کے نشہ کی حالت میں نہ ہوں
- آپ نے اپنا حفاظتی بند باندھا ہوا ہو

چھٹا قدم: گاڑی چلانے کے عملی ٹیسٹ کے لئے تاریخ حاصل کریں

گاڑی چلانے کے عملی ٹیسٹ کی تاریخ لینے سے قبل آپ کو اپنی گاڑی چلانے کی قابلیت کے بارے میں پراعتماد ہونا بہت ہی اہم ہے۔

گاڑی چلانے کے ٹیسٹ کے تاریخ کے لئے ضروری ہے کہ:

- آپ معلوماتی ٹیسٹ میں کامیابی حاصل کرچکے ہوں
- آپ نے تربیت کے لئے مقرر کردہ کم ازکم گھنٹوں تک تربیت حاصل کرلی ہو
- ڈرائیونگ انسٹیٹیوٹ میں گاڑی چلانے کی قابلیت کو پرکھنے کے ٹیسٹ میں کامیابی حاصل کرلی ہو

آپ گاڑی چلانے کے عملی ٹیسٹ کی تاریخ درج ذیل مقامات سے لے سکتے ہیں:

- آر- ٹی- اے کے کال سنٹر میں فون کرکے
- انٹرنیٹ پر آر- ٹی- اے کی ویب سائٹ پر www.rta.ae
- یا جس انسٹیٹیوٹ سے آپ نے تربیت حاصل کی ہو وہاں خود حاضر ہوکر

ساتواں قدم: فری وے/شاہراہ پر گاڑی چلانے کی تربیت حاصل کریں، فیس ادا کرکے اپنا لائسنس حاصل کریں

جب آپ ٹیسٹ میں کامیاب ہوجاتے ہیں تو:

- اپنے ڈرائیونگ انسٹرکٹر کے ہمراہ فری وے پر گاڑی چلانے کے دو گھنٹہ دورانیہ تربیت کے ۴ اسباق حاصل کریں۔

آٹھواں قدم: گاڑی چلانے کا عملی ٹیسٹ دیں اور اس میں کامیابی حاصل کریں

آپ کا گاڑی چلانے کا عملی ٹیسٹ آپ کے منتخب کردہ ڈرائیونگ انسٹیٹیوٹ / سنٹر کے قرب وجوار ہی میں لیا جائے گا۔ ٹیسٹ کی ابتداء کرنے سے قبل ہوسکتا ہے کہ ممتحن درج ذیل اقدامات کرے:

آپ کے ریکارڈ کے مطابق آپ کی شناخت کی توثیق کرے

- آپ کا تربیتی ریکارڈ طلب کرے
- آپ سے علمی ٹیسٹ میں کامیابی کا سرٹیفیکیٹ طلب کرے
- آپ سے آپ کا شناختی کارڈ یا دستاویز طلب کرے

آپ کو چاہیئے کہ آپ ٹیسٹ سنٹر میں کم از کم ۳۰ منٹ پہلے پہنچ جائیں تاکہ آپ کی حاضری کی کارروائی مکمل کی جاسکے۔ ٹیسٹ کے لئے عین وقت پر پہنچنے سے ہوسکتا ہے کہ آپ غیر ضروری دباؤ کا شکار ہوجائیں اور ہوسکتا ہے کہ اس کا اثر آپ کی کارکردگی پہ پڑے۔

گاڑی چلانے کا عملی ٹیسٹ

گاڑی چلانے کے ٹیسٹ کا دورانیہ تقریباً ۲۰ منٹ ہوگا جس کا انحصار آپ کی کارکردگی یا گاڑی چلانے کی صلاحیت پر ہوگا جو کہ درج ذیل کے بارے میں ہوں گی:

- گاڑی پر قابو رکھنا
- ٹریفک قوانین کی پابندی
- سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کے ساتھ مل جل کر گاڑی چلانا
- محفوظ طور پر گاڑی چلانے کی مہارت کا مظاہرہ کرنا

آپ کی ریورس کرکے گاڑی پارک کرنے کی مہارت کو بھی پرکھا جاسکتا ہے

گاڑی کے گیئر

اگر آپ کا ٹیسٹ آٹومیٹک گیئر والی گاڑی میں لیا جائے گا تو ٹیسٹ میں کامیابی کے بعد آپ فقط آٹومیٹک گیئر والی گاڑی ہی چلانے کے قابل ہوں گے۔ مینول گاڑی کو چلانے کی اجازت کے لئے آپ کو ایک اور ٹیسٹ دینا ہوگا۔

نواں قدم: ڈرائیونگ کرنا سیکھتے رہیں اور مشق جاری رکھیں

اب جبکہ آپ ڈرائیونگ انسٹرکٹر کے بغیر گاڑی چلانے کے قابل ہو گئے ہیں تو حقیقی طور پر آپ کا سیکھنے کا عمل اب شروع ہوگا۔اپنی ڈرائیونگ کو بہتر بنانے کی کوشش جاری رکھیں تاکہ آپ قانون کی پابندی کرتے ہوئے محفوظ ڈرائیونگ کرسکیں۔

جب آپ گاڑی چلا رہے ہوں تو قانونی طور پر آپ پر لازم ہے کہ:

- الکوحل کے زیر اثر ڈرائیونگ مت کریں
- حفاظتی بند باندھ کر رکھیں
- ڈرائیونگ کے دوران موبائل فون کا استعمال مت کریں
- اپنا لائسنس ہمیشہ اپنے ہمراہ رکھیں۔

گاڑی چلانے سے پہلے اس بات کی یقین دھانی کریں کہ گاڑی کی انشورنس کی ہوئی ہو اور اس کا رجسٹریشن نمبر بھی لگا ہوا ہو۔اور رجسٹریشن کے کاغذات گاڑی کے اندر موجود ہوں۔

غیر ملکی افراد کا دبئی میں گاڑی چلانا

اگر آپ دبئی کے مستقل رہائشی نہیں ہیں اور وزٹ ویزا پر دبئی میں موٹر سائیکل چلانا چاہتے ہیں تو آپ پر لازم ہے کہ:

- آپ کی عمر کم از کم ۱۸ سال ہو
- وزٹ ویزے کی میعاد ختم نہ ہو
- آپ کے پاس بین الاقوامی ڈرائیونگ لائسنس ہو

بین الاقوامی لائسنس کی حدود

اگر آپ دبئی کے عارضی ویزا (وزٹ ویزا) پر ہوں تو آپ صرف کرایہ پر حاصل کردہ گاڑی ہی چلا سکتے ہیں۔ تاہم، آپ کو گاڑیاں کرایہ پر دینے والی کمپنیوں سے فردا فردا پوچھنا پڑے گا کہ وہ بین الاقوامی لائسنس کو قبول کرتی ہیں یا نہیں کیونکہ بعض کمپنیاں قبول نہیں کرتیں۔ آپ کو یہ بھی چیک کرنا پڑے گا کہ یو اے ای سے باہر گاڑی چلانے کی صورت میں آپ کی انشورنس کارآمد ہے یا نہیں۔ یو اے ای میں گاڑی چلانے کے لئے ضروری ہے کہ آپ کے پاس بین الاقوامی لائسنس کے ساتھ اپنے ملک کا مستقل لائسنس بھی ہو۔ اگر آپ رہائشی ویزا پر دبئی میں رہائش پذیر ہو تو بین الاقوامی لائسنس پر گاڑی نہیں چلا سکتے۔

متحدہ عرب امارات میں دوسرے ملکوں کے تسلیم شدہ لائسنس

فی الوقت متعدد ملکوں کے ڈرائیونگ لائسنس متحدہ عرب امارات میں تسلیم شدہ ہیں اوران ملکوں میں سے کسی ملک کے لائسنس کو کسی رسمی امتحان میں سے گذرے بغیر دبئی کے ڈرائیونگ لائسنس میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔اس کے لئے مندرجہ ذیل اقدام کرنا ہوں گے:

ان ممالک میں سے کچھ ممالک کے درخواست گذاروں کو اپنے ملک کے سفارت خانہ کی جانب سے اپنے لائسنس کی ملکیت کا تصدیق نامہ بھی جمع کروانا ہوگا۔

جس ملک سے اس لائسنس کا اجراء ہوا ہو لائسنس کے حامل کی قومیت اور پاسپورٹ بھی اسی ملک کا ہونا چاہیئے۔

ان ممالک / ریاستوں کی فہرست جن کے لائسنس یو اے ای کے ڈرائیونگ لائسنس سے تبدیل ہوسکتے ہیں.

جی سی سی ممالک				
کویت (!)	سعودی عرب (!)	بحرین (!)	عمان (!)	قطر (!)

یورپی ممالک			
آسٹریا	بیلجیئم	سپین	جرمنی
فرانس	آئرلینڈ	نیدرلینڈ	اٹلی
برطانیہ	ترکی	یونان	سوئٹزرلینڈ
ناروے	ڈنمارک	سویڈن	پولینڈ
لیگزمبرگ (*)	پرتگال	رومانیہ (*)	فن لینڈ
لیتھوانیا (*)	سربیا (*)	لاتویا (*)	سلوواکیا (*)
			ہنگری (*)
امریکی ریاستیں			
کینیڈا (صرف کیوبک)		یو ایس اے	
مشرقی ایشیا ممالک			
ساؤتھ کوریا	جاپان	نیوزی لینڈ	آسٹریلیا
ہانگ کانگ	سنگاپور	چین	
افریقی ریاستیں			
ساؤتھ افریقہ			

(!) اماراتی شناختی کارڈ کے ساتھ جی سی سی ملکوں کے شہری – لائسنس لے لیا جائے گا اور ڈرائیور لائسنسنگ ڈیپارٹمنٹ ان کے متعلقہ ملکوں میں بھیجے گا۔ جی سی سی لائسنس یافتہ لیکن ان ملکوں کے شہری نہ ہونے کی صورت میں براہ راست ڈرائیونگ ٹیسٹ ہوگا۔

(*) ڈرائیور لائسنسنگ ڈیپارٹمنٹ لائسنس لے گا اور جس ملک سے اجراء ہو وہاں بھیج دے گا۔

اگر لائسنس عربی یا انگریزی زبان میں نہ لکھا ہو تو قانونی ترجمہ اور تصدیق نامہ کروانا اور قونصل خانہ / سفارت خانے کے خط کے ساتھ جمع کروانا لازمی ہوگا

اگر آپ کے پاس کسی منظور شدہ ملک کا لائسنس ہو اور آپ اسے دبئ کے لائسنس میں تبدیل کروانا چاہتے ہیں تو آپ کو درج ذیل کاغذات مہیا کرنا ضروری ہے:

- آپ کے پاسپورٹ / ویزا کی کاپی
- نظر کے معائنہ کا سرٹیفیکیٹ
- پاسپورٹ سائز فوٹو
- یو اے ای کا قومی شناختی کارڈ (اصل اور کاپی دونوں)
- مطلوبہ فیس - حالیا فیس کے بارے میں جاننے کے لئے آر ٹی اے کے آفس سے رجوع کریں

درج ذیل ضروریات کو بھی مدنظر رکھیں

- اصلی کاغذات پیش کرنا لازمی ہے
- عربی یا انگریزی زبان کے علاوہ دوسری زبانوں کے لائسنس کی فوٹو کاپی کے ساتھ اس کا تصدیق نامہ جو عربی یا انگریزی میں ہو جمع کرانا لازمی ہے۔ (فقط میعادی مکمل لائسنس ہونے کی صورت میں)
- رہائشی ویزا والے غیر ملکی افراد کو ۲۱ سال سے زیادہ عمر میں ۱۰ سال اور ۲۱ سال سے کم عمر میں ۳ سال کی میعاد کے لائسنس کا اجراء کیا جاتا ہے۔

غیر ملکی لائسنس کو دبئ کے مستقل لائسنس میں تبدیل کرنے کا طریقہ کار (غیر منظور شدہ ممالک اور رہائشی ویزا ہونے کی صورت میں)

آپ کو لائسنسنگ اتھارٹی کی جانب سے طے شدہ گاڑی چلانے کے تربیتی اسباق لینا لازمی ہیں اگر

- آپ کے پاس کسی ایسے ملک کا لائسنس ہو جو یو اے ای سے غیر منظور شدہ ہو یا
- اگر آپ کا پاسپورٹ اور ڈرائیونگ لائسنس اسی ملک سے جاری نہ کیا گیا ہو
- ڈرائیونگ سنٹر کی جانب سے ضروری کاغذات اور پرمٹ کا انتظام کیا جائے گا جس کے لئے آپ کو درج ذیل کاغذات پیش کرنا ہوں گے:
- اصلی پاسپورٹ (دبئ کا رہائشی ویزا) / یو اے ای کا شناختی کارڈ
- پاسپورٹ کے ویزا والے صفحہ کی فوٹو کاپی
- ۴ پاسپورٹ سائز فوٹو
- قونصلیٹ سے جانب سے تصدیق نامہ جس میں آپ کی لائسنس کی معیاد کی تصدیق کی گئی ہو (عربی / انگریزی زبان کے علاوہ)
- آپ کے ملک کا اصلی لائسنس اور اس کی کاپی
- اپنے کفیل کی جانب سے اجازت نامہ (لائسنسنگ اتھارٹی کی جانب مستثنی پیشہ ور افراد کے علاوہ)

فیس

گاڑی چلانے کی تربیت کی فیس مختلف ہوتی ہے جس کا انحصار ڈرائیونگ سنٹر پر ہے اس لئے ہر سنٹر سے رابطہ کرکے اس کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

تجدید

آپ اپنے لائسنس کی تجدید بذریعہ آر ٹی اے کے کسٹمر سروس سنٹر، آر ٹی اے کی ویب سائٹ www.rta.ae۔ آر ٹی اے کے کال سنٹر ۸۰۰۹۰۹۰ پر فون کرکے یا آر ٹی اے کے منظور شدہ ایجنٹ سے کروا سکتے ہیں

۲۱ سال سے کم عمر والے ڈرائیور حضرات کے لائسنس کی تجدید ۲ مراکز میں کی جاتی ہے (الطوار اور المنارہ سنٹر)

آ پ کو درج ذیل کاغذات جمع کرانا ہوں گے:

- نظر کے معائنہ کا سرٹیفیکیٹ
- پاسپورٹ کی فوٹو کاپی میعاد والے ویزا کے ساتھ۔
- معیاد ختم شدہ اصلی لائسنس
- یو اے ای کا شناختی کارڈ (اصل اور کاپی دونوں)
- فیس کی ادائیگی

حصہ ۲ : ڈرائیونگ سیکھنا

ڈرائیونگ سیکھنا

ہم روزانہ خبروں میں کسی حادثہ کے بارے میں پڑھتے ہیں یا سڑک پر کوئی نہ کوئی حادثہ دیکھتے ہیں جس میں لوگ زخمی یا ہلاک ہوئے ہوتے ہیں۔ گاڑی چلانا اس سے کہیں زیادہ دشوار ہے جتنا کہ یہ نظر آتا ہے اور محفوظ طریقہ سے ڈرائیونگ کرنا سیکھنے میں کافی وقت درکار ہوتا ہے۔

نئے ڈرائیور حضرات کا چونکہ ڈرائیونگ کرنے کا تجربہ ناکافی ہوتا ہے جس کی وجہ سے ان سے ایسی غلطیاں سرزد ہوتی ہیں جو حادثے کا باعث بن جاتی ہیں۔ دوسروں کو راستہ نہ دینا، دوسری گاڑیوں کا راستہ کاٹنا، یا یہ اندازہ لگانے میں ناکام ہونا کہ دوسری لین میں جانے کے لئے کافی جگہ موجود ہے یا نہیں، ایسی غلطیاں ہیں جو ڈرائیور حضرات سے سرزد ہوجاتی ہیں جن کے نتیجہ میں حادثات ہونے کے امکانات پیدا ہو جاتے ہیں۔

> دبئی میں ہونے والے ٹریفک کے حادثات کا باعث بننے والوں میں ایک تہائی وہ ڈرائیور ہوتے ہیں جن کا ڈرائیونگ کرنے کا تجربہ ۲ سال سے کم ہوتا ہے۔

ڈرائیونگ سیکھنے کا عمل بتدریج اور ایک ڈھانچے کی صورت میں ہوتا ہے۔ اس کے لئے آپ کا وقت، توجہ، صبر اور بہت زیادہ پریکٹس کی ضرورت ہوتی ہے اس لئے ہرگز جلدی نہ کریں، اور شارٹ کٹ اختیار نہ کریں۔ آپ جلد ہی جان جائیں گے کہ یہ صفات آپ کو آئندہ محفوظ ڈرائیور بننے میں فائدہ مند ثابت ہوں گی۔

نئے ڈرائیورز زیادہ تر ڈرائیونگ کے میکینیکل عمل کی طرف توجہ دیتے ہیں۔ جو دراصل کار کو قابو کرنے والے بنیادی آلات کو استعمال کرنا ہے۔ ڈرائیونگ کا یہ دورانیہ کافی خطرناک ہے کیونکہ کسی خطرے کا ردعمل بہت سست یا بہت عجلت کے ساتھ ہوتا ہے۔ وقت کے ساتھ اور تجربہ کار ہونے کے بعد یہ عمل خودکار طریقہ سے ہونا چاہیۓ اور ڈرائیور کی توجہ دوسرے مخفی خطرات کو بھانپنے پر مبذول ہونی چاہیۓ اور ڈرائیور کا ردعمل بھی بروقت اور مناسب ہوجائے گا۔

> یادرکھیں کہ آپ جتنی زیادہ ڈرائیونگ کرنے کی مشق کریں گے، آپ اتنے ہی محفوظ رہیں گے۔

محفوظ طور پر ڈرائیونگ کرنا بطور ایک چیلنج

نئے ڈرائیونگ لائسنس یافتہ ڈرائیوروں کے لئے سلامتی کے ساتھ گاڑی چلانا ایک چیلنج ہوتا ہے۔

ڈرائیونگ کرنے کے حالات کی ہر قسم مختلف طور پر ایک چیلنج ہوتی ہے اس لئے ان حالات سے نمٹنے کے لئے ڈرائیونگ کرنے کا مختلف انداز اپنانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ڈرائیونگ کے دوران آپ کو ایسی سڑکوں پر ایسے حالات میں ڈرائیونگ کرنا پڑتی ہے جہاں:

- ٹریفک کا رش بہت زیادہ ہو، یا ان پر ٹریفک کی رفتار بہت تیز ہو یا اردگرد صحرا ہو
- ٹریفک کے مختلف اقسام کے اشارے لگے ہوئے ہوں
- گاڑی چلانے کی حد رفتار بدلتی رہتی ہو
- موسم کے حالات تبدیل ہوتے رہتے ہوں
- آپ کو دن کے مختلف اوقات جیسا کہ طلوع اور غروب شمس کے اوقات میں ڈرائیونگ کرنا پڑتی ہو
- سڑک استعمال کرنے والے مختلف قسم کے افراد سے واسطہ پڑتا ہے جیساکہ پیدل چلنے والے، موٹرسائیکل سوار، سائیکل سوار اور ٹرک اور بس ڈرائیور وغیرہ۔

آپ کو چاہیۓ کہ آپ ڈرائیونگ کے دوران ہر وقت سڑک پر محتاط نگاہ رکھیں تاکہ سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد سے سرزد ہونے والی غلطیوں سے باخبر رہ سکیں۔ ہر قسم کی صورتحال کے مطابق ڈرائیونگ کرنے کی صلاحیت بہت اہمیت کی حامل ہے اور یہ صلاحیت صرف متواتر مشق جاری رکھنے سے ہی بڑھائی جاسکتی ہے۔

متواتر مشق کرنا سیکھنے کا بہترین طریقہ ہے

ڈرائیونگ کا زیادہ تجربہ نہ ہونے کی وجہ سے نئے ڈرائیوروں سے کئی قسم کی غلطیاں سرزد ہوسکتی ہیں جس کی وجہ سے ان کا حادثے سے دوچار ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے کیونکہ:

- وہ ممکنہ مشکلات کی پیش بینی کرنے کے صلاحیت کم رکھتے ہیں۔اکثر اوقات جتنی دیر میں وہ کسی مشکل کا اندازہ لگاتے ہیں تب تک بہت دیر ہو چکی ہوتی ہے۔
- وہ عام طور پر ڈرائیونگ کے دوران بنیادی مہارت اور گاڑی کو قابو کرنے پر ہی توجہ مرکوز رکھتے ہیں۔ان میں کسی غیر متوقع صورتحال سے یا ڈرائیونگ سے توجہ ہٹانے والے عوامل سے نمٹنے کی صلاحیت نہیں ہوتی ہے۔

> ڈرائیونگ کرنا آسان کام نہیں ہے۔ اچھا ڈرائیور بننے کے لئے کافی وقت اور مشق درکار ہوتی ہے۔

آپ کو ضرورت ہے کہ آپ سامنے نظر رکھیں اور آپ نے جو اگلا قدم اٹھانا ہو اس کی تیاری کریں۔ایسا کرنے کے دوران آپ دوسرے ڈرائیوروں کی حرکات کی پیش بینی کرنے کی کوشش کریں۔ آپ جتنا پہلے سے اپنی ڈرائیونگ کا لائحہ عمل تیار کریں گے اتنا ہی آپ کے اچانک ظاہر ہونے والی مشکلات میں پھنسنے کے امکانات کم ہوں گے ۔

ڈرائیونگ سیکھنے کے دوران آپ محسوس کریں گے کہ آپ کی ڈرائیونگ میں درج ذیل مہارت بہتر ہوتی جارہی ہیں:

- آپ کی ڈرائیونگ کی مہارت آپ کے لئے آسان ہوجائیں گی
- آپ بہتر طور پر فیصلہ کرنے کے قابل ہوجائیں گے
- آپ سڑک پر اپنے اطراف میں پیدا ہونے والے ممکنہ حالات کے بارے میں بہتر طور پر سوچنے کے قابل ہو جائیں گے۔

مدافعانہ طور پر ڈرائیونگ کرنا

مدافعانہ طور پر ڈرائیونگ کرنا، ٹریفک کے قوانین اور ڈرائیونگ کے بنیادی اصولوں کے علم سے بڑھ کر کہیں زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔اس کا مقصد تربیت کے ذریعے ڈرائیوروں کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ ڈرائیونگ کے مشکل حالات یا دوسرے ڈرائیوروں کے غیر متوقع عمل کے باوجود خطروں کو پہچان کر ان سے نمٹنے کی تیاری کر سکیں تاکہ ڈرائیونگ کے دوران انہیں پیش آنے والے خطرات کو کم کیا جاسکے۔اس کی بنیاد گاڑی کے اگلی اور پچھلی دونوں جانب مؤثر مشاہدہ اور اچھی پیش بینی کرنےاور اپنی گاڑی اور خود کو قابو رکھنے پر منحصر ہے۔

یہ ہمیشہ سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کے افعال کی پیش بینی کرنے اور غیر متوقع حالات کے لئے تیار رہنے کے بارے میں ہے تاکہ آپ کو کبھی اچانک مشکل حالات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ذمہ داری، احتیاط، دوسروں کو اہمیت دینے اور اخلاق برتنے کے ساتھ گاڑی چلانے سے خطروں کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اپنی گاڑی سے آگے ۱۵ سے ۲۰ گاڑیوں تک دیکھنے سے آپ کو ممکنہ خطرات کی نشاندہی کرنے میں مدد ملتی ہے اور اس سے آپ کو ردعمل کے لئے زیادہ وقت میسر ہوگا۔ اگلی گاڑی سے ہمیشہ محفوظ وقفہ رکھ کر گاڑی چلائیں اور دوسرے ڈرائیوروں کی رفتار اور پوزیشن کی تبدیلی پر نظر رکھیں۔ اگلی گاڑی سے بہت قریب رہ کر گاڑی چلانے سے آپ کو ممکنہ خطرات سے خبردار رہنے کا موقع نہیں ملتا اور اگر اچانک کچھ واقع ہوجائے تو آپ کو ردعمل کے لئے وقت کم ملتا ہے۔آپ کو چاہیئے کہ آپ پیش آنے والے گاڑی چلانے کے حالات کے مطابق ہمیشہ صحیح رفتار اور مناسب گیئر میں گاڑی چلائیں۔ اگر دوسرے ڈرائیور کوئی غلطی کریں تو ان کو مشکل میں پھنسانے کی بجائے ان کی مدد کریں۔ آپ کو درپیش مشکل حالات میں آپ بھی ان سے یہی توقع رکھنا پسند کریں گے۔

یاد رکھیں کہ ہوسکتا ہے کہ کسی وقت آپ سے بھی غلطیاں سرزد ہوں اور آپ کو بھی دوسرے ڈرائیوروں کی مدد کی ضرورت پڑے۔

- **ارتکاز** – ڈرائیونگ کے دوران اپنی توجہ ۱۰۰٪ رکھیں۔
- **مشاہدہ** – اپنے سامنے ، دائیں بائیں اور پیچھے حالات کا مشاہدہ کریں۔
- **پیش بینی** – سڑک پر ممکنہ خطرات کو بھانپنے کی کوشش کریں۔
- **پیغام رسانی** – سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کو آگاہ کریں کہ آپ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے لئے مڑنے کے اشارے، بریک لائٹ، ہیڈلائٹ اور ہنگامی اشاروں کا استعمال کریں اور لین میں صحیح مقام پر ڈرائیونگ کریں۔

مدافعانہ طور پر ڈرائیونگ کرنے میں کم خطرات پیش آتے ہیں۔اس میں ڈرائیوروں کو خطرات کم کرنے اور ایسے فیصلے کرنے کی تربیت پر توجہ مرکوز رکھی جاتی ہے جس میں وہ سلامتی کو پہلی ترجیح دیں۔یہ ڈرائیونگ کا وہ طریقہ ہے جس میں یہ فرض کرلیا جاتا ہے کہ سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد ہمیشہ وہ کام نہیں کریں گے جن کی آپ ان سے توقع کرتے ہوں۔

خطرہ کیا ہوتا ہے اور اسے کیسے ٹالا جائے

ڈرائیونگ کے حوالے سے خطرہ یعنی "ہر وہ چلتی پھرتی یا قائم چیز جس سے ڈرائیور کو گاڑی کا رخ، مقام یا رفتار بدلنی پڑ سکتی ہے"۔

خطرے کو ٹالنے اور محفوظ رہنے کے لئے آپکو اندازہ لگانے کا علم اور فورن فیصلہ کرنے کی قوّت پر عبور حاصل ہونا چاہیے۔

مختلف حالات میں کس طرح کا خطرہ پیش ہو سکتا ہے اسکی معلومات ہونا وہ اہم مہارت ہے جو آپکو محفوظ رکھے گی۔

ایک مصروف سڑک پر ڈرائیونگ کا منظر نامہ

کیا آپ اس تصویر میں موجود خطرے کو پہچان سکتے ہیں۔

ڈرائیونگ کے اس پس منظر میں موجود متعدد خطرات پر ایک نظر:

آگے دائیں طرف پر ٹیکسی روکنے کے لئے کھڑے شخص کو دیکھیں اسکی وجہ سے کئی واقعات ہو سکتے ہیں۔

بائیں طرف والی ٹیکسی نے اس شخص کو دیکھ لیا ہے اب وہ کسی بھی وقت اس شخص کے لئے رائٹ ٹرن لے (اور یکایک آپ کے سامنے روک سکتی ہے)۔

غور کرے کی آگے ایک گرے (سرمائی) گاڑی نے ریورس (پیچھے جانے کو) لائٹس لگا دی ہے۔

پیچھے آتی گرے گاڑی کے ردّعمل سے ، سامنے والی سفید گاڑی یکایک روک سکتی ہے۔

خطرات ٹالنے کے لئے کچھ اہم معلومات

بہت سے خطرات کے ساتھ ایک منظر نامہ

دور اور آس پاس کی جانچ - آس پاس اور دور، دونوں پس منظر پر نظر رکھیں اور ہمیشہ ممکنہ خطرات سے آگاہ رہیں۔

توقع - باقی سڑک استعمال کرنے والوں کی حرکت کو سمجھیں اور انکے اگلے عمل کا اندازہ رکھیں انکی رفتار، رخ، گاڑی چلانے کے طریقے اور آپ سے دوری کا جایزہ لے۔

رفتار کو قابو اور ٹھیک کرنا - آہستہ ہوجائیں اور بریک -پیڈل کو ڈھنک لے ،اس سے آپکے ردد ے عمل کا وقت کم ہو جاتا ہے۔

خود **کو سمجھیں** - آپکی جسمانی اور دماغی حالت آپکی ڈرائیونگ پر بہت اثر کرتی ہے۔ اگر آپ بیمار ہیں یا نیند میں ہیں تو آپکے رد عمل دھیمے ہونگے۔

سکون رکھیں - پر سکون ہونے سے خود پر قابو رہتا ہے .اس سے آپ ،بدلتے حالات میں اپنے آپ کو بہتر ڈھال سکتے ہیں اور خود



جیسا کہ ممکنہ خطرات کہیں بھی موجود ہوسکتے ہیں، آپ صرف سامنے دیکھنے اور شیشوں میں سے پیچھے دیکھنے پر ہی بھروسہ نہیں کرسکتے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ آپ سوچتے ہوں کہ آپ کو شیشوں کے استعمال سے سب کچھ نظر آتا ہے تاہم، نہ نظر آنے والے مقامات یعنی بلائنڈ سپاٹ پر موجود گاڑیاں بھی آپ کو نظر نہیں آتی ۔ جیسا کہ آپ دیئے گئے خاکے میں دیکھ سکتے ہیں کہ یہ وہ مقامات ہیں جو فقط شیشوں کے استعمال سے نظر نہیں آسکتے ہیں مثال کے طور پر ڈرائیور کی جانب پچھلے مسافر کے دروازے کے باہر والی جگہ۔

آپ ان نہ آنے والے مقامات یعنی بلائنڈ سپاٹ میں موجود گاڑیوں کو صرف اپنے سر کو گھما کر یا اپنے کندھے کے اوپر سے ہی دیکھ سکتے ہیں۔ اس کو سر گھما کر دیکھنا یا « ہیڈچیک » کہتے ہیں۔

ہیڈچیک کے عمل کے دوران اپنے کندھوں کو حرکت دیئے بغیر گردن کو موڑنا بہت اہم ہے۔ گاڑی کو کسی جانب موڑنے سے پہلے آپ کا سر واپس سامنے کی پوزیشن پر ہونا ضروری ہے۔ ہیڈچیک کے عمل کو مناسب وقت میں مکمل کرنا بہت اہمیت کا حامل ہے مثال کے طور پر ہیڈ چیک کا عمل اس وقت نہیں کرنا چاہئے جب آپ کے سامنے چلنے والی گاڑیاں رک رہی ہوں۔اس طرح کی صورتحال میں آپ کو چاہئے کہ آپ اپنے سامنے والی گاڑی پر ہی اپنی توجہ مرکوز رکھیں۔

شیشوں کے استعمال کے ساتھ ساتھ ہیڈچیک کا عمل بھی کریں تاکہ جب ضرورت ہو تو آپ اپنے اطراف میں موجود تمام چیزوں کو دیکھنے کی یقین دھانی کرسکیں۔ جیسا کہ گاڑی کو پیچھے کی جانب چلاتے وقت، لین تبدیل کرتے وقت ، اوورٹیک یا ٹریفک کے بہاؤ میں شامل ہوتے وقت ایسا کرنا ضروری ہوتا ہے۔



ہیڈچیک سے مراد یہ ہے کہ اپنے سر کو گھما کر اپنے کندھے کے اوپر سے گاڑی کی پچھلی کھڑکیوں میں سے باہر دیکھنا۔ یہ یاد رکھیں کہ آپ کی نگاہ سامنے سڑک سے ایک سیکنڈ سے زیادہ دیر تک کے لئے نہ ہٹنے پائے اور جب آپ سر گھمائیں تو آپ اپنی گاڑی کو لہرانے نہ دیں۔

آپ کا ڈرائیونگ انسٹرکٹر ڈرائیونگ سیکھنے میں آپ کا مددگار ہوگا

جب آپ اپنا تربیتی لائسنس حاصل کرلیتے ہیں تو آپ اپنے ڈرائیونگ انسٹرکٹر کے ساتھ ڈرائیونگ کرنا سیکھنا شروع کرسکتے ہیں۔

نئے ڈرائیوروں کے لئے ہر وہ عمل کرنا کافی مشکل ہوتا ہے جس کی ڈرائیونگ کے وقت ضرورت ہوتی ہے۔ اسی لئے آپ کا ڈرائیونگ انسٹرکٹر سیکھنے کے دوران آپ کے ساتھ ہوتا ہے۔ ڈرائیونگ ٹیسٹ دینے سے پہلے آپ کا ڈرائیونگ انسٹرکٹر آپ کے لئے کم از کم چالیس ۴۰ گھنٹوں کی ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے کا ہدف رکھے گا۔

یاد رکھیں جب آپ ڈرائیونگ کرنا سیکھ رہے ہوں تو آپ اس ہینڈبک سے رجوع کرتے رہیں ۔ جب آپ کی ڈرائیونگ کرنے کی مہارت بہتر ہورہی ہوں گی تو اس کے ساتھ ساتھ آپ کا ڈرائیونگ انسٹرکٹر بھی اس ہینڈبک کے مختلف حصوں سے ڈرائیونگ کے متعلقہ موضوعات کو واضح کرتا رہے گا۔

آپ کا ڈرائیونگ انسٹرکٹر آپ کی درج ذیل کے لئے مدد کرے گا:

- گاڑی کو قابو کرنے کی بنیادی مہارت سیکھنے میں۔
- ٹریفک کے قوانین کو سمجھنے میں اور یہ کہ آپ کو کیا کرنا چاہیئے۔
- کسی ممکنہ خطرے سے باخبر رہنے میں۔
- کسی صورتحال میں مناسب اقدام کے انتخاب کرنے کے فیصلہ میں۔
- آپ کے ذہن میں ابھرنے والے سوالات کے جواب دینے میں۔

آپ کے لئے ضروری ہے کہ ہر بارآپ ڈرائیونگ کی مشق مختصر کریں اور بہت زیادہ مشق کرنے اور سیکھنے میں جلدی کرنے کی کوشش نہ کریں۔ آپ اپنا وہ وقت بھی سیکھنے میں استعمال کرسکتے ہیں جب آپ خود ڈرائیونگ نہیں کررہے ہوتے۔ اس لئے جب آپ گاڑی میں بحیثیت مسافر کسی کے ساتھ سفر کررہے ہوں تو اس وقت بھی آپ خطروں کو جاننے اور ان سے محفوظ رہنے کے اقدامات کے بارے میں سوچنے کی مشق کرسکتے ہیں۔

جیسے جیسے آپ ڈرائیونگ کی مشق کرتے ہیں تو آپ محسوس کریں گے کہ آپ ڈرائیونگ کے متعلقہ امور جلدی سے سمجھ جاتے ہیں۔ اسی طرح جب آپ اپنے انسٹرکٹر کے ساتھ ڈرائیونگ کی مشق کررہے ہوں گے تو بھی آپ کو ایسا ہی محسوس ہوسکتا ہے۔

باصلاحیت اور محفوظ طریقے سے گاڑی چلانا سیکھنا۔ آپ کی زندگی بھر کے لئے محفوظ طریقے سے ڈرائیونگ کرنے کی واحد سرمایہ کاری ہے۔

آپ ڈرائیونگ کی مشق جتنی زیادہ کرتے ہیں تو اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ تنہا ڈرائیونگ کرتے وقت آپ کے حادثہ میں ملوث ہونے کے امکانات اتنے ہی کم ہوجاتے ہیں۔ تحقیق سے حاصل شدہ حقائق ہر عمر کے ڈرائیوروں کو اس بات کی ترغیب دیتے ہیں کہ اگر وہ کئی گھنٹے کسی انسٹرکٹر کی زیرنگرانی ڈرائیونگ کرنے کا تجربہ حاصل کریں تو لائسنس حاصل کرنے کے بعد تنہا ڈرائیونگ شروع کرنے کے پہلے دوسال کے دوران ان کے حادثے میں ملوث ہونے کے امکانات ۴۰ ٪ تک کم ہوسکتے ہیں !

جب آپ اپنا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرلیتے ہیں تو آپ اپنی ڈرائیونگ کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ اگرچہ سیکھنے کے دوران آپ کا ڈرائیونگ انسٹرکٹر آپ کے ساتھ آپ کی گاڑی میں موجود ہوگا پھر بھی آپ کو بہت سے فیصلے خود ہی کرنا ہوں گے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ہمیشہ احتیاط کے ساتھ گاڑی چلائیں اور ٹریفک کے تمام قوانین کی پابندی کریں اور ڈرائیونگ انسٹرکٹر کی نصیحت پر پوری توجہ سے عمل کریں۔

ہوسکتا ہے کہ آپ یہ سوچنے لگ جائیں کہ اب بس تھوڑا ہی سیکھنا باقی ہے اس غلط فہمی کا شکار ہونے سے بچیں۔ یادرکھیں کہ ڈرائیونگ میں گاڑی کو قابو کرنے کے علاوہ بھی بہت کچھ شامل ہے اور ڈرائیونگ سیکھنے کی یہ مشقیں محفوظ ڈرائیور بننے کے لئے محض ابتداء ہے۔

۵ مراحل میں ڈرائیونگ سیکھنا

آپ گاڑی چلانے کی تربیت کا آغاز آسان ڈرائیونگ سے کریں گے اور گاڑی چلانے کا تجربہ حاصل کرتے ہوئے آپ پیچیدہ صورتحال میں گاڑی چلانے کے مرحلہ میں داخل ہوجائیں گے۔ گاڑی چلانے کی تربیت کے دوران آپ کا انسٹرکٹر آپ کو تربیت کے پانچ مراحل میں سے گذارے گا۔

آپ کے لئے ضروری ہے کہ گاڑی چلانے کے کسی ایک موضوع/مہارت سے دوسرے میں جانے کے لئے پہلے موضوع/مہارت میں مطلوبہ معیار حاصل کریں۔ ہر مرحلہ کے اختتام پر کوئی نئی مہارت متعارف کروانے سے قبل آپ کی کی مہارت کی پرکھ کی جائے گی تاکہ آپ کی کمزوریوں کی نشاندہی کی جاسکے۔

مرحلہ ۱

گاڑی چلانے اور اس کے بنیادی کاموں کی تیاری

آپ گاڑی کو اسٹارٹ کرنا، حرکت میں لانا اور روکنا سیکھیں گے۔ آپ کے لئے یہ ایک چیلنج بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ آپ کے انسٹرکٹر کے لئے ضروری ہے کہ وہ یہ دیکھے کہ آپ کم ٹریفک والی محفوظ جگہ پر گاڑی کو قابو میں رکھ سکتے ہیں۔ اپنی گاڑی سے متعلق کچھ اشیاء جن کے بارے میں جاننا آپ کے لئے ضروری ہے وہ یہ ہیں:

گاڑی کو کنٹرول کرنے کے آلات کا مقام اور ان کے استعمال جاننا

ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھنے کا انداز اور شیشوں کو ضرورت کے مطابق درست کرنا

- گاڑی کو حرکت میں لانا اور روکنا
- گیئر تبدیل کرنا (مینول گیئر کی صورت میں)
- سٹیئرنگ کا استعمال اور سڑک پر درست مقام اختیار کرنا
- مطلوبہ مقام پر روکنا

مرحلہ ۲ - دوطرفہ سڑک پر گاڑی چلانا (۴۰ کم/گھنٹہ)

آپ محفوظ اور کم رفتار سڑک پر گاڑی قابو کرنے کی نئی مہارت سیکھیں گے۔ اس مرحلہ میں آپ کو سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد اور بہت زیادہ ٹریفک سے نمٹے بغیر حقیقی ٹریفک میں گاڑی چلانے کا موقع ملے گا۔ کچھ مہارت جن کی آپ اس مرحلہ میں مشق کریں گے وہ یہ ہیں :

- نہ نظر آنے والے مقام اور ہیڈچیک کا عمل
- سڑک کے کنارے سے گاڑی کو حرکت میں لانا
- خطرات کے قریب سے گذرنا
- جانبی سڑکوں پر دائیں اور بائیں مڑنا
- بڑے گیئر کا استعمال - گیئر کم اور زیادہ کرنا
- راستہ دینے، رکنے کے اشارے اور فوقیت کے قوانین کی پابندی
- پیدل افراد کے سڑک عبور کرنے کی جگہ اور خطرات سے دوچار سڑک استعمال کرنے والے
- ٹی ۔ تقاطع پر پہنچنا اور وہاں سے نکلنا

مرحلہ ۳- ۶۰ - ۸۰ کم/گھنٹہ والی کثیر لین والی سڑک پر گاڑی چلانا

اب وقت آگیا ہے کہ آپ مشکل مقامات جیسا کہ تیز رفتار سڑکیں، مصروف ٹریفک اور مشکل حالات میں گاڑی چلانا سیکھیں ۔

اس مرحلہ میں کچھ مہارت جن کی آپ مشق کریں گے وہ یہ ہیں:

- بڑے چوراہے؛ مشاہدہ کرنا اور جائزہ لینا
- محفوظ رفتار اختیار کرنا اور وقفہ رکھنا
- لین تبدیل کرنا
- اوورٹیک کرنا
- یو – ٹرن
- راؤنڈ اباؤٹ
- رات کے وقت گاڑی چلانا (ا گھنٹہ کے کم از کم ۲ اسباق)

مرحلہ ۴ - خاص مہارت (تربیتی میدان میں)

گاڑی چلانا سیکھنے کے اس مرحلہ میں ضروری ہے کہ آپ درج ذیل خصوصی مہارت کی مشق کریں تاکہ آپ مہارت سے گاڑی کو قابو کرنے کے قابل ہوجائیں۔ اس میں ان موضوعات کا احاطہ کیا جائے گا۔

- ۶۰ درجہ زوایہ پر پارکنگ، گیراج پارکنگ، متوازی پارکنگ
- چڑھائی پر گاڑی کو حرکت میں لانا
- تین حرکات میں موڑنا (فقط مشق لیکن اس کا ٹیسٹ نہیں ہے)
- ہنگامی بریک کا استعمال
- گاڑی چلانے سے قبل معائینہ

مرحلہ ۵ - میدان میں ٹیسٹ، سڑک پر پرکھ اور فری وے/شاہراہ پر گاڑی چلانا

گاڑی چلانا سیکھنے کے اس آخری مرحلہ میں آپ درج ذیل میں سے گذریں گے:

- تربیتی میدان میں ٹیسٹ – یہ ایک حقیقی ٹیسٹ ہے جس میں آپ کی گاڑی چلانے کی خصوصی مہارت کو پرکھا جائے گا۔ کسی مہارت میں غلطیوں کے ۴ یا اس زیادہ پوائنٹ حاصل کرنے کی صورت میں اس مہارت میں ناکام سمجھا جائے گا اور آپ کو اس مہارت کا دوبارہ مظاہرہ کرنا ہوگا۔
- سڑک پر پرکھے جانے میں کامیابی سے آپ سڑک کے حقیقی ٹیسٹ کے لئے تیار ہوتے ہیں۔ جب آپ اس میں اور تھیوری ٹیسٹ کے نتائج ملا کر دونوں میں کامیابی حاصل کرلیتے ہیں تو آپ سڑک پر ٹیسٹ کے لئے تاریخ لے سکتے ہیں۔
- سڑک پر گاڑی چلانے کی جانچ مکمل کروا لینے کے بعد آپ کو فری وے / بڑی شاہراہ پر گاڑی چلانے کے کم از کم ۴ اسباق (۲ گھنٹے) لینا ضروری ہیں۔ آپ ۱۰۰ کم / گھنٹہ یا اس سے زیادہ رفتار کی ٹریفک میں تیز رفتاری سے گاڑی چلانے کے ماحول کا سامنا کریں گے جو کہ اس سے مختلف ہے جس میں آپ گاڑی چلا چکے ہیں۔

آپ برسوں تک سیکھنا جاری رکھیں گے

جب آپ اپنے ڈرائیونگ انسٹرکٹر کی موجودگی میں ڈرائیونگ کی مشق کرتے ہیں تو یہ ڈرائیونگ میں پیش آنے والے مشکل حالات سے نمٹنے اور اپنے تجربات میں اضافہ کرنے کا محفوظ ترین وقت ہوتا ہے۔

جب آپ اپنے ڈرائیونگ انسٹرکٹر کی موجودگی میں سیکھنے کے ان مراحل سے گذریں گے تو آپ اپنی ڈرائیونگ کرنے کی صلاحیت میں بہتری محسوس کریں گے۔ آپ نے اپنے ڈرائیونگ انسٹرکٹر کے ساتھ جو مشقیں کی ہوں گی تو ان میں آپ نے دیکھا ہو گا کہ ڈرائیونگ محض گاڑی کو قابو میں رکھنا ہی نہیں ہے بلکہ اس میں اور بھی بہت کچھ دیکھنا اور کرنا ہوتا ہے۔

ایک محفوظ ڈرائیور بننے کے لئے آپ کو پانچ مختلف قسم کی مہارتوں کو بہتر بنانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ مہارتیں درج ذیل ہیں؛

- **گاڑی کو کنٹرول کرنے والے آلات۔** سٹیئرنگ، بریک لگانا اور بریک اور کلچ پیڈل کا استعمال، بٹن اور دوسرے کنٹرول۔
- **نظر سے مشاہدہ کرنا۔** سامنے، اطراف میں اور شیشوں میں سے پیچھے دیکھنا اور اپنی نظر کی حد میں ہونے والے واقعات کا مشاہدہ کرنا۔
- **سوچنا اور رد عمل کرنا۔** اس میں ممکنہ خطرات کے بارے میں سوچنا اور دوسری گاڑیوں سے فاصلے کا اندازہ لگانا شامل ہیں۔
- **خطروں کو پہچاننا اور حالات کی سنگینی کا اندازہ لگانا۔** خطروں کو پہچاننے اور ان سے نمٹنے کے لئے درست رد عمل کرنے کے لئے کافی مشق کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔
- **صحیح فیصلے کرنا۔** کس وقت رفتار کم کرنی چاہئے اور کتنی کرنی چاہئے، مختلف حالات کے لئے کتنی رفتار مناسب ہے، کس وقت لین تبدیل یا اوورٹیک کرنا چاہئے۔

بہت سے فیصلے ایسے ہوتے ہیں جو آپ کو ڈرائیونگ کے دوران ہر وقت کرنا پڑتے ہیں۔ سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کے متوقع عمل کو جاننے اور ان سے نمٹنے کے لئے محفوظ ترین طریقے کا انتخاب کرنے کی قابلیت تجربہ کے ساتھ ہی حاصل ہوتی ہے۔ اپنے ڈرائیونگ انسٹرکٹر کے ساتھ مشق کرنے کے وقت کو مؤثر طور پر استعمال کریں۔

محفوظ طریقہ سے ڈرائیونگ کریں اور یاد رکھیں۔۔۔۔۔۔ سیکھنا کبھی نہیں چھوڑتے!

حصہ ۳: خطرات سے نمٹنا

خطرات سے نمٹنا

سڑک پر حفاظت سے رہنا آپ کی ذمہ داری ہے اس لئے خطرہ مول نہ لیں!

ڈرائیونگ کے دوران خطرے تو بہر حال ہوتے ہی ہیں– اور یہ اندیشہ رہتا ہے کہ آپ حادثے کا شکار ہوسکتے ہیں جس سے آپ یا دوسرے لوگ زخمی یا ہلاک ہوسکتے ہیں۔

اچھے ڈرائیور محفوظ رہنے کے لئے خطروں کو کم کرنے اور ان سے نمٹنے پر اپنی توجہ رکھتے ہیں۔

نئے ڈرائیوروں کے لئے ان خطرات سے نمٹنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ وہ ان کے لئے تیار رہیں۔ آپ اپنے ڈرائیونگ انسٹرکٹر کے ساتھ جتنا ڈرائیونگ کرنے کا تجربہ حاصل کریں گے اتنا ہی آپ تنہا ڈرائیونگ کرتے وقت ان خطروں سے نمٹنے کے لئے تیار ہوں گے۔

اچھے ڈرائیور حادثے کے خطرات کو کم کرنے کے لئے درست فیصلے کرتے ہیں اور ڈرائیونگ کے دوران اپنا رویہ ذمہ دارانہ رکھتے ہیں۔

آپ کی ڈرائیونگ کرنے کی صلاحیت ڈرائیونگ کی زیادہ مشق کرنے سے بہتر ہوگی۔ جتنی مشق زیادہ کریں گے آپ اتنا ہی بہتر ہوں گے۔ بہرحال ڈرائیونگ کے دوران پیش آنے والے خطرات سے نمٹنے کا انحصار آپ کے درج ذیل کو اختیار کرنے پر بھی ہے:

- آپ گاڑی کو مزید آہستہ رفتار سے چلانے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔
- آپ اپنی اور اپنے سامنے والی گاڑی کے درمیان فاصلہ بڑھانے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔
- آپ کسی گاڑی کو اوورٹیک کرنے کی کوشش کرنے کی بجائے اس کے پیچھے رہنے کا انتخاب کرسکتے ہیں، خاص طور پر اس وقت جب آپ نے اگلے چند کلومیٹر کے بعد رکنا یا مڑنا ہو۔

آپ کسی موڑ میں مڑتے وقت اپنی رفتار کو مزید کم کرنے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر آپ کی ڈرائیونگ خطرناک ہوجاتی ہے:

- تیز رفتاری
- الکوحل، منشیات اور ادویات کا استعمال
- موبائل فون کا استعمال
- گاڑی چلاتے وقت تھکاوٹ کا شکار ہونا یا غصہ کی حالت میں گاڑی چلانا
- حفاظتی بند کا نہ باندھنا
- خراب حالت کی گاڑی کو چلانا

یہ ایسے خطرات ہیں جنہیں آپ مت بھولیں۔ آپ کو ان خطرات سے محفوظ رکھنے کے لئے قوانین موجود ہیں جن کا جاننا آپ کے لئے ضروری ہے۔ آپ کو اپنی اور اپنے مسافروں کی حفاظت کے لئے ڈرائیونگ کے دوران صحیح فیصلوں کا انتخاب کرنے کی ضرورت ہے۔ اور یہ حقیقتا آپ پر ہی منحصر ہے۔!

رفتار

دبئی میں حد رفتار سے تیز گاڑی چلانے کی وجہ سے ۲۰۱۵ میں ۷۹ حادثات ہوئے۔ جس میں ۱۹ افراد کی موت اور ۴۷ زخمی ہوئے۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ موسمی حالات، دوسری گاڑیوں اور سلامتی سے متعلق حفاظتی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کسی سڑک پر لگے اشارے پر دی گئی حد رفتار سے زیادہ تیز گاڑی ہرگز نہ چلائیں۔

(آرٹیکل ۱۰، ۱۰ م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱، ۱۹۹۵)



آپ جتنی تیز رفتاری سے گاڑی چلائیں گے اتنا ہی آپ کا حادثے کا شکار ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ تیز رفتاری حادثے کی سنگینی کو بھی بڑھادیتی ہے۔ مثال کے طور پر ۶۰ کلومیٹر فی گھنٹہ کی حد رفتار کی سڑک پر اگر کوئی ڈرائیور ۶۵ کلومیٹر فی گھنٹہ رفتار سے گاڑی چلائے تو اس کو پیش آنے والے حادثہ کی سنگینی اس ڈرائیور سے دوگنا ہو جاتی ہے جو مقررہ حد رفتار پر گاڑی چلا رہا ہو۔ اسی طرح ۶۰ کلومیٹر فی گھنٹہ کی حد رفتار کی سڑک پر ۷۰ کلومیٹر فی گھنٹہ سے چلانے سے اس کا حادثے کا شکار ہونے کا خدشہ چار گنا بڑھ جاتا ہے۔

آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ سڑک کی یا آپ کی گاڑی کے لئے مقرر کردہ حد رفتار سے تجاوز نہ کریں۔ دبئی میں اس سے مراد شہری آبادی کی سڑکوں پر ۴۰، ۶۰ یا ۸۰ کلومیٹر / گھنٹہ (جس کا انحصار سڑک پر ہے) اور ۱۰۰ یا ۱۲۰ کلومیٹر/گھنٹہ بڑی شاہراہوں پر (جس کا انحصار شاہراہ پر ہے) مقررہ حد رفتار سے تجاوز نہ کرنا ہے۔ تمام سڑکوں پر حد رفتار کا مشاہدہ کرتے رہیں ہوسکتا ہے ان کو تبدیل کر دیا گیا ہو۔ آپ کو اتنی رفتار سے گاڑی چلانی چاہئے کہ اگر آپ کو رکنے کی ضرورت پڑے تو آپ کے پاس آسانی سے رکنے یا رفتار کم کرنے کے لئے مناسب وقت میسر ہو۔

آپ کی گاڑی کے رکنے کے لئے درکار وقت کے کم زیادہ ہونے میں گاڑی کی رفتار کا بہت بڑا دخل ہوتا ہے۔ آپ کی رفتار جتنی زیادہ ہوگی آپ کو رکنے کے لئے اتنا ہی زیادہ وقت درکار ہوگا۔



جدید گاڑیوں میں رفتار کا احساس کم ہوتا ہے۔بہت سی گاڑیاں اتنی آرام دہ ہوتی ہیں کہ ڈرائیور حضرات کے لئے یہ اندازہ لگانا مشکل ہوجاتا ہے کہ وہ کتنی تیز رفتاری سے جا رہے ہیں۔ آپ کو اس بات سے خبردار رہنا چاہیے۔ اس کے لئے آپ کو چاہیۓ کہ سپیڈومیٹر کو گاہے بگاہے دیکھتے رہیں کہ کہیں آپ حدرفتار سے زیادہ تو نہیں جارہے ہیں۔ بحیثیت ایک نئے ڈرائیور تیز رفتاری سے گاڑی چلانا بہت زیادہ خطرناک ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ آپ کو ڈرائیونگ کے دوران کرنے کے ضروری کام کرنا، بہت ہی مشکل ہوجاتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ آپ کے لئے ضروری ہے کہ؛

- سڑک پر موجود ممکنہ خطرات کو جاننے کے لئے سڑک کا مشاہدہ کریں
- گاڑی کے سپیڈومیٹر پر نظر ڈالتے رہیں
- سڑک کے حالات کے مطابق اپنی رفتار اختیار کریں۔

ایک اوسط درجہ کی گاڑی جو ۶۰ کلومیٹر/گھنٹہ کی رفتار پر چل رہی ہو تو عام حالات میں اسے رکنے کے لئے ۳۳ میٹر کا فاصلہ درکار ہوسکتا ہے۔ ۱۰۰ کلومیٹر / گھنٹہ پر رکنے کے لئے ۸۷ میٹر اور ۱۲۰ کلومیٹر/گھنٹہ پر ۱۳۰ میٹر درکار ہوتے ہیں (۶ یا ۷ کرکٹ کی پچ کے برابر یا فٹبال کے ڈیڑھ گراؤنڈ کے برابر)۔ ایک بڑی گاڑی کو رکنے کے لئے اس سے کہیں زیادہ فاصلہ درکار ہوتا ہے۔

حفاظتی بند (سیٹ بیلٹ)

یاد رکھیں کہ حفاظتی بند جان بچانے میں مدد کرتے ہیں۔

جب حفاظتی بند صحیح طرح سے باندھا جائے تو یہ آپ کو حادثہ ہونے کی صورت میں محفوظ رکھنے میں مددگار ہوتا ہے۔ حفاظتی بند کو جسم کے ہڈیوں کے ڈھانچے کے اوپر باندھنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ جبکہ اسے پیٹ کے نچلے حصے، سینے اور کندھے پر سامنے کی جانب سے اپنے جسم پر کسا ہوا ہونا چاہیۓ۔ حفاظتی بند کی پٹی کو گردن سے دور ہونا چاہیۓ اور گود کی طرف کا حصہ کولہے کے گرد بندھا ہوا ہونا چاہیۓ۔ حفاظتی بند کو باندھتے وقت درج ذیل احتیاط کرنی چاہیۓ؛

- حفاظتی بند کو مضبوطی سے کسا ہوا ہونا چاہیۓ- اسے آپ کی حفاظت کے لئے بنایا گیا ہے۔ یاد رکھیں کہ اگر حفاظتی بند کو ڈھیلا باندھا جائے تو اس سے آپ کی حفاظت کم ہوتی ہے
- حفاظتی بند باندھتے ہوئے اس میں بل بالکل نہیں آنا چاہیۓ

ایک اہم قانون!

ڈرائیور اور اس کے برابر سیٹ پر بیٹھے ہوئے فرد پر لازم ہے کہ وہ دونوں اپنا حفاظتی بند باندھے رکھیں۔

(آرٹیکل ۳۳ ،لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱، ۱۹۹۵)

اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر ایک نے ہر سفر کے دوران حفاظتی بند باندھ رکھا ہوا ہو۔

- اس کو صرف ایک فرد کو ہی محفوظ رکھنے کے لئے استعمال کرنا چاہیۓ۔

جیسے ہی آپ اپنی گاڑی میں بیٹھتے ہیں آپ کو فوری طور پر حفاظتی بند باندھ لینا ضروری ہے۔ آپ کو چاہیۓ کہ آپ اسے ہر وقت باندھے رکھیں اگرچہ آپ مختصر فاصلے کے لئے ہی ڈرائیونگ کر رہے ہوں۔ بطور ایک ڈرائیور آپ پر لازم ہے کہ آپ اپنا حفاظتی بند باندھے رکھیں۔

حفاظتی بند آپ کو اپنی جگہ پر حفاظت سے باندھے رکھتے ہیں۔ اور اگر آپ گاڑی چلارہے ہوں تو یہ آپ کو حادثہ ہونے کی صورت میں گاڑی کو قابو کرنے میں مدد دیتا ہے۔

حفاظتی بند گاڑی میں موجود تمام افراد کی حفاظت کرتا ہے۔ اگر کسی ٹکراؤ کے دوران جب گاڑی یک دم رکتی ہے تو اگر کسی نے حفاظتی بند نہ باندھا ہوا ہو تو وہ گاڑی کے اندر ہی گاڑی کی اصل رفتار کی حرکت میں آجاتا ہے اور حادثے کے دوران جب لوگ ایک دوسرے کے اوپر گریں یا گاڑی کے حصوں مثال کے طور پر سٹیئرنگ ویل، گئیر کے دستہ، ونڈسکرین یا سامنے کی سیٹ کے پچھلے حصہ پر گریں تو اس کے نتیجہ میں اکثر شدید زخمی ہوجاتے ہیں۔

حفاظتی بند آپ کو شدید زخمی ہونے سے بچانے کا سبب بنتے ہیں۔ اگر آپ نے حفاظتی بند نہ باندھ رکھا ہو تو آپ گاڑی سے باہر بھی گر سکتے ہیں۔

یہ بات بھی سمجھنا ضروری ہے کہ گاڑی میں موجود ائیربیگ حفاظتی بند کا نعم البدل نہیں ہوسکتے ۔ ائیربیگ کی موجودگی کے باوجود آپ اپنی گاڑی سے باہر گر سکتے ہیں لہذا ہمیشہ اپنا حفاظتی بند مکمل طور پر باندھے رکھیں۔

گاڑی میں موجود دوسرے مسافروں کی حفاظت میں مدد کے لئے بھی اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ بھی اپنے حفاظتی بند باندھے رکھیں۔

حاملہ خواتین کو بھی حفاظتی بند باندھے رکھنے کی ضرورت ہے تاکہ انہیں اورانکے غیرمولود بچے کو بھی محفوظ بنایا جاسکے۔

کار کی سیٹ کے لئے چار اہم حفاظتی نقاط

۱. اپنے بچے کو ہر بار اور ہر سفر میں حفاظتی بند سے باندھے رکھیں ۔

۲. اپنے بچے کو گاڑی کی پچھلی نشست پر بٹھایئے۔

۳. اپنے بچے کے سائز کے مطابق حفاظتی سیٹ اور بند کا استعمال کریں۔

۴. بچے کو محفوظ رکھنے والی نشست اور حفاظتی بند کا استعمال درست طریقہ سے کریں۔

آپ کے بچے کے لئے پیچھے کی جانب رخ والی سیٹ کیوں ضروری ہے؟

کارکی سیٹیں (یا بالغوں کے لئے سیٹ بیلٹ) اس طرح بنائی جاتی ہیں کہ یہ ٹکراؤ کی قوت کو جذب کرنے اور باقی ماندہ قوت کو کار کی باڈی کے دوسرے حصہ میں منتقل کردیتی ہیں۔ بچوں کا جسم خاص طور پہ ان کی گردن اتنی مضبوط نہیں ہوتی کہ وہ سامنے رخ والی سیٹوں پر ٹکراؤ کی قوت کو برداشت کرسکے۔ پیچھے رخ والی سیٹیں ٹکراؤ کی قوت کو ان جسم کے کسی ایک حصہ پر جھٹکے کا دباؤ کم کرتے ہوئے ان کی پوری کمر، سر اور گردن میں منتقل کرتی ہیں۔ پیچھے رخ والی سیٹ کو گاڑی کی اگلی سیٹ پر ہرگز نہیں رکھنا چاہئے کیونکہ ائیربیگ کھلنے کی صورت میں بچے کوشدید زخمی کرسکتا ہے۔

دو سے چار سال کے بچے کے لئے گاڑی میں حفاظت

جب آپ کا بچہ پچھلی نشست کی جانب رخ والی سیٹ کے مقررہ وزن سے زیادہ ہوجاتا ہے تو آپ کو چاہئے کہ آپ حفاظتی سیٹ کا رخ سامنے کی جانب پھیر دیں۔

جب آپ کا بچہ بڑھ کر سامنے کی جانب رخ والی حفاظتی سیٹ میں پورا آنے سے قاصر ہوتا ہے تو آپ کو چاہیے کہ آپ اس کو اسی حفاظتی سیٹ پر بیٹھائیں۔ جس کے حفاظتی بند کو ضرورت کے مطابق ڈھیلا کیا یا کسا جا سکتا ہو۔

بچوں کی عمر ۱۰ سال ہونے تک تمام بچوں کو گاڑی کی پچھلی نشست پر بٹھایا جانا چاہیے۔

الکوحل، منشیات اور ادویات

دبئی کے لئے 2014 کی شماریات کے مطابق ۴۶۱ گاڑیوں کی ٹکر کی وجہ ڈرائیوروں کا نشے کی حالت میں ہونا ہے۔

آپ پر لازم ہے کہ ڈرائیونگ کے دوران آپ الکوحل یا نشیات کے زیر اثر نہ ہوں ۔ایسا کرنے کی بہت سی وجوھات ہیں کیونکہ الکوحل اور منشیات؛

آپ کے خطروں کا اندازہ کرنے میں مشکلات کا باعث بنتی ہیں جس میں دوسروں سے فاصلہ کا اندازہ کرنا اور آپ کی اور دوسروں کی رفتار کا اندازہ شامل ہے

ادویات

بعض اوقات ڈاکٹر یا فارمیسی سے لی ہوئی ادویات بھی آپ کے لئے محفوظ طور پر ڈرائیونگ کرنے میں رکاوٹ کا باعث بنتی ہیں۔ اپنی ادویات کے بارے میں اپنے ڈاکٹر یا معالج سے رجوع کریں کہ وہ ڈرائیونگ کے دوران استعمال کرنے کے لئے محفوظ ہیں یا نہیں۔

الکوحل ، منشیات اور بعض ادویات کے استعمال کرنے سے آپ محفوظ طریقہ سے ڈرائیونگ نہیں کر سکتے ۔جب آپ ان میں سے کسی دو کا استعمال کرکے ڈرائیونگ کرتے ہیں تو دوسروں اور خود کے لئے خطرہ بن جاتے ہیں۔ محفوظ رہنے کو ترجیح دیں اس سے قبل دیر ہو جائے۔

محفوظ رہنے کے لئے پہلے ہی سے تدبیر کریں ۔ اس کا انتظام کریں کہ کوئی ایسا شخص آپ کو اپنی گاڑی میں لے جائے جو الکوحل یا منشیات کے نشہ میں نہ ہو یا پھر کہیں جانے کے لئے آپ بذریعہ ٹیکسی سفر کریں۔

ایک اہم قانون!

ڈرائیور حضرات کے لئے لازم ہے کہ وہ الکوحل اور منشیات کے زیر اثر نہ ہوں۔

(آرٹیکل ٦-۱۰، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱، ۱۹۹۵)

ڈرائیونگ کے مختلف حالات میں گاڑی چلانا

بطور ڈرائیور آپ اپنی اور سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کی سلامتی کے ذمہ دار ہیں۔ بعض اوقات مختلف موسمی حالات ڈرائیونگ کرنے میں آپ کے لئے مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ دن کے مختلف اوقات میں بھی جیسا کہ صبح سویرے یا رات کے وقت، آپ کے لئے ڈرائیونگ کرنا ایک چیلنج ثابت ہوتا ہے۔ ذیل میں کچھ باتیں بیان کی گئی ہیں جن کا آپ کو خاص خیال رکھنا چاہئے۔

سورج کی روشنی

دبئی کا موسم بہت گرم ہے اور سال کے بیشتر حصہ میں یہاں دھوپ رہتی ہے۔ بہر حال آپ کے لئے طلوع آفتاب، غروب آفتاب اور دوپہر کے وقت سورج کی تیز روشنی میں ڈرائیونگ کے دوران سڑک پر سامنے دیکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ان اوقات میں اپنی رفتار کم کردیں اور اپنے اطراف میں موجود ممکنہ خطرات اور ٹریفک سے خبردار رہیں۔ تیز دھوپ میں گاڑی چلاتے وقت دھوپ کا چشمہ استعمال کریں اور سورج کی آنکھیں چندھیا دینے والے روشنی سے بچنے کے لئے گاڑی میں لگا ہوا سورج کی روشنی سے بچاؤ کا شیڈ استعمال کریں۔

بارش کے دوران گاڑی چلانا

بارش کی وجہ سے سڑک کی سطح پھسلنے والی ہو جاتی ہے، اور خاص طور پر اس وقت جب بوندا باندی شروع ہو۔ جب بارش زیادہ ہوجاتی ہے تو ٹائروں کی گرفت سڑک پر بہت کم ہوجاتی ہے۔ جس کی وجہ سے حادثے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

دبئی میں بارشیں کثرت سے نہیں ہوتی ہیں اور بعض اوقات تو سال میں چار یا پانچ مرتبہ ہی بارشیں ہوتی ہیں۔ اچانک بارش ہونے کی وجہ سے سڑک کی سطح تبدیل ہوجاتی ہے اور بارش کے دوران گاڑی چلانا انتہائی خطرناک ہوجاتا ہے۔ کافی عرصہ کے بعد ہونے والی پہلی بارش سے سڑک کی سطح بہت پھسلنے والی ہوجاتی ہے کیونکہ اس سے سڑک پر جمی مٹی اور تیل سڑک کی سطح کے اوپر آ جاتے ہیں۔ جب تک مزید بارش انہیں بہا کر نہ لے جائے سڑک پر گاڑی پھسل سکتی ہے۔ ایسی صورت میں اپنی رفتار کم کردیں اور آگے چلنے والی گاڑی سے وقفہ بڑھادیں۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ آپ دن کے ایسے اوقات میں جب صاف طور پر دیکھنا مشکل ہو، اپنی گاڑی کی ہیڈ لائٹس روشن رکھیں۔

(آرٹیکل ٦٣ ، م ع ا ، وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱، ۱۹۹۵)

موسلادھار بارش میں گاڑی سے باہر دیکھنا مشکل ہوجاتا ہے اور سڑکوں پر پانی کھڑا ہوجاتا ہے۔ دوسری گاڑیوں کے قریب سے گذرنے کی وجہ سے آپ کی گاڑی کی کھڑکیوں اور ونڈ سکرین پر چھینٹے پڑتے ہیں جس کی وجہ سے گاڑی کے باہر دکھائی دینا بند ہوجاتا ہے۔ آپ کو اپنی رفتار کم کردینی چاہئے اور اگر بارش بہت تیز ہو تو بارش رکنے تک آپ اپنی گاڑی سڑک کے ایک طرف روک کر انتظار کریں۔ اگر آپ ایسے موسمی حالات میں گاڑی چلا رہے ہوں تو آپ پر لازم ہے کہ اپنی ہیڈ لائٹس روشن رکھیں۔

سڑک پر کھڑے ہوئے پانی کے تالابوں سے دور رہیں یہ تالاب کسی ایسے بڑے گڑھے کو چھپا سکتا ہے جو آپ کی گاڑی کے دھچکے برداشت کرنے والے نظام (Suspension) کو نقصان پہنچا سکتا ہے یا آپ کی گاڑی کے ٹائر پھٹنے کا سبب بن سکتا ہے، انجن پر پانی کے چھڑکاؤ کی وجہ سے انجن بند ہوسکتا ہے اور بریک کی کارکردگی بھی پانی میں بھیگنے کی وجہ سے متاثر ہوتی ہے۔

بارش ہونے کے باعث ہر دو منٹ میں ایک حادثہ ہوتا ہے۔

دبئی ٹریفک پولیس کے مطابق، حادثات اس وقت واقع ہوتے ہیں جب گاڑیوں والے اپنی رفتار اور دوسری گاڑیوں سے فاصلہ کو موسمی حالات کی تبدیلی کی وجہ سے ڈرائیونگ کے حالات کے مطابق اختیار نہیں کرتے ہیں۔

"ٹریفک واچ، گلف نیوز"

پانی کی سطح پر پھسلنا (Aquaplaning)

جب سڑک کی سطح پر بہت زیادہ پانی ہو یا آپ کی رفتار بہت تیز ہو تو آپ کی گاڑی کے ٹائر پانی کے اوپر پھسلتے ہیں۔ آپ کی گاڑی کے ٹائر سڑک پر موجود پانی پر اس طرح پھسلتے ہیں جیسے پانی پر کسی تختہ کی مدد سے پھسلا جاتا ہے جس کی وجہ سے آپ گاڑی پر اپنا قابو کھو دیتے ہیں۔

ایکوا پلاننگ سے بچنے کے لئے اپنی رفتار کو ۸۰ کلومیٹر / گھنٹہ سے کم کردیں۔ اس سے زیادہ رفتار سے گاڑی چلانے سے ایکوا پلاننگ کے امکانات میں کافی حد تک اضافہ ہو جاتا ہے۔ آگے چلنے والی گاڑی کے ٹائروں کے نشانات پر چلنے کی کوشش کریں مگر اس سے اپنا وقفہ کم از کم چار سیکنڈ رکھیں۔ اگر ممکن ہو تو درمیانی لین میں ہی گاڑی چلانے کی کوشش کریں کیونکہ بارش کا پانی پہلے باہر والی لین میں ہی اکٹھا ہونا شروع ہو گا۔

اگر آپ کی گاڑی پانی کی سطح پر پھسلنا شروع ہو جائے تو:

- گاڑی کے شیشوں سے پیچھے دیکھیں۔
- اپنی گاڑی کی ہنگامی لائٹس روشن کردیں۔
- سٹیئرنگ پر اپنی گرفت مضبوط کردیں اور بریک لگانے یا رفتار بڑھانے سے احتراز کریں۔
- اپنی رفتار کو بتدریج کم کرنے کے لئے ایکسیلیٹر پر سے پاؤں ہٹا دیں۔
- جب آپ محسوس کریں کہ گاڑی آپ کے قابو میں ہے تو آرام سے بریک لگائیں یا آرام سے رفتار بڑھائیں۔
- اپنے شیشوں میں سے ایسی گاڑیوں کو دیکھیں جو آپ کے بہت قریب آ گئی ہوں۔

جب سڑک کی سطح پر بہت زیادہ پانی ہو یا آپ کی رفتار بہت تیز ہو تو آپ کی گاڑی کے ٹائر پانی کے اوپر پھسلتے ہیں۔ آپ کی گاڑی کے ٹائر سڑک پر موجود پانی پر اس طرح پھسلتے ہیں جیسے پانی پر کسی تختہ کی مدد سے پھسلا جاتا ہے جس کی وجہ سے آپ گاڑی پر اپنا قابو کھو دیتے ہیں۔

ٹائروں کی اچھی حالت آپ کو ایکوا پلاننگ سے بچنے میں مدد دے گی۔ بہت سے ٹائروں کی تھریڈ کے نقوش کا نمونہ اس طرح بنایا گیا ہوتا ہے کہ ان کے نقوش کی گہرائی میں سے پانی ٹائروں کی گرفت کو سڑک پر کم کئے بغیر گذر سکے ۔ پرانے ٹائروں کے نقوش ٹائر کے گھس جانے کی وجہ سے کم ہوجاتے ہیں جس کی وجہ سے ٹائروں کے آگے پانی جمع ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ اپنے ٹائروں کی حالت اچھی ہونے کا معائنہ کریں۔ لیکن ٹائروں کی حالت اچھی ہونے کے باوجود بارش ہوجانے کے بعد بھی اپنی رفتار کو حالات کے مطابق رکھنا بہت اہم ہے۔

یاد رکھیں کہ بارش ختم ہوجانے کے بعد بھی سڑک پر پھسلن ہوسکتی ہے اس لئے احتیاط کے ساتھ گاڑی چلائیں اور اپنی گاڑی کی رفتار کو بدلتے ہوئے حالات کے مطابق اختیار کریں۔

جب سڑک کی سطح پر بہت زیادہ پانی ہو یا آپ کی رفتار بہت تیز ہو تو آپ کی گاڑی کے ٹائر پانی کے اوپر پھسلتے ہیں۔ آپ کی گاڑی کے ٹائر سڑک پر موجود پانی پر اس طرح پھسلتے ہیں جیسے پانی پر کسی تختہ کی مدد سے پھسلا جاتا ہے جس کی وجہ سے آپ گاڑی پر اپنا قابو کھو دیتے ہیں۔

دھند میں گاڑی چلانا

دھند زمین کی سطح پر موجود ایک بادل کی طرح ہوتی ہے۔ یہ اس وقت پیدا ہوتی ہے جب درجہ حرارت کی سطح بہت نیچے گرجائے اور ہوا میں موجود نہ نظر آنے والے پانی کے بخارات جمع ہوکر شبنم کی صورت اختیار کرلیتے ہیں۔ دھند ٹکڑوں کی صورت میں بھی ہوسکتی ہے اور کسی جگہ بہت گہری اور کسی جگہ ہلکی بھی ہوسکتی ہے۔ اس سے سڑک پر واضح دیکھنے میں مشکلات کی وجہ سے ڈرائیونگ کے لئے بہت خطرناک صورتحال پیدا ہوتی ہے۔ عام طور پر دھند صبح کے وقت یا موسم کی تبدیلی والے مہینوں کے دوران پیدا ہوتی ہے (یو اے ای میں گرمیوں کا موسم شروع یا ختم ہونے کے دوران)۔ دھند میں محفوظ طور پر گاڑی چلانے کے لئے کرنے اور نہ کرنے والے عوامل کو سیکھیئے:

یہ کام کریں:

- دھند ہونے کی صورت میں اپنی رفتار بتدریج کم کریں اور صورتحال کے مطابق رفتار پر گاڑی چلائیں۔
- اپنی گاڑی کی ہیڈلائٹس مدھم رکھیں۔ اونچی لائٹس دھند میں موجود شبنم کے قطروں سے منعکس ہوتی ہے اور سامنے دیکھنا بہت مشکل ہوجاتا ہے۔
- اگر آپ کی گاڑی میں دھند کی لائٹس ہیں تو انہیں مدھم ہیڈلائٹس کے ساتھ استعمال کریں۔ ان کی مدد سے آپ کو سامنے دکھائی دینا آسان ہوگا اور یہ آپ کو حادثات سے محفوظ رکھ سکتی ہیں۔
- صبر سے کام لیں اور اوورٹیک، لین تبدیل کرنے یا ٹریفک کو کراس کرنے سے اجتناب کریں۔
- راہنمائی میں مدد کے لئے سڑک پر لگے نشانات استعمال کریں۔ سڑک کی درمیانی لین کی بجائے دائیں جانب کنارے کو اپنی راہنمائی کے لئے استعمال کریں۔
- سامنے والی گاڑیوں سے وقفہ بڑھادیں۔ آپ کو محفوظ طور پر رکنے کے لئے کافی فاصلہ درکار ہوگا۔-
- سامنے موجود ممکنہ خطرات کوجاننے کے لئے بغور دیکھیں اور سنیں۔
- اپنی گاڑی میں موجود توجہ ہٹانے والے عوامل کو کم کردیں۔ مثال کے طور پر اپنا موبائل فون بند کردیں۔-- ان حالات میں ڈرائیونگ کے لئے آپ کی پوری توجہ درکار ہوتی ہے۔

- سڑک پر لگے راہنمائی کے الیکٹرونک آلات پر نظر رکھیں۔
- اپنی نظریں جتنا دور ہوسکے سامنے لگائیں رکھیں۔
- اپنی گاڑی کے شیشوں اور آئینوں کو صاف رکھیں۔ واضح دکھائیں دینے کے لئے وائپر اور شیشوں کو گرم رکھنے والے نظام کو استعمال کریں۔
- اگر دھند بہت گہری ہوجائے تو اپنی گاڑی روک دیں اورا سے ایسی جگہ پارک کریں جو دوسری ٹریفک سے کافی دور محفوظ مقام پرہو۔ اپنی گاڑی کی ہنگامی لائٹس کو روشن کردیں۔
- ڈرائیونگ شروع کرنے سے قبل اور دوران سفر موسم اور ٹریفک کے حالات کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ اور خراب موسم یا دھند کی خبر ملنے کی صورت میں اگر ممکن ہو تو اپنے سفر کو حالات بہتر ہونے تک مؤخر کردیں۔

ان کاموں سے بچیں:

- سڑک کے درمیان ہرگز نہ رکیں۔ آپ سلسلہ وار ٹکراؤ کا سب سے اگلا حصہ بن سکتے ہیں۔
- اچانک رکنے سے اجتناب کریں۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کے پیچھے آنے والی گاڑی آپ کو بروقت نہ دیکھ سکے۔
- کسی جگہ اگر دھند کم ہوتی نظر آرہی ہو تب بھی اپنی رفتار اچانک نہ بڑھائیں۔ ہوسکتا ہے کہ آگے دھند پھر گہری ہوجائے۔
- اگر پیچھے سے آنے والی گاڑی کے بہت قریب آجانے اور آپ کے آگے کوئی سست رفتار گاڑی ہو تو اسے اوورٹیک کرنے کے لئے اپنی رفتار تیز نہ کریں۔
- اگر دھند بہت گہری ہواور سامنے بہت کم دکھائی دے رہا ہو تو ڈرائیونگ جاری نہ رکھیں۔ یاد رکھیں کہ تاخیر سے پہنچنا بالکل نہ پہنچنے سے بہتر ہے۔

یاد رکھیں:

- اپنی رفتار پر نظر رکھیں۔ ہوسکتاہے کہ آپ کی رفتار آپ کی سوچ سے زیادہ ہو۔ ایسا ہونے کی صورت میں اپنی رفتار بتدریج کم کریں۔
- اپنی اور اگلی گاڑی کے درمیان بریک لگا کرنے محفوظ طور پررکنے کا فاصلہ رکھیں۔
- پرسکون رہیں اور صبر کا مظاہرہ کریں۔ دوسری گاڑیوں کو اوورٹیک یا اچانک رفتار بڑھانے سے گریز کریں۔
- سڑک پر نہ رکیں۔ اگر سڑک پر واضح دکھائی دینا بسرعت کم ہورہا ہو تو سڑک سے گاڑی اتار کر محفوظ جگہ پر روک دیں اور دھند کم ہونے کا انتظار کریں۔
- جب سڑک پر کم دکھائی دے رہا ہوتو اپنی ہیڈلائٹس نیچی رکھ کر استعمال کریں۔

اپنی رفتار کم کردیں اور آگے چلنے والی گاڑی سے محفوظ وقفہ رکھیں۔

دبئی میں سیلاب

دبئی شہر میں بہت زیادہ بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے سیلابی صورتحال بہت کم ہی ہوتی ہے۔ لیکن جب موسلادھار بارشیں ہوتی ہیں تو شہر کے بہت سے حصوں میں بارش کا پانی سڑکوں پر جمع ہوجاتا ہے۔

ڈرائیور حضرات کو چاہیئے کہ وہ ایسے علاقوں میں جہاں بارش کا پانی جمع ہو ڈرائیونگ کرتے وقت بہت زیادہ احتیاط سے کام لیں کیونکہ پانی کی گہرائی کا اندازہ لگانا بہت مشکل ہوتا ہے۔ آپ اپنی گاڑی کے راستہ میں صرف پانی کی سطح ہی دیکھ پاتے ہیں اور پانی میں چھپے ہوئے کسی گہرے گڑھے یا نوکیلی چیز کو دیکھنا نا ممکن ہوتا ہے۔

خود کو محفوظ رکھنے کے لئے اور اگر ممکن ہو تو سیلابی پانی میں سے گاڑی گذارنے سے گریز کریں۔ لیکن اگر پانی میں سے گذرنا ناگزیر ہو تو درج ذیل کو ذہن نشین کرتے ہوئے احتیاط سے گاڑی چلائیں:

- عام کاروں کو پانی میں سے گذارنے کے لئے جائزہ لیں کہ کیا پانی ٹائروں سے ۵۰٪ تک اوپر ہے اوراگر ایسا ہو تو پانی میں داخل نہ ہوں۔ ایسی جگہوں میں ایگزاسٹ پائپ میں پانی داخل ہونے کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں جس کی وجہ سے انجن بند ہوسکتا ہے۔
- ایسی جگہوں پر گاڑی ہرگز نہ چلائیں جہاں پانی کا بہاؤ تیز ہو، چاہے پانی کی سطح ٹائر کی ۵۰٪ اونچائی سے کم ہی کیوں نہ ہو۔ پانی کے تیز بہاؤ کی قوت آپ کی گاڑی کو بہا کر لے جاسکتی ہے۔
- گاڑی کو چھوٹے گئیر میں رکھتے ہوئے ایکسیلیٹر کو آرام سے دبا کر آہستہ رفتار سے چلائیں۔ اور ایگزاسٹ پائپ میں پانی کو جانے سے روکنے کے لئے ایکسیلیٹر کو دبائے رکھیں اور کلچ کی مدد سے رفتار کنٹرول کریں۔
- خوش اخلاقی کا مظاہرہ کریں۔ پانی میں تیز رفتاری کی وجہ سے پانی کے چھینٹے اطراف میں موجود گاڑیوں یا پیدل چلنے والے افراد پر پڑ سکتے ہیں۔

ایسی رفتار سے گاڑی چلائیں جو سڑک کے حالات کے مطابق محفوظ ہو کیونکہ آپ کو رکنے کے لئے زیادہ وقت درکار ہوسکتا ہے۔

ریت کے طوفان میں گاڑی چلانا

سڑکوں پر ریت کے طوفان کی وجہ سے ریت جمع ہونا خطرناک ثابت ہوسکتی ہے کیونکہ اس سے گاڑی کے ٹائروں کی سڑک پر گرفت کم ہوجاتی ہے اور سڑک کا کنارہ بھی نظر آنا مشکل ہوتا ہے۔ دوسری گاڑیوں کی وجہ سے آپ کی جانب آنے والی مٹی آگے موجود خطرات کو چھپا سکتی ہے۔ جیسا کہ دوسری گاڑیاں، سڑک پر موجود کوئی گڑھا یا سڑک کا کنارا وغیرہ ۔ گاڑی کی کھڑکیوں پر گرنے والی مٹی بھی آپ کو باہر دیکھنے میں مشکل پیدا کرسکتی ہے۔ اپنی رفتار کو کم کردیں اور آگے چلنے والی گاڑی سے محفوظ فاصلہ رکھیں۔

ٹریفک سے بھرپور علاقوں میں گاڑی چلانا

دبئی میں روزگار کے حصول اور سیاحت کے لئے آئے ہوئے لوگوں کی وجہ سے اس کی سڑکوں پر گاڑیوں کی تعداد میں کافی اضافہ دیکھا گیا ہے۔ ٹریفک بڑھنے کا مطلب ایسے اوقات ہیں جب سڑکوں پر ٹریفک کا رش ہوجاتا ہے یا ٹریفک جام ہو جاتی ہے۔

آپ ٹریفک کےرش سے بچنے کے لئے ایسے اوقات میں گاڑی چلانے کا منصوبہ بنا سکتے ہیں جب سڑکوں پر ٹریفک کم ہو۔ اگر آپ کے لئے زیادہ ٹریفک کے اوقات میں گاڑی چلانا ضروری ہو تو آپ کو چاہیئے کہ ایسا راستہ اختیار کریں جہاں ٹریفک کا رش کم ہو۔ زیادہ ٹریفک والے اوقات میں اپنا سفر تھوڑا پہلے شروع کریں، پرسکون رہ کر گاڑی چلائیں اور دوسرے ڈرائیوروں کے ساتھ اخلاق کے ساتھ پیش آئیں جو ممکن ہے صبر کا مظاہرہ نہ کررہے ہوں۔

نئے ڈرائیور حضرات کے لئے ٹریفک کے اژدھام میں گاڑی چلانا چیلنج کی حیثیت رکھتا ہے۔ بار بار رکنا اور رفتار بڑھانا ڈرائیوروں میں بے صبری پیدا ہونے کا باعث بنتا ہے۔ اس کی وجہ سے کچھ ڈرائیور بغیر اشارہ استعمال کئے اچانک لین تبدیل کرلیتے ہیں۔ ایسی جگہ جہاں گاڑیاں ٹریفک میں پھنسی ہوں پیدل چلنے والے گاڑیوں کے درمیان سے اچانک ظاہر ہوجاتے ہیں۔ صبر کا مظاہرہ کریں۔ بہت زیادہ محتاط ہوکر گاڑی چلائیں اور سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کی غیر متوقع حرکت کو برداشت کریں۔

دوراندیشی سے کام لیتے ہوئے، آپ اپنی منزل تک پہنچنے کے لئے ایسی لین اختیار کریں جس کی آپ کو ضرورت ہو۔ مناسب لین میں جانے سے پہلے خود کو مناسب وقت دیں۔ اپنی گاڑی کے نہ نظر آنے والے مقامات کو دیکھنے کے لئے بہت احتیاط کریں کیونکہ ہوسکتا ہے کہ جب آپ لین تبدیل کررہے ہوں تو اسی وقت کوئی دوسرا ڈرائیور بھی آپ کی لین میں آنا چاہتا ہو۔

جب دوسری گاڑیاں جانبی سڑک سے ٹریفک کے بہاؤ میں شامل ہونے کا انتظار کررہی ہوں تو ان کو ٹریفک کے بہاؤ میں شامل ہونے کے لئے مناسب وقفہ حاصل کرنا مشکل ہوسکتا ہے۔ بعض اوقات ان گاڑیوں کے ڈرائیور بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہیں اور ٹریفک کے بہاؤ کی سمت میں گھسنے کی کوشش کرتے ہیں۔ آپ کو اس کے بارے میں چوکنا رہنے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ آپ بروقت ردعمل کرسکیں۔ خوش اخلاقی کا مظاہرہ کریں۔ دوسرے ڈرائیوروں کو ٹریفک کے بہاؤ میں شامل ہونے کا موقع فراہم کریں۔ ایک وقت میں کم از کم ایک گاڑی کو موقع دیں۔

موبائل فون یا توجہ ہٹانے والے دوسرے عوامل

موبائل فون

وہ ڈرائیور جو گاڑی چلانے کے دوران موبائل فون کا استعمال کرتے ہیں ان کے حادثے کا شکار ہونے کے امکانات چار گنا زیادہ ہوتے ہیں۔ ہینڈز. فری آلات کا استعمال بھی ڈرائیور کو محفوظ نہیں رکھتا ہے۔

گاڑی چلانے کے دوران موبائل فون کا استعمال ڈرائیور کی توجہ ڈرائیونگ سے ہٹانے کا باعث بنتا ہے جس کی وجہ سے ان سے ایسی غلطیاں ہوسکتی ہیں جو انہیں نہیں کرنی چاہیئیں یا ان کا ردعمل سست ہوجاتا ہے۔ چند عام غلطیاں یہ ہیں؛

- متعدد لین والی سڑکوں پر دو لین کے درمیان گاڑی چلانا یا سڑک کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک گاڑی کو لہراتے ہوئے چلانا
- غیر یکساں طور پر گاڑی چلانا یعنی بلاوجہ اپنی رفتار تیز یا کم کردینا
- اپنے آگے چلنے والی گاڑی سے مناسب وقفہ رکھنے پر توجہ نہ دینا
- ٹریفک میں اندازہ لگانے کی غلطیوں کا اور محفوظ فاصلہ سے بے خبری کا مظاہرہ کرنا۔

موبائل فون کو صرف گاڑی کسی جگہ پارک ہونے کی صورت میں ہی استعمال کرنے کی عادت بنالیں۔ جب آپ گاڑی چلا رہے ہوں تو اپنے ساتھی مسافر سے کہیں کہ وہ آپ کے فون پر آنے والی کال کا جواب دے یا دوسری صورت میں کال سننے کے بجائے اس کو وائس میل کی طرف منتقل کردیں۔

توجہ ہٹانے والے دوسرے عوامل

آج کل بہت سی گاڑیوں میں راستہ بتانے کا نظام، اعلیٰ معیار کا صوتی نظام اور ٹیلیوژن اور DVD ڈی-وی-ڈی پلیئر پہلے ہی سے نصب ہوتے ہیں۔ یہ تمام الیکٹرونک آلات ڈرائیور کی توجہ گاڑی سے ہٹانے کا سبب بنتے ہیں جس کی وجہ سے حادثات ہوسکتے ہیں۔

ریڈیو کا اسٹیشن تبدیل کرنے، راستہ بتانے کے نظام کی سکرین کو درست کرنے، موبائل فون میں موجود ناموں کی فہرست میں نام تلاش کرنے یا موبائل کے ذریعہ پیغام بھیجنے کے لئے آپ کو کچھ وقت کے لئے لازمی طور پر سڑک سے نظر ہٹانا پڑتی ہے۔ ایسا کرنے کے دوران ممکنہ طور پر آپ کی نظر کسی ایسے خطرے سے ہٹ جاتی ہے جس کی وجہ سے کوئی سنگین حادثہ پیش آسکتا ہے۔

اپنا سفر شروع کرنے سے پہلے اپنے راستہ کی منصوبہ بندی کرلیں تاکہ آپ اس کے مطابق اپنے راستہ بتانے والے نظام کو درست کرنے یا نقشہ دیکھنے کی ضرورت پیش نہ آئے۔ اپنے ریڈیو، سی ڈی اور ائیرکنڈیشنگ کے نظام کو پہلے ہی سے ضرورت کے مطابق تیار کرلیں اور کسی کے ساتھ جذباتی یا پیچیدہ گفتگو میں مشغول نہ ہوں۔ یہ تمام احتیاطی تدابیر آپ کو اپنی منزل پر حفاظت سے پہنچنے میں معاون ہوں گی۔

تھکاوٹ کے دوران گاڑی چلانا

حادثات اس وقت ہوتے ہیں جب:

- آپ تھکے ہوئے ہوں اور گاڑی چلانے کے دوران سو جائیں
- آپ کافی وقت سے کسی وقفہ کے بغیر مسلسل گاڑی چلا رہے ہوں جس کی وجہ سے ڈرائیونگ پر توجہ مرکوز نہیں رہتی۔

گاڑی چلانے کے دوران آرام کیلئے وقفہ کریں

اگر آپ گاڑی چلانے کے دوران درج ذیل آثار میں سے کوئی ایک دیکھیں تو آپ کو تھوڑا آرام کرلینا چاہیئے؛

- اگر آپ کو مسلسل جمائیاں آرہی ہوں
- آپ اپنی لین سے بار بار ہٹ رہے ہوں
- آپ کی آنکھیں بند ہورہی ہوں اور نظر دھندلا رہی ہو
- آپ کو اپنا سر سیدھا رکھنے میں دقت پیش آرہی ہو
- آپ کے نہ چاہتے ہوئے بھی آپ کی گاڑی کی رفتار کم یا زیادہ ہورہی ہو
- آپ کو گاڑی چلانے کے دوران پچھلے چند کلومیٹر میں سڑک پر ہونے والے واقعات یاد نہ رہے ہوں
- آپ کھلی آنکھوں سے خواب دیکھنا شروع کردیں۔

گاڑی چلانے سے پہلے سفر کا لائحہ عمل تیار کریں

اگر آپ لمبے سفر کا ارادہ رکھتے ہوں تو درج ذیل باتوں کی یقین دھانی کریں؛

- سفر سے پہلے اپنی نیند اچھی طرح پوری کرلیں
- جب بھی ممکن ہو اپنے علاوہ کسی اور کو گاڑی چلانے کا موقع دیں
- سفر کے دوران آگے کا سوچیں اور رات کے وقت آرام کریں
- سفر وقفوں میں کریں
- پورا دن کام کرنے کے بعد اپنا سفر شروع مت کریں۔

گاڑی چلانے کے دوران اونگھنے والے ڈرائیور ہلاک ہوسکتے ہیں۔

جو ڈرائیور مناسب طور پر اپنی نیند پوری کئے بغیر گاڑی چلاتے ہیں وہ اپنی اور سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کی جان کو خطرے میں ڈالتے ہیں۔ صرف دبئی میں ایک ماہ کے دوران ۱۳ افراد لاپرواہی سے اور نیند میں گاڑی چلانے والے ڈرائیوروں کی وجہ سے ہونے والے حادثات میں ہلاک ہوئے ہیں۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ وہ تھکاوٹ کی حالت میں اپنی گاڑی مت چلائیں کیونکہ ہوسکتا ہے آپ اس کی وجہ سے اپنی گاڑی کو قابو کرنے کے قابل نہ رہیں۔

(آرٹیکل ۷۔۱۰ ،م ع ۱ ، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

غصے کی حالت میں گاڑی چلانا

ڈرائیور سڑک پر ہمیشہ صحیح کام نہیں کرتے ہیں اور بعض اوقات ان سے غلطیاں بھی سرزد ہوتی ہیں۔ بعض ڈرائیور کسی دوسرے ڈرائیور کی غلطی یا کسی عمل سے غصہ میں آجاتے ہیں اور جارحانہ انداز اختیار کرتے ہیں۔

آپ کسی دوسرے ڈرائیور کے غصہ کا شکار ہونے سے آسانی سے بچ سکتے ہیں اگر:

- ڈرائیونگ کے دوران آپ سے کوئی غلطی سرزد ہوجائے تو دوسرے کو ظاہر کریں کہ آپ اپنی غلطی تسلیم کرتے ہیں۔
- پرسکون رہ کر گاڑی چلائیں اور دوسری گاڑیوں سے مناسب فاصلہ رکھیں۔
- دوسروں کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے گاڑی چلائیں اور دوسروں کا بھی خیال رکھیں۔
- دوسروں کے ساتھ بھی ویسا ہی سلوک کریں جیسا آپ ان سے اپنے لئے چاہتے ہیں۔



گاڑی کی دیکھ بھال

اپنی گاڑی کا سادہ طریقہ سے معائنہ کرنے سے آپ اپنی جان اور مال دونوں بچا سکتے ہیں۔ آپ پر لازم ہے کہ آپ اپنی گاڑی کا چلانے کے لئے محفوظ ہونے کا معائنہ کرنے کو اپنا معمول بنالیں۔

آپ کو اپنی گاڑی کا ہر ہفتہ سادہ طریقہ سے معائنہ کرنا چاہیئے۔

معائنہ کریں کہ آپ کی گاڑی کے درج ذیل حصے درست حالت میں کام کرتے ہوں:		
A	ٹائر	ٹائر میں ہوا کا دباؤ اور اس کے تھریڈ کی گہرائی کا معائنہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور ان کو محفوظ حالت کے درجہ تک رکھنا چاہیۓ۔ ٹائروں کے محفوظ رہنے کا درجہ اس کی تھریڈ کی گہرائی کم از کم ۱.۵ ملی میٹر ہونی چاہیۓ۔ ٹائروں کا معائنہ ہمیشہ اس وقت کریں جب وہ ٹھنڈے ہوں۔
B	ہیڈ لائٹس	ہیڈلائٹ کی اونچی اور نیچی بیم کے درست طور پر کام کرنے کا معائنہ کریں۔
C	پچھلی لائٹس، بریک لائٹس، ریورس لائٹس، پارکنگ لائٹس	ان تمام لائٹس کا درست طور پر کام کرنے کا معائنہ کریں
D	اگلے اور پچھلے مڑنے کے اشارے	اگلے اور پچھلے مڑنے کے اشاروں کا درست طورپر کام کرنے کا معائنہ کریں۔
E	اگلے اور پچھلے ہنگامی اشارے	اگلی اور پچھلی لائٹس کے درست طور پر کام کرنے کا معائنہ کریں۔
F	انجن کا تیل، انجن ٹھنڈا کرنے والا پانی، بریک کا آئل، آٹومیٹک گیئر کا آئل	ان میں ڈالے جانے والے تیل کے لیول کا معائنہ کریں کہ یہ مطلوبہ مقدار کی زیادہ سے زیادہ سطح سے تھوڑا سا کم ہو جس کو ان کی ٹنکی یا ناپنے والی سٹک پر ظاہر کیا گیا ہوتا ہے۔ جیسا کہ تمام گاڑیاں مختلف ہوتی ہیں اس لئے ان کا معائنہ کرنے کی جگہ بھی مختلف ہوسکتی ہے ان کی نشاندہی کے لئے گاڑی کے کتابچہ میں دیکھیں۔
G	شیشے۔ کھڑکیاں اور ونڈ سکرین	ان کی سطح کو صاف رکھیں اور ان پر چیختے یا خراش کے نشانات کو دیکھیں کیونکہ یہ آپ کے لئے گاڑی چلانے کے دوران دیکھنے میں مشکل کا باعث بن سکتے ہیں۔
H	ونڈ سکرین کے وائپر	دونوں وائپروں کا معائنہ کریں کہ درست حالت میں کام کرتے ہوں اور ان کی ربڑ بھی اچھی حالت میں ہو
I	شیشے	اندر اور باہر کے تمام شیشوں کا معائنہ کریں کہ وہ صاف ستھرے ہوں اور چیختے ہوئے نہ ہوں۔
J	ہارن	گاڑی کا ہارن بجا کر دیکھیں کہ یہ صحیح طرح کام کرتا ہو۔
K	حفاظتی بند	گاڑی کے تمام حفاظتی بند اچھی حالت میں ہونے چاہئیں اور ان کی پٹیاں پرانی نہیں ہونی چاہئیں اور نہ ہی مڑی ہوئی ہوں۔ ان کے کلپ بھی صحیح حالت میں کام کرتے ہوں۔
L	ہنگامی آلات	اپنی گاڑی کا اضافی پہیہ اور ٹائر بدلنے کے اوزار کا معائنہ کریں کہ وہ پورے اور اچھی حالت میں ہوں

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ آپ اپنی گاڑی اس وقت تک نہ چلائیں جب تک اس کی مکینیکل حالت درست نہ ہو۔

(آرٹیکل ۳۴، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

ڈرائیور کے لئے مددگار نظام

جدید گاڑیاں مزید پیچیدہ بنتی جا رہی ہیں اور جس میں ڈرائیوروں کو مدد فراہم کرنے والے نظاموں کی تعداد میں اضافہ شامل ہے۔ ان نظاموں کو نصب کرنے کا مقصد ڈرائیوروں پر سے کام کے بوجھ کو کم کرنا ہے۔ ڈرائیوروں کے لئے لازم ہے کہ وہ تمام وقت چوکنا رہیں اور گاڑی پر مکمل قابو رکھیں۔

گاڑیوں میں خودکار نظام کے بنانے کا مقصد سڑک پر سلامتی میں اضافہ، رش کم کرنا اور نقل و حمل کے نظام کی کارکردگی کو بڑھانا ہے۔ حالیا ایسی گاڑی جس میں مدد گار ٹیکنالوجی نصب ہو کے ڈرائیور پر تمام وقت گاڑی کو محفوظ طور پر اپنے قابو میں رکھنے کی مکمل ذمہ داری ہوتی ہے۔ ایس صورتحال جس میں مددگار نظام کام کرنا چھوڑ دے ڈرائیور کو جلدی سے ردعمل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ وہ اسٹیئرنگ پر اپنے دونوں ہاتھ رکھے رہے۔

ڈرائیوروں کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایسی گاڑیوں جن میں مدد فراہم کرنے والے نظام ہوں کو چلانے اور نگرانی کرنے کے لئے تیار ہو۔ چونکہ مختلف گاڑی بنانے والوں کے مدد گار نظام ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں، اس لئے یہ انتہائی ضروری ہے کہ ان نظاموں کے مخصوص ڈیزائن، کام کرنے کی حالتیں اور صلاحیت کے بارے میں جاننے کے لئے گاڑی کے کتابچے سے رجوع کیا جائے۔ گاڑی خرید رہے ہوں یا کرایہ پر لے رہے ہوں ڈرائیوروں کو مدد فراہم کرنے والے نظاموں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی درخواست کریں۔ مددگار نظام کو درست طور پر چلانے کے لئے حساس آلات صاف، بغیر رکاوٹ اور نقصان زدہ نہ ہوں۔

ذیل میں مارکیٹ میں حالیا دستیاب ڈرائیوروں کو مدد فراہم کرنے والے کچھ نظاموں کے بارے میں بنیادی معلومات دی گئی ہیں

روایتی کروز کنٹرول (سی سی سی)

مقصد: ایک آرام دینے والا نظام جو گاڑی کو ایک رفتار پر مستقل چلنے اور ڈرائیور کو ایکسیلیٹر پیڈل پر پاؤں رکھنے رہنے کے جسمانی کام سے آرام پہنچانے کے قابل بناتا ہے۔

یہ کیسے کام کرتا ہے: کروز کنٹرول کو ایک سیٹ کرنے والا بٹن دبا کر آن کیا جاسکتا ہے یا بٹن کو دبا کر موجودہ رفتار کو مطلوبہ رفتار پر لانے کے لئے کم یا زیادہ کیا جاسکتا ہے۔ جب یہ آن ہوجائے تو گاڑی سیٹ کی گئی رفتار پر چلتی رہتی ہے اور ڈرائیور اپنا پاؤں ایکسیلیٹر سے اٹھا سکتا ہے۔

کروز کنٹرول کی پانچ کام کرنے کی حالتیں ہیں: آف، آن، کروزنگ، ڈرائیور اوور رائڈ اور اسٹینڈبائی۔ کروزنگ حالت میں گاڑی ڈرائیور کی اختیار کردہ رفتار مستقل برقرار رکھتی ہے۔ اگر ڈرائیور بریک لگائے تو یہ نظام گاڑی کو مینول کنٹرول میں لا کر اسٹیڈبائی حالت میں چلا جاتا ہے جب تک کہ ڈرائیور دوبارہ کروز حالت میں نہ لائے یا دوبارہ کروزنگ کی رفتار کا انتخاب نہ کرے۔ اگر ڈرائیور ایکسیلیٹر دباتا ہے تو یہ نظام خودکار طور پر کروزنگ حالت میں آجاتا ہے جب ڈرائیور رفتار بڑھانا روک دے۔

کام کرنے کے حالتیں: کروز کنٹرول اس وقت کام کرتا ہے جب گاڑی کی رفتار ایک حد تک ہو۔ کروز کنٹرول کا استعمال تب مناسب ہے جب لمبی اور بغیر رش والی سڑک پر رکے یا مڑے بغیر گاڑی چلارہے ہوں (مثلاً بڑی شاہراہ)۔ زیادہ ٹریفک والی یا خطرناک موسمی حالت میں اسے ہرگز استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ کروز کنٹرول ان ڈرائیوروں کے لئے مفید ہے جو حد رفتار کی خلاف ورزی سے بچنا چاہتے ہوں۔

مطابقت پذیر کروز کنٹرول (اے سی سی)

مقصد: اسے ڈرائیور کے آرام کو بڑھانے اور کام کو کم کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ مطابقت پذیر کروز کنٹرول گاڑی کی رفتار کو خود کار طور پر کم یا زیادہ کردیتا ہے تاکہ اگلی گاڑی سے محفوظ وقفہ رکھ کر مطلوبہ رفتار پر چلتی رہے۔

یہ کیسے کام کرتا ہے: یہ نظام گاڑی کے آگے جالی یا بمپر کے نیچے نصب ایک چھوٹا راڈار استعمال کرتا ہے۔ کچھ یونٹس کا نظام لیزر یا کیمرہ کی بنیاد پر کام کرتے ہیں۔ ٹیکنالوجی کے قطع نظر مطابقت پذیر کروز کنٹرول دن اور رات دونوں میں کام کرتا ہے۔

ڈرائیور مطلوبہ رفتار پر ایک بٹن دبا کر اس نظام کو استعمال میں لاتا ہے، یہ نظام اس رفتار کو خالی سڑک پر برقرار رکھتا ہے۔

اگر اس نظام کو سامنے چلنے والی کسی گاڑی کا پتہ چلتا ہے تو یہ نظام اگلی گاڑی سے مخصوص فاصلہ برقرار رکھنے کے لئے خودکار طور پر رفتار درست کرلیتا ہے (رفتار کم یا زیادہ کردیتا ہے)۔ اے سی سی نظام کی ترتیب درج ذیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف ہوتی ہے (ا) سامنے بڑھنے کے لئے درکار وقت (کم، درمیانہ یا لمبا وقفہ) اور (ب) رفتار کم کرنے کی خصوصیات (نرمی سے سختی تک)۔

اے سی سی نظام حادثہ بچانے والے آلے کے نظام کے طور پر ڈیزائن نہیں کیا گیا ہے اور اسی لئے یہ پوری قوت سے بریک نہیں لگاتا جب تک یہ رک جانے والے نظام کے ساتھ کام نہ کرے۔ ڈرائیور کو اگلی گاڑی سے ٹکراؤ سے بچنے کے لئے پھر بھی بریک لگانا پڑے گی۔

کام کرنے کی حالتیں: اے سی سی نظام خاص طور پر بڑی شاہراہ پر درمیانی ٹریفک کے بہاؤ میں کام کرنے کے لئے مناسب ہے۔ یہ شہر کی سڑکوں کے لئے مناسب نہیں ہے جہاں ٹریفک کے حالات مستقل طور پر تبدیل ہوتے رہتے ہیں یا موڑ والی سڑکوں جہاں تنگ موڑ ہوں اور برے موسمی حالات میں۔

ہوسکتا ہے کہ اے سی سی نظام پیدل افراد، جانور یا چھوٹی گاڑیوں جیسا کہ سائیکل اور موٹر سائیکل کی نشاندہی نہ کرے۔ اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ آہستہ رفتار چلنے والی، رکی ہوئی یا سامنے سے آنے والی گاڑیوں یا غیر متحرک اشیاء کی نشاندہی نہ کرے۔ ڈرائیور کو ہر وقت گاڑی کو پوری طرح قابو کرنے کے لئے تیار رہنا ضروری رہے۔

رفتار کے لئے مددگار انٹیلیجنٹ نظام (آئی ایس اے)

مقصد: یہ ایک حفاظتی نظام ہے جسے ڈرائیوروں کو مجوزہ رفتار کی حد برقرار رکھنے میں مدد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

یہ کیسے کام کرتا ہے: یہ نظام کیمرے کی مدد سے تصویر لے کر رفتار کے اشاروں کی نشاندہی کرتا ہے اور موجودہ حد رفتار ظاہر کرتا ہے تاکہ ڈرائیور ہمیشہ اس سڑک کی مجوزہ حد رفتار کے بارے میں آگاہ رہے۔ کچھ آئی ایس اے نظام گلوبل پوزیشننگ سسٹم (جی پی ایس) کی مدد سے کار کے موقع کی نشاندہی کرکے سڑک کے ڈیجیٹل نقشہ سے مطابقت کے بعد ہر سڑک کی مجوزہ حد رفتار کی معلومات بھی مہیا کرتے ہیں۔ جب ڈرائیور مجوزہ حد رفتار سے بڑھتا ہے تو یہ نظام صوتی یا نظری طور پر تنبیہ کرتا ہے۔

آئی ایس اے نظام میں حد رفتار بھی قابو کرنے کا نظام بھی ہوسکتا ہے۔ اگر آئی ایس اے میں رفتار قابو کرنے کا نظام کام کررہا ہو تو یہ ڈرائیور کو حد رفتار سے زیادہ رفتار پر گاڑی چلانے سے گاڑی کے ایکسیلیٹر کو کمپیوٹر کو سگنل بھیج کر خودکار طور پر روک دیتا ہے۔

کام کرنے کی حالتیں: جی پی ایس کی بنیاد پر کام کرنے والے نظام کو نیوی گیشن اور سڑک کی حدرفتار کے بارے میں جاننے کے لئے مکمل ڈیٹا حاصل ہونا ضروری ہے۔

لین میں رہنے کا مددگار نظام

مقصد: یہ ایک حفاظتی نظام ہے جو ڈرائیور کو اس وقت متنبہ کرتا ہے جب غیر ارادی طور پر گاڑی لین سے نکل جاتی ہے یا بغیر اشارہ دیئے لین تبدیل کرتا ہے۔

یہ کیسے کام کرتا ہے: یہ نظام گاڑی کے آگے ونڈ شیلڈ یا گاڑی کے نیچے نصب کیمرے، لیزر یا انفرا ریڈ سینسر استعمال کرتے ہوئے لین کے دونوں جانب مسلسل یا وقفہ وقفہ سے لگی لائنوں یا آگے چلنے والی گاڑی کے راستہ کے ساتھ ساتھ اپنی گاڑی کے راستہ اور رفتار کی نگرانی کرتا ہے۔

نظام کی مختلف حالتوں میں شامل ہے:

- **لین چھوڑنے کی تنبیہ،** جب گاڑی لین کے نشانات کے قریب یا ان کے اوپر جاتی ہے تو یہ نظام تنبیہ کرتا ہے۔ ڈرائیور پر لازم ہے کہ وہ اپنی گاڑی کو واپس لین کے درمیان میں لائے۔
- **لین میں رہنے میں مدد،** ڈرائیور کو تنبیہ کرتا ہے اور ردعمل میں گاڑی کو بھی لین کے نشانات سے دور کردیتا ہے۔
- **لین کے درمیان میں رہنے میں مدد،** گاڑی کو مستعدی سے موجودہ لین کے درمیان میں رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ نظام اس وقت کام کرتا ہے جب یہ محسوس کرے کہ ڈرائیور کی اسٹیئرنگ پر گرفت کم ہوگئی ہے اور موڑ بھی بہت تنگ نہیں ہے۔

اس نظام میں صوتی، نظری یا ارتعاش (اسٹیئرنگ ویل یا ڈرائیور سیٹ میں) تنبیہ مہیا کرکے چوکنا کیا جاتا ہے۔

مستعد مددگار نظام مین ڈرائیور اسٹیئرنگ کی خودکار درستگی کو اسٹیئرنگ پکڑ کے یا اس نظام کی درستگی کے مخالف موڑ کے منسوخ کرسکتا ہے۔

کام کرنے کی حالتیں: ین سے نکلنے کی تنبیہ کرنے والا نظام عام طور پر ۵۰ کم/گھنٹہ رفتار سے زیادہ پر کام کرتا ہے۔

اگر سڑک پر لین کے نشانات نہ ہوں تو یہ نظام کام نہیں کرتا اور خودکار طور پر بند ہونے سے قبل ڈرائیور کو تنبیہ مہیا کرے گا۔

اگر لین کے نشانات مٹے ہوں یا لائنوں کی بجائے ابھرے ہوئے نقطے ہوں تو ہوسکتا ہے کہ یہ نظام کام نہ کرے۔ خراب موسمی حالات (بارش یا برف باری) میں جب کیمرہ لین کے نشانات کی نشاندہی کرسکنے کی وجہ سے بھی یہ نظام ناکام ہوسکتا ہے۔

شاہراہ کے خروج کے راستہ پر جہاں سڑک کے نشانات بھی مڑتے ہیں یہ نظام ناکام ہوسکتا ہے جب دائیں جانب والی لائن بھی خروج کے راستہ پر مڑ جاتی ہے۔ بعض أوقات ہوسکتا ہے کہ یہ نظام غلط تنبیہ بھی مہیا کرے۔

نہ نظر آنے والے مقامات کی نگرانی

مقصد: یہ نظام ڈرائیوروں کو گاڑی میں سے نہ نظر آنے والے مقامات کے بارے میں تنبیہ مہیا کرنے کے لئے ہوتا ہے۔

یہ کیسے کام کرتا ہے: نہ نظر آنے والے مقامات کی نگرانی کرنے والا نظام گاڑی کے اطراف میں شیشوں کے قریب یا پچھلے بمپر کے قریب نصب الٹرا سونک یا ریڈار یا کیمرے استعمال کرتا ہے۔

یہ نظام پیچھے سے یا دونوں جانب سے آنے والی گاڑیوں کا پتا چلاتا ہے۔ اگر نہ نظر آنے والے مقام پر موجود کسی گاڑی کا پتا چلے تو ڈرائیور کو بذریعہ جلنے بجھنے والی لائٹ سے ڈرائیور کے شیشہ میں لگی اسکرین (مثلا پیچھے دیکھنے والا شیشہ) سے متنبہ کیا جاتا ہے، اور / یا صوتی یا اسٹیئرنگ ویل میں ارتعاش سے انتباہ کیا جاتا ہے۔ یہ انتباہ اس وقت تک ہوتا رہتا ہے جب تک جانبی لین میں موجود گاڑی ڈرائیور کو واضح طور پر نہ نظر آجائے۔

جدید نظاموں میں، یہ نظام گاڑی کو اس کا اسٹیئرنگ آرام سے موڑ کر محفوظ لین میں لے آتا ہے۔

سامنے ٹکراؤ سے بچاؤ

مقصد: ایک حفاظتی نظام جو سامنے گاڑیوں سے ٹکر لگنے سے بچاتا ہے۔

یہ کیسے کام کرتا ہے: نظام کی مختلف حالتوں میں شامل ہے:

- **سامنے ٹکراؤ کا انتباہ** (ایف سی ڈبلیو) یہ سامنے ممکنہ ٹکراؤ والی چیز کی نشاندہی کے لئے راڈار، کیمرہ یا لیزر کی ٹیکنالوجی استعمال کرتا ہے۔ اگر گاڑی کی اپنی سمت اور رفتار کی بنیاد پر ممکنہ ٹکراؤ کی نشاندہی ہوتی ہے تو ایف سی ڈبلیو نظام صوتی، نظری اور/یا ارتعاش کے ذریعہ ڈرائیور کو انتباہ مہیا کرتا ہے۔ ایف سی ڈبلیو ٹکراؤ سے بچاؤ کے لئے خودکار طور پر بریک نہیں لگاتا۔

- **خودکار ہنگامی بریک (اے ای بی)** یہ بھی نشاندہی کی وہی ٹیکنالوجی استعمال کرتا ہے لیکن ایک قدم آگے ہے کہ اگر سنگین ہنگامی صورت کی نشاندہی ہو اور انتباہ جاری ہونے کے باوجود ڈرائیور کوئی رد عمل نہ کرے تو بریک لگا دیتا ہے۔ دونوں صورتوں میں اس رفتار کو کم کرنا مقصود ہے جس سے ٹکراؤ ہونے والا ہو۔ کچھ نظام خود کار طور پر بند ہوجاتے ہیں جب انہیں پتا چل جائے کہ ڈرائیور نے بچاؤ کا رد عمل کرلیا ہے۔

کام کرنے کی حالتیں: ان دونوں نظاموں کی کام کرنے پر درج ذیل حالات اثر انداز ہوسکتے ہیں:

- سڑک پر تنگ موڑ ہوں۔
- خراب موسمی حالات کی وجہ سے واضح دکھائی نہ دے رہا ہو (تیز بارش، برفباری، دھند)
- چمکدار روشنیاں (سورج کی روشنی یا سامنے سے آنے والی گاڑیوں کی بتیاں)
- حساس آلات میں کوئی رکاوٹ

پارکنگ میں مددگار

مقصد: ڈرائیور کے لئے سہولت کا نظام جو گاڑی کو ٹریفک لین سے متوازی، ترچھی یا زاویہ پارکنگ میں گاڑی خودکار طور پر کھڑی کرتا ہے۔

یہ کیسے کام کرتا ہے: خودکار پارکنگ کرنے کا نظام جو الٹرا سونک حساس آلات، راڈار یا کیمرہ استعمال کرتا ہے جو عام طور پر گاڑی کے اگلے اور پچھلے بمپر میں پارکنگ میں جگہ اور گاڑی کے اطراف میں اشیاء کا پتہ چلاتا ہے۔ پارکنگ کا عمل اسٹیئرنگ کے موڑ اور رفتار میں ربط کو قابو کرتے ہوئے مکمل ہوتا جس میں حقیقی حالات کو مدنظر رکھا جاتا ہے تاکہ دستیاب جگہ میں ٹکراؤ کے بغیر حرکت کو یقینی بنایا جاسکے۔

جب یہ نظام کام کر رہا ہوتا ہے تو گاڑی کم رفتار سے مناسب جگہ تلاش کرتی ہے اور ساتھ ساتھ ڈرائیور کو بھی خبردار کرتی ہے جو گاڑی میں بیٹھا رہ کر یا گاڑی سے باہر نکل کر ریموٹ کنٹرول سے پارکنگ کے عمل کو مکمل کرسکتا ہے۔ کار خود کار طور پر پارکنگ کی جگہ میں ریورس ہوجاتی ہے۔ کار خود کار طور پر گیئر تبدیل، رفتار، اسٹیئرنگ اور بریک استعمال کرتی ہے۔

کام کرنے کی حالتیں: ڈرائیور پر لازم ہے کہ وہ گاڑی کی محفوظ حرکت کی نگرانی کرے اور اگر ضروری ہو تو مداخلت کرے۔

اینٹی لاک بریک سسٹم (اے بی ایس)

مقصد: ایک سلامتی کا نظام جو بریک لگانے کی صورت میں گاڑی کے پہیوں کو لاک ہونے سے روکتا ہے زور سے بریک لگانے کی صورت میں بھی گاڑی پر قابو رکھنے کو ممکن بناتا ہے۔

یہ کیسے کام کرتا ہے: یہ نظام پہیوں کی رفتار کے سینسر، بریک میں لگے ہائیڈرولک والو اور مرکزی الیکٹرونک کنٹرول یونٹ (ای سی یو) کو استعمال کرتا ہے۔ ای سی یو ہر پہیے کی گردشی حرکت کی نگرانی کرتا ہے اور ہائیڈرولک بریک استعمال کرتا ہے جب یہ محسوس کرے کہ ایک پہیہ گاڑی کی رفتار سے کم رفتار (پہیہ لاک ہونا) یا تیز رفتار (پہیہ پھسلنا) سے گھوم رہا ہے۔ زور سے بریک لگانے کے دوران پہیوں کی رفتار درست کرتے وقت اس مسلسل عمل کو ڈرائیور بریک پیڈل کی حرکت کو نبض کی طرح محسوس کرتا ہے پہیہ کو جام ہونے سے روکنے سے اے بی ایس گاڑی پر قابو بڑھا دیتا ہے اور رکنے کے فاصلہ کو خشک اور کچھ پھسلن والی سطح پر کم کردیتا ہے۔ اگر ضرورت پڑے تو مداخلت کریں۔

کام کرنے کی حالتیں: اسٹیئرنگ پر قابو کو بہتر بنانے کے دوران اے بی ایس نظام بجری، برف سے ڈھکی سطح پر نمایاں طور پر بریک لگانے کا فاصلہ بڑھاسکتا ہے۔

استحکام کا الیکٹرونک پروگرام (ای ایس پی)

مقصد: ایک حفاظتی نظام جو گاڑی کی سڑک پر گرفت کم ہونے کی نشاندہی کرکے گاڑی کے استحکام کو بہتر بناتا ہے۔

یہ کیسے کام کرتا ہے: ای ایس پی مسلسل ڈرائیور کے سمت کے ارادے کو گاڑی کی حقیقی سمت سے موازنہ کرتا ہے اور ممکنہ طور پر قابو کھو جانے کا پتہ چلنے پر مداخلت کرتا ہے۔ مثال کے طور پر گاڑی پھسلنے کی صورت میں۔ یہ نظام پھسلنے کی سمت کا اندازہ لگاتا ہے اور پھر گاڑی کے عمودی محور کے مطابق گردشی قوت پیدا کرتے ہوئے پھسلن کے مخالف سمت میں انفرادی پہیوں کی غیر ترتیبی بریک لگاتا ہے اور گاڑی کو ڈرائیور کی مطلوبہ سمت کی لائن میں دوبارہ لے کر آتا ہے۔ اضافی طور پر یہ نظام گاڑی کی رفتار کو کم کرنے کے لئے انجن کی قوت کم یا ٹرانسمیشن کو استعمال کرسکتا ہے۔

کام کرنے کی حالتیں: ای ایس پی کسی بھی سطح پر کام کرسکتا ہے چاہے وہ خشک، گیلی یا جمی ہو۔ تاہم، چونکہ یہ نظام سڑک پر گاڑی گرفت نہیں بڑھاتا اس لئے یہ تیزی سے موڑ کاٹنے کا موقع بھی نہیں دیتا۔ چونکہ استحکام قابو کرنے والا نظام اعلی کارکردگی کی ڈرائیونگ (جب جان بوجھ کر گرفت کم کرتے ہیں جیسا کہ ڈرفٹ کرنا) سے غیر مطابقت رکھ سکتا ہے اس لئے اس طرح کی ڈرائیونگ کرتے وقت اس نظام کو بند کردینا ضروری ہے۔

ٹکراؤ کے امکانات کو کم کرنا

بہت سے ایسے آسان کام ہیں جو اگر آپ کریں تو آپ کے ٹکراؤ کے امکانات کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

اپنی رفتار کو تھوڑا سا کم کردیں

جیسا کہ آپ ابھی گاڑی چلانے کا تجربہ حاصل کررہے ہیں اس لئے آپ دوسرے تجربہ کار ڈرائیوروں کی طرح پیش بینی کرنے کی توقع نہیں کرسکتے۔ آپ کو اس قابل ہونا چاہئے کہ آپ آگے کی سوچ سکیں اور صحیح طریقہ سے اقدام اٹھا سکیں۔

اپنی رفتار کو چند کلومیٹر فی گھنٹہ کم کردیں تاکہ آپ کو کسی غیر متوقع صورتحال سے نمٹنے کے لئے زیادہ وقت مل سکے۔

اپنے اطراف میں موجود گاڑیوں سے وقفہ رکھیں

خود سے اور دوسرے ڈرائیوروں سے سرزد ہونے والی غلطیوں سے نمٹنے کے لئے وقت مہیا کریں اس کے لئے اپنی گاڑی کا اپنے اطراف میں موجود گاڑیوں سے وقفہ بڑھادیں۔ دوسری گاڑیوں سے وقفہ رکھنے سے آپ کو بروقت رکنے اور کسی گاڑی سے ٹکراؤ سے بچنے کا موقع حاصل ہوتا ہے۔

سڑک پر اچھے موسمی حالات میں آپ کو چاہیئے کہ اگلی گاڑی سے کم از کم دو سیکنڈ کا وقفہ رکھیں۔ آپ اسے ایک آسان طریقہ سے ٹیسٹ کرسکتے ہیں۔ کچھ فاصلہ پر موجود کسی نشان جیسا کہ اشارے کا کھمبا یا درخت کی نشاندہی کریں اور جب اگلی گاڑی اس نشان کے پاس سے گذرے تو اپنی گاڑی کے اسی نشان کے پاس سے گذرنے تک کے سیکنڈوں کی تعداد گن لیں۔ آپ یہ عمل اس وقت بھی کسی مناسب علاقہ میں کرسکتے ہیں جب آپ اپنے انسٹرکٹر کے ساتھ تربیت لیتے وقت گاڑی چلا رہے ہوں۔ اگر آپ کی گنتی دو سیکنڈ سے کم ہو تو اس کا مطلب ہے آپ اگلی گاڑی کے بہت قریب ہیں۔



اوپر دیا گیا خاکہ « حفاظتی وقفہ » کو ظاہر کرتا ہے۔

⚖ ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ آپ اپنی اور آگے والی گاڑی کے درمیان مناسب وقفہ رکھیں تاکہ آپ کو اگلی گاڑی کے اچانک رفتار کم کرنے کی صورت میں اپنی گاڑی روکنے کا موقع مل سکے۔

(آرٹیکل ۵۰ لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵

The ‘safety margin’ is the space in front, behind and to the side of your vehicle.

کچھ اوقات ایسے ہیں جن میں آپ کو دو سیکنڈ سے زیادہ وقفہ رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے ان میں درج ذیل اوقات شامل ہیں؛

- جب گاڑی سے باہر صاف طور پر دکھائی نہ دے رہا ہو
- جب اندھیرا ہو خاص طور پر رات کے وقت گاڑی چلاتے ہوئے
- جب سڑک پر پانی ہو یا پھسلن والی ہو
- اگر آپ کی گاڑی بھاری سامان سے لدی ہوئی ہو
- غیر مکمل سڑک یا سڑک پر کام جاری ہو۔

اگلی گاڑی کے بہت قریب رہ کر گاڑی مت چلائیں کہ اس کا ڈرائیور گھبرا جائے۔ اسے س ٹیل گیٹنگ ز تعاقب کرنا کہا جاتا ہے۔ یہ انتہائی خطرناک عمل ہے۔ اگلی گاڑی کا ڈرائیور غیر متوقع انداز میں رد عمل کرسکتا ہے۔ ہوسکتا ہے وہ بریک لگادے یا گاڑی لہرا دے یا دوسری لین میں جگہ نہ ہونے کے باوجود لین تبدیل کرنے کی کوشش کرے۔ یہ انتہائی سنگین حادثے کا سبب بن سکتا ہے جس میں آپ اور دوسرا ڈرائیوردونوں شامل ہوسکتے ہیں۔

خود کے لئے وقت اور وقفہ مہیا کریں تاکہ دوسروں کی غیر متوقع حرکات کے مطابق رد عمل کرسکیں اور جہاں بھی ممکن ہو دوسری گاڑیوں سے زیادہ وقفہ رکھنے کو یاد رکھیں۔



دور اندیشی سے کام لیں

یاد رکھیں جب آپ گاڑی چلا رہے ہوں تو اپنی نظر اطراف میں دوڑاتے رہیں اور ٹریفک کے حالات کا مشاہدہ کریں۔ اپنی نظر کافی دور تک، گاڑی کے دونوں طرف اور اپنے شیشوں میں سے پیچھے دیکھنے کے لئے دوڑائیں۔ ایسا کرنے کے لئے بہت سی مشق درکار ہے۔ آپ کو یہ بھی سوچنا چاہیئے کہ سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کیا کرسکتے ہیں۔

اپنا سفر شروع کرنے سے پہلے اپنے سفر کا لائحہ عمل تیار کریں اور جہاں تک ممکن ہو ایسی سڑکیں استعمال کریں جن سے آپ واقف ہوں۔ اگر آپ ایسی جگہ سفر کرنے والے ہیں جہاں سے آپ ناواقف ہیں تو سڑکوں کے نقشہ کی مدد سے اپنے سفر کا لائحہ عمل تیار کریں۔ اس سے آپ کو گاڑی چلانے کے دوران ہونے والے ذہنی کوفت کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

رات کے وقت محفوظ طریقہ سے گاڑی چلائیں

رات کے وقت حادثہ ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔تاہم اگر آپ احتیاط کے ساتھ گاڑی چلائیں تو آپ رات کے وقت درپیش ڈرائیونگ کے اضافی خطرات کو کم کرسکتے ہیں۔ ایسا کرنا اس وقت بہت اہم ہے جب آپ نئے ڈرائیور ہوں، کیونکہ آپ نے اپنے ڈرائیونگ انسٹرکٹر کے ساتھ رات کے وقت گاڑی چلانے کی مشق چند ایک بار ہی کی ہو گی۔

رات کے وقت گاڑی چلانا دن کے وقت چلانے سے بہت مختلف ہے ۔ پیدل چلنے والے افراد کا دکھائی دینا کافی مشکل ہوتا ہے، خاص طور پر وہ پیدل چلنے والے جنہوں نے گہرے رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے ہوں۔ موٹرسائیکل اور سائیکل سواروں کا دکھائی دینا بھی کافی مشکل ہوتا ہے خاص طور پر اس وقت جب انہوں سے اپنی ہیڈلائٹس روشن نہ کر رکھی ہوں۔ بعض اوقات یہ دوسری گاڑیوں پر بھی لاگو ہوتا ہے۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ آپ غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک اور اس کے ساتھ دن میں بھی جب صاف طور پر دکھائی نہ دے، اپنی گاڑی کی ہیڈلائٹس روشن رکھیں ۔ گاڑی کی لائٹس گاڑی کے آگے اور پیچھے دونوں جگہ لگی ہونی چاہیئیں۔

(آرٹیکل ۶۳لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ۱، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

اپنی رفتار کو کم رکھیں اس سے آپ کو ردعمل کے لئے زیادہ وقت میسر ہوگا۔ آپ جتنی دور تک صاف طور پر دیکھ سکتے ہوں آپ کو اتنے ہی فاصلہ تک رکنے کے قابل ہونا چاہئے۔ دیہی علاقوں میں آپ کے رکنے کا فاصلہ آپ کی ہیڈلائٹ کی روشنی کی حد ہے۔ لیکن یاد رکھیں کہ رات کے وقت دوسری گاڑیوں کی رفتار اور فاصلے کا اندازہ لگانا بہت مشکل ہوتا ہے۔

۲۰۱۵ میں کُل ۱۶۲۱ حادثات رات میں ہوئے۔ آپ جب رات کو ڈرائیونگ کریں خاص طور پر رفتار کو کم رکھیں اور اپنی حفاظت کو بہتر بنائیں۔



جب ہیڈلائٹ کی بیم اونچی ہو تو یہ آپ کو کافی آگے تک دیکھنے میں مدد دیتی ہیں۔ان کا استعمال درج ذیل صورتوں میں کرنا چاہیئے؛

- ایسی بڑی شاہراہوں پر جہاں روشنی نہ ہو، جن شاہراہوں پر روشنی موجود ہو وہاں اس کا استعمال نہ کریں
- جب محفوظ طور پر گاڑی چلانے کے لئے صاف طور پر دکھائی نہ دے رہا ہو۔

چونکہ اونچی بیم کی وجہ سے سامنے سے آنے والے ڈرائیور کی آنکھیں چندھیا سکتی ہیں۔آپ کو چاہیئے جب دوسری گاڑی نظر آئے تو اپنی ہیڈلائٹ نیچی رکھیں۔

آپ کو اپنی ہیڈلائٹ اس وقت بھی نیچی رکھنی چاہیئے جب آپ کسی دوسری گاڑی کے پیچھے پہنچ / چل رہے ہوں۔

اگر کوئی گاڑی مخالف سمت سے آرہی ہو اور اس کی ہیڈلائٹ کی بیم اونچی ہو تو اپنی نظر سڑک کے دائیں کنارے پر رکھیں اور اپنی لین کے دائیں جانب رہ کر گاڑی چلائیں۔ اگر آپ کی آنکھیں سامنے سے آنے والی گاڑی کی روشنی کے باعث چندھیاجائیں تو اپنی رفتار کم کردیں اور جب تک صحیح طور پر دیکھنے کے قابل نہ ہو جائیں اپنی گاڑی سڑک کی ایک جانب روک دیں۔

ایک اہم قانون!

اونچی بیم کا استعمال صرف ان شاہراہوں پر لازمی طور کرنا چاہیئے جہاں روشنی کے کھمبے نہ لگے ہوئے ہوں اور آپ کو صاف طور پر دیکھنے کی ضرورت ہو۔ انہیں اس وقت ہرگز استعمال نہیں کرنا چاہیئے جب کوئی گاڑی مخالف سمت سے آرہی ہو۔

(آرٹیکل ۶۵ لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

تمام وقت سڑک کے قوانین کی پابندی کریں اور دوسرے ڈرائیوروں سے سرزد ہونے والی غلطیوں سے نمٹنے کے لئے تیار رہنا یاد رکھیں۔

بہت سی جدید گاڑیوں میں رات کے وقت دیکھنے کے لئے شیشے لگے ہوتے ہیں جو پیچھے سے آنے والی گاڑیوں کی تیز روشنی سے آپ کی آنکھوں کو ممکنہ طور پر چندھیا دینے سے روکتے ہیں۔ ایسے شیشوں کواستعمال کرنا سیکھیں اور اس کو ایسے درست کرنے کی یقین دھانی کریں کہ آپ کو پیچھے سے آنے والی گاڑی کی روشنی مدھم ہونے کے ساتھ صحیح طور پر وہ گاڑی بھی نظر آسکے۔

موڑ مڑنا



کسی موڑ میں داخل ہونے سے قبل رفتار کم کردیں ۔ اگر آپ کی رفتار بہت زیادہ ہوتو مرکز گریز قوت آپ کی گاڑی کو باہر کی جانب دھکیلے گی جس کی وجہ سے آپ کی گاڑی الٹ سکتی ہے۔ موڑ میں زور سے بریک لگانے سے گریز کریں کیونکہ آسانی سے ویل جام ہونے کی وجہ سے آپ کی گاڑی بے قابو ہوسکتی ہے۔

موڑ مڑتے وقت محفوظ رفتار اپنائے رکھیں۔ سرعت سے اپنی رفتار ہرگز نہ بڑھائیں ورنہ آپ کو لین میں رہنے میں مشکلات پیش آئیں گی۔



موڑ سے نکلتے وقت صرف اس صورت میں اپنی رفتار بڑھائیں جب آگے راستہ صاف ہو اور آپ کی گاڑی کے اگلے پہیے سیدھے ہوجائیں۔

نظر کی سمت

موڑ پر پہنچنے سے قبل اور موڑ میں ٹریفک یا خطرات کی نشاندہی کریں۔ موڑ کے بعد خالی جگہ جو ہوسکتا ہے آسانی سے نظر نہ آئے کو جاننا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ سڑک پر ایسی چیزوں جیسا بہا ہوا تیل، ریت، پتے وغیرہ پر نظر رکھیں جو سڑک پر ٹائروں کی گرفت پر اثر انداز ہوسکتی ہیں۔





حصہ ۴: سڑک استعمال کرنے والوں کی سلامتی

روڈ صارف کی حفاظت

حادثات کہیں بھی واقع ہوسکتے ہیں۔ البتہ دبئ میں حادثات کی شرح کچھ زیادہ ہی ہے۔

تیز رفتاری، نشہ کی حالت میں ڈرائیونگ اور سڑک کے قوانین کی خلاف ورزی بھی دبئ کی سڑکوں پر ہونے والے بہت سے حادثات کا سبب ہیں۔

دبئ ۲۰۱۴ کی شماریاتِ حادثہ کے مطابق ۲۸۳۵ حادثے ہوئے۔ ۱۴۷۵ یا ۵۲٪ چوٹیں آئیں اور ۱۷۷ افراد کی موت واقع ہوئی۔

آپ سڑک کے سفر کو محفوظ بنانے میں مدد کرسکتے ہیں

ہماری سڑکیں کاروں، ٹیکسیوں، بسوں، ٹرکوں، موٹرسائیکلوں، سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والے افراد کے زیر استعمال رہتی ہیں۔ تمام دنیا سے آئے ہوئے لوگ روزانہ دبئ کی سڑکیں استعمال کرتے ہیں۔ وہ سڑکوں سے اتنا واقف نہیں ہوتے جتنا کہ آپ ہیں۔ اور ان کو ڈرائیونگ کے بہت سے مختلف حالات میں ڈرائیونگ کرنی پڑے گی۔ اس کی وجہ سے ہوسکتا ہے کہ وہ کچھ غیر متوقع عمل کریں، جیسا کہ کسی جگہ کو تلاش کرتے ہوئے اچانک بریک لگانا یا اگر پیدل سڑک کو عبور کررہے ہوں تو غلط سمت میں دیکھنا۔ آپ کو ایسی صورتحال سے خبردار رہنا چاہیئے۔ سڑک استعمال کرنے کا حق ہر ایک کو ہے اور کچھ اصول ایسے بھی ہیں جن پر سڑک استعمال کرنے والا ہر فرد اپنی سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے عمل کرسکتا ہے۔

ہر ایک کو حق حاصل ہے کہ وہ محفوظ رہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی دوسروں کے ساتھ مل کر سڑک استعمال کرنے کی ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے۔

بڑی گاڑیوں کے ڈرائیور، موٹرسائیکل سوار، پیدل چلنے والے افراد اور دوسری گاڑیوں والے ہر ایک سڑک کو مختلف انداز سے استعمال کرتا ہے۔ آپ کو یہ بات سمجھنے کی ضرورت ہے تاکہ آپ یہ جان سکیں کہ وہ سڑک پر کیا کام کرنے والے ہیں۔ مصروف سڑکوں پر پیدل چلنے والے افراد اور سائیکل سواروں کو سڑک پر حادثے کی صورت میں زخمی ہونے کے خطرہ رہتا ہے کیونکہ انہیں کوئی حفاظت میسر نہیں ہوتی ہے۔ سڑک استعمال کرنے والے تمام افراد کے لئے قوانین موجود ہیں، لیکن ہر کوئی ان پر صحیح طریقہ سے عمل نہیں کرتا۔

ڈرائیونگ کے دوران آپ کا رویہ

رویہ ایک پیچیدہ ذہنی حالت ہے جس میں ہمارا یقین، احساسات، اقدار اور ایک مخصوص انداز میں کسی چیز کو کرنے کی رغبت شامل ہیں۔

ہمارے رویہ کا اثر ہمارے گاڑی چلانے کے انداز اور دوسرے ڈرائیور کے افعال کے نتیجہ میں ہونے والے ردعمل پر ہوتا ہے۔ بہت سی ٹریفک کے قوانین کی خطرناک خلاف ورزیاں ڈرائیونگ کی خراب مہارت کا نتیجہ نہیں ہیں۔ جیسا کہ سرخ اشارہ توڑنا، کسی گاڑی کے پیچھے بہت قریب رہ کر گاڑی چلانا، تیز رفتاری اور اشاروں کے استعمال کے بغیر ٹریفک میں گاڑی لہرانا وغیرہ۔ یہ ڈرائیور کے برے رویہ کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ جارحانہ انداز سے گاڑی چلانا نہ صرف خطرناک عمل ہے بلکہ اس سے پٹرول بھی زیادہ صرف ہوتا ہے، ٹریفک کے رش میں اضافہ ہوتا ہے اور گاڑی چلانا زیادہ ذہنی دباؤ کا باعث ہوتی ہے۔

گاڑی چلانے کا مثالی رویہ

محفوظ انداز میں گاڑی چلانا ایک ایسا عمل ہے جسے کرنے کے تمام ڈرائیور اہل ہوتے ہیں۔ یہ صرف انتخاب کا معاملہ ہے۔ ہم درج ذیل کام کرکے اس طرح گاڑی چلاسکتے ہیں جو دوسرے ڈرائیوروں کے لئے مثالی نمونہ بن سکتا ہے:

- حد رفتار میں یا حالات کے مطابق مناسب رفتار اختیار کرتے ہوئے گاڑی چلانا۔
- اگلی گاڑی سے محفوظ وقفہ رکھ کر گاڑی چلانا جو کہ مناسب حالات میں کم از کم ۲ سیکنڈ ہوتا ہے۔ سڑک پر پھسلن یا کم دکھائی دینے کی صورت میں اگلی گاڑی سے وقفہ بڑھا دینا چاہئے۔
- سفر کے لئے زیادہ وقت دینا۔ ایسا کرنے سے تیز رفتاری یا اچانک سمت تبدیل کرنے سے بچا جاسکتا ہے۔ آپ اپنی منزل پر تازہ دم اور پرسکون طور پر پہنچ سکتے ہیں۔
- گاڑی چلانے پر توجہ رکھنا۔ گاڑی چلاتے وقت موبائل فون استعمال کرنے یا توجہ ہٹانے والے دوسرے کاموں سے بچیں۔ بہت سے کام ایسے ہیں جنہیں گاڑی چلانے کے کام سے الگ ہی رکھنا چاہئے۔ محفوظ طور پر گاڑی چلانے کے لئے پوری توجہ درکار ہوتی ہے۔
- سمت یا لین تبدیل کرتے وقت اشاروں کا درست استعمال کریں۔ ایسا کرنے سے دوسرے ڈرائیوروں کو مناسب ردعمل کے زیادہ وقت مل جاتا ہے۔
- راستہ پر فوقیت کے قوانین کا احترام کرتے ہوئے سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کو اہمیت دیں۔ ایسا کرنے سے ٹریفک کے بہاؤ میں بہتری ہوگی اور دوسرے ڈرائیوروں یا پیدل چلنے والے افراد کے ساتھ کشیدگی سے بھی بچ جائیں گے۔ بعض اوقات آپ کو قوانین نظر انداز کرنے والے ڈرائیوروں سے الجھنے سے بچنے کے لئے آپ کو اپنا حق چھوڑ کر انہیں راستہ دینے کی ضرورت بھی پیش آسکتی ہے۔
- دوسروں کی غلطیوں سے درگذر کرنا۔ ڈرائیونگ کے حالات مستقل طور پر تبدیل ہوتے رہتے ہیں اور کچھ ڈرائیور حضرات سے غلطیاں بھی سرزد ہوجاتی ہے۔ ہمیشہ غیر متوقع حالات کی پیش بینی اور مناسب طور پر ردعمل کریں۔ اپنی گاڑی کو ایسی پوزیشن میں رکھیں جہاں سے یہ باآسانی نظر آسکتی ہو۔ اس لئے اپنے قریب چلنے والی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کو نہ نظر آنے والے مقامات پر زیادہ دیر تک گاڑی نہ چلائیں۔
- جہاں بھی ممکن ہو آہستہ رفتار لین میں گاڑی چلائیں۔ وہاں آپ پرسکون انداز میں گاڑی چلاسکتے ہیں، آپ کو کوئی تیز رفتاری سے گاڑی چلانے پر مجبور نہیں کرسکتا اور آپ تیز رفتاری سے چلنے والے ڈرائیوروں سے الجھنے سے بچ سکیں گے۔
- اپنے سفر کا لائحہ عمل پہلے ہی تیار کریں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ پہلے سے اس راستہ کے تمام موڑ جانتے ہوں گے جہاں سے آپ نے مڑنا ہے۔ اور آپ اپنی گاڑی کو ہر موڑ سے پہلے ہی مناسب جگہ پر لانے کا موقع ملے گا۔ مثال کے طور پر آپ اپنی منزل پر بروقت پہنچنے کے لئے درست لین اختیار کرنے، ٹریفک کی بھیڑ اور حالات کو مد نظر رکھیں گے۔ ایسا کرنے سے آپ کا سفر محفوظ اور خوشگوار بن جائے گا۔
- بہترین جسمانی حالت میں گاڑی چلانا۔ تھکاوٹ یا نشہ یا ادویات کی زیر اثر ہونے کی صورت میں گاڑی چلانے سے اجتناب کریں۔ محفوظ طور پر گاڑی چلانے کے لئے ذہنی طور پر چوکنا ہونا اور جسم کا فوری ردعمل درکار ہوتا ہے۔ اگر ڈرائیور نشہ آور ادویات کے زیر اثر ہو یا تھکاوٹ یا غنودگی کی حالت میں ہو تو اس کی جسمانی حالت اور ذہنی قابلیت بری طرح متاثر ہوتی ہیں۔ اگر ڈرائیور تھکاوٹ محسوس کررہا تو اسے چاہئے کہ وہ آرام کرنے کے لئے رک جائے۔

کوڑا کرکٹ پھینکنا

گاڑی سے سڑک پر کوڑا کرکٹ پھینکنا بھی قانون کی خلاف ورزی ہے۔ ایسے کام کرنے کا جرمانہ ۵۰۰ درھم اور ۴ ٹریفک پوائنٹ ہیں۔

بظاہر سگریٹ کا ٹکڑا پھینکنا ایک چھوٹا سا عمل ہے لیکن یہ اگر کسی سائیکل یا موٹر سائیکل سوار یا کسی سامان والی گاڑی پر کرے تو بہت ہی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔

جب ڈرائیور سڑک پر پڑے کوڑا کرکٹ پر سے گاڑی چلاتے ہیں یا اس سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں تو گاڑی کو نقصان پہنچ سکتا ہے یا دوسرے ڈرائیوروں سے غیر متوقع ردعمل سامنے آسکتا ہے۔ اس سے سلسلہ وار ٹکراؤ کا آغاز بھی ہو سکتا ہے۔

ہم دبئ کو عالمی معیار کا شہر بنانے کے لئے دبئی کی سڑکوں کو صاف ستھرا رکھنا چاہتے ہیں۔

ٹریفک میں ضم ہونا

جب کسی بڑی سڑک میں ضم ہورہے ہوں تو دوسروں کو اشارے کی مدد سے خبردار کریں اور ٹریفک کے بہاؤ میں شامل ہونے کے لئے سلپ لین میں داخل ہونے کے بعد اپنی رفتار کو مناسب حد تک بڑھائیں۔

بڑی سڑک پر موجود ٹریفک کا معائنہ کریں

جب محفوظ طور پر ممکن ہو تو اپنی رفتار سڑک پر چلنے والی گاڑیوں کے مطابق بڑھا لیں۔ شیشوں میں سے پیچھے کا معائنہ کریں اور محفوظ طور پر ٹریفک میں ضم ہونے کو یقینی بنانے کے لئے دوسری گاڑیوں کی رفتار کا اندازہ لگائیں۔ سلامتی کی یقین دھانی کے لئے شیشوں میں سے نہ نظر آنے والے مقامات کا معائنہ کریں اورآرام سے ٹریفک میں ضم ہوجائیں۔

سلپ لین کے آخر تک جاکر ٹریفک میں ضم ہونے کی کوشش کرنے سے اجتناب کریں۔ سلپ لین کی لمبائی کا مقصد اس لئے ہے کہ آپ ٹریفک کے بہاؤ کو متاثر کئے بغیر اپنی رفتار بڑھا کر اس میں سہولت کے ساتھ ضم ہوجائیں۔ اگر آپ سلپ لین کے آخر میں جاکر اپنی رفتار بڑھاتے ہیں تو ہوسکتا ہے کہ آپ ٹریفک کے بہاؤ کو متاثر کریں اور دوسرے ڈرائیوروں کے لئے اچانک ردعمل کرنے کا سبب بنیں۔

سلپ لین کی ابتداء میں گاڑی روکنا بہت ہی غیر محفوظ ہے۔





ایسی شاہراہوں سے جہاں سلپ لین موجود ہو ٹریفک کے بہاؤ سے نکلنے کے لئے ٹریفک کے بہاؤ سے نکلنے کے لئے اشارہ لگائیں۔ سلپ لین میں جلدی سے داخل ہوجائیں (سلپ کی ابتداء سے) اوراس میں داخل ہونے کے بعد رفتار کم کردیں۔ ایسا کرنے سے دوسری ٹریفک میں رکاوٹ پیدا نہیں ہوگی۔

شاہراہ سے نکلتے وقت سلپ لین کے بالکل آخر میں یا خروج کے راستہ میں لگے نشانات پر سے اچانک لین تبدیل کرنے سے گریز کریں۔ ایسا کرنے سے آپ پیچھے سے آنے والی ٹریفک میں رکاوٹ اور خطرے کا باعث بنیں گے جس سے ہوسکتا ہے کہ وہ آپ سے بچنے کے لئے زور سے بریک لگانے کی وجہ اپنی گاڑی پر قابو کھو دیں۔

اگر آپ سے خروج کا راستہ چوک جائے تو سلپ لین میں جانے کے لئے اپنی گاڑی ہرگز ریورس نہ کریں۔ ایسا کرنے سے سنگین حادثہ پیش آسکتا ہے۔ اس لئے اگلے خروج تک جائیں۔

مصروف ٹریفک کے علاقوں میں اپنی رفتار کم کردیں

ہمیشہ پیدل چلنے والے افراد، سائیکل سواروں، ٹیکسیوں، بسوں، ٹرکوں اور موٹرسائیکل سواروں پر نظر رکھیں اور ان کو راستہ دیں، اگرچہ راستہ پر ان کا حق نہ بھی ہو۔ یہ عمل مدافعانہ طورپر گاڑی چلانے کا حصہ ہے۔ ہر قیمت پر حادثوں سے بچنے کی کوشش کریں۔

بہت زیادہ مصروف ٹریفک کے علاقہ میں گاڑی چلانا خاص طورپر خطرناک ہوسکتا ہے۔ اپنی رفتار آہستہ کردیں اور خطروں سے خبردار رہیں۔ سڑک عبور کرنے کا ارادہ رکھنے والے افراد اکثر اوقات کھڑی ہوئی یا آہستہ رفتار سے چلنے والی گاڑیوں کے آگے یا پیچھے سے سڑک عبور کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ آپ پیدل چلنے والے افراد کے لئے کوئی خطرہ پیدا نہ کریں۔ جب بھی ضرورت ہو تو آپ کو رکنا چاہئے تاکہ سڑک استعمال کرنے والے کسی فرد کو خطرہ سے بچایا جائے۔

(آرٹیکل ۹-۱۰، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

کسی پیدل چلنے والے فرد کے سڑک پر کسی وقت بھی نمودار ہونے کے لئے تیار رہیں

مدرسوں، مسجدوں، دکانوں، پارکوں اور شاپنگ مال کے قریب پیدل چلنے والے بچوں سے خبردار رہیں۔

۹ سال تک کی عمر کے بچوں میں خود سے اپنے آپ کو ٹریفک میں محفوظ رکھنے کی صلاحیت نہیں ہوتی۔ بچوں کے ساتھ اکثر حادثات دن کے اوقات میں پیش آتے ہیں، خاص طور پر صبح اور دوپہر کے بعد مصروف اوقات میں۔ یہ وہ اوقات ہیں جب وہ مدرسوں میں جارہے یا وہاں سے واپس آرہے ہوتے ہیں۔ بچوں کو درج ذیل میں مشکل پیش آتی ہے ؛

- گاڑیوں کی رفتار اور فاصلے کا اندازہ لگانے میں
- اپنے اطراف میں موجود چیزوں کو دیکھنے میں
- رفتار کی سمت کی نشاندہی کرنے میں۔

> بچے اپنے چھوٹے قد کی وجہ سے بمشکل ہی دکھائی دیتے ہیں اور اکثر اوقات غیر متوقع کام کرتے ہیں۔ ڈرائیوروں کو چاہئے کہ وہ ہر وقت بچوں سے خبردار رہیں۔

پیدل چلنے والے بوڑھے افراد نوجوان افراد کی طرح حرکت نہیں کرتے ہیں اور وہ اکثر صاف طور پر نہیں دیکھ سکتے ہیں۔ بہت سے بوڑھے افراد کے بارے میں پتا چلتا ہے کہ انہوں نے ٹکر مارنے والی گاڑی کو دیکھا ہی نہیں تھا۔ ڈرائیوروں کو چاہئے کہ وہ پیدل چلنے والے بوڑھے افراد کی مشکلات کو سمجھیں اور احتیاط سے گاڑی چلائیں۔

پیدل افراد کا شمار سڑک استعمال کرنے والوں میں سب سے زیادہ خطرے سے دوچارافراد میں ہوتا ہے اور ان کا بھی راستہ پر حق ہوتا ہے۔ اس لئے جب اطراف میں بہت سے پیدل چلنے والے افراد موجود ہوں تو گاڑی آرام سے چلانی چاہئے تاکہ ان کی کسی اچانک حرکت کی پیش بینی کرکے ان کو ٹکر مارنے سے بچا جاسکے۔

> دبئی ۲۰۱۵ میں ہونے والے کُل ۲۹۳۵ حادثوں میں سے ۳۸۵ یا ۱۲ء۱۳٪ شکار راہ گیر رہے۔

دبئی میں گاڑیاں سڑک کے دائیں جانب چلتی ہیں۔ پیدل چلنے والے افراد کو کسی سڑک کو عبور کرنے سے قبل اپنے بائیں جانب دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک طرفہ اور دوطرفہ سڑک پر پیدل چلنے والے افراد کو سڑک کے دونوں جانب (بائیں جانب پہلے) دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ مخالف سمت سے آنے والی ان گاڑیوں (دائیں جانب سے آنے والی) پر خصوصی توجہ رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے جو کسی گاڑی کو اوورٹیک کررہی ہوں ۔

دبئی میں اسکول بس

دبئی میں چلنے والی اسکول بسیں روڈز اینڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے لاگو کردہ سخت قوانین کے زیر نگرانی چلتی ہیں۔ دبئی میں تمام عمر کے طلبہ کو پورا سال بحفاظت اسکول لے جانے کو یقینی بنانے کے لئے یہ قوانین لاگو کئے گئے ہیں۔ اور یہ سڑکوں پر سلامتی قائم کرنے کی حکمت عملی اور آر۔ ٹی ۔ اے کے نقطہ نظر «سب کے لئے محفوظ اور روانی کے ساتھ نقل حمل» کو یقینی بنانے کے لئے بھی ہیں۔

سفر کرنے والے طلبہ کو درپیش خطرات کو کم کرنے کے لئے اسکول بسوں کی رفتار کو ۸۰ کلومیٹر فی گھنٹہ تک محدود کیا گیا ہے۔ اسکول بس ڈرائیوروں کو محفوظ طور پر گاڑی چلانے اور سفر کرنے والے بچوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کی خصوصی تربیت بھی فراہم کی گئی ہے۔

دبئی میں اسکول بس سے متعلق ضابطہ

جب آپ کے اطراف میں کوئی اسکول بس موجود ہو تو قریب ہی طلبہ بھی ضرور موجود ہوں گے۔ بس میں طلباء کو سوار کرنے اور اتارنے کے لئے اسکول بسیں کثرت سے رکتی ہیں۔ اس لئے صبر کا مظاہرہ کریں اور کسی اسکول بس کے کھلے ہوئے الیکٹرونک اسٹاپ سائن اور جلتے بجھتے ہنگامی اشاروں پر خاص طور پر نظر رکھیں۔ آہستہ رفتار سے گاڑی چلائیں اور رکنے کے لئے تیار رہیں۔ صبر کا مظاہرہ کریں اور جب کسی رکی ہوئی بس کا اسٹاپ سائن کھلا ہوا ہو اسے اوورٹیک کرنے کوشش نہ کریں۔

یاد رکھیں؛

بعض جگہوں پر اسکول بس میں بہت سے اترنے اور سوار ہونے والے بچے موجود ہونے کی صورت میں بس کئی منٹ تک رکی رہ سکتی ہے۔

جب اسکول بس رکی ہو تو طلباء اچانک سڑک عبور کرسکتے ہیں۔ نوعمر طلباء خاص طور پر چھوٹے بچے اسکول بس سے اترنے کے بعد یا اسکول بس میں سوار ہونے کے لئے غیر متوقع طور پر سڑک عبور کرسکتے ہیں۔

اسکول بس چاہے چھوٹی ہو یا بڑی اسے آرام سے چلنے اور رکنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان پر خصوصی طور پر نظر رکھیں اور جہاں بھی ممکن ہو ان سے دور رہیں اور کسی ایسے کام سے گریز کریں جو اسکول بس ڈرائیور کو چونکا دینے کا باعث بنے۔

تیز رفتاری یا اچانک روکنے سے بس کے انتظار میں کھڑے طلباء خوف زدہ ہوسکتے ہیں اور وہ ڈر کر بھاگنے سے خود اور دوسروں کے لئے خطرے کا باعث بن سکتے ہیں۔

جب آپ کے قریب کوئی اسکول بس موجود ہو تو بہت زیادہ محتاط ہو کر گاڑی چلائیں۔

معذور افراد کے لئے گاڑیاں

کچھ لوگ جو چلنے سے معذور ہوتے ہیں وہ ہاتھ سے چلنے والی یا موٹر سے چلنے والی ویل چیئر استعمال کرتے ہیں۔ چونکہ وہ بیٹھے ہوتے ہیں اس لئے ڈرائیوروں کے لئے ان کو آسانی سے دیکھنا مشکل ہوتا ہے۔ آپ کو اس قسم کی ویل چیئر استعمال کرنے والے افراد سے خبردار رہنا چاہئے۔

موٹرسائیکل اور سائیکل سواروں سے خبردار رہیں۔

جب آپ موٹرسائیکل اور سائیکل سواروں کے قریب گاڑی چلارہے ہوں تو آپ کو بہت زیادہ احتیاط کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان کے چھوٹے سائز کی وجہ سے انہیں دیکھنا مشکل ہوتا ہے۔ آپ بہت احتیاط سے گاڑی چلائیں! ان کو سڑک کی پوری لین استعمال کرنے کی اجازت ہے اس لئے ان کو ایسا کرنے کے لئے مناسب جگہ فراہم کریں، خاص طور پر اس وقت جب وہ پارک شدہ گاڑیوں کے پاس سے گذر رہے ہوں اور کوئی بے احتیاطی سے گاڑی کا دروازہ کھول سکتا ہے۔ آپ کو موٹرسائیکل اور سائیکل سواروں کو اوورٹیک صرف اس صورت میں ہی کرنا چاہیئے جب آپ ان سے کم از کم ایک میٹر دور رہتے ہوئے بائیں جانب محفوظ طور پر جاسکیں۔

پولیس اور ایمرجنسی گاڑیوں کو ہمیشہ راستہ دیں

پولیس اور ایمرجنسی کی گاڑیوں کو پہلے گذرنے کا حق حاصل ہوتا ہے جب ان کا سائرن بج رہا ہو یا ان کی سرخ اور نیلی بتیاں جل بجھ رہی ہوں۔ آپ پر لازم ہے کہ ان کو راستہ دیں یااگر ضرورت ہو تو رک جائیں (دوسرے قوانین کے بالاتر)، اگرچہ آپ کے سامنے ٹریفک کی سبز لائٹ ہی کیوں نہ ہو۔ اگر آپ کسی مصروف ٹریفک کی سڑک پر ہوں تو ایمرجنسی کی گاڑی کے راستہ سے جلد از جلد اور محفوظ طورپر ہٹنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ آپ ایمرجنسی والی ان گاڑیوں کو جن کا سائرن بج رہا ہو یا سرخ لائٹ جل بجھ رہی ہو فوری طور پر راستہ دینے کے لئے سڑک کے دائیں جانب چلے جائیں، اپنی رفتار کم کردیں یا ضرورت پڑے تو رک جائیں۔ فوجی گاڑیوں کے قافلے کو بھی راستہ پر ترجیح دینا آپ پر لازم ہے۔

(آرٹیکل ۴، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ۱، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)



دبئی میں بس اور ٹیکسی کے لئے لین

پبلک ٹرانسپورٹ بسوں اور ٹیکسیوں کے لئے خصوصی لین

دبئی میں پبلک ٹرانسپورٹ کی آمدورفت کو بہتر بنانے کے لئے روڈز اینڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے بہت سے جراتمندانہ اقدامات اٹھائے ہیں۔ ان اقدامات میں سے ایک دبئی میں رجسٹرشدہ پبلک ٹرانسپورٹ بسوں اور ٹیکسیوں کے لئے خصوصی لین مختص کرنا بھی ہے۔ ان کے علاوہ صرف پولیس، ایمبولینس اور ایمرجنسی خدمات فراہم کرنے والی گاڑیوں کویہ مخصوص لین استعمال کرنے کا اختیارحاصل ہے۔

بسوں اور ٹیکسیوں کے لئے مخصوص لین کے مقامات

فی الوقت چار مقامات ایسے ہیں جہاں بسوں اور ٹیکسیوں کے لئے مخصوص لین موجود ہیں۔ (بعد میں مزید اضافہ بھی ہوسکتا ہے)

- المنخول روڈ – سطوہ راؤنڈ اباؤٹ سے شیخ راشد روڈ تک
- الخلیج روڈ – خالد بن الولید تقاطع سے المصلی روڈ تک، بالمقابل حیات ریجنسی
- خالد بن الولید روڈ – المیناء روڈ کے تقاطع سے روڈ ۱۶ تک
- الغبیبہ روڈ - المیناء روڈ کے تقاطع سے روڈ ۱۲ تک

خصوصی لین کی نشاندہی واضح طور پر کی گئی ہے اور اسے سڑک کے دائیں طرف دونوں جانب پیلے رنگ کی مسلسل سے دوسری لین سے الگ کیا گیا ہے۔ اس میں عربی اور انگریزی کے بڑے حروف میں فقط بس اور ٹیکسی لکھا گیا ہے۔۔ آپ بس اور ٹیکسی کے لئے مختص لین کی ابتداء اور اختتام پر سائن دیکھ سکتے ہیں جو نیلے رنگ کی تختی پر سفید رنگ سے لکھے ہیں اور اس پر بس اور ٹیکسی کی علامت بھی بنی ہوئی ہے۔ اس سائن کے نیچے بس / ٹیکسی لین کی ابتداء یا اختتام بھی لکھا ہوا ہے۔

ٹرک اور بسیں

آپ کو یہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے کہ سڑک پر بہت سے ٹرک اور بسیں موجود ہوتی ہیں۔ لیکن آپ کو یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیئے کہ آپ ہمیشہ سڑک پر ٹرکوں اور بسوں کی موجودگی میں گاڑی چلاتے ہیں۔

آپ کو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ بس اور ٹرک کے ڈرائیور کے لئے نہ نظر آنے والے مقامات یہ ہیں؛

- ٹرک کے بائیں دروازے کے بالکل ساتھ
- ٹرک کے عین پیچھے کچھ دور تک جگہ۔ اگر آپ ٹرک کے شیشوں میں ٹرک ڈرائیور کو نہ دیکھ پائیں تو اس کا مطلب ہے کہ ٹرک ڈرائیور بھی آپ کو نہیں دیکھ سکتا ہے۔
- ٹرک کے بالکل آگے

آپ کو بس یا ٹرک کے ڈرائیور کو نہ نظر آنے والے مقامات پر گاڑی نہیں چلانی چاہیئے۔ ٹرک یا بس کے آگے یا پیچھے ایسے مقام پر رہ کر گاڑی چلائیں جہاں ان کا ڈرائیور آپ کو دیکھ سکتا ہو

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ وہ ضرورت پڑنے پر مدرسے کی بسوں اور پبلک بسوں کو مسافر اتارنے یا چڑھانے کا موقع دینے کے لئے اپنی گاڑی کی رفتار کم کردیں یا رک جائیں۔ آپ پر لازم ہے کہ آپ ان کے لئے رکاوٹ کا باعث نہ بنیں یا ان کے اور فٹ پاتھ کے درمیان گاڑی مت چلائیں۔

(آرٹیکل ٦٦ ، م ع ا ، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)



رکنے کے لئے درکار فاصلہ

چونکہ ٹرک اور بسیں دوسری گاڑیوں کی نسبت بڑی اور بھاری ہوتی ہیں اس لئے ان کی رفتار آہستگی سے بڑھتی ہے اور ان کو زیادہ طاقتور بریک کی ضرورت ہوتی ہے اور محفوظ طریقہ سے رکنے کے لئے زیادہ وقت اور فاصلہ درکار ہوتا ہے۔ اس لئے کسی ٹرک یا بس کے آگے اچانک مت آئیں جبکہ وہ رک رہے ہوں یا ان کی رفتار کم ہورہی ہو (مثال کے طور پر ٹریفک لائٹ پر)، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ آپ ان کے محفوظ طور پر رکنے کے لئے درکار فاصلہ کو کم کردیں۔

ٹرکوں اور بسوں کا موڑ کاٹنا

اس بات سے خبردار رہیں کہ کسی بڑی گاڑی جیسا کہ ٹرک یا بس کو موڑ کاٹنے کے لئے زیادہ جگہ درکار ہوسکتی ہے اور وہ ایک سے زیادہ لین کو استعمال کرسکتے ہیں۔ کسی ٹرک یا بس کو دائیں جانب سے اس وقت اوورٹیک کرنے کی کوشش مت کریں جب وہ دائیں مڑنے کا اشارے دے۔ جب کوئی ٹرک یا لمبی گاڑی کسی تنگ موڑ یا کسی گیٹ یا داخلے کے راستہ میں دائیں مڑ رہی ہو تو دراصل وہ موڑ مڑنے سے پہلے تھوڑا آگے جاکر پھرمڑتی ہے تاکہ موڑ مڑنے کے بعد وہ سڑک کے درمیان میں جاسکے جبکہ دوسری چھوٹی گاڑیاں ایسا نہیں کرتی۔

سڑک کے کنارے پیلی لائن سے باہر چلتے ہوئے ٹرک

اس بات سے خبردار رہیں کہ اکثر اوقات ٹرک دوسرے ٹرکوں کو اوورٹیک کرنے کا موقع دینے کے لئے سڑک کے کنارے پیلی لائن سے باہر چلے جاتے ہیں، لیکن پھر ان کو واپس اپنی لین میں آنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کو اس سے خبردار رہنے کی ضرورت ہے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ دوسرے ٹرکوں کی وجہ سے آپ انہیں دیکھ نہ سکیں۔ ایسا خاص طور پر ٹرکوں کے لئے مخصوص راستوں پر ہوتا ہے جہاں ٹرکوں کی ٹریفک بہت زیادہ ہوتی ہے۔

پک اپ ٹرکوں کا حد سے زیادہ وزن لادنا

گاڑی پر حد سے زیادہ وزن لادنے سے آپ کی گاڑی کا توازن خراب ہوجاتا ہے اور اس کو سنگین نقصان پہنچاسکتا ہے اور یہ ڈرائیور، مسافر اور سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کے لئے بھی خطرناک ہے۔ حد سے زیادہ وزن ڈالنے کی وجہ سے آپ کی گاڑی ایک جانب بہت زیادہ جھک سکتی ہے اور اس پر لدا ہوا سامان گر کر دوسری گاڑیوں کے راستہ میں آکر ممکنہ طور پر حادثے کا سبب بن سکتا ہے۔ اس سے آپ کو اپنی گاڑی پر قابو رکھنا بھی مشکل ہوجائے گا۔

ٹرک کے فریم کی طاقت ہی ٹرک کی مضبوطی ہوتی ہے۔ ٹرک پر اس کے مقرر کردہ زیادہ سے زیادہ وزن اٹھانے کی استطاعت سے زیادہ وزن نہ لادنے کو یقینی بنائیں۔ وزن میں مسافر، سامان، اس پر نصب اختیاری نظام اور اضافی آلات سب شامل ہیں۔ سامان لادنے کی جگہ پر وزن کو برابر تقسیم کرکے رکھیں تاکہ کسی ایکسل پر اضافی وزن نہ پڑے۔ اگر کوئی سامان اتار دیا جائے تو باقی وزن کو یکساں طور پر تقسیم کرنے کی پڑتال کریں کیونکہ وزن اتارنے کی وجہ کسی ایک ایکسل پر زیادہ وزن ہوسکتا ہے یا وزن غیر محفوظ ہوجاتا ہے۔

اپنے سامان کو محفوظ طور پر رکھنے پر پوری توجہ دیں

اپنے ٹرک پر لادے جانے والے سامان کے وزن پر بھروسہ کرکے اس کو ایسے ہی باندھے بغیر نہ رکھیں۔ جھٹکوں، موڑ اور اچانک رکنے کی وجہ سے بھاری سامان جیسا کہ فرنیچر، آلات اور مشینری وغیرہ بھی اپنی جگہ سے ہل جاتے ہیں۔

اگر آپ اکثر بڑے حجم کے سامان اپنے ٹرک پر نہیں لادتے ہیں تو ایک

> اپنی گاڑی پر حد سے زیادہ وزن نہیں لادنا چاہئے ۔ اس سے گاڑی کو قابو میں رکھنا مشکل ہو جائے گا اور اس طرح حادثہ واقع ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔

غلاف خریدنے پر غور کریں۔ پک اپ ٹرک کے سامان رکھنے کی جگہ کو ترپال یا جال سے ڈھانپنے میں بہت زیادہ وقت صرف نہیں ہوتا ہے۔ غلاف استعمال کرنے سے نہ صرف ایندھن بچتا ہے بلکہ اس سے آپ کا سامان صاف اور خشک بھی رہتا ہے، ان سے آپ کا سامان محفوظ رہتا ہے۔

ترمیم شدہ گاڑیاں

ڈرائیوروں کو ایسی ترمیم شدہ گاڑیوں سے خبردار رہنا چاہئے کہ یہ ڈرائیوروں اور مسافروں کے لئے خطرناک ثابت ہوسکتی ہیں۔ مثال کے طور پر وہ گاڑیاں جن کے سسپنشن (Suspension) اٹھے ہوئے اور بڑے سائز کے ٹائر ہوں ان کا غیر متوازن ہونے، بریک لگانے کے لئے مشکل پیدا ہونے اور آسانی سے الٹ جانے کا خدشہ ہوتا ہے۔ دوسری ترامیم سے بھی اس طرح کے خطرات سے دوچار ہونے کا باعث بنتی ہیں۔ گاڑیاں بنانے والی کمپنیاں گاڑی کے کتابچہ میں گاڑی میں اس قسم کی ترامیم سے خبردار کرتی ہیں، اور گاڑیوں کا سامان بنانے والی کچھ کمپنیاں اپنی مصنوعات پر اس قسم کا انتباہ لکھ دیتی ہیں۔

ٹریلر کھینچنا

کسی ٹریلر کو اپنی کار سے کھینچنے سے آپ کی کار کی کارکردگی پر اثر پڑتا ہے۔ آپ کی گاڑی کی رفتار آہستگی سے بڑھے گی اور رکنے کے لئے زیادہ وقت اور فاصلہ درکار ہوگا خاص طور پر ڈھلان سے اترتے وقت۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کی کار آسانی سے موڑ نہ کاٹ سکے اور ٹریلر تنگ موڑ کے کونے کے بہت قریب سے گذرے گا۔ مخالف ہوا اور قریب سے گذرنے والی ٹریفک(خاص طور پر ٹرک) اور اسی طرح سڑک پر موجود جھٹکے آپ کی گاڑی کے توازن پر اثر انداز ہوسکتے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں کھینچے جانے والے ٹریلر ڈرائیور کی ذہنی کوفت اور تھکاوٹ بڑھانے کا باعث بنتے ہیں۔

جب آپ اپنی گاڑی سے ٹریلر کھینچ رہے ہوں تو آپ کو چاہئے کہ :

- تیز رفتار لین میں گاڑی چلانے سے اجتناب کریں۔
- اس بات کی یقین دھانی کریں کہ ٹریلر میں بریک لائٹ لگی ہوئی ہوں اور درست طور پر کام بھی کرتی ہوں۔
- اگلی گاڑی سے زیادہ فاصلہ رکھیں تاکہ رکنے کے لئے زیادہ فاصلہ مہیا ہوسکے۔
- جب کسی گاڑی کو اوورٹیک کررہے ہوں تو زیادہ فاصلہ رکھیں کیونکہ اوورٹیک میں زیادہ وقت صرف ہوگا۔
- بریک کی حفاظت اور گاڑی پر اپنا قابو برقرار رکھنے کے لئے طویل ڈھلوان سے اترتے وقت چھوٹے گیئر کا انتخاب کریں۔
- ٹریلر کے بے قابو ہوکر دائیں بائیں حرکت کرنے کے خطرے کو کم کرنے کے لئے اچانک لین تبدیل کرنے یا گاڑی لہرانے سے اجتناب کریں۔
- اگر ٹریلر بے قابو ہوکر دائیں بائیں حرکت شروع کرے تو بریک مت لگائیں۔ (جب اس کے علاوہ کوئی چارہ نہ ہو)

اگر آپ کا ٹریلر دائیں بائیں حرکت شروع کرے تو یکساں رفتار رکھیں یا آہستگی سے رفتار بڑھائیں جب تک ٹریلر دائیں بائیں حرکت کرنا بند نہ کردے۔ دوسری صورت میں اگر ٹریلر کی بریک الگ سے لگائی جاسکتی ہوں تو ٹریلر کی بریک کو آرام سے لگانے سے توازن دوبارہ برقرار رکھا جاسکتا ہے۔

آرام کرنے کے لئے وقتاً فوقتاً رکتے رہیں یا ڈرائیور تبدیل کریں اور اپنی کار اور ٹریلر کی حالت کا معائنہ کرتے رہیں۔

ٹریلر پر زیادہ وزن لادنے کی وجہ سے حادثہ کی صورت میں شدید زخمی ہونے یا سامان کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہوسکتا ہے۔

دبئ ٹرام اور دبئ میٹرو

ٹرام ایک ریل سواری ہے،جو شہری سڑکوں کے ساتھ میں لگے ٹریکس پر چلتی ہے۔

دبئی ٹرام دبئی میں موجودہ جدید ٹرانسپورٹ نظام میں ایک اہم اضافہ ہے۔ اس ٹرام کی محفوظ اور روانی کے ساتھ نقل و حرکت کو یقینی بنانے کے لئے سڑک استعمال کرنے والوں پر لازم ہے کہ وہ ٹرام کے نظام کو محفوظ طور پر چلانے کے لئے وضع کردہ اشاروں، نشانات اور قوانین کا بغور مشاہدہ کریں۔

ٹرام کیلئے مخصوص ٹریک

سڑک استعمال کرنے والوں بشمول پیدل افراد پر لازم ہے کہ وہ ٹرام کے دوسروں پر فوقیت والے ٹریک پر چلنے والی ٹرام کو راستہ دیں۔ فقط ہنگامی حالات والی گاڑیاں ٹرام کی راستہ پر فوقیت سے مستثنیٰ ہیں۔

⚖ ایک اہم قانون!

تمام سڑک استعمال کرنے والے پر لازم ہے کہ وہ ٹرام کے راستے پر فوقیت والے مقامات پر ٹرام کو راستہ دیں۔ اس قانون سے درج ذیل مستثنیٰ ہیں

- ہنگامی حالات سے نمٹنے والی گاڑیاں (آگ بجھانے، ایمبولینس، پولیس اور شہری دفاع والی گاڑیاں)
- سرکاری حفاظتی دستہ
- فوجی گاڑیاں جب قافلے کی صورت میں چل رہی ہوں
- قانونی اجازت نامہ نہ ہونے کی صورت میں،
- کسی فرد کو یہ حق حاصل نہیں ہیے کہ وہ ٹرام کے فوقیت والے راستہ پر ٹرام کا راستہ روکے
- کسی فرد کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ ٹرام کے ٹریک کے اَطراف میں کوئی ایسی سرگرمی کرے جس سے ٹرام کے فوقیت والے راستہ پر ٹرام کے راستہ میں رکاوٹ پیدا ہونے کا سبب بنے

آرٹیکل (۱۳) – گاڑیوں کے ڈرائیور اور پیدل چلنے والے افراد کے حقوق اور ذمہ داریاں

ٹرام کے ٹریک پر رکاوٹ کا سبب بننا اور کوڑا کرکٹ پھینکنا

سڑک استعمال کرنے والوں اور دوسرے افراد پر لازم ہے کہ وہ کسی ایسی سرگرمی سے اجتناب کریں جو بالواسطہ یا بلاواسطہ ٹرام کے لئے رکاوٹ کا سبب بنے۔

ایک اہم قانون!

کسی کو بھی حق نہیں ہے کہ

- ٹرام کے راستہ میں کوڑا کرکٹ رکھے یا پھینکے۔
- ٹرام کے راستہ یا اس کے اطراف میں کوئی غیر منظور شدہ اور غیر قانونی اشتہاری مواد رکھے
- کسی نقصان یا ضرر سے بچنے کی ہنگامی صورت حال ہونے کے علاوہ ٹرام کے کسی تعمیراتی ڈھانچے میں مداخلت کرے۔

آرٹیکل (۱۳) - گاڑیوں کے ڈرائیور اور پیدل چلنے والے افراد کے حقوق اور ذمہ داریاں

داخلے یا عبور کرنے کی ممانعت

ٹرام کی نوعیت کی وجہ سے پیدل چلنے والے افراد کے لئے ممانعت ہے کہ وہ ٹرام کی لائنوں کو عبور کریں اور/یا ٹرام کے راستہ میں داخل ہوں۔ سوائے ان جگہوں کے جہاں واضح طور پر عبور کرنے کے نشانات موجود ہوں۔

ایک اہم قانون!

کسی پیدل چلنے والے کو ٹرام کا ٹریک عبور کرنے کی اجازت نہیں کہ بجز اس کے کہ؛

- ٹریک عبور کرنے کی جگہ سے جہاں واضح نشانات لگے ہوں۔
- قانون کے مطابق ایسی مجوزہ جگہ سے جہاں پر ٹریک عبور کرنے کی اجازت ہو۔
- کسی شخص کو ممنوعہ جگہ میں داخلے کی اجازت نہیں ہے بجز اس کے کہ اس کے پاس پہلے ہی سے حاصل کردہ اجازت نامہ ہو یا کوئی قانونی حق حاصل ہو۔

ٹرام کے ساتھ حادثہ

ٹرام کے ساتھ حادثہ پیش آنے کی صورت میں حادثہ میں ملوث تمام افراد کا جائے وقوع پر موجود رہنا ضروری ہے۔

ایک اہم قانون!

کوئی بھی ڈرائیور یا پیدل چلنے والا فرد جس کا ٹرام کے ساتھ حادثہ ہو جائے اس پر لازم ہے کہ وہ جائے وقوع پر موجود رہے اور متعلقہ اداروں کا انتظار کرے، بجز اس کے کہ اس کے پاس جائے وقوع سے جانے کی کوئی قابل قبول وجہ ہو اور ایسی صورت میں اسے چاہیئے کہ وہ قریبی پولیس اسٹیشن پر جیسے ہی ممکن ہو اطلاع کرے۔

ہلکی نوعیت کے حادثہ ہونے کی صورت میں (جس میں ٹرام یا ٹرام کے راستہ کو نقصان نہ پہنچا ہو اور کوئی شدید زخمی نہ ہوا ہو)، دبئی پولیس کے اہلکار حادثہ میں ملوث افراد کو حادثہ کی ابتدائی رپورٹ جاری کرنے کے لئے ٹرام کے ڈپو میں لے جائیں گے۔

دبئی میں ٹرام سے متعلقہ اشارے اور نشانات

انتظامی اشارے

یہ اشارہ نشاندہی کرتا ہے کہ آگے سڑک یا سڑک کا کچھ حصہ فقط ٹرام کے لئے مخصوص ہے۔

سڑک استعمال کرنے والے کسی بھی فرد کو اس اشارے سے نشاندہی کردہ سڑک یا سڑک کے کچھ حصہ کو استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

انتباہ کرنے والے اشارے

ٹرام یا ریلوے کراسنگ دائیں جانب ہے

ٹرام یا ریلوے کراسنگ بائیں جانب ہے



یہ اشارے گاڑیوں کے ڈرائیور حضرات کو انتباہ کرتے ہیں کہ اگر وہ دائیں یا بائیں مڑنا چاہتے ہیں تو وہ آگے ٹرام یا ریلوے ٹریک کو عبور کریں گے۔ ان اشاروں کے ساتھ ایک اضافی تختی بھی لگی ہوسکتی ہے جس میں ٹرام یا ریلوے ٹریک عبور کی جگہ تک کا فاصلہ لکھا ہوگا۔

آگے ٹرام کراسنگ ہے

یہ اشارہ گاڑیوں کے ڈرائیور حضرات کو انتباہ کرتا ہے کہ آگے ٹرام کا روٹ ہے اور ٹرام دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں سے راستہ کو عبور کرسکتی ہے۔ اس کے نیچے لگی تختی پر ٹرام عبور کرنے کی جگہ کے فاصلے کی نشاندہی ہوگی۔

انتباہ کرنے والے اشارے



سڑک پر ایک ٹرام یا ریلوے کراسنگ کرنے کی جگہ

۲ لائنیں

سڑک پر دوہری یا متعدد ٹرام یا ریلوے لائنیں کراسنگ کی جگہ۔ اس اشارے کے نیچے لگی تختی پر عربی / انگریزی الفاظ میں پیغام لکھا ہو گا جیسا کہ « ۵ لائنیں » جو کہ عبور کی جانے والے لائنوں کی تعداد کی نشاندہی کرتا ہے۔

یہ اشارے گاڑی چلانے والوں کو اس سڑک پر موجودہ ٹرام کے ٹریک کو عبور کرنے کی حقیقی جگہ کے بارے میں انتباہ کرتے ہیں ان جگھوں پر ممکنہ خطرات موجود ہوسکے ہیں جس کے لئے انہیں چاہیئے کہ وہ رفتار کم کردیں، انتہائی محتاط رہیں اور ضرورت پڑنے پر رکنے کے لئے تیار رہیں۔

پیدل افراد کے لئے بس یا ٹرام عبور کرنے کی جگہ



یہ اشارے پیدل افراد کو انتباہ کرتے ہیں کہ وہ بس یا ٹرام کے فوقیت والے راستہ کو عبور کرنے والے ہیں۔ ان پر لازم ہے کہ وہ ٹرام یا بس کے روٹ کو عبور کرنے سے قبل ٹرام یا بس کی غیر موجودگی کی یقین دھانی کے لئے دائیں اور بائیں دونوں سمت میں دیکھیں



اس اشارے میں بس یا ٹرام کے تیر کے نشان کی سمت میں چلنے والی ایک لائن کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اگر کسی جگہ پر بس یا ٹرام کی صرف ایک لائن کسی ایک سمت میں استعمال کی جارہی ہوتو یہ اشارہ اس جگہ ٹرام یا بس کے چلنے کی سمت کی نشاندہی کرنے کے لئے نصب کیا جاسکتا ہے۔

انتظامی نشانات



ٹرام لائن پر پیدل افراد کے عبور کرنے کی جگہ

یہ نشانات ٹرام کی ایک یا ایک سے زائد لائن کو پیدل عبور کرنے کے خواہشمند افراد کو انتباہ کرتے ہیں کہ وہ ٹرام کے آنے کی سمت سے خبردار رہیں، پیدل افراد کے لئے ٹریفک اشارے کو دیکھیں اور لائن کو محتاط ہوکر عبور کریں۔

ٹرام لائین پہ لوگوں کیلئے گزرگاہ



آڑھی ترچھی لائنوں کے نشانات ڈرائیوروں کو ایسی مخصوص جگہ کی نشاندہی کرتے ہیں جہاں پر لازم ہے کہ:

- وہ ان لائنوں کے نشانات کے قریب اپنی گاڑی ہرگز نہ روکیں یا پارک کریں۔ صرف اس صورت میں جب پیدل یا سائیکل سوار افراد کے عبور کرنے کی جگہ پر خود راستہ دے رہے ہوں یا کسی راستہ دینے والی گاڑی کے پیچھے رکے ہوئے ہوں جو اپنی قانونی ذمہ داری پوری کررہی ہوں؛ اور
- ان پر لازم ہے کہ وہ ان لائنوں کی جگہ پر لین تبدیل نہ کریں؛ اور اس سے پیدل افراد اور سائیکل سواروں کو معلوم ہوتا ہے کہ انہیں بھی آڑھی ترچھی لائنوں کی جگہ کو عبور نہیں کرنا چاہئے بجز اس کے کہ پیدل افراد کے عبور کرنے کی مخصوص جگہ سے۔

ٹرام باکس جنکشن

ٹرام باکس جنکشن مکمل طور پر سرخ رنگ کی سطح پر مشتمل ہوتا ہے جس میں ٹرام کی لائنیں اور سڑک دونوں شامل ہوتی ہیں۔

یہ ٹریفک لائٹ والے جنکشن پر موجود ہوسکتا ہے۔ عام طور پر یہ سڑک کے جنکشن پر باکس جنکشن کے ساتھ موجود ہوسکتا ہے۔ اور یہ ٹریفک لائٹ کے بغیر چوراہے پر بھی ہوسکتا ہے جہاں صرف لائنوں کے نشانات لگے ہوں۔

ٹرام باکس جنکشن گاڑیوں کے ڈرائیوروں کو مطلع کرتا ہے کہ وہ سرخ رنگ کی سطح والے باکس میں اس وقت داخل نہ ہوں جب تک آگے راستہ صاف نہ ہو۔

ایسے ڈرائیور جو نشانات والے باکس میں اس وقت داخل ہو جائیں جب آگے موجود گاڑیوں کی وجہ سے وہ باکس سے نہ نکل سکے تو وہ قانون کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوتے ہیں۔









انتباہ کرنے والے اشارے

سڑک پر لگے انتباہ کرنے والے نشانات سڑک استعمال کرنے والوں کو موجودہ یا ممکنہ پرخطر حالت سے خبردار کرتے ہیں۔ انتباہ کرنے والے اشارے کسی قانونی عمل کرنے کی ضرورت کے لئے نہیں لگائے جاتے ہیں۔ تاہم یہ نشانات کسی خطرے سے خبردار کرنے کا پیغام دیتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ جب ڈرائیور جان بوجھ کر انہیں نظر انداز کریں تو وہ اپنی گاڑی پر محفوظ اور بہتر طور پر قابو نہ رکھنے کی وجہ سے کسی خلاف ورزی کے مرتکب ہوجائیں

اسپیڈ ہمپ کے نشانات

یہ نشانات ڈرائیوروں کو ان کے راستہ پر موجود اسپیڈ ہمپ کی موجودگی کے بارے میں خبردار کرتے ہیں۔

اسپیڈ ہمپ کے نشانات اونچائی سے قبل پیلی مثلثوں کے نشانات پر مشتمل ہوتے ہیں اور ان مثلثوں کا رخ گاڑی چلانے کی سمت کی نشاندہی کرتا ہے۔

عمومی طور پر پیدل افراد کے عبور کرنے کی ابھری ہوئی ٹیبل نما جگہ اسپیڈ ہمپ کے نشانات کے ساتھ ملا کربنی ہوتی ہے۔

آگے ریلوے یا ٹرام کراسنگ ہے

یہ نشانات ڈرائیوروں کو خبردار کرنے کے لئے لگائے جاتے ہیں کہ وہ جس لین میں گاڑی چلارہے ہیں وہ ریلوے یا ٹرام لائن عبور کرنے والی ہے، یا جس لین میں وہ گاڑی چلارہے ہیں وہ مڑنے کے بعد ریلوے یا ٹرام لائن کو عبور کرے گی۔

ڈرائیور حضرات کو چاہیئے کہ وہ انتہائی درجہ کی توجہ اور احتیاط کا مظاہرہ کریں۔

ٹرام کے لیے اہم ٹریفک کی نشانیاں



میٹرو کے لئے بنے پولوں کے نیچے پارکنگ منع ہے، آپکی گاڑی کو یہاں سے اٹھایا جا سکتا ہے۔

یہاں پارک نہ کریں، ہماری مفت پارکنگ کا استعمال کریں

نخیل ھربور، راشیدیا اور ایتیسلات پر فری پارکنگ کریں اور میٹرو کی سواری کریں

پارک کریں، میٹرو پکڑیں

میٹرو کا استعمال اب پہلے سے آسان ہے۔ نخیل ھربور اینڈ ٹاور ، ایتیسلات اور راشیدیا اسٹیشنز پر ۵۷۰۰ سے زیادہ گاڑیوں کی فری پارکنگ سے اب اپنی گاڑی اور ٹریفک دونوں کو پیچھے چھوڑیئے۔

فیس بک: روڈ اینڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی دبئی - گروپ

یوتوب: www.youtube.com/rtadubaigov



حصہ ۵ : قوانین اور ذمہ داریاں

ایک ذمہ دار ڈرائیور بننا

آپ ایک ایسی گاڑی کے ڈرائیور بننے کی تیاری کررہے ہیں جو ٹریفک کے پیچیدہ ماحول میں استعمال کی جائے گی۔اس طرح آپ پر اپنی اور سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے اہم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔

آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ سڑک کے ان تمام اہم قوانین کو سمجھیں جن کا تعارف آپ کو اس حصہ میں کرایا جائے گا۔ آپ کے لئے یہ جاننا بھی بہت اہمیت کا حامل ہے کہ کس طرح روانی اور سلامتی کے ساتھ گاڑی چلائی جائے۔ اس ہینڈ بک میں موجود معلوماتی مواد کو مکمل طور پر سیکھنا ضروری ہے۔ یہ آپ کو ڈرائیونگ انسٹرکٹر کی مدد سے محفوظ ڈرائیور بننے کی تیاری کی بنیاد مہیا کرے گی۔جب آپ ان معلومات پر عمل پیرا ہوں گے تو آپ دوسرے ڈرائیوروں کے لئے ایک اچھی مثال قائم کریں گے اور دبئی میں سڑک استعمال کرنے والے تمام افراد کی سلامتی کو بہتر بنانے میں مدد دیں گے۔

نظم و ضبط کے ساتھ ڈرائیونگ کرنا

گاڑی چلانا ایک پیچیدہ کام ہے۔ آپ سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کے ساتھ تعاون کرتے ہیں خاص طورپر جب آپ دبئی جیسے مصروف شہروں میں گاڑی چلارہے ہوں۔ سلامتی کا انحصار ترتیب وار اور منظم طریقہ سے گاڑی چلانے پر ہے۔ اگر ایسا نہ کیا جائے تو ابتری پھیلتی ہے۔

لائحہ عمل

اپنے سفر سے پہلے ہی آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ آپ نے کس طرف جانا ہے۔ سفر کرنے کے راستے کا لائحہ عمل تیار کرنے کے لئے کچھ وقت صرف کریں تاکہ آپ کو یہ علم ہو کہ آپ نے کون سے موڑ سے مڑنا ہے اور آپ نے اپنی گاڑی کون سی لین میں چلانی ہے۔

مشاہدہ کرنا

جب آپ کو پتہ ہو کہ آپ کس طرف جارہے ہیں تو مشہور جگہوں اور سمت بتانے والے اشاروں پر نظر رکھیں ۔ یہ آپ کی کافی پہلے ہی سے راہنمائی کریں گے کہ آپ کو اگلے موڑ سے مڑنے کے لئے کون سی لین میں گاڑی چلانا چاہئے۔ ان اشاروں میں سے بہت سے ایک دوسرے کے بہت قریب نصب ہوتے ہیں اس لئے ان کی ممکنہ جگہ کی پیش بینی کریں اور ان کو بغور دیکھنے کے لئے تیار رہیں۔

بروقت فیصلے کریں

جب آپ کسی ایسے اشارے کو دیکھیں جو آپ کو آپ کی منزل کے لئے درست لین اختیار کرنے کی نشاندہی کرتا ہو تو بروقت اپنی گاڑی کی پوزیشن تبدیل کرنا شروع کرنے کو یقینی بنائیں۔

محتاط ہو کر سوچیں

آپ کو سادہ اور پیچیدہ دونوں قسم کے چوراہوں میں سے گذرنا ہوگا جن میں کچھ پر ٹریفک لائٹس لگی ہوئی ہوں گی اور کچھ پر ٹریفک کے گول چکر) راؤنڈ اباؤٹ (بنے ہوں گے۔ جب آپ کسی ٹریفک لائٹ یا راؤنڈ اباؤٹ پر پہنچیں تو آپ اپنی گاڑی کے

لئے مناسب مقام اور مناسب لین اختیار کرنے کے لئے احتیاط سے سوچیں۔ موڑ مڑنے یا راؤنڈ اباؤٹ میں سے گذرنے کے بعد صحیح راستہ اختیار کرنے کے بارے میں سوچیں۔

مثال کے طور پر، اگر آپ کسی چوراہے پر پہنچ رہے ہیں اور آپ بائیں مڑنے کا ارادہ رکھتے ہیں جبکہ آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ بائیں مڑنے کے فوراً بعد آپ نے دائیں مڑنا ہے تو آپ مڑنے والی دائیں لین کا انتخاب کرنے کو یقینی بنائیں اگرچہ مڑنے کے لئے ایک ہی لین میسر ہو۔ جب آپ موڑ مڑیں تو آپ جس سڑک میں مڑ رہے ہیں اس کی دائیں لین اختیار کریں تاکہ آپ اس کے بعد دایاں موڑ مڑنے کے لئے صحیح مقام پر ہوں۔

اس کا اطلاق اس وقت بھی ہوتا ہے جب آپ کسی ایسے راؤنڈ اباؤٹ پر پہنچیں جہاں آپ کے سامنے انتخاب کرنے کے لئے کئی لین موجود ہوں۔ پھر اسی طرح ہی اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اس لین کا انتخاب کریں جو راؤنڈ اباؤٹ میں سے گذرنے کے بعد اس سڑک کی لین سے مطابقت رکھتی ہو جس پر آپ جانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

اپنے ارادوں کے لئے اشاروں کا استعمال کریں

جیسا کہ لین کا نظم وضبط اہمیت کا حامل ہے اسی طرح دوسرے ڈرائیوروں کے ساتھ پیغام رسانی کرتے رہنا بھی آپ کی ذمہ داری ہے۔ سڑکیں مصروف اور پیچیدہ ہوتی ہیں اس لئے اپنے ہر ارادے سے دوسروں کو خبردار کرنے کے لئے ہر اس چیز کا عملی طور پر استعمال کرنا بہت ہی اہمیت کا حامل ہے جو آپ کی گاڑی میں دوسروں کو اشارے کرنے کے لئے دستیاب ہو۔

عمومی طور پر گاڑی چلانے کے دوران سب سے زیادہ کام جو آپ کو بحیثیت ایک ڈرائیور کرنا ہوتے ہیں وہ موڑ کاٹنا اور لین تبدیل کرنا ہیں۔ آپ جب بھی ان کاموں میں سے کوئی ایک کام کرنا چاہتے ہوں تو آپ کو ایسا کام محفوظ طور پر کرنے کے لئے اپنی گاڑی کے شیشوں میں سے پیچھے دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سے زیادہ اہم یہ ہے کہ آپ دوسرے ڈرائیوروں اور پیدل چلنے والے افراد کو خبردار کرنے کے لئے کہ آپ اپنی سمت تبدیل کرنا چاہتے ہیں اپنے اشاروں کا استعمال کافی وقت پہلے ہی سے لازمی طور پر کریں۔



دایاں اشارہ

ایسا کام صحیح طور پر کرنے اور الجھن سے بچنے کے لئے آپ کو بہت احتیاط کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کو ضرورت ہوتی ہے کہ آپ سڑک پر ٹریفک کے ماحول کا جائزہ لیں اور عقلمندی سے فیصلے کریں۔ جب آپ یہ فیصلہ کرنے والے ہوں کہ اشارہ کب استعمال کرنا ہے تو خود کو دوسرے ڈرائیوروں کی جگہ رکھ کر سوچیں۔

مثال کے طور پر، اگر آپ آگے آنے والے کسی چوراہے سے دائیں مڑنا چاہتے ہوں جو آپ کے سامنے والے چوراہے کے بعد ہو تو پہلے چوراہے سے گذر جانے تک اپنا اشارہ استعمال کرنا مؤخر کریں۔ ایسا کرنے سے دوسرے ڈرائیوروں کے ذہنوں میں اس بارے میں کوئی الجھن پیدا ہونے سے بچا جاسکتا ہے کہ آپ حقیقتاً "کہاں سے مڑنا چاہتے ہیں۔



بایاں اشارہ

ٹرام کے ٹریک پر رکاوٹ کا سبب بننا اور کوڑا کرکٹ پھینکنا

سڑک استعمال کرنے والوں اور دوسرے افراد پر لازم ہے کہ وہ کسی ایسی سرگرمی سے اجتناب کریں جو بالواسطہ یا بلاواسطہ ٹرام کے لئے رکاوٹ کا سبب بنے۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ آپ دوسری گاڑیوں کو خطرے میں ڈالنے سے بچانے کے لئے احتیاط سے گاڑی چلائیں۔آپ پر لازم ہے کہ جب آپ ٹریفک سے نکل رہے ہوں یا اس میں داخل ہورہے ہوں، دائیں یا بائیں لین تبدیل کررہے ہوں، دائیں یا بائیں مڑ رہے ہوں، نجی راستے میں سے نکل یا داخل ہو رہے ہوں، (U-Turn) یو-ٹرن کررہے ہوں یا اپنی گاڑی پیچھے کی جانب چلا رہے ہوں تو اپنے ارادے سے دوسروں کو خبردار کرنے کے لئے واضح طور پر اشاروں کا استعمال کریں۔

آپ پر لازم ہے کہ آپ خود کو اور دوسروں کو کسی خطرے میں نہ ڈالنے کو یقینی بنائیں۔

سڑک استعمال کرنے والے تمام دوسرے افراد کا خیال رکھیں۔

اپنے ہاتھ کے اشارے یا گاڑی کے اشاروں سے سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کو اپنے لین تبدیل کرنے کے ارادے سے خبردار کریں۔

(آرٹیکل ۵۹ ، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا ، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

وہ مخصوص اوقات جب آپ کو لازمی طور پر اپنے اشارے استعمال کرنا چاہیئیں، درج ذیل ہیں:

- دائیں یا بائیں مڑتے وقت
- لین تبدیل کرتے وقت
- اوورٹیک کرتے وقت
- یو-ٹرن کرتے وقت
- پارکنگ کی جگہ میں داخلے اور نکلتے وقت
- راؤنڈ اباؤٹ سے باہر نکلتے وقت
- سڑک کے کنارے پارکنگ کے لئے رکنے یا وہاں سے حرکت کرتے وقت۔

دوسری گاڑی والوں کے جلنے والے اشاروں پر نظر رکھیں تاکہ آپ کو پتا چل سکے کہ وہ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ اس بات سے خبردار رہیں کہ بعض اوقات ہوسکتا ہے کہ کسی دوسرے ڈرائیور نے اپنا اشارہ گذرنے والے موڑ کے بعد بند ہی نہ کیا ہو یا ہوسکتا ہے کہ اس نے وقت سے کافی پہلے ہی اشارہ استعمال کیا ہو۔

موڑ مڑنے یا لین تبدیل کرنے کے بعد اپنا اشارہ بند کرنے کی یقین دھانی کریں۔ ہوسکتا ہے کہ یہ خودبخود بند نہ ہو۔ اگر یہ روشن رہ جائے تو دوسرے ڈرائیور سوچ سکتے ہیں کہ آپ مڑنے والے ہیں۔ اپنے اشاروں کا استعمال اس وقت بھی کریں جب آپ کے خیال میں آپ کے اطراف میں کوئی موجود نہیں ہے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ نے کسی کو دیکھا ہی نہ ہو اور اگر آپ اپنا اشارہ استعمال نہ کریں تو کوئی خطرہ پیدا ہوسکتا ہے۔

گاڑی کی بریک لائٹ کے استعمال کا طریقہ

آپ جب بھی بریک پیڈل دباتے ہیں تو آپ کی گاڑی کی بریک لائٹس دوسروں کو خبردار کرنے کے لئے روشن ہوجاتی ہیں جس سے دوسروں کو پتا چل جاتا ہے کہ آپ آہستہ ہورہے ہیں یا رک رہے ہیں۔

اسی طرح جب آپ دیکھیں کہ آپ سے اگلی گاڑی کی بریک لائٹس روشن ہیں تو آپ کو بھی اپنی رفتار کم کردینی چاہیئے۔ اپنی رفتار بتدریج کم کرنے یا بریک کو کافی پہلے ہی سے استعمال کرنے سے دوسروں کو خبردار کرنا بہت اہمیت رکھتا ہے۔

گاڑی کی ہیڈ لائٹس اور پچھلی لائٹس کے استعمال کا طریقہ

روشنی کم ہونے کی صورت میں آپ کی گاڑی کی ہیڈ لائٹس اور پچھلی لائٹس آپ کا دوسروں کو دکھائی دینے میں مدد گار ہوتی ہیں۔ غروب شمس کے بعد طلوع شمس تک آپ کی ہیڈ لائٹس اور پچھلی لائٹس کا روشن رہنا بہت ضروری ہے۔ انہیں ڈرائیونگ کے لئے خطرناک موسمی حالات جیسا کہ دھند، بارش، دھواں یا ریت کے طوفان کے دوران روشن کرنا لازم ہے کیوں کہ ان حالات میں آپ کا دوسرے ڈرائیوروں کو دکھائی دینا مشکل ہوتا ہے۔

ہنگامی لائٹس کے استعمال کا طریقہ

اگر آپ کی گاڑی سڑک پر خراب ہوجائے تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ دوسرے ڈرائیور آپ کی گاڑی کو دیکھ سکیں اور بروقت اپنی گاڑی روک سکیں۔ اگر ممکن ہو تو ٹریفک کے بہاؤ سے نکل کر سڑک کے دائیں جانب رک جائیں۔ اگر آپ سڑک کے دائیں جانب نہ جاسکتے ہوں تو ایسی جگہ گاڑی روکنے کی کوشش کریں جہاں آپ کو اور آپ کی گاڑی کو دوسرے لوگ دیکھ سکیں۔ اگر آپ کے لئے ایسا کرنا ممکن ہو تو کسی اونچائی کے بالکل اوپر یا موڑ میں گاڑی مت کھڑی کریں۔

> دوسروں کو خبردار کرنے کے لئے اپنی گاڑی کی ہنگامی لائٹس روشن کردیں۔ اپنی گاڑی کا بونٹ یا ڈکی کھول دیں تاکہ دوسرے ڈرائیور کو پتا چل سکے کہ آپ مشکل میں ہیں۔

دوسرے ڈرائیوروں کو خبردار کرنے کے لئے ہمیشہ ہنگامی لائٹس کا استعمال کریں۔ بڑی شاہراہوں پر ایسا کرنا خاص طور پر اہم ہے کیونکہ وہاں ڈرائیوروں کو خبردار کرنے کے لئے کہ آگے کوئی گاڑی خراب ہے، کافی انتباہ کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ وہ آپ کی گاڑی سے بچنے کے لئے ضروری اقدام کرسکیں۔ ایسے حالات میں مدد کے انتظار کے لئے آپ اور آپ کے ساتھ سفر کرنے والے مسافروں کو اپنی گاڑی میں نہیں بیٹھنا چاہئے اگرچہ باہر موسم کتنا ہی گرم کیوں نہ ہو۔ اپنی گاڑی میں بیٹھے رہنا بہت ہی خطرناک ثابت ہوسکتا ہے ممکن ہے کہ کوئی ڈرائیور آپ کی گاڑی سے بچ کر گذرنے میں ناکام ہوجائے اور آپ کی کھڑی ہوئی گاڑی کو ٹکر مار دے۔ آپ اور آپ کے ساتھ سفر کرنے والے مسافر کو چاہئے کہ محفوظ رہنے کے لئے جتنا ممکن ہوسکے ٹریفک سے دور کھڑے رہیں۔ اپنی گاڑی کے سامنے ہرگز نہ کھڑے ہوں۔

> **ایک اہم قانون!**
>
> آپ پر لازم ہے کہ ہنگامی طور پر رات کو سڑک پر رکنے کی صورت میں آپ دوسروں کو خبردار کرنے کے لئے روشنی منعکس کرنے والی مثلث یا خطرہ کی نشاندہی کرنے والی لائٹ کو اس وقت استعمال کریں جب سڑک پر سٹریٹ لائٹس نہ ہوں یا سڑک پر دکھائی دینا مشکل ہو۔ (آرٹیکل ٦٤، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

اگر سڑک پر روشنی کے کھمبے نصب نہ ہوں یا دوسروں کو آپ کا دکھائی دینا مشکل ہو تو آپ کے لئے ضروری ہے کہ دوسرے ڈرائیوروں کو خبردار کرنے کے لئے روشنی منعکس کرنے والے مثلث یا سرخ بتی کا استعمال کریں۔ جب آپ کی گاڑی محفوظ مقام پر کھڑی ہو، یا بالکل حرکت نہ کرسکتی ہو تو آپ کو چاہئے کہ دوسروں کو خبردار کرنے والی مثلث کو اپنی گاڑی سے ٹریفک کے آنے والی سمت میں ۵۰ میٹر کے فاصلہ پر رکھیں۔

دوسروں کو اپنی موجودگی سے خبردار کرنا

آپ کی گاڑی کا ہارن ایک قسم کا اشارہ ہی ہے۔ یہ پیغام رسانی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ تاہم، اس کو دانشمندی سے استعمال کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ آپ اشارے کا استعمال صرف اس وقت کریں جب سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کو اپنی آمد سے یا اپنی گاڑی کے مقام سے آگاہ کرنا ہو۔ سڑک پر کچھ ایسے اشارے ہوتے ہیں جو آپ کو کچھ علاقوں میں ہارن کے استعمال کی ممانعت ہونے کا بتاتے ہیں۔ ہارن کا استعمال ہسپتالوں، سکولوں، عبادت گاہوں کے قریب یا رہائشی علاقوں میں رات ۱۲ بجے سے صبح ٦ تک نہیں کرنا چاہئے۔

سڑک کے قوانین کیا ہیں؟

سڑک کے قوانین ، ٹریفک کے قوانین ہیں جو آپ کی اور سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کی سڑک پر محفوظ رہنے میں مدد کے لئے لاگو کئے گئے ہیں۔ ٹریفک کے قوانین پوری طرح جاننا بہت اہم ہے اور آپ پر لازم ہے کہ آپ ان کی پابندی کریں۔ ڈرائیونگ کے دوران آپ کو بہت سے خطرات درپیش ہوتے ہیں۔ اگر آپ محتاط نہ رہیں تو آپ کسی کو یا کوئی آپ کو ٹکر مار سکتا ہے جس کے نتیجہ میں آپ یا سڑک استعمال کرنے والے شدید زخمی یا ہلاک ہوسکتے ہیں۔

روڈ کے قوانین ٹریفک کے وہ قوانین ہیں جو آپکی اور روڈ کو استعمال کرنے والوں دیگر کی کسی بھی قسم کے حادثے سے محفوظ رکھتے ہیں ڈرائیونگ کرتے وقت بہت سے خطرافت ہوتے ہیں اگر آپ محتاط نہیں تو کوئی حادثہ ہوسکتا ہے جو کہ کسی گہرے زخم یا موت کا سبب بن سکتا ہے

ایک اہم قانون!

قانون کی ضروریات پر عمل کرنا سڑک استعمال کرنے والے تمام افراد پر لاگو ہوتی ہیں۔

(آرٹیکل ۲ ، م ع ا ، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

ہینڈ بک کا یہ حصہ آپ کو سڑک کے قوانین سیکھنے میں مددگار ہوگا۔ جب آپ تربیتی لائسنس کی تیاری کررہے ہوں تو اس کا بغور مطالعہ کریں۔ جب آپ گاڑی چلانے کی مشقیں کررہے ہوں تو اس کتاب کا بار بار مطالعہ کریں اور دوبارہ اس وقت بھی جب آپ اپنا لائسنس حاصل کرچکے ہوں۔

سڑک کے اشارے

سڑک کے اشارے ٹریفک کے بہاؤ کے نظم و ضبط میں مدد کرنے اور آپ کو اور سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کو محفوظ رکھنے کے لئے خاکوں کی صورت میں معلومات مہیا کرتے ہیں۔

دبئی میں یہ بہت ہی اہمیت رکھتے ہیں، کیونکہ:

- سڑکوں کا نظام پیچیدہ تر ہوتا جارہا ہے
- ٹریفک میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے
- دبئی میں ہر سال ایسے سیاحوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جارہا ہے جو مقامی سڑکوں سے ناواقف ہوتے ہیں۔

سڑک کے اشارے عمومی سڑکوں پر، اوپر یا آگے ایسی جگہوں پر نصب ہوتے ہیں جہاں وہ ؛

- کسی اہم ضرورت کو پورا کرتے ہیں
- کسی قانون کی طرف توجہ مبذول کرتے ہیں
- کوئی سادہ اور واضح پیغام دیتے ہیں
- سڑک استعمال کرنے والوں کو کافی وقت مہیا کرتے ہیں تاکہ وہ مناسب طور پر ردعمل کرسکیں۔

ایک اہم قانون!

سڑک استعمال کرنے والے ہر فرد پر لازم ہے کہ وہ ٹریفک کے ضابطوں اور معیاروں کا احترام کرے، ٹریفک کے نشانات، اشاروں اور پولیس آفیسر کی ہدایات کی پابندی کرے اور محتاط رویہ اختیار کرے تاکہ اس کا طریقہء کار دوسروں کے لئے نقصان دہ ثابت نہ ہو، انہیں خطرے میں نہ ڈالے یا ان کی حرکت میں رکاوٹ پیدا نہ کرے۔

(آرٹیکل ا ، لاگو کردہ ضمنی قانون ، م ع ا ، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

سڑک کے اشارے سڑک استعمال کرنے والے افراد کو تین طریقوں سے معلومات مہیا کرتے ہیں:

- سڑک کے قانون یا ضابطہ کے بارے میں (جس کی قانونی طور پر پابندی کرنا لازم ہے)
- خبردار کرنے کے لئے
- راہنمائی کے لئے۔

ضابطے کے لئے قوانین

ضابطے کے اشارے سڑک استعمال کرنے والوں کو منظم کرنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ یہ آپ کو بتاتے ہیں کہ آپ پر لازم ہے کہ آپ کو کیا کرنا چاہئے یا کیا نہیں کرنا چاہئے۔ کسی اشارے کی پابندی کرنے میں ناکام رہنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔

ضابطہ کے اشاروں کی اقسام درج ذیل ہیں:

- منظم کرنے کے اشارے ۔ راستہ پر کسی کے حق کی فوقیت یا سفر کرنے کی سمت بتاتے ہیں
- لازمی عمل کرنے کے اشارے۔ کسی حکم پر عمل کرنے کی طرف اشارہ کرتے ہیں جس کا کرنا لازمی ہو
- منع کرنے کے اشارے۔ کسی کام یا عمل کرنے کی ممانعت کی طرف اشارہ کرتے ہیں
- پارکنگ کو منظم کرنے کے اشارے۔ پارکنگ کرنے اور رکنے کو منظم کرتے ہیں
- بڑی شاہراہوں پر نظم وضبط کے اشارے۔ ایسی سڑکوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں جن کا شمار بڑی شاہراہ میں ہوتا ہے۔

اگر آپ ان اشاروں کی پابندی نہ کریں تو آپ قانون کی خلاف ورزی کررہے ہوتے ہیں۔ اس کی چھوٹ صرف اس صورت میں ہوتی ہے جب کوئی پولیس آفیسر ٹریفک کو ہدایات دے رہا ہو اور آپ پر لازم ہو جاتا ہے کہ اس کی ہدایات پر عمل کریں۔ ضابطوں کے اشارے نیلے اور سفید یا سرخ اور سفید رنگ کے ہوسکتے ہیں۔

منظم کرنے کے اشارے

منظم کرنے کے اشارے کسی کا راستے پر حق کی فوقیت یا سفر کرنے کی سمت مقرر کرنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔

ذیل میں منظم کرنے کے اشاروں کی کچھ مثالیں دی گئی ہیں:

آپ پر رکنا لازم ہے	آپ پر اس سڑک میں داخل ہونے کی ممانعت ہے	آپ پر لازم ہے کہ راستہ دیں	آپ پر لازم ہے کہ پیدل چلنے والوں کو راستہ دیں
			

سائیکل سواروں کو راستہ دیں	آپ پر لازم ہے کہ اس سمت میں ہی جائیں	آپ پر لازم ہے کہ اس سمت میں ہی جائیں	آپ پر لازم ہے کہ اس سمت میں ہی جائیں

لازمی عمل کرنے کے اشارے

لازمی عمل کرنے کے اشارے سڑک استعمال کرنے والوں کو حکم دینے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں جن کو لازمی طور پر کرنا ہوتا ہے۔ ذیل میں لازمی عمل کرنے کے اشاروں کی کچھ مثالیں دی گئی ہیں:

صرف سیدھا جائیں	صرف دائیں جانب مڑیں	دائیں یا بائیں جانب سے جائیں
		
بڑی شاہراہ پر کم از کم حد رفتار	تیر کی سمت میں گول راؤنڈ سفر کریں	دائیں یا بائیں جانب رہیں
		

ممانعت کے اشارے

یہ اشارے سڑک استعمال کرنے والوں کو ان عوامل کی جانب اشارہ کرتے ہیں جو انہیں نہیں کرنا چاہیئیں، یا جن کی ممانعت ہو۔ ذیل میں ممانعت کے اشاروں کی کچھ مثالیں دی گئی ہیں:

آپ پر لازم ہے کہ اوور ٹیک مت کریں	آپ پر لازم ہے کہ ۸۰ کلومیٹر / گھنٹہ رفتار سے تجاوز مت کریں	آپ کو دائیں جانب نہیں مڑنا چاہئے	بائیں جانب مڑنا منع ہے
سائیکل سواروں کا داخلہ ممنوع ہے	پیدل افراد کا داخلہ ممنوع ہے	سامان اٹھانے والی گاڑیوں کا داخلہ ممنوع ہے	خطرناک سامان کا داخلہ ممنوع ہے
اونچائی کی حد	آپ پر لازم ہے کہ اپنا ہارن مت بجائیں	واپس مڑنا منع ہے	دی گئی مجموعی وزن کی حد سے زیادہ وزن کی گاڑیوں کا داخلہ ممنوع ہے

پارکنگ کو منظم کرنے کے اشارے

یہ اشارے گاڑی کو پارک کرنے اور روکنے کے نظم وضبط کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں کہ آپ کو کس جگہ گاڑی کو پارک کرنا یا روکنا چاہیئے یا نہیں چاہیئے اور پارکنگ کے اوقات بھی بتاتے ہیں۔ یہ "رکنے کی ممانعت" کے اشارے کے ساتھ استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ آپ پر لازم ہے کہ اس جگہ پارک مت کریں، چاہے آپ گاڑی میں ہی کیوں نہ بیٹھے ہوئے ہوں۔ ذیل میں پارکنگ کے عمل کو منظم کرنے کے اشاروں کی کچھ مثالیں دی گئی ہیں۔

دیئے گئے اوقات میں پارکنگ کی اجازت ہے

میٹر پارکنگ دائیں جانب ہے

صرف معذور ڈرائیوروں کے لئے گاڑی پارک کرنے کی مخصوص جگہ

معذور افراد کے لئے مخصوص پارکنگ

نیلے رنگ کا اشارہ معذور افراد کے لئے مخصوص پارکنگ کرنے کی جگہ کی نشاندہی کرتا ہے۔ پارکنگ کی جگہ پر بھی نشان لگے ہوئے ہوں گے۔ معذور افراد کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس کا اجازت نامہ حاصل کریں اور اس کی نمائش کریں۔ اگر آپ کے پاس اجازت نامہ نہ ہو تو آپ پر لازم ہے کہ آپ معذوروں کے لئے مخصوص جگہ پر اپنی گاڑی پارک مت کریں۔

پارکنگ کرنے کی ممانعت کی جگہیں

یہ جگہیں صرف ٹیکسی کے لئے مخصوص ہیں

یہ جگہیں صرف بس کے رکنے کے لئے مخصوص ہیں





آپ کو ۸۰ کلومیٹر / گھنٹہ کی رفتار کی حد سے زیادہ نہیں ہونا چاہیئے

آپ پر لازم ہے کہ اوور ٹیک مت کریں

رکنے کی ممانعت کی جگہیں

یہ اشارے آپ کو ہدایات دیتے ہیں کہ آپ پر لازم ہے کہ آپ سڑک کے کنارے کسی بھی وجہ سے مت رکیں۔ آپ پر لازم ہے کہ آپ اشاروں کی پابندی کریں۔

آپ پر لازم ہے کہ تیر کے نشانات سے ظاہر کی گئی جگہوں پر اپنی گاڑی نہ روکیں اور نہ ہی پارکنگ کریں

آپ پر لازم ہے کہ تیر کے نشانات سے ظاہر کی گئی جگہوں پر اشارے پر لکھے ہوئے اوقات کے دوران اپنی گاڑی نہ روکیں اور نہ ہی پارکنگ کریں







بڑی شاہراہوں پر نظم وضبط کے اشارے۔

بڑی شاہراہوں پر نظم و ضبط کے اشارے سڑک استعمال کرنے والوں کو یہ بتانے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں کہ کون سی سڑک بڑی شاہراہ کے زمرے میں آتی ہے۔ یہ آپ کو شاہراہ کے شروع ہونے اور اس کے اختتام ہونے کا پتہ دیتے ہیں۔

بڑی شاہراہ یہاں سے شروع ہوتی ہے

بڑی شاہراہ کا یہاں اختتام ہوتا ہے

بڑی شاہراہ (فری وے) پر ڈرائیونگ کے اہم قوانین:

کسی کو بڑی شاہراہ کی ابتداء کا سائن بورڈ نظر آنے کے ساتھ ہی ہنگامی صورتحال کے علاوہ درج ذیل کام کرنے کی اجازت نہیں ہے:

- بڑی شاہراہ پر یا اس کے قریب بغیر انجن والی گاڑی چلانا
- بڑی شاہراہ پر یا اس کے قریب پیدل چلنا
- بڑی شاہراہ کے اوپر گاڑی روکنا یا ریورس چلانا
- بڑی شاہراہ کی پیلی لائن کے باہر، سڑک جدا کرنے والی جگہوں پر یا سڑک کے کنارے پر گاڑی چلانا یا روکنا
- بڑی شاہراہ پر مجوزہ حد رفتار سے ۳۰ کلومیٹر فی گھنٹہ کم رفتار پر گاڑی چلانا
- بڑی شاہراہ کے اختتام کا اشارہ سائن بورڈ نظر آنے کے ساتھ ہی مندرجہ بالا تمام پابندیاں ختم ہوجاتی ہیں

انتباہ کرنے کے اشارے

انتباہ کرنے کے اشارے سڑک استعمال کرنے والوں کو ممکنہ خطرناک صورتحال سے چوکنا کرتے ہیں۔ بعض اوقات یہ خطرے مخفی ہوتے ہیں۔ انتباہ کرنے کے اشارے تین مجموعوں میں تقسیم کئے گئے ہیں:

- قبل از وقت انتباہ کرنے کے اشارے
- خطرے کی جانب نشاندہی کرنے کے اشارے
- خاکے کی صورت میں انتباہ کرنے کے اشارے۔

قبل از وقت انتباہ کرنے کے اشارے

یہ اشارے سڑک استعمال کرنے والوں کو سڑک پر ڈرائیونگ کے لئے بدلتی ہوئی صورتحال سے قبل از وقت خبردار کرنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔

آگے ٹریفک لائٹ ہے	آگے «راستہ دیں» کا اشارہ ہے۔	آگے رکنے کا اشارہ ہے	آگے جنکشن ہے (آپ دوسری ٹریفک میں شامل ہوں گے)
آگے راؤنڈ اباؤٹ ہے	آگے سائکل ہے	آگے ٹی-تقاطع ہے۔ (ضرورت پڑنے پر آپ کو رکنا ہوگا)	آگے تقاطع ہے (اپنی رفتار کم کردیں اور رکنے کے لئے تیار رہیں)
احتیاط نرم کنارے سے بچو	آگے اونچائی کی حد کا خطرہ ہے	دوطرفہ ٹریفک	آگے پیدل افراد کے سڑک عبور کرنے کی جگہ ہے

قبل از وقت انتباہ کرنے کے اشارے

آگے سڑک پر موڑ ہیں (محتاط ہو کر گاڑی چلائیں)	آگے سڑک دائیں مڑ رہی ہے (رفتار کم کریں)	آگے سڑک بائیں جانب مڑ رہی ہے (رفتار کم کردیں)	آگے دہری سڑک کا اختتام ہے (دو لین آپس میں مل رہی ہیں سامنے سے آنے والی ٹریفک سے خبردار رہیں)
آگے کھلنے والا پل ہے	آگے اوپر ہائی وولٹیج کی تاریں ہیں	آگے دوسرے خطرات ہیں	آگے جہازوں کی نیچی پرواز کی جگہ ہے (سڑک سے توجہ مت ہٹائیں)
			
آگے سڑک پر پتھر ہیں	آگے دریا یا گودی کا کنارہ ہے	سرنگ	آگے سڑک پر کام ہورہا ہے
	آگے پتھر گرنے کا خطرہ	اسپیڈ بریکر	سڑک پر پھسلن

قبل از وقت انتباہ کرنے کے اشارے

آگے یک طرفہ سڑک کو دوطرفہ سڑک منقطع کررہی ہے



آگے بائیں جانب سے سڑک تنگ ہے



آگے دونوں جانب سے سڑک تنگ ہے



آگے دائیں لین ختم ہورہی ہے

آگے دوسرے خطرات ہیں

غیر ہموار سڑک

آگے سڑک سامنے سے آنے والی سڑک پر تحویل ہورہی ہے

آگے بائیں لین ختم ہورہی ہے

آگے سڑک بند ہے

آگے بہت زیادہ چڑھائی ہے

آگے بہت زیادہ اترائی ہے

آگے دائیں لین بند ہے

مدرسوں کے قریب گاڑی چلاتے وقت بہت زیادہ محتاط رہیں، خاص طور پر ان اوقات میں جب بچے مدرسہ میں صبح کے وقت آرہے ہوں یا شام کے وقت واپس جارہے ہوں۔ یہ دن کے مصروف ترین اوقات ہیں اور بچوں کو سڑک پر سلامتی کا بہت زیادہ شعور نہیں ہوتا ہے۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ جب مدرسوں کے قریب سے گذریں تو اپنی رفتار کم کردیں۔

(آرٹیکل ۳۹، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

جن اشارے پر کسی جانور جیسا کہ اونٹ کی تصویر بنی ہوئی ہوں وہ ڈرائیوروں کو سڑک پر جانوروں کی ممکنہ موجودگی سے خبردار کرتے ہیں۔ ان اشاروں پر بکری یا بھیڑ کی تصویر بھی ہوسکتی ہے۔ پالتو جانور عام طور پر سڑک کو ریوڑ کی صورت میں عبور کرتے ہیں اور جن جگہوں سے جانور سڑک عبور کرتے ہوں ان جگہوں پر عارضی اشارے بھی لگائے جاسکتے ہیں۔

جب آپ یہ اشارے دیکھیں تو اپنی رفتار کم کردیں اور سڑک پر نظر رکھیں کہ کہیں کوئی جانور موجود ہو۔ ان کی غیر متوقع حرکت سے بچنے کے لئے جتنا ممکن ہوسکے ان سے دور رہیں۔

جانوروں کے قریب کار کے ہارن کا استعمال کبھی نہ کریں۔ اس سے وہ ڈر سکتے ہیں اور اس کی وجہ سے وہ بھاگنا شروع ہوجاتے ہیں اور حادثے کا باعث بن جاتے ہیں۔

خطرے جانب نشاندہی کرنے والے اشارے

خطرے کی جانب نشاندہی کرنے والے اشارے حقیقی طورپر موجود خطروں کی نشاندہی کرتے ہیں جیسا کہ پل کی بناوٹ، حفاظتی جنگلے یا ٹریفک تقسیم کرنے والی جزیرہ نما جگہیں۔ ذیل میں دیئے گئے اشارے خطرے کی جانب نشاندہی کرنے والے اشاروں کی مثالیں ہیں۔

خطرے کی پلیٹ	خطرے کا نشان	بائیں جانب مڑنے کی ایک پٹی	دائیں جانب مڑنے کی ایک پٹی

بائیں جانب مڑنے کی کئی پٹیاں	دائیں جانب مڑنے کی کئی پٹیاں	ٹی تقاطع کی پٹیاں

خاکے کی صورت میں انتباہ کرنے کے اشارے

یہ اشارے ایسی جگہوں پر استعمال کئے جاتے ہیں جہاں مثلث میں بنے ہوئے قبل از وقت خبردار کرنے والے اشارے میں کوئی تصویر بنانے کی جگہ نہ ہو، یا ان کا سائز اتنا بڑا نہ ہو کہ آگے آنے والے خطرہ سے خبردار کرنے کے لئے سڑک استعمال کرنے والوں کی توجہ حاصل کرسکے۔

یہ عام طور پر تیز رفتار والی سڑکوں پر نصب ہوتے ہیں اور ذیل میں دی گئی عمومی اقسام میں ہوتے ہیں:

- ٹریفک کا بہاؤ کسی رکاوٹ کی وجہ سے متاثر ہوتا ہو۔(رکاوٹ کوئی حقیقی چیز یا کسی صورتحال کی پیش بینی ہوسکتی ہے)
- آگے کوئی اضافی لین ہو۔
- لین کے استعمال کا ضابطہ بتایا گیا ہو۔ (مثال کے طور پر ٹرکوں کے استعمال کے لئے مخصوص لین)
- کوئی لین دوسری لین میں ضم ہورہی ہو۔

ذیل میں خاکوں کی صورت میں انتباہ کرنے کے اشاروں کی کچھ مثالیں دی گئی ہیں۔

آگے دائیں لین بند ہے

آگے اضافی لین ہے



لین کا استعمال کا مخصوص گاڑیوں کے لئے ہے۔ (بائیں لین میں ٹرک چلانے کی ممانعت ہے)

پانچ لین چار لین میں ضم ہورہی ہیں



لین کنٹرول کرنے کا اشارہ



سڑک کی درمیانی خالی جگہ کی ابتداء / اختتام



لین ملنے کا مقام



آپ کے سامنے شدید گھماؤ ہے



لین کا استعمال کنٹرول سمت پابندی



میڈین کے آغاز / اختتام



لین میں شمولیت



آگے سڑک تیز مڑ رہی ہے



راہنمائی کے اشارے

راہنمائی کے اشارے سمت بتاتے ہیں۔ ان پر روٹ نمبر، سڑکوں کے نام اور منزل کے بارے میں معلومات لکھی ہوتی ہیں اور یہ عموماً انگریزی اور عربی زبان میں لکھے ہوتے ہیں۔ یہ اشارے :

- ڈرائیوروں کو ان کی منزل تلاش کرنے میں مدد دیتے ہیں۔
- ڈرائیوروں کو بہت زیادہ معلومات کی وجہ سے الجھن سے بچاتے ہیں۔
- ڈرائیوروں کو غیر متوقع حالات کی معلومات پیش کرتے ہیں۔
- ڈرائیوروں کو قبل از وقت خبردار کرتے ہیں تاکہ سمت کی تبدیلی کو محفوظ طریقے سے کیا جاسکے۔

راہنمائی کے اشاروں کے پس منظر میں استعمال کئے جانے والے رنگ کچھ اس طرح ہوتے ہیں:

- **نیلا۔** قومی شاہراہوں پر نصب ہوتے ہیں اور ان پر امارت کے راستوں کی علامت ہوتی ہے۔
- **سبز۔** دبئی کے مقامی راستوں پر نصب ہوتے ہیں اور ان پر دبئی کے راستوں کی علامت ہوتی ہے۔
- **سفید۔** یہ مقامی جگہوں، راستوں یا منزلوں کی نشاندہی کرتے ہیں ۔
- **براؤن۔** اضافی معلومات مہیا کرتے ہیں جس میں منزلوں کی نشاندہی کے لئے علامات شامل ہوتی ہیں۔

ذیل میں دیئے گئے اشارے راہنمائی کے اشاروں میں استعمال کی جانے والی علامات کی مثالیں ہیں۔

امارات کے راستوں کی علامت



دبئی کے راستوں کی علامت

مسلسل راہنمائی مہیا کرنے والے اشارے

مسلسل راہنمائی مہیا کرنے والے اشاروں پر کسی جگہ کے لئے مختص اور آسانی سے پہچانے جانے والی علامات ہوتی ہیں اور راستے پر مسلسل راہنمائی مہیا کرنے کے لئے لگے ہوتے ہیں اور ڈرائیوروں کو یقین دھانی کراتے ہیں کہ وہ اپنی منزل مقصود کے صحیح راستہ پر ہیں۔ اس کو "مسلسل راہنمائی" کہتے ہیں۔ اس اشارے پر جہاز کی تصویر ایک مسلسل راہنمائی کرنے کی علامت کی مثال ہے۔

مسلسل راہنمائی کے اشارے صرف کچھ خاص منزلوں تک راہنمائی کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ دبئی میں استعمال کئے جانے والے مسلسل راہنمائی کے اشاروں کی پانچ اقسام ہیں:

دبئی کے راستوں کی علامت	شہر کا مرکز (وسطی کاروباری مرکز)	امارات کے راستوں کی علامت
		
دبئی کا بین الاقوامی ایئرپورٹ	شاہراہ عام	سیاحت کے مقامات کی تفاصیل
		

خروج کی سمت کے اشارے

نیچے دیا گیا اشارہ قبل از وقت راہنمائی کرنے والے اشاروں کی ایک مثال ہے جس میں راستہ کی علامت، مسلسل راہنمائی کی علامت اور سمت کی ہدایات شامل ہیں۔ اس اشارے کے مطلب کی وضاحت نیچے بیان کی گئی ہے۔

براستہ امارات روٹ۱۱، ام سقیم اور ام الشیف جانے کے لئے دائیں مڑیں	براستہ دبئی روٹ نمبر ۹۴، جمیرا جانے کے لئے سیدھے جائیں	ام سقیم جانے کے لئے بائیں مڑیں

ذیل میں دیئے گئے خروج کے اشاروں کی مثالیں ہیں جو ڈرائیور حضرات کو کسی سڑک سے خروج کے وقت درست لین اختیار کرنے میں راہنمائی مہیا کرنے کے لئے ہیں۔

دو لین کا خروج: دولین کے ساتھ اور دو خروج کے روٹ نمبروں کے ساتھ	دو لین کا خروج: ایک لین کے ساتھ: دو خروج کے روٹ نمبروں کے ساتھ





ٹریفک کے دوسرے اہم اشارے

مخالف سمت سے آنے والی گاڑیوں کو فوقیت ہے



آگے سڑک بند ہے

سڑک صاف ہے

بڑی گاڑیوں کے لئے مڑنا ممنوع ہے

اضافی معلومات مہیا کرنے والے اشارے (عام طور پر ۲۱۲ نمبر اشارے کے ساتھ)

۳۰۰ م - ۲۰۰ م - ۱۰۰ م الٹی گنتی کے اشارے



ہسپتال

پارکنگ

شاہراہ کے کناروں کی نشاندہی کے لئے روشنی منعکس کرنے والے ستون



اضافی معلومات مہیا کرنے والے دوسرے اشارے

آگے ٹریفک تحویل ہورہی ہے

اضافی معلومات مہیا کرنے والے دوسرے اشارے

اب رفتار کم کریں

آگے لین بند ہے

آگے لین کھلی ہے



دبئ میں سالک

سالک جس کا مطلب کھلا یا صاف ہے دبئي میں جولائی ۲۰۰۷ میں متعارف کیا جانے والا ٹال جمع کرنے کا الیکٹرونک نظام ہے۔ یہ نظام دبئي میں ٹریفک کے رش کو منتظم کرنے کے نظام کا حصہ ہے جس میں ٹال بوتھ، ٹال جمع کرنے والے افراد اور ٹریفک کے بہاؤ کو متاثر کئے بغیر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹال گیٹ سے گذرنے والی تیز رفتار گاڑیوں کو روکے بغیر ٹال جمع کیا جاتا ہے۔

آپ جب بھی ٹال گیٹ سے گذرتے ہیں تو ٹال ٹیکس آپ کے پری پیڈ اکاؤنٹ سے جدید ریڈیو فریکونسی ٹیکنالوجی (RIFD) کی مدد سے ٹال کاٹ لیا جاتا ہے۔

دبئ میں اس وقت مندرجہ ذیل سات (۷) جگہوں پر سالک گیٹ ہیں۔

- المکتوم برج
- القرہود برج
- الصفا
- البرشاء
- الممزر
- ائرپورٹ ٹنل
- جبل علی

Salik

آپ دبئی کے اکثر یا دوسری امارت میں منتخب پٹرول اسٹیشن سے سالک کا پری پیڈ اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔ آپ ایک سالک ٹیگ خریدیں اور اکاؤنٹ کھولنے کے لئے ایک فارم بھریں ۔ ہر گاڑی کے لئے ۱۰۰ درھم کی فیس وصول کی جاتی ہے جس میں ۵۰ درھم آپ کے سالک ٹیگ کی فیس اور ۵۰ درھم آپ کے اکاؤنٹ میں ٹال گیٹ کے استعمال کے لئے ہوتے ہیں۔ ٹیگ لگانے کی مکمل ہدایات ٹیگ کے ساتھ مہیا کی جاتی ہیں۔

سالک کارڈ بھرنا:

آپ اپنا سالک کارڈ یہاں ری چارج کر سکتے ہیں۔

سالک ویب سائٹ پیٹرول اسٹیشن ، امارات NBD بنک، اور دبئی اسلامک بنک ،دبئی گورنمنٹ سمارٹ فون ایپلیکیشن E-pay/ Mpay, کیوسک مشینیں، ای واؤچر، شاپنگ سینٹرز وغیرہ.

سالک کی خلاف ورزیاں:

اگر آپ سالک گیٹ سے سالک رجسٹریشن یا سالک اکاؤنٹ میں مطلوبہ بیلنس کے بغیر گذرتے ہیں تو درج ذیل جرمانے عائد ہوتے ہیں:

سالک اوکاؤنٹ میں مطلوبہ بیلنس نہ ہونے کی صورت میں ۵۰ درھم

غیر رجسٹریشن گاڑیوں والے درج ذیل سالک پر توجہ دیں:

- پہلی بار ۱۰۰ درھم
- دوسری بار ۲۰۰ درھم
- تین اور اس سے زیادہ بار ۴۰۰ درھم ہر بار

ایک سال میں زیادہ سے زیادہ جرمانے کی حد ۱۰،۰۰۰ درھم ہے۔ گاہک سالک خلاف ورزی کی تاریخ سے لیکر ۱۲۰ دنوں میں اپنی شکایات درج کر سکتے ہیں۔

سالک اکاؤنٹ کی دقت سے بچنے کے لئے:

- اپنا سالک ٹیگ فقط اس گاڑی کے لئے ہی استعمال کریں جس کا نمبر آپ نے سالک اکاؤنٹ میں درج کیا ہو۔
- اپنے سالک ٹیگ کو کسی اور گاڑی پر منتقل نہ کریں.
- اگر آپ اپنی گاڑی فروخت کرتے ہیں تو اس سے سالک ٹیگ اتار لیں اور اسے غیر مؤثر کروا لیں۔
- گاڑی کی نمبر پلیٹ یا موبائل فون نمبر تبدیل کرنے کی صورت میں سالک انتظامیہ کو مطلع کریں۔
- ہر نئی گاڑی کے لئے نیا سالک ٹیگ خریدیں؛ سابقہ مالک کے ٹیگ استعمال کرنے کے نتیجہ میں قانونی خلاف ورزی ہوگی۔
- آر۔ٹی۔اے کی طرف سے ایس ایم ایس کی سروس کا آغاز کیا گیا ہے، جس میں گاہکوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنے اکاؤنٹس کو ٹاپ اپ کریں اور پیروی کریں یہ اُن کی ذمہ داری ہے۔

سالک کے بارے میں مزید مکمل معلومات حاصل کرنے کے لئے ۸۰۰-سالک (۷۲۵۴۵) پر کال کریں یا www.salik.ae پر چیک کریں۔

تغیر پذیر پیغامات دینے والے اشارے۔ (وی ایم ایس)

تغیر پذیر پیغامات دینے والے اشارے ڈرائیوروں کو آگے سڑک کے حالات جاننے میں مدد کرتے ہیں۔ یہ لین اختیار کرنے، سڑک کے کھلا ہونے کے بارے میں ہوسکتے ہیں اور برے موسمی حالات، ٹریفک جام، حادثات یا سڑک پر کام جاری ہونے سے متعلق ہدایات دیتے ہیں۔

اگر (وی ایم ایس) حد رفتار ظاہر کرے تو اس وقت یہ حد رفتار اس سڑک پر لکھی ہوئی حد رفتار کی بجائے نافذ العمل ہوگی۔

سڑک پر لگے ٹریفک کے نشانات

سڑک پر لگے نشانات سڑک استعمال کرنے والوں کی ٹریفک کے بہاؤ کا نظم و ضبط رکھنے میں مدد کے لئے دکھائی دینے والی معلومات مہیا کرتے ہیں ۔ جیسا کہ سڑک کے اشارے اور سڑک پر لگے نشانات آپ کو اور سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کو سڑک پر محفوظ رکھنے میں مدد دیتے ہیں اس لئے ضرورت پڑنے پر ان کی پابندی کرنا آپ پر لازم ہے۔

سڑک پر لگے ہوئے نشانات سفید یا پیلے رنگ کے ہوتے ہیں۔

سڑک پر لگے ہوئے نشانات کی تین اقسام ہیں:

- نظم و ضبط کے لئے۔ ان نشانات کی پابندی کرنا قانونی طور پر لازم ہے
- انتباہ کرنے کے لئے۔ ان نشانات کی پابندی کرنا چاہئے کیونکہ یہ ڈرائیوروں کو خطرناک حالات سے محفوظ رکھنے کے لئے خبردار کرنے کا کام کرتے ہیں
- راہنمائی کے لئے۔ یہ نشانات آپ کے سفر میں راہنمائی کرنے میں مدد مہیا کرتے ہیں۔

ایک اہم قانون!

سڑک استعمال کرنے والے تمام افراد پر لازم ہے کہ وہ ٹریفک کے قوانین اور معیاروں کا احترام کریں، اشاروں، ٹریفک لائٹس اور پولیس آفیسر کی ہدایات کی پابندی کریں۔ اور محتاط رویہ اختیار کریں، تاکہ ان کے ڈرائیونگ کے طریقہ کار سے دوسروں کو نقصان نہ پہنچے، ان کو خطرہ پیش نہ آئے یا ان کی حرکت میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔

(آرٹیکل ۱، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ۱، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

نظم و ضبط کے لئے سڑک کے نشانات

سڑک پر لگے یہ نشانات آپ کو بتاتے ہیں کہ آپ کو کیا عمل کرنا چاہئے اور کیا نہیں۔ یہ سفید یا پیلے دونوں رنگ کے ہوسکتے ہیں۔ ان نشانات کی پابندی کرنا آپ پر لازم ہے۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے ہیں تو آپ قانون کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔

اوورٹیک کی ممانعت کی لائن

نیچے دیئے گئے خاکہ کے مطابق یہ سڑک پر لگی ہوئی مسلسل ٹھوس لائن ہے ۔ آپ پر لازم ہے کہ اس لائن کو کسی گاڑی کو اوورٹیک کرنے یا مڑنے کے لئے عبور مت کریں (ماسوائے ہنگامی صورتحال کے)۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ سڑک پر لگی ہوئی ٹریفک کو منقسم کرنے والی مسلسل ٹھوس لائن کو عبور مت کریں ۔

(آرٹیکل ۵۸، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ۱، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)



رکنے کی لائن

اگر آپ کسی ایسے چوراہے پر پہنچ رہے ہوں جس پر ٹریفک لائٹ یا رکنے کا اشارہ نصب ہو تو آپ کو اس سڑک پر آپ کی لین کو منقطع کرکے لگائی ہوئی ایک سفید لائن بھی ملے گی۔ سڑک پر رکنے کے اشارے اور رکنے کی لائن لگے ہونے کی صورت میں میں آپ پر لازم ہے کہ آپ اس لائن سے پہلے اپنی گاڑی مکمل طور پر روک دیں۔ ٹریفک کی لائٹ اور رکنے کی لائن لگے ہونے کی صورت میں آپ پر لازم ہے کہ آپ اس لائن کو عبور مت کریں ماسوائے آپ کے سامنے ٹریفک کی لائٹ سبز ہو۔ ایسا کرنے سے پہلے ہمیشہ اس بات کی یقین دھانی کریں کہ چوراہے میں سے گذرنے کا راستہ صاف اور محفوظ ہو۔

راستہ دیں کے لئے لائن

جہاں "راستہ دیں" کا اشارہ نصب ہو وہاں دوسری جانب سے آنے والی ٹریفک کے راستہ کو منقطع کئے ہوئے ایک غیر مسلسل لائن لگی ہوئی ہوگی۔ آپ پر لازم ہے کہ آپ کے راستہ کو کاٹنے والی ٹریفک یا پیدل چلنے والے افراد کو گذرنے کے لئے راستہ دیں۔ ٹکراؤ سے بچنے کے لئے اپنی رفتار کم کردیں اور رک جائیں۔ ایسا کرنے سے پہلے ہمیشہ اس بات کی یقین دھانی کریں کہ چوراہے میں سے گذرنے کا راستہ صاف اور محفوظ ہو۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ پیدل چلنے والے افراد کے سڑک عبور کرنے کی جگہ پر جہاں ٹریفک لائٹ ہو یا پولیس آفیسر موجود ہو، پہنچنے سے قبل اپنی رفتار کو کم کردیں۔ اگر آپ کو گذرنے کی اجازت نہ ہو، آپ پر لازم ہے کہ عبور کرنے کی جگہ سے پہلے رک جائیں اور جب ٹریفک کا اشارہ اجازت دے کہ آپ گذر سکتے ہیں تو آپ عبور کرنے کی جگہ خالی ہونے تک انتظار کریں۔ ایسی جگہیں جہاں عبور کرنے کی جگہ پر اشارہ یا پولیس آفیسر موجود نہ ہو تو آپ پر لازم ہے کہ آپ پیدل چلنے والے افراد کو سڑک عبور کرنے کے لئے راستہ دینے کے لئے رک جائیں۔

(آرٹیکل ۳۵، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)



پیدل چلنے والے افراد کے عبور کرنے کی جگہ

پیدل چلنے والے افراد کے عبور کرنے کی جگہ پر جو اس جگہ کو ڈرائیوروں اور پیدل چلنے والوں کے لئے واضح کرنے کے لئے سفید رنگ سے لگی ہوئی موٹی لائنیں ہوتی ہیں۔ آپ پر لازم ہے کہ پیدل عبور کرنے کی جگہ پر پیدل چلنے والوں کو گذرنے کے لئے راستہ دیں۔

باکس جنکشن

بڑے چوراہوں پر پیلے رنگ کی لائنوں سے ایک بڑا باکس بنا ہوتا ہے جس میں ترچھے مربعے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ اس کو باکس جنکشن کہتے ہیں۔ یہ ڈرائیوروں کو بہت زیادہ ٹریفک ہونے کی صورت میں چوراہے کے درمیان میں رک کر دوسروں کے لئے رکاوٹ نہ بننے سے خبردار کرنے کے لئے ہے۔ ڈرائیوروں کو چوراہے کے درمیان قطار میں کھڑے نہ ہونے کی ہدایت کے لئے اشارے لگے ہوتے ہیں۔



انتباہ کرنے کے سڑک کے نشانات

انتباہ کرنے کے سڑک کے نشانات ڈرائیوروں کو ممکنہ خطرناک صورتحال سے خبردار کرتے ہیں۔

گاڑی کو تھرتھرانے والی پٹیاں۔ Rumble Strips

سڑک پر تھوڑی سی اٹھی ہوئی پٹیاں جن پر پیلے رنگ سے لائن لگی ہوتی ہیں ان کو Rumble strips کہتے ہیں. یہ ڈرائیوروں کو خبردار کرتی ہیں کہ وہ کسی خطرہ جیسا کہ راؤنڈ اباؤٹ یا پیدل چلنے والوں کے عبور کرنے کی جگہ پر پہنچنے والے ہیں۔ ڈرائیور ان کو دیکھ سکتے ہیں اور جب ان کے اوپر سے گاڑی گذارتے ہیں تو تھرتھراہٹ کی آواز سن سکتے ہیں اور گاڑی کا ارتعاش محسوس کرسکتے ہیں۔ یہ بطور خبردار کرنے کے کام آتی ہیں اور ڈرائیوروں کے لئے لمبے سفر کے دوران مدد گار ہوتی ہیں جب وہ آرام نہ کرنے کے باعث تھکاوٹ یا نیند محسوس کررہے ہوں۔

رفتار کم کرنے کا جمپ

ڈرائیوروں کو خبردار کرنے کے لئے کہ آگے سڑک پر رفتار کم کرنے کا جمپ ہے، سڑک کی پوری چوڑائی کے رخ اس کے کناروں تک پیلے رنگ سے غیر مسلسل لائنیں لگی ہوتی ہیں۔ رفتار کم کرنے کے جمپ سے خبردار کرنے کا اشارہ قبل از وقت مطلع کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

پیدل چلنے والے افراد سے خبردار رہیں کیونکہ ہوسکتا ہے کہ وہ اس جگہ کو سڑک عبور کرنے کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔

راہنمائی کے لئے سڑک کے نشانات

یہ نشانات ڈرائیوروں کو چوراہوں اور راؤنڈ اباؤٹ میں گاڑی چلانے کے راستہ کو واضح کرنے میں مدد مہیا کرتے ہیں۔

سڑک کے درمیان کی لائن

بہت سی سڑکوں کے درمیان میں رنگ کے ساتھ مسلسل یا غیر مسلسل اکہری لائنیں لگائی ہوئی ہوتی ہیں۔ اپنی لین میں رہیں اور جب آپ کو یہ لائنیں نظر آئیں تو آپ اس سے باخبر ہیں کہ آپ کو کیا کرنا چاہئے اور کیا نہیں کرنا چاہئے۔ ذیل میں کچھ مثالیں دی گئی ہیں۔



غیر مسلسل پیلی لائن

اگر آپ کسی غیر منقسم سڑک پر گاڑی چلارہے ہوں جہاں دو مخالف سمت میں دو لین ہوں تو سڑک کے درمیان میں پیلے رنگ کے ساتھ غیر مسلسل لائن لگی ہوئی ہو گی۔ لائن کے دائیں جانب رہیں اور سڑک کے دائیں کنارے کے قریب رہ کر گاڑی چلائیں۔ یہ لائنیں عبور کرتے وقت احتیاط سے کام لیں اور ایسا صرف اس صورت میں کریں جب آگے سڑک صاف ہو اور ایسا کرنا محفوظ ہو۔

متحدہ عرب امارات کے کچھ علاقوں میں دوطرفہ سڑک پر سفید رنگ سے غیر مسلسل لائن ہوگی ، جب آپ ایسی سڑک پر گاڑی چلارہے ہوں تو خبردار رہیں اور ان لائنوں کو پیلی لائنوں کی طرح ہی سمجھتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔



غیر مسلسل سفید لائنیں

غیر مسلسل سفید لائنیں دو یا دو سے زیادہ لین کی ایک ہی سمت میں چلنے والی ٹریفک کو جدا کرتی ہیں۔ اپنی گاڑی کو مکمل طور پر ایک ہی لین میں رکھتے ہوئے چلائیں۔

آپ دیکھیں کہ کچھ مقامات پر غیر مسلسل لائنیں کچھ لمبی ہوتی ہیں (یا طویل سفید لائنیں)۔ یہ لائنیں ایسے مقامات پر استعمال کی جاتی ہیں جہاں لین تبدیل کرنے یا عبور کرنے کی اجازت نہیں ہوتی ہے، مثال کے طور پر جب آپ کسی چوراہے یا پیدل عبور کرنے کی جگہ پر پہنچ رہے ہوں۔



مسلس لائن ۔ اکہری یا دوہری

آپ پر لازم ہے کہ آپ ان لائنوں کے دائیں جانب رہیں۔ آپ پر لازم ہے کہ سڑک کے درمیان میں لگی ہوئی دوہری سفید لائن کو عبور مت کریں۔ آپ یہ لائنیں ایسی جگہوں پر دیکھیں گے جو خاص طور پر خطرناک ہوتی ہیں۔ (مثال کے طور پر، کسی موڑمیں جہاں آپ مخالف سمت سے آنے والی ٹریفک کو نہیں دیکھ سکتے)۔



دوہری سفید لائن، ایک طرف مسلسل اور دوسری طرف غیر مسلسل

آپ ان لائنوں کو صرف کسی گاڑی کو اوورٹیک کرنے کی صورت میں، یا سڑک میں داخل یا خارج ہوتے وقت اس صورت میں عبور کرسکتے ہیں جب غیر مسلسل لائن آپ کی جانب ہو۔ آپ پر لازم ہے کہ جب مسلسل لائن آپ کی جانب ہو تو ان لائنوں کو عبور مت کریں۔

ٹریفک کی لین کے لئے تیر کا نشان

کچھ چوراہوں پر لین کے درمیان میں رنگ کے ساتھ تیر کے نشانات بنے ہوتے ہیں۔ یہ اس لین میں چلنے والی ٹریفک کے لئے لازمی طور پر اختیار کرنے کی سمت کی نشاندہی کرتے ہیں۔



چوراہوں پر ٹریفک کا نظم و ضبط

آپ کے دبئ میں گاڑی چلانے کے تجربہ میں بہت سے چوراہوں میں سے گذرنا شامل ہوگا، جن میں دونوں بڑے اور چھوٹے چوراہے شامل ہوں گے۔ ان اشاروں پر ٹریفک کا نظم وضبط ٹریفک کی لائٹ یا اشارے سے کیا جاتا ہے یا بجلی مکمل طور پر منقطع ہونے کی صورت میں ہوسکتا ہے کہ ٹریفک لائٹ کام نہ کررہی ہو۔ کچھ تقاطع جیسا کہ بڑے راؤنڈ اباؤٹ ، ڈرائیوروں کو خطرے سے خبردار کرنے اور خاص طور پر احتیاط کرنے کی ہدایت کرنے کے لئے جلنے بجھنے والی پیلی بتیاں لگی ہوں گی۔

ایک اہم قانون!

جب کسی چوراہے پر کوئی پولیس آفیسر ٹریفک کو کنٹرول نہ کررہا ہو، یا کوئی ٹریفک کا اشارہ اسی مقصد کے لئے چوراہے یا تقاطع پر موجود نہ ہو تو پہلے جانے کی فوقیت ان گاڑیوں کو لازمی طورر پر دینی چاہئے جو بڑی سڑک پر سفر کررہی ہوں گی۔ جہاں تقاطع پر راؤنڈ اباؤٹ موجود ہو تو بائیں جانب سے جو بھی گاڑی آرہی ہو اس کو راستہ پر فوقیت حاصل ہوگی۔

(آرٹیکل ٦، م ع ١ ، وفاقی قانون برائے ٹریفک ٢١، ١٩٩٥)







ٹریفک کا نظم وضبط رکھنے والی لائٹس

ٹریفک کی لائٹس ٹریفک کے بہاؤ کا نظم وضبط رکھنے کے لئے مختلف اطراف سے آنے والی ٹریفک کو ایک دوسرے پر فوقیت دیتی ہیں جن میں پیدل چلنے والے افراد بھی شامل ہیں۔ تاہم، جیسا کہ ہم نے دیکھا ہے کہ بہت سے ڈرائیور اور سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد سے غلطیاں سرزد ہوتی ہیں، تو آپ کو بہت سے چوراہوں پر چوکنا رہنے کی ضرورت ہوتی ہے جن میں وہ چوراہے بھی شامل ہیں جو ٹریفک لائٹ سے کنٹرول کئے جاتے ہیں۔

آپ پر لازم ہے کہ آپ ٹریفک کے اشاروں کی پابندی کریں۔

سرخ اشارے کا مطلب ہے کہ آپ پر رکنا لازم ہے۔ چوراہے میں داخل مت ہوں۔

جب آپ ٹریفک لائٹ پر پہنچ رہے ہوں اور لائٹ سبز ہو تو آپ کو ٹریفک لائٹ کے تبدیل ہوجانے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ قانونی طور پر آپ پر لازم ہے کہ سرخ لائٹ پر رک جائیں اور سبز لائٹ پر چلیں۔ پیلی لائٹ سرخ لائٹ کی طرح ہی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر آپ محفوظ طریقہ سے رک سکتے ہوں تو رک جائیں۔ مشکل اس وقت پیدا ہوتی ہےجب آپ ٹریفک لائٹ کی جانب بہت تیزی سے آرہے ہوں۔ آپ کو بسرعت فیصلہ کرنا ہوتا ہے کہ رکنا چاہئے یا چلتے رہیں۔ اکثر اوقات صحیح فیصلے کے لئے مناسب وقت میسر نہ ہونے کی وجہ سے غلط فیصلہ ہوجاتا ہے۔

اس مشکل سے نمٹنے کا سادہ اور محفوظ ترین راستہ یہ ہے کہ ناقابل واپسی کے مقام کی پیش بینی کی جائے۔ یہ ایسا مقام ہے جہاں آپ اپنی گاڑی روکنے کے قابل نہیں ہوں گے۔ آپ جب ٹریفک لائٹ پر پہنچ رہے ہوں تو ہمیشہ اپنی رفتار کم کردیں۔ اس طرح کرنے سے آپ کے بریک لگانے کے لئے درکار فاصلہ میں قابل قدر کمی ہوجاتی ہے۔ ٹریفک لائٹ کے قریب سڑک پر لگی ہوئی رکنے کی لائن کا بغور مشاہدہ کریں کہ یہ کہاں موجود ہے۔ ایسا کرنے سے آپ ناقابل واپسی مقام کی نشاندہی کرنے کا اندازہ لگاسکیں گے۔ اس سے آپ رکنے یا چلتے رہنے کا درست فیصلہ کرنے کے قابل ہوں گے۔ ٹریفک لائٹ تک پہنچنے کے دوران آپ کو مستقل طور پر اپنی گاڑی کے شیشوں سے پیچھے آنے والی گاڑیوں کو دیکھتے رہنا ہوگا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ آپ کے پیچھے کتنی گاڑیاں آرہی ہیں اور ان کا آپ سے کتنا فاصلہ ہے۔ یہ معلومات آپ کے رکنے یا چلتے رہنے، آرام سے یا زور سے بریک لگانے کے فیصلے پر اثرانداز ہوسکتی ہیں۔

خلاصہ کے طور پر اگر آپ کے ناقابل واپسی مقام تک پہنچنے سے پہلے پیلی لائٹ روشن ہوجائے تو آپ کے پاس رکنے کے لئے کافی وقت ہوتا ہے۔ اگر پیلی لائٹ ناقابل واپسی مقام کے بعد روشن ہو تو آپ کو چاہئے محتاط ہو کر چلتے رہیں۔

ناقابل واپسی مقام کی پیش بینی کرتے وقت بہت سی دوسری اہم چیزوں کا بھی خیال رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے، جیسا کہ سڑک کی حالت، موسمی حالات، گاڑی کی حالت، آپ کی رفتار اور آپ کے اطراف میں موجود گاڑیوں کی رفتار۔



ٹریفک لائٹ کچھ خاص مشکلات بھی پیدا کرسکتی ہیں۔ اگر آپ کے سامنے ٹریفک کی سبز لائٹ کچھ دیر سے روشن ہو تو آپ رکنے کے لئے تیار رہیں۔ بریک پر پاؤں رکھیں۔ دبئی میں ٹریفک کی سبز لائٹ تبدیل ہونے سے کچھ وقت پہلے جلنا بجھنا شروع ہوجاتی ہے۔ جب آپ ایسا ہوتا دیکھیں تو اپنی رفتار کم کردیں اور رکنے کے لئے تیار رہیں۔ لائٹ کو پچھاڑنے کے لئے اپنی رفتار بڑھانے کی کوشش مت کریں۔

جب آپ ٹریفک لائٹ پر کھڑے ہوں اور سبز لائٹ روشن ہوجائے تو آپ حرکت کرنے سے پہلے اس بات کی یقین دھانی کریں کہ دوسری سڑک پر موجود گاڑیاں رک رہی ہیں۔ بعض اوقات کچھ ڈرائیور سرخ لائٹ میں اپنی رفتار تیز کردیتے ہیں آپ کو اس کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ آپ کو صرف اس صورت میں ہی چلنا چاہئے جب ایسا کرنا محفوظ ہو۔

وہ ٹریفک لائٹ جس پر مڑنے کے لئے تیر کا نشان ہو ان پر مڑنا آسان ہوتا ہے، کیونکہ:

- آپ پر لازم ہے کہ اگر آپ جس سمت میں جانا چاہتے ہیں اس سمت کی طرف اشارہ کرنے والا تیر کا نشان سرخ ہو تو آپ رک جائیں۔
- آپ چوراہے میں داخل ہوسکتے ہیں، اگر آپ جس سمت میں جانا چاہتے ہیں اس سمت کی جانب اشارہ کرنے والا تیر کا نشان سبز ہو، اگر ایسا کرنا محفوظ ہو اور دوسری جانب آپ کے لئے کافی جگہ بھی موجود ہو۔

۲۰۱۵ میں ریڈ لائٹ سگنل ہونے پر بھی گاڑی چلانے سے ۱۴۲ حادثات ہوئے۔ جس کے نتیجے میں ۴ افراد ہلاک ہوئے

ٹریفک کا نظم وضبط رکھنے والے اشارے

بہت سے چوراہوں اور دوسری جگہوں پر رکنے اور راستہ دیں کے اشارے ڈرائیوروں کی سلامتی کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ ان اشاروں کی پابندی لازمی طور پر کرنی چاہیے۔ سڑکوں پر رکنے اور راستہ دیں کی لائنوں کے نشانات بھی لگے ہوئے ہوتے ہیں۔

آپ پر لازم ہے کہ راستہ دیں۔ راستہ دینے کا مطلب ہے کہ آپ اپنی رفتار آہستہ کردیں یا اگر ضرورت ہو تو حادثے سے بچنے کے لئے دوسری گاڑیوں یا پیدل چلنے والوں کو راستہ دیں	آپ پر لازم ہے کہ رک جائیں

زبردستی راستہ بنانے کے لئے گھسنے کی کوشش مت کریں۔ یاد رکھیں کہ سلامتی برقرار رکھنا کسی پر فوقیت حاصل کرنے سے زیادہ اہم ہے۔

حد رفتار

حدرفتار کے اشارے آپ کو زیادہ سے زیادہ اور بعض صورتوں میں کم از کم رفتار پر گاڑی چلانے کی ہدایت دیتے ہیں جبکہ سڑک کی حالت اچھی اور موسم صاف ہو۔

دبئی میں حد رفتار کے قوانین ذیل میں دیئے گئے ہیں، ان کی پابندی اس وقت تک لازمی ہے جب تک آپ ایسا اشارہ نہ دیکھیں جس پر اس کے برعکس ہدایات دی گئی ہوں۔

- پارکنگ کرنے کی جگہ یا سروس روڈ ـ ۲۵ کلومیٹر / گھنٹہ
- شہر میں ایک لین والی سڑک۔ ۴۰ کلومیٹر / گھنٹہ
- شہر میں دو لین والی سڑک۔ ۶۰ کلومیٹر / گھنٹہ یا ۸۰ کلومیٹر / گھنٹہ (جس کا بھی اشارہ لگا ہو)
- مضافاتی سڑکیں۔ ۱۰۰ کلومیٹر / گھنٹہ
- بڑی شاہراہیں۔ ۱۲۰ کلومیٹر / گھنٹہ (چھوٹی گاڑیوں کیلئے)، ۸۰ کلومیٹر / گھنٹہ (بڑی گاڑیوں کیلئے) کم از کم رفتار ۶۰ کلومیٹر / گھنٹہ۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ حدرفتار پر دی گئی حد سے زیادہ رفتار سے گاڑی ہرگز نہ چلائیں۔ ہر صورت میں حدرفتار کا احترام کریں اور رفتار کم کرنے اور محفوظ طور پر رکنے کی قابلیت رکھیں۔

(آرٹیکل ۳۸، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

آپ پر لازم ہے کہ آپ حدرفتار میں رہتے ہوئے اور پیش آنے والے ڈرائیونگ کے حالات کے مطابق محفوظ ترین رفتار اختیار کریں ۔

نوٹ: تبدیل ہونے والے پیغام کے اشارہ پر ظاہر ہونے والی حد رفتار اس سڑک پر نصب حد رفتار پر قانونی طور پر فوقیت رکھتی ہے۔

پیدل چلنے والے افراد کو راستہ دینا

دبئی میں رہنے والے لوگ پوری دنیا سے آئے ہوئے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ کچھ پیدل افراد سڑک عبور کرتے وقت غلط سمت میں دیکھیں۔ اس کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ انہیں سڑک پر آنے والی گاڑیوں کو بائیں جانب کی بجائے دائیں جانب دیکھنے کی عادت ہو۔ دبئی میں پیدل افراد کے حادثات کا شکار ہونے کی شرح بہت زیادہ ہے۔

پیدل چلنے والے افراد کے لئے ٹریفک کے اشارے

بحیثیت سڑک استعمال کرنے والے پیدل چلنے والے افراد پر لازم ہے کہ وہ پیدل چلنے والوں کے لئے لگائے گئے ٹریفک کے اشاروں کی پابندی کریں۔ بطور ایک ڈرائیور ، آپ کو ضرورت ہوتی ہے کہ ٹریفک کے اشاروں کی پابندی نہ کرنے والے پیدل چلنے والے افراد پر نظر رکھیں۔ ایسے پیدل چلنے والوں سے خبردار رہیں جو ٹریفک کے اشارے کی پروا نہ کرتے ہوئے سڑک عبور کرنے کی کوشش کرتے ہیں جبکہ ایسا کرنا ان کے لئے غیر محفوظ ہوتا ہے۔

ایک اہم قانون!

تمام ڈرائیوروں پر لازم ہے کہ وہ جس سڑک میں مڑرہے ہوں اس سڑک کو عبور کرنے والے پیدل چلنے والے افراد کو گذرنے کا راستہ دیں۔

(آرٹیکل ۳۶، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

کئی ایسے قانون موجود ہیں جو آپ کو ہدایت دیتے ہیں کہ آپ پر کس وقت لازم ہوتا ہے کہ آپ پیدل چلنے والے افراد کو راستہ دیں۔



پیدل چلنے والوں کے سڑک عبور کرنے کی جگہ پر

پیدل چلنے والوں کے سڑک عبور کرنے کی کچھ جگہوں پر جلنے بجھنے والی پیلی بتیاں لگی ہوتی ہیں۔ جب آپ کے سامنے جلنے بجھنے والی پیلی لائٹ ہو، محتاط ہو کر آگے چلیں اور ایسے پیدل چلنے والوں پر نظر رکھیں جو سڑک عبور کرنا چاہتے ہوں۔ جب پیدل چلنے والا اس جگہ پہنچے گا تو پیلی لائٹ بند ہو کر سرخ لائٹ روشن ہوجائے گی۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ آپ جب پیدل چلنے والوں کے لئے مخصوص جگہ پر پہنچیں جس کی نشاندہی سڑک کے اشاروں اور ٹریفک لائٹ سے کی گئی ہو یا کوئی پولیس آفیسر ٹریفک کو کنٹرول کررہا ہو تو اپنی رفتار کم کردیں۔ کسی اشارے یا پولیس آفیسر کی غیرموجودگی کی صورت میں آپ پر لازم ہے کہ رک جائیں اور پیدل چلنے والوں کو سڑک عبور کرنے کے لئے راستہ دیں۔

(آرٹیکل ۳۵، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)



تقاطع پر

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ جب آپ کسی تقاطع سے دائیں یا بائیں مڑرہے ہوں تو مڑنے والی سڑک پر موجودپیدل چلنے والوں کو راستہ دیں۔

(آرٹیکل ۳۶، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)



سلپ لین میں (SLIP LANE)

آپ پر لازم ہے کہ سلپ لین میں سڑک عبور کرنے والے پیدل چلنے افراد کو راستہ دیں۔

سلپ لین سڑک کا وہ حصہ ہے جو دائیں مڑنے والی گاڑیاں استعمال کرتی ہیں اور یہ ایک جزیرہ نما جگہ سے سڑک کے دوسرے حصوں سے جدا ہوتا ہے۔



فٹ پاتھ پر

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ ان پیدل چلنے والے افراد کو راستہ دیں جو ایسے فٹ پاتھ پر چل رہے ہوں جس کو عبور کرکے آپ مڑنے والے ہوں۔

(آرٹیکل ۳۶، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

موڑ مڑنا

یہ ایسی جگہ ہے جہاں لین کا نظم و ضبط اور تیاری کرنا بہت ہی اہم ہو جاتا ہے۔ آپ نے جو موڑ مڑنا ہو اس کی تیاری پہلے ہی سے کریں۔ کافی پہلے ہی سے یہ فیصلہ کریں کہ آپ نے کون سی لین کا انتخاب کرنا ہے اور اس لین میں اپنی گاڑی کو مناسب مقام پر لانے کو یقینی بنائیں تاکہ جب آپ تقاطع پر پہنچیں تو آپ درست لین میں ہوں۔

جب آپ موڑ مڑنے کے لئے درست مقام اختیار کرنے کے لئے لین تبدیل کررہے ہوں تو اپنے ارادوں سے دوسروں کو خبردار کرنے کے لئے اشاروں کا استعمال لازمی طور پر کریں۔ دوسروں کے درمیان زبردستی گھسنے کی کوشش مت کریں۔ یاد رکھیں، کسی کو بھی راستہ پر حق حاصل نہیں ہے۔ قانون اس بات کو واضح کرتا ہے کہ کس کو راستہ دینا چاہئے۔

یاد رکھیں، سڑک استعمال کرنے والوں سے راستہ دینے کے معاملے میں غلطیاں سرزد ہوسکتی ہیں۔ ہمیشہ دوسرے ڈرائیوروں سے آنکھیں چار کریں تاکہ آپ کو یقین ہوجائے کہ انہوں نے آپ کو دیکھ لیا ہے اور احتیاط سے گاڑی چلائیں۔

ایک لین کی سڑک سے بغیر ٹریفک لائٹ کے تقاطع سے بائیں مڑنا



سرخ گاڑی پر لازم ہے کہ وہ رک جائے اور سبز گاڑی کو راستہ دے جس کے سامنے رکنے یا راستہ دینے کا اشارہ نہیں ہے۔

آپ تقاطع پر پہنچتے وقت سڑک کے درمیان کے قریب ترین مقام پر رہنے کی ممکنہ کوشش کریں۔

اگر تقاطع پر رکنے کا اشارہ یا لائن ہو، یا راستہ دیں کا اشارہ یا لائن ہو تو آپ پر لازم ہے کہ تقاطع میں موجود یا داخل ہونے والی یا آپ کی جانب آنے والی گاڑی کو راستہ دیں۔ ماسوائے :

- دائیں مڑنے والی گاڑی کے جو سلپ لین استعمال کررہی ہو۔
- آپ کی جانب آنے والی گاڑی جو بائیں مڑ رہی ہو اگر اس کے سامنے بھی رکنے یا راستہ دینے کا اشارہ یا لائن موجود ہو۔

اگر تقاطع پر کوئی رکنے یا راستہ دیں کا اشارہ یا لائن موجود نہ ہو تو ذیل میں دیا گیا قانون لاگو ہوگا۔



مڑنے والی سرخ گاڑی پر لازم ہے کہ پیدل چلنے والے کو راستہ دے۔

جب سڑک صاف ہو تو تقاطع کے درمیان کے بائیں جانب سے موڑ مڑیں۔ محتاط رہیں اور خطروں کا مشاہدہ کرتے رہیں۔ اگر آپ بائیں مڑ رہے ہوں تو ہوسکتا ہے کہ مخالف سمت سے آنے والی گاڑیاں جو بائیں مڑ رہی ہوں آپ کے سامنے سے آنے والی دوسری گاڑیوں کو دیکھنے میں رکاوٹ کا باعث بن رہی ہوں۔ اس بات کی یقین دہانی کریں کہ آپ کے موڑ مکمل کرنے سے پہلے سڑک صاف ہو۔ آپ کو ان پیدل چلنے والوں کو بھی راستہ دینا چاہئے جو اس سڑک پر موجود ہوں جس میں آپ مڑرہے ہوں۔

ایک اہم قانون!

جب ٹریفک کو کسی اشارے یا پولیس آفیسر سے کنٹرول نہ کیا جارہا ہو تو، آپ پر لازم ہے کہ: اگر دونوں جانب کی سڑکیں ایک ہی جیسی ہوں تو بائیں جانب سے آنے والی گاڑی کو راستہ دیں۔

اگر گاڑیاں بڑی سڑک سے چھوٹی سڑک میں مڑ رہی ہوں تو انہیں راستہ دیں۔

(آرٹیکل ۴۴، لاگو کردہ ضمنی قانون ، م ع ا ، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

دوہری لین کی سڑکوں سے بائیں مڑنا

کچھ دہری لین کی سڑکوں پر رنگ سے تیر کے نشان بنے ہوتے ہیں جو دوسری لین میں سے مڑنے کی اجازت ہونے کی نشاندہی کرتے ہیں۔ اگر سڑک کے نشانات موڑ مڑنے کے طریقہ کو واضح کرتے ہوں تو آپ پر لازم ہے کہ سڑک کے نشانات کی پابندی کریں۔

ٹریفک لائٹ سے بائیں مڑنا

دبئی کے اکثر ٹریفک لائٹ کے چوراہوں پر بائیں مڑنے کے لئے ایک اضافی لین بنی ہوتی ہے جو آپ کو بائیں مڑنے میں آسانی مہیا کرتی ہے۔ بعض چوراہوں پر بائیں مڑنے کےلئے دو یا تین لین ہوتی ہیں، خاص طورپر ان چوراہوں پر جہاں بہت زیادہ ٹریفک ہوتی ہے۔ آپ کے لئے یہ سوچنا بہت اہم ہے کہ موڑ مکمل کرنے کے بعد آپ کو کس لین میں داخل ہونا ضروری ہوگا۔ اس کے لئے آپ کو چوراہے پر پہنچنے سے پہلے لین کے انتخاب کے بارے میں محتاط ہوکر فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر آپ کو موڑ مکمل کرنے کے فوراً بعد دائیں مڑنے کی ضرورت ہو تو آپ کو مڑنے والی لین میں سے دائیں لین کا انتخاب کرنا چاہیئے۔ آپ کو نئی سڑک کی دائیں لین میں اپنا موڑ مکمل کرنا چاہیئے تاکہ آپ کو دوبارہ دائیں سمت میں مڑنے میں آسانی ہو۔



اگر آپ کو موڑ مکمل کرنے کے بعد بائیں مڑنا ہو تو آپ کو مڑنے والی لین میں سے بائیں لین کا انتخاب کرنا چاہیئے۔ آپ کو نئی سڑک کی بائیں لین میں اپنا موڑ مکمل کرنا چاہیئے۔ اس سے آپ اگلا موڑ مڑنے کے لئے درست پوزیشن میں ہوں گے۔

اگر آپ کو موڑ مکمل کرنے کے بعد سیدھا جانا ہو تو آپ کو دائیں یا بائیں لین میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا چاہیئے۔ اگر آپ مڑنے والی بائیں لین کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کو چاہیئے کہ جس سڑک میں آپ مڑ رہے ہوں اس کی بائیں لین میں داخل ہوں۔ اگر آپ مڑنے کے لئے دائیں لین کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کو چاہیئے کہ جس سڑک میں آپ مڑ رہے ہوں اس کی درمیانی یا بائیں لین میں داخل ہوں۔

آپ جو عمل بھی کررہے ہوں اس کے بارے میں سوچیں اور درست فیصلے کریں۔ آپ کے غلط فیصلے سے نہ صرف دوسرے ڈرائیور الجھن کا شکار ہوسکتے ہیں بلکہ یہ آپ کے اور دوسروں کے لئے بہت زیادہ خطرناک بھی ثابت ہوسکتا ہے۔

دائیں موڑ مڑنا

آپ کو صحیح طور پر تیار رہنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کو ٹھیک معلوم ہونا چاہئے کہ آپ نے کس طرف جانا ہے تاکہ آپ موڑ مڑنے کے لئے درست لین اختیار کرسکیں۔



دایاں موڑ مڑنے کے لئے آپ چوراہے تک اس طرح پہنچنا چاہئے کہ سڑک کی دائیں لین میں رہیں اور اپنے دائیں جانب سائیکل سواروں پر نظر رکھیں جو ہوسکتا ہے کہ چوراہے سے سیدھا جا رہے ہوں۔



جس چوراہے پر سلپ لین موجود ہو تو تیر کے نشانات اس بات کو واضح کریں گے کہ دایاں موڑ مڑنے کے لئے دوسری لین بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔ اگر ایسا کرنا ممکن ہو تو اس لین کے اختیار کرنے کا فیصلہ کریں جو چوراہے سے مڑنے کے بعد آپ کے مطلوبہ راستہ کے مطابق بہترین انتخاب ہو۔ اگر آپ نے موڑ مڑنے کے بعد بائیں مڑنا ہو تو آپ کو چاہئے کہ مڑنے والی لین میں سے بائیں لین کا انتخاب کریں۔ اگر آپ نے موڑ مڑنے کے بعد سیدھا جانا ہو تو آپ کوئی بھی لین استعمال کرسکتے ہیں لیکن اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ جس لین سے مڑ رہے ہوں موڑ مڑنے کے بعد اس سڑک میں اس سے مطابقت رکھنے والی لین ہی اختیار کریں۔یاد رکھیں، کہ آپ جس سڑک میں مڑ رہے ہوں اس پر موجود گاڑیوں اور پیدل چلنے والے افراد کو لازمی طور پر راستہ دیں۔



ٹی۔ تقاطع سے موڑ مڑنا

ٹی۔ تقاطع پر پہنچنے کا طریقہ بالکل اسی طرح ہی ہے جیسے آپ کسی دوسرے تقاطع پر پہنچتے ہیں۔ آپ کو یہ پہلے ہی سے معلوم ہونا چاہئے کہ آپ کس طرف جا رہے ہیں اور درست لین کا انتخاب کافی پہلے ہی سے کریں۔ اگر ٹی تقاطع پر کوئی ٹریفک کا اشارہ نہ ہو اورآپ اس سڑک پر ہوں جو ٹی تقاطع پر آکر ختم ہورہی ہو تو آپ پر لازم ہے کہ سامنے والی سڑک پر چلنے والی گاڑیوں کو راستہ دیں۔



اس تصویر کے مطابق سرخ گاڑی پر لازم ہے کہ وہ سبز گاڑی کو راستہ دے۔

ٹی-تقاطع وہ جگہ ہوتی ہے جہاں دوسڑکیں آکر ملتی ہوں اور ان میں سے ایک وہاں ختم ہوجاتی ہو۔ ٹی-تقاطع ہمیشہ ایک سادہ ٹی کی شکل کا نہیں ہوتا ہے۔

یو-ٹرن (U- Turn)

جو ڈرائیور یو- ٹرن کرنے کے خواہش مند ہوں انہیں ٹریفک لائٹ کا سامنا ہو سکتا ہے جو ان کی حرکت کو کنٹرول کرتی ہے یا رکنے کا اشارہ ہو گا جس کے ساتھ سڑک پر رکنے کی لائن بھی لگی ہوئی ہو گی۔ رکنے کا اشارہ اور سڑک پر ٹھوس لائن لگی ہونے کی صورت میں، ڈرائیوروں پر لازم ہے کہ وہ رک جائیں اور دوسری گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں کو راستہ دیں جو دوہری لین کی اس سڑک پر موجود ہوں جس میں آپ مڑ رہے ہوں۔

موڑ مڑنے سے پہلے آپ پر لازم ہے کہ :

- اپنے ارادوں سے دوسروں کو خبردار کرنے کے لئے مناسب وقت پہلے ہی اشارے کو استعمال کریں
- مڑنے والی لین میں مناسب موقع اور وقت پر چلے جائیں
- رکنے والی لائن سے پہلے رک جائیں
- دونوں سمت سے آنے والی ٹریفک کو صاف طور پر دیکھیں۔

جس سڑک پر سڑک منقسم کرنے والی درمیانی لائن نہ لگی ہوئی ہو تو آپ کو اس بات کی ہدایت کی جاتی ہے کہ سڑک کے دائیں جانب سے یو-ٹرن کریں۔ اپنے پیچھے سے آنے والی ٹریفک کو دیکھنا یاد رکھیں۔

کھلا یو۔ٹرن

ایک کھلے یو۔ٹرن پر آپ کے سامنے رکنے کا اشارہ موجود ہو گا اور آپ شاہراہ میں داخل ہوں گے۔ آپ کو چاہیئے کہ دوسروں کو اپنے ارادوں سے خبردار کرنے کے لئے اشارے کا استعمال کریں کہ آپ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ پھر مڑنے والی لین میں داخل ہو جائیں، اپنی رفتار بتدریج کم کریں اور رکنے کی لائن پر رک جائیں۔ عمومی طور پر آپ کے سامنے تین لین ہوں گی اس لئے تقاطع کا بغور مشاہدہ کریں ، اور جب آگے بڑھنا محفوظ ہو تو محتاط ہو کر آگے بڑھیں۔ آپ کو چاہیئے کہ موڑ مڑنے کی ابتداء مڑنے والی بائیں لین جو سڑک کو منقسم کرنے والی درمیانی کے قریب ہو اور اس شاہراہ جس میں آپ مڑ رہے ہوں اس کی بائیں جانب والی لین میں موڑ مکمل کریں۔

ایک کھلا یو۔ٹرن وہ ہوتا ہے جو دوسری مخالف سمت کی سڑک پر کیا جائے۔

موڑ مڑنے سے پہلے آپ پر لازم ہے کہ اس شاہراہ پر موجود گاڑیوں کو راستہ دیں جس میں آپ مڑ رہے ہیں ۔



ایک کھلے یو۔ٹرن پر آپ کے سامنے رکنے کا اشارہ موجود ہو گا اور آپ شاہراہ میں داخل ہوں گے۔ آپ کو چاہیئے کہ دوسروں کو اپنے ارادوں سے خبردار کرنے کے لئے اشارے کا استعمال کریں کہ آپ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ پھر مڑنے والی لین میں داخل ہو جائیں، اپنی رفتار بتدریج کم کریں اور رکنے کی لائن پر رک جائیں۔ عمومی طور پر آپ کے سامنے تین لین ہوں گی اس لئے تقاطع کا بغور مشاہدہ کریں ، اور جب آگے بڑھنا محفوظ ہو تو محتاط ہو کر آگے بڑھیں۔ آپ کو چاہیئے کہ موڑ مڑنے کی ابتداء مڑنے والی بائیں لین جو سڑک کو منقسم کرنے والی درمیانی کے قریب ہو اور اس شاہراہ جس میں آپ مڑ رہے ہوں اس کی بائیں جانب والی لین میں موڑ مکمل کریں

بند یو۔ٹرن

بند یو۔ٹرن پر آپ کے سامنے ایک رکنے کا اشارہ ہو گا اور آپ شاہراہ میں داخل ہوں گے۔ عام طور پر اس شاہراہ کی دو لین ہوتی ہیں اور آپ پر لازم ہے کہ اس شاہراہ پر پہلے سے موجود گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں کو راستہ دیں۔ آپ کو چاہئے کہ مڑنے والی لین کے دائیں جانب سے یو۔ٹرن کرنا شروع کریں اور جس شاہراہ میں داخل ہو رہے ہوں اس کی دائیں لین میں یو۔ٹرن مکمل کریں۔ اس سے آپ کے بائیں جانب موجود گاڑی کو، جس کو ہو سکتا ہے کہ آپ نے نہ دیکھا ہو، موقع ملے گا کہ وہ شاہراہ کی درمیانی لین یا بائیں لین میں یو۔ٹرن مکمل کرے۔

آپ کو چاہیئے کہ یو۔ٹرن نہ کریں :

- ٹھوس لائن پر سے یا جہاں پر یو۔ٹرن کرنے کی ممانعت کا اشارہ ہو۔
- بائیں مڑنے کی ممانعت کے اشارے سے، ماسوائے یو۔ٹرن کرنے کی اجازت کے اشارے کی موجودگی کی صورت میں۔



ایک بند یو۔ٹرن وہ ہوتا ہے جس میں یو۔ٹرن کے مخالف جگہ پر کوئی سڑک موجود نہ ہو۔



یک طرفہ سڑک سے مڑنا

جب یک طرفہ سڑک سے دوطرفہ سڑک میں دائیں یا بائیں مڑ رہے ہوں تو آپ پر لازم ہے کہ مڑنے والی سمت کی جانب قریب تر ہو کر موڑ موڑیں۔

یک طرفہ سڑک پر مڑنا

جب دوطرفہ ٹریفک کی سڑک سے یک طرفہ ٹریفک کی سڑک پر بائیں یا دائیں مڑ رہے ہوں، تو اس بات کی ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے قریب ترین لین میں مڑیں۔ اس سے ان گاڑیوں کو تیز لین کے استعمال کرنے کا موقع فراہم کرنا مقصود ہوتا ہے جو اس سڑک پر سیدھا جارہی ہوں۔



ٹریفک کے بہاؤ میں شامل ہونا

جب بھی آپ پارکنگ کی پوزیشن سے یا سڑک منقسم کرنے والی درمیانی پٹی کی خالی جگہ سے ٹریفک میں شامل ہوتے ہیں تو آپ پر لازم ہے کہ آپ جس سڑک میں داخل ہو رہے ہوں اس پر چلنے والی تمام گاڑیوں کو راستہ دیں۔ ٹریفک کے بہاؤ میں صرف اس وقت داخل / شامل ہوں جب ایسا محفوظ طور پر کرنا ممکن ہو اور دوسری گاڑیوں کو جبراً" اپنی رفتار کم نہ کرنا پڑے۔

ٹریفک کا گول چکر (راؤنڈ اباؤٹ)

ٹریفک کا گول چکر (راؤنڈ اباؤٹ) ایک ایسا تقاطع ہوتا ہے جس کے ہر داخلے کی جگہ پر راؤنڈ اباؤٹ کا اشارہ لگا ہوتا ہے، درمیان میں ایک گول جزیرہ نما ہوتا ہے اور ایک یا ایک سے زیادہ لین یا ٹریفک کی لائن لگی ہوئی ہوتی ہیں۔ تمام گاڑیوں کو ایک ہی سمت میں چلنا ہوتا ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ آپ ہمیشہ درمیانی جزیرہ نما کے دائیں جانب ہی رہیں۔

اس اشارے کا مطلب یہ ہے کہ آپ ہمیشہ راؤنڈ اباؤٹ میں گھڑی کی مخالف سمت میں ہی اپنی گاڑی چلائیں۔

موڑ مڑنے کی دوسری مہارتوں کی طرح، جب آپ کے راستہ میں کوئی راؤنڈ اباؤٹ ہو تو اس کے لئے اچھی طرح تیار رہنا بہت اہم ہے۔ یہ پیچیدہ بھی ہوسکتے ہیں اور آپ کے ذہن میں پہلے ہی سے ہونا چاہیئے کہ آپ نے کس سمت میں جانا ہے۔ جب آپ راؤنڈ اباؤٹ پر پہنچنے والے ہوں تو درست لین کا انتخاب کرنا بہت ہی زیادہ اہمیت رکھتا ہے اور آپ کو پتا ہونا چاہیئے کہ آپ جب راؤنڈ اباؤٹ سے باہر نکلیں گے تو آپ کو کون سی لین میں ہونا چاہیئے۔ اپنے راستہ پر موجود سمت بتانے والے اشاروں کا مشاہدہ کریں۔ آپ کو ٹھیک طور پر معلوم ہونا چاہیئے کہ اپنی منزل تک پہنچنے کے لئے آپ کو کون سی لین اختیار کرنی چاہیئے اور اس لین میں کافی پہلے ہی چلے جائیں۔

جب آپ درست لین اختیار کرلیں اور راؤنڈ اباؤٹ میں داخل ہونے والے ہوں تو آپ پر لازم ہے کہ ان گاڑیوں کو راستہ دیں جو پہلے ہی سے راؤنڈ اباؤٹ میں ہوں اور بائیں جانب سے آپ کی طرف آرہی ہوں۔ راؤنڈ اباؤٹ میں صرف اس صورت میں داخل ہوں جب ایسا کرنا محفوظ ہو اور ٹریفک میں محفوظ وقفہ بھی موجود ہو۔

راؤنڈ اباؤٹ میں سٹیئرنگ پر صحیح طور پر قابو رکھنا، مناسب رفتار، اشاروں اور شیشوں کا استعمال بہت اہم ہے تاکہ آپ دوسرے ڈرائیوروں کو اپنے سفر کرنے کی سمت کے ارادے کے بارے میں الجھن میں نہ ڈالیں۔ اگر سڑک پر رنگ سے لین بنائی گئی ہوں تو آپ کا راؤنڈ اباؤٹ سے نکلنے کے بعد آپ کی مطلوبہ پوزیشن کے لئے درست لین میں رہنا بہت اہمیت رکھتا ہے۔

ذیل میں خاص قسم کے راؤنڈ اباؤٹ کے بارے میں کچھ طریقۂ کار دیئے گئے ہیں۔



دو لین کے ٹریفک کے گول چکر (راؤنڈ اباؤٹ)

راؤنڈ اباؤٹ سے دائیں مڑنا

دائیں لین میں رہتے ہوئے راؤنڈ اباؤٹ پر پہنچیں اور اس لین میں رہیں۔

راؤنڈ اباؤٹ پر پہنچتے وقت دایاں اشارہ استعمال کریں، بائیں جانب سے آنے والی گاڑیوں کو دیکھیں۔ اگر بائیں سے ٹریفک آرہی ہو تو راستہ دیں۔ راؤنڈ اباؤٹ سے نکلنے تک اپنی گاڑی کا اشارہ روشن رکھیں۔ راؤنڈ اباؤٹ سے دائیں لین میں ہی نکلیں۔

راؤنڈ اباؤٹ سے سیدھے جانا

راؤنڈ اباؤٹ پر پہنچتے وقت وہ لین اختیار کریں جو آپ کو اس لین میں پہنچائے جو راؤنڈ اباؤٹ میں گذرنے کے بعد اس سے نکلتے وقت درکار ہوگی۔ آپ کو یہ فیصلہ کافی پہلے ہی کرنا چاہیئے کیونکہ جب آپ کوئی لین اختیار کرتے ہیں تو اس لین میں ہی رہنا بہت اہمیت رکھتا ہے۔ لین کے نظم و ضبط کے بارے میں اس سے متعلقہ باب کو پھر سے پڑھیں۔

اگر آپ کا راؤنڈ اباؤٹ سے نکلنے کے بعد فوری طور پر دائیں مڑنے کا ارادہ ہو تو آپ کو راؤنڈ اباؤٹ میں داخل اور خارج ہونے کے لئے دائیں جانب کی لین کا انتخاب کرنا چاہیئے اور راؤنڈ اباؤٹ میں گھومتے وقت بھی اسی لین میں ہی رہنے کی احتیاط کرنی چاہیئے۔ اگر آپ کا راؤنڈ اباؤٹ سے سیدھا جانے کا ارادہ ہو تو اورآپ راؤنڈ اباؤٹ پر پہنچ بھی چکے ہوں تو آپ سیدھا جانے کے لئے بائیں لین کا انتخاب بھی کرسکتے ہیں اور اس کے ساتھ اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ جب آپ راؤنڈ اباؤٹ میں داخل ہوں اور اس سے نکلیں تو بائیں لین سے مطابقت رکھنےوالی لین ہی اختیار کریں۔

جب آپ راؤنڈ اباؤٹ میں داخل ہوتے ہیں تو اپنے بائیں جانب سے آنے والی ٹریفک کو دیکھیں۔ اگر کوئی گاڑی آرہی ہو تو اس کو راستہ دیں۔ جب آپ کا راستہ صاف ہو تو چلیں اور جب راؤنڈ اباؤٹ کے پہلے خروج کے پاس سے گذریں تو دوسرے ڈرائیوروں کو بتانے کے لئے کہ آپ اگلے خروج سے باہر نکلنے والے ہیں اپنی گاڑی کا دایاں اشارہ استعمال کریں۔

راؤنڈ اباؤٹ سے بائیں مڑنا

ہمیشہ راؤنڈ اباؤٹ پر بائیں لین میں یا سڑک پر لگے ہوئے تیر کے نشان کے مطابق پہنچیں۔ جب راؤنڈ اباؤٹ میں ہوں تو اسی لین میں رہیں اور راؤنڈ اباؤٹ سے باہر نکلنے کے لئے اس لین سے مطابقت رکھنے والی لین کا انتخاب کریں۔ جب آپ دوسرے خروج کے قریب سے گذریں تو دوسرے ڈرائیوروں کو بتانے کے لئے کہ آپ اگلے خروج سے باہر نکلنے والے ہیں اپنی گاڑی کا دایاں اشارہ استعمال کریں۔ جب راؤنڈ اباؤٹ سے نکلنے والے ہوں تو اپنی دائیں جانب موجود گاڑیوں کو دیکھیں۔

> راؤنڈ اباؤٹ میں داخل ہونے سے پہلے فیصلہ کریں کہ آپ نے دائیں، بائیں یا سیدھے جانا ہے تاکہ راؤنڈ اباؤٹ میں داخل ہوتے وقت آپ درست لین کا انتخاب کر سکیں۔

تین لین کا ٹریفک کا گول چکر (راؤنڈ اباؤٹ)

راؤنڈ اباؤٹ سے دائیں مڑنا

یہاں بھی وہی طریقہ کاراستعمال کیاجائے گا جو دو لین کے راؤنڈ اباؤٹ کے لئے ہے۔ درست لین میں رہ کر راؤنڈ اباؤٹ پر پہنچیں اور اسی لین میں رہیں۔

راؤنڈ اباؤٹ پر پہنچنے پر دایاں اشارہ استعمال کریں اور اپنے بائیں جانب سے آنے والی ٹریفک کو دیکھیں۔ اگر بائیں جانب سے گاڑیاں آرہی ہو ں تو ان کو راستہ دیں۔ راؤنڈ اباؤٹ سے نکلنے تک اشارہ روشن رکھیں۔ راؤنڈ اباؤٹ سے دائیں جانب کی لین میں باہر نکلیں۔

راؤنڈ اباؤٹ سے سیدھے جانا

یہاں بھی وہی طریقہء کاراستعمال کیاجائے گا جو دو لین کے راؤنڈ اباؤٹ کے لئے ہے۔ لین کے انتخاب کا انحصار راؤنڈاباؤٹ سے گذرنے کے بعد آپ کی مطلوبہ سمت میں جانے کے فیصلہ پر ہو گا۔یعنی آپ کو دائیں لین اختیار کرنا ہے یا بائیں۔ جب آپ راؤنڈ اباؤٹ میں داخل ہوجائیں اور آپ کو دائیں سمت میں جانے کی ضرورت پیش آئےتو دائیں لین اختیار کریں ورنہ دوسری صورت میں دائیں یا درمیانی لین میں سے کوئی ایک لین اختیار کریں۔ آپ کو چاہیئے کہ بائیں لین کا انتخاب مت کریں کیونکہ یہ لین صرف بائیں جانب مڑنے والی گاڑیوں کو استعمال کرنی چاہیئے۔

آپ کو حسب معمول راؤنڈ اباؤٹ میں داخل ہوتے وقت بائیں جانب سے آنے والی گاڑیوں دیکھنا چاہیئے۔ اگر وہاں کوئی گاڑی آ رہی ہوتو اسے راستہ دیں۔ جب راستہ صاف ہو تو آگے بڑھیں۔ جب آپ راؤنڈ اباؤٹ میں داخل ہوں اور اس سے نکلیں تو اپنی لین سے مطابقت رکھنے والی لین ہی اختیار کریں، جب آپ پہلے خروج کے قریب سے گذریں تو دوسرے ڈرائیوروں کو بتانے کے لئے کہ آپ اگلے خروج سے باہر نکلنے والے ہیں اپنی گاڑی کا دایاں اشارہ استعمال کریں۔ جب راؤنڈ اباؤٹ سے نکلنے والے ہوں تو اپنی دائیں جانب موجود گاڑیوں کو دیکھیں۔

بائیں مڑنا

یہاں بھی وہی طریقہء کاراستعمال کیاجائے گا جو دو لین کے راؤنڈ اباؤٹ کے لئے ہے۔ تاہم یہاں پہلے ہی سے تیار رہنا بہت اہم ہے۔اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے سمت بتانے والے اشارے اور سڑک کے نشانات احتیاط سے دیکھ لئے ہوں۔ یہ آپ کو درست لین اختیار کرنے میں راہنمائی کریں گے۔ اس میں عام طور پر آپ کو چاہیئے کہ آپ درمیانی لین اختیار کریں تاکہ جب آپ راؤنڈاباؤٹ سے باہر نکلنے والے ہوں تو خروج کے وقت آپ کو ٹریفک کی دو لین کو عبور نہ کرنا پڑے۔



اگر آپ درست لین کا انتخاب نہیں کرتے ہیں توآپ کو یہ پتا چلے گا کہ آپ لین عبور نہیں کرسکتے ہیں اس کی وجہ آپ کے دائیں جانب موجود وہ ٹریفک ہوگی جو راؤنڈ اباؤٹ سے سیدھا جانے والی ہوگی۔ اگر آپ ایسی صورتحال میں پھنس جائیں تو زبردستی اپنا راستہ بنانے کی کوشش مت کریں ۔ راؤنڈ اباؤٹ کا ایک چکر اور لگائیں یہاں تک کہ آپ محفوظ طور پر نکل سکیں۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کو اپنے مطلوبہ راستہ پر واپس آنے کے لئے کوئی دوسرا راستہ اختیار کرنا پڑے۔

لین تبدیل کرنا اور اوورٹیک کرنا

آپ جن سڑکوں پر گاڑی چلائیں گے وہ ایک دوسرے سے مختلف ہوں گی۔ ہوسکتا ہے کہ آپ دوطرفہ ٹریفک کی سڑک پر گاڑی چلائیں جس پر دونوں سمتوں سے گاڑیاں آرہی ہوں گی۔ دوسرے اوقات میں آپ کئی لین والی بڑی شاہراہ پر گاڑی چلائیں گے جہاں ٹریفک کی بہت سی لین میں گاڑیاں ایک ہی سمت میں چل رہی ہوں گی۔

جب آپ ان سڑکوں پر گاڑی چلاتے ہیں تو آپ کو بعض اوقات لین تبدیل کرنے کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔ مثال کے طور پر بڑی شاہراہ سے باہر نکلتے وقت یا آہستہ چلنے والی کسی گاڑی کو اوورٹیک کرتے وقت۔

اگر آپ آگے کا لائحہ عمل تیار کرنے کے لئے مناسب وقت نہ لیں تو حادثات واقع ہوسکتے ہیں۔ کچھ کرنے یا اس کی تیاری کرنے سے پہلے ہی سوچیں کہ آپ نے کیا کرنا ہے۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ آپ جب بھی کسی گاڑی، شخص، جانور یا ٹریفک کی رکاوٹ کو اوورٹیک کرنا چاہتے ہوں تو آپ کو سامنے دکھائی دینے کے لیے کافی جگہ موجود ہو۔ آپ پر لازم ہے کہ دوسروں کو اپنے اوورٹیک کرنے کے ارادے سے خبردار کرنے کے لیے اشاروں کا استعمال کریں۔

(آرٹیکل ۲-۱۰، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک ۲۱، ۱۹۹۵)

جب آپ کو لین تبدیل کرنا ہو یا اوورٹیک کرنا ہو تو اس کا لائحہ عمل تیار کریں۔

لین تبدیل کرنا

دبئی میں بہت سے کئی لین والی سڑکیں ہیں جن کے علاوہ بہت سی زیر تعمیر ہیں تاکہ بڑھتی ہوئی ٹریفک کی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔ ہوسکتا ہے کہ ان سڑکوں پر لین تبدیل کرنا گاڑی چلانے کا ایک عمومی کام دکھائی دیتا ہو لیکن ایسا نہیں ہے بلکہ اس طرح سوچنا خود کو دھوکا دینے کے مترادف ہے۔

لین تبدیل کرنے کے لئے آپ کو ضرورت ہوتی ہے کہ:

- آپ نے جو کرنا ہو اس کی کافی وقت پہلے ہی سے تیاری کریں۔
- اپنے آگے، پیچھے اور اطراف میں چلنے والی گاڑیوں کی پوزیشن کا معائنہ کریں۔
- اشارے کا بروقت استعمال کریں کیونکہ اس سے دوسرے ڈرائیور آپ کے ارادے سے خبردار ہوجاتے ہیں اور انہیں ضرورت کے مطابق عمل کرنے کی تیاری کا موقع ملتا ہے۔



- سڑک پر ہمیشہ چوکنے رہیں، ہوسکتا ہے کہ آپ سے اگلی گاڑی کا ڈرائیور بھی اسی وقت لین تبدیل کرنے کا اشارہ دے۔ ایسی صورتحال میں آپ کو چاہیئے کہ اس وقت تک انتظار کریں جب تک اگلی گاڑی کا ڈرائیور لین تبدیل کرنے کے عمل کو پورا نہ کرلے۔

جب آپ دیکھ چکیں کہ لین تبدیل کرنا محفوظ ہے تو آپ اس بات کی مزید یقین دھانی کریں کہ:

- اپنے شیشوں کو دیکھیں۔
- دوسرے ڈرائیوروں کو اپنے ارادوں سے بروقت خبردار کرنے کے لئے دائیں یا بائیں جانب کا اشارہ استعمال کریں۔
- اپنے شیشوں کو دوبارہ دیکھیں۔
- ہیڈ چیک کے عمل سے اپنے دائیں اور بائیں نہ نظر آنے والے مقامات کا معائنہ کریں۔
- اپنی رفتار پر قابو رکھیں ہوسکتا ہے کہ آپ کو ٹریفک کے حالات کے مطابق اپنی رفتار کو یکساں، بڑھانا یا کم کرنا پڑے۔
- سٹیئرنگ کو بتدریج اور روانی سے موڑیں اس سے دوسرے ڈرائیور آپ کو لین میں اندر آنے کا موقع دیں گے۔

نہ نظر آنے والے مقامات کو دیکھنے کے لئے ہیڈ چیک کا عمل کرتے وقت، اپنی نظریں سامنے سڑک سے ایک سیکنڈ سے زیادہ وقت کے لئے نہ ہٹائیں۔

جب آپ مکمل طور پر نئی لین میں آجائیں تو اپنے شیشوں کو دوبارہ دیکھنا اور اشارے بند کرنا نہ بھولیں۔

آپ جب بھی سڑک پر لگی ہوئی غیر مسلسل لائن کو عبور کرتے ہیں جو لین کے اختتام کی نشاندہی کرتی ہیں تو اس وقت لین تبدیل کرنے کے اصول لاگو ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر جب کسی شاہراہ میں ضم ہورہے ہوں۔

آپ جب بھی نشان لگی ہوئی لین سے یا ٹریفک کی لائن سے دوسری لین میں جائیں تو آپ پر لازم ہے کہ اس لین یا ٹریفک کی لائن میں پہلے سے موجود گاڑیوں کو راستہ دیں۔

اپنی گاڑی کو ایک ہی مقام پر چلاتے رہیں اور دوسری لین میں اچانک داخل نہ ہوں۔ اگر آپ آہستہ رفتار والی، بھاری ٹریفک والی لین میں جانا چاہتے ہوں تو اپنی گاڑی کے شیشے دیکھیں اور ہیڈ چیک کا عمل کریں تا کہ آپ کو محفوظ طور پر لین تبدیل کرنے کے لئے دوسری لین میں مناسب جگہ میسر ہونے کی یقین دھانی ہوسکے۔ جب آپ اس سے مطمئن ہوں کہ اب لین تبدیل کرنا محفوظ ہے تو حرکت کرنے سے پہلے دوسروں کو اپنے ارادے سے خبردار کرنے کے لئے اشاروں کا استعمال کریں۔

دوطرفہ ٹریفک والی سڑک پر اوورٹیک کرنا۔

دوطرفہ ٹریفک والی سڑک پر اوورٹیک کرنا بالکل لین تبدیل کرنے کی طرح ہی ہے، لیکن اس سے کہیں زیادہ خطرناک ہے کیونکہ:

- آپ کو کافی دیر تک سڑک کی مخالف سمت میں گاڑی چلانے کی ضرورت پیش آئے گی
- مخالف سمت سے آنے والی گاڑیاں اب براہ راست آپ کے سامنے ہوں گی اور آپ کی جانب تیزی سے آرہی ہوں گی۔
- موڑ پر، چوراہوں پر یا پہاڑی کی ڈھلان پر اوورٹیک کرنا محفوظ نہیں ہے ۔

اس لئے اوورٹیک کرنے سے پہلے خود سے سوال کریں:

- کیا مجھے واقعی اوورٹیک کرنے کی ضرورت ہے؟
- کیا اس سے میرے سفر میں کوئی فرق پیدا ہوگا اگر میں اپنی ہی لین میں گاڑی چلاتا رہوں؟
- کیا قانون مجھے اس جگہ اوورٹیک کرنے کی اجازت دیتا ہے؟
- کیا میرے اوورٹیک کرنے کی وجہ سے دوسری گاڑیوں کو اپنی رفتار یا جگہ تبدیل کرنا پڑے گی؟
- کیا ایسا کرنا محفوظ ہے؟

اوورٹیک کرنے کے عمل کے دو حصے ہیں:

- اپنی لین سے نکل کر سڑک کی دوسری جانب جانا
- سڑک کی درست جانب واپس آنا

اوورٹیک کرنے کے لئے اپنی لین سے نکل کر سڑک کی دوسری جانب جانا

- اوورٹیک کرنے کی اجازت ہونے کی یقین دھانی کے لئے سڑک پر لگے نشانات کا معائنہ کریں۔
- اس بات کی یقین دھانی کریں کہ آپ مخالف سمت میں آنے والی ٹریفک کو دیکھ سکتے ہوں اور محفوظ طور پر اوورٹیک کرنے کے لئے کافی جگہ موجود ہے۔ یاد رکھیں، مخالف سمت سے آنے والی گاڑیوں کی رفتار کا اندازہ لگانا مشکل ہوتا ہے ۔
- اس بات کی یقین دھانی کریں کہ آپ جس گاڑی کو اوورٹیک کرنے والے ہوں آپ کا وقفہ اس سے دو سیکنڈ ہو۔ اس سے آپ کو بہتر طور سامنے دیکھنے اور اوورٹیک کرنے کے لئے اپنی رفتار بڑھانے کا موقع ملے گا۔
- حالات کا بغور جائزہ لیں کہ آگے کوئی خطرات جیسا کہ ڈھلان، داخلے کا راستہ یا تقاطع وغیرہ نہیں ہیں۔
- جب اوورٹیک کے لئے اپنی لین سے نکلنا محفوظ ہو تو دوسرے ڈرائیوروں کو خبردار کرنے کے لئے کہ آپ اوورٹیک کرنے والے ہیں، اپنا بایاں اشارہ استعمال کریں۔ہوسکتا ہے کہ آپ کے پیچھے آنے والی کوئی گاڑی آپ کو اور آپ سے اگلی گاڑی کو اوورٹیک کرنا چاہتی ہو ، اگر آپ اپنی لین میں ہی تھوڑا سا بائیں جانب چلے جائیں تو اس سے آپ کو آگے دیکھنے میں مدد ملتی ہے۔
- دوسری لین میں جانے سے پہلے اپنے شیشے دیکھنے کی یقین دھانی کریں۔
- جب دوسری لین میں جانا محفوظ ہو تواپنے شیشے دیکھیں اور نہ نظر آنے والے مقامات کا جائزہ لیں۔
- اوورٹیک کرتے وقت سڑک سے دوسری لین میں بالکل بائیں جانب چلے جائیں تاکہ آپ اگلی گاڑی کو بہت قریب سے اوورٹیک نہ کریں۔
- اوورٹیک کرنےکے دوران آپ کی گاڑی کی رفتار اس گاڑی سے زیادہ ہونی چاہیئے جس کو آپ اوورٹیک کررہے ہوں۔



یاد رکھیں کہ آپ سڑک پر مخالف سمت سے آنے والی ٹریفک کی لین پر جتنا کم وقت کے لئے گاڑی چلائیں گے اتنا ہی کچھ غلط ہونے کے امکانات کم ہوں گے۔

سڑک پر اپنی صحیح لین میں واپس جانا۔

- اس بات کی یقین دہانی کریں کہ اپنی صحیح لین میں واپس جانا محفوظ ہے ۔ آپ کو ضرورت ہوگی کہ آپ اپنی گاڑی اور جس گاڑی کے پیچھے ہوں اس کے درمیان کافی وقفہ موجود ہو تاکہ اگر ضرورت پیش آئے تو آپ محفوظ طور پر رک سکیں۔
- اپنے شیشوں میں سے پیچھے دیکھیں اور دوسرے ڈرائیوروں کو مناسب طور پر خبردار کرنے کے لئے دائیں اشارے کا استعمال کریں۔
- اپنے شیشے دوبارہ دیکھیں اور اپنے نہ نظر آنے والے مقامات کا جائزہ لیں۔
- اپنی رفتار کو یکساں رکھیں تاکہ آپ دوسری گاڑیوں کے لئے رکاوٹ کا باعث نہ بنیں۔
- سٹیئرنگ کو آرام سے اور بتدریج موڑیں۔ ایسا کرنے سے دوسرے ڈرائیور آپ کو لین میں آنے کا موقع دیں گے۔
- جب آپ کی گاڑی پوری طرح لین میں واپس آجائے تو اپنا اشارہ بند کرنا یاد رکھیں۔
- اپنے شیشے دوبارہ دیکھیں اوراگر ضرورت پڑے تو اپنی رفتار کو کم یا زیادہ کریں۔

ایک اہم قانون!

جب آپ کو کوئی اوورٹیک کررہا ہو تو آپ پر لازم ہے کہ اپنی رفتار کم کردیں اور لین میں دائیں جانب چلے جائیں۔

(آرٹیکل ۵۴، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱، ۱۹۹۵)

اوورٹیک کرنے کے دوران اگر آپ کو یقین نہ ہو کہ آپ کے پاس کافی وقت موجود ہے تو انتظار کریں۔ کچھ سیکنڈ یا منٹ کا انتظار آپ کی زندگی بچا سکتا ہے۔

اس بات کی یقین دہانی کریں کہ آپ کے اور جس گاڑی کو آپ نے اوورٹیک کیا ہو اس کے درمیان کافی وقفہ موجود ہو۔ یہ وقفہ ۲ سے ۴ سیکنڈ تک ہونا چاہئے۔ اپنی لین میں واپس آنے سے قبل آپ کو اس قابل ہونا چاہئے کہ آپ کو اس گاڑی کی دونوں ہیڈلائٹس اپنے شیشوں میں نظر آنی چاہئیں۔

ایک اہم قانون!

ہر ڈرائیور کے لئے لازم ہے کہ وہ ایک ہی سمت میں چلنے والی گاڑیوں کو فقط بائیں جانب ہی سے اوورٹیک کرے۔

(آرٹیکل ۵ء۱۰، م ع ا وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱، ۱۹۹۵)

دائیں جانب سے گاڑی کو اوورٹیک کرنا

آپ کو چاہئے کہ کسی گاڑی کو دائیں جانب سے اوورٹیک مت کریں۔ آپ سے آگے چلنے والی گاڑی کا دائیں لین میں واپس آنے کا انتظار کریں اور پھر بائیں جانب سے اسے اوورٹیک کریں۔

موڑ اور پہاڑی علاقہ میں اوورٹیک کرنا

اگر آپ کو سامنے دیکھنے میں کوئی رکاوٹ ہو تو اوورٹیک کرنے کے لئے اپنی لین سے باہر مت نکلیں۔ یاد رکھیں کہ آپ پر لازم ہے کہ سڑک پر سنگل یا ڈبل مسلسل لائن لگی ہونے کی صورت میں اوورٹیک نہ کریں۔



ٹرکوں کو اوورٹیک کرنا

اگر ٹرک ڈرائیور آپ کی وہاں موجودگی سے باخبر ہو تو ہمیشہ اپنی رفتار کم کردینا بہتر ہوتا ہے۔یہاں تک کہ آپ ٹرک کے ڈرائیور کو ٹرک کے شیشوں میں سے دیکھ سکیں۔ جب تک اوورٹیک کرنا محفوظ نہ ہو ٹرک سے فاصلہ رکھیں۔ ٹرک کو اوورٹیک کرنے کے بعد اس کے سامنے بہت قریب سے مت آئیں۔اپنی لین میں واپس آنے سے پہلے اس وقت تک انتظار کریں جب تک آپ اپنی گاڑی کے شیشوں میں پورا ٹرک دیکھ سکیں۔ بصورت دیگر، اگر ٹرک کو رکنے کی ضرورت پیش آئی تو اس کو محفوظ فاصلہ میسر نہیں ہوگا۔ ایک کھلی سڑک پر کسی بڑے ٹرک کو اوورٹیک کرنے کے لئے آپ کو تقریباً" ۲۵ سیکنڈ درکار ہوں گے۔ یہ کافی زیادہ وقت ہے جبکہ آپ سڑک کی غلط سمت میں ڈرائیونگ کررہے ہوتے ہیں۔ یہ بات بھی ذہن نشین کرلیں کہ کھلی شاہراہوں پر بڑے ٹرکوں کو اوورٹیک کرنے کے دوران آپ کو تیز ہواؤں کا سامنا ہوسکتا ہے جو آپ کے لئے خطرناک ثابت ہوسکتی ہیں۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ درج ذیل مقامات پر اوورٹیک ہرگز نہ کریں:

- جہاں سڑک پر واضح طور پر دیکھنا مشکل ہو۔
- جب مخالف سمت سے آنے والی ٹریفک کی رفتار آپ کو محفوظ طور پر اوورٹیک کرنے کا موقع نہ دے۔
- تقاطع اور راؤنڈ اباؤٹ میں۔
- جب گاڑیاں ٹریفک میں رکاوٹ یا رکنے کے اشارہ کی وجہ سے رکی ہوئی ہوں۔
- موڑ میں، پہاڑی راستوں پر،ایسی سڑکیں جہاں پھسلن ہو،پیدل عبور کرنے کی جگہوں سے پہلے اور ان سڑکوں پر جن کے درمیان میں مسلسل لائن لگی ہوئی ہو۔
- ایسے مقامات پر جہاں اوورٹیک کرنے کی ممانعت کے اشارے لگے ہوئے ہوں۔

(آرٹیکل ۱۰۵ء، م ع ا وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱، ۱۹۹۵)

بڑی شاہراہوں (Freeways) پر گاڑی چلانا

کئی لین والی تیز رفتار سڑک کو شاہراہ (Freeway) کہتے ہیں۔ ان شاہراہوں پر مخالف سمت میں چلنے والی ٹریفک کو سڑک کے درمیان میں منقسم کرنے والی باڑ لگا کر علیحدہ کیا جاتا ہے اور اس میں داخلے اور خروج کے لئے راستے بنے ہوتے ہیں۔

عام طور پر بڑی شاہراہوں پر حد رفتار زیادہ ہوتی ہے اور ان پر ٹریفک زیادہ ہوسکتی ہے، اس لئے ڈرائیونگ کرنے کے لئے پوری توجہ درکار ہوتی ہے اور خطرناک بھی ہوسکتی ہے۔

> اگر حد رفتار کا اشارہ لگا ہوا ہو تو بڑی شاہراہوں پر کاروں کے لئے زیادہ سے زیادہ حد رفتار ۱۲۰ کلومیٹر / گھنٹہ ہے اور ٹرکوں کے لئے زیادہ سے زیادہ حد رفتار ۸۰ کلومیٹر / گھنٹہ ہے۔ اگر حدرفتار کا اشارہ لگا ہوا ہو تو ان شاہراہوں پر کم از کم حد رفتار ۶۰ کلومیٹر / گھنٹہ ہوتی ہے۔

جب آپ بڑی شاہراہ پر سفر کررہے ہوں تو تمام وقت اپنی لین میں اپنی پوزیشن برقرار رکھنے کو یقینی بنائیں۔ جب ٹریفک کم ہو تو آپ کو چاہیئے کہ سب سے دائیں جانب والی لین میں گاڑی چلائیں ماسوائے جب آپ کو آہستہ چلنے والی کسی گاڑی کو اوورٹیک کرنا ہو۔ جب ٹریفک بہت زیادہ ہو تو آپ درمیانی لین میں بھی گاڑی چلا سکتے ہیں۔ اوورٹیک کرنے کی صورت کے سوائے بائیں لین میں گاڑی ہرگز نہ چلائیں۔ جب آپ آہستہ چلنے والی گاڑی کو اوورٹیک کرلیں تو اپنی لین میں فوری طور پر واپس آجائیں۔ آپ پر لازم ہے کہ کسی گاڑی کو اوورٹیک کرنے کے لئے پیلی لائن کے باہر گاڑی مت چلائیں۔

بدقسمتی سے ان شاہراہوں کو استعمال کرنے والی بہت سی گاڑیاں قانونی حد رفتار سے کافی زیادہ رفتار سے سفر کرتی ہیں۔ بحیثیت ایک محفوظ ڈرائیور آپ سے امید ہے کہ آپ ایسا نہیں کریں گے، آپ کو اس بات کا احساس ہونا چاہیئے کہ یہ گاڑیاں نامعلوم مقام سے آپ کی جانب بہت تیزی سے آرہی ہوں گی ۔ آپ کے لئے بہت ضروری ہے کہ ان پر نظر رکھنے کے لئے آپ اپنے شیشوں میں سے مستقل طور پر پیچھے کا جائزہ لیتے رہیں۔ یہ گاڑیاں قابل توجہ خطرے کی علامت ہیں۔

جیسا کہ ان شاہراہوں پر ٹریفک بہت تیزی سے چلتی ہے اس لئے یہ دیکھنے کے لئے کہ دوسرے ڈرائیور کیا کررہے ہیں سڑک کا جائزہ لیتے رہنا بہت اہم ہے۔ اپنے شیشوں کا استعمال کثرت سے کریں اور لین تبدیل کرنے سے پہلے اپنے نہ نظر آنے والے مقامات کو دیکھنے کے لئے ہیڈچیک کا عمل کرنے کی یقین دھانی کریں۔

بڑی شاہراہوں پر تیز رفتاری خطرناک ہوسکتی ہے۔ اپنے شیشوں کو پہلے دیکھے بغیر ہرگز لین تبدیل نہ کریں۔

اگر حد رفتار کا اشارہ لگا ہوا ہو تو بڑی شاہراہوں پر کاروں کے لئے زیادہ سے زیادہ حد رفتار ۱۲۰ کلومیٹر / گھنٹہ ہے اور ٹرکوں کے لئے زیادہ سے زیادہ حد رفتار ۸۰ کلومیٹر / گھنٹہ ہے۔ اگر حدرفتار کا اشارہ لگا ہوا ہو تو ان شاہراہوں پر کم از کم حد رفتار ۶۰ کلومیٹر / گھنٹہ ہوتی ہے۔

ماسوائے ہنگامی صورتحال پیدا ہونے کے، آپ کو درج ذیل کام نہیں کرنے چاہیئیں:

- شاہراہ پر یا اس کے قریب کوئی بغیر انجن کی گاڑی چلانا۔
- شاہراہ پر یا اس کے قریب پیدل چلنا۔
- اپنی گاڑی کو روکنا یا پیچھے کی جانب چلانا۔
- جس لین میں آپ گاڑی چلارہے ہوں اس کی حدرفتار سے زیادہ رفتار پر گاڑی چلانا۔
- پیلی لائن کے باہر، سڑک منقسم کرنے والی درمیانی جگہ پر یا سڑک کے اطراف میں گاڑی روکنا یا پارکنگ کرنا۔

> **ایک اہم قانون!**
>
> تمام گاڑیوں کو کم از کم حد رفتار سے کم یا غیر ضروری کم رفتار سے نہیں چلنا چاہیے کہ جس کی وجہ سے وہ ٹریفک کی مناسب اور معمول کی رفتار کو کم کرنے یا رکاوٹ کا باعث بنیں۔
>
> (آرٹیکل ۴۰، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱، ۱۹۹۵)

اگر آپ کو رکنا بہت ضروری ہو تو سڑک کے کنارے کی طرف چلے جائیں اور دوسرے ڈرائیوروں کو خبردار کرنے کے لئے اپنی گاڑی کی ہنگامی لائٹس روشن کردیں۔

سڑک کے کنارے یا سڑک منقسم کرنے والی درمیانی جگہ پر ہنگامی صورتحال میں رکنے کے بعد جب شاہراہ پر محفوظ طور پر آنا ہو تو ٹریفک میں کافی وقفہ پیدا ہونے کا انتظار کریں۔ پھر سڑک کے کنارے پر رہتے ہوئے اپنی رفتار بڑھائیں، اپنی گاڑی کے شیشے چیک کریں، اشارہ روشن کریں اور نہ نظر آنے والے مقامات کا سر گھما کر دوسری گاڑیوں کی موجودگی کا جائزہ لیں۔ جب محفوظ ہو تو اپنی قریبی لین میں چلے جائیں۔ آپ کو اپنی رفتار کو شاہراہ پر چلنے والی ٹریفک کی رفتار کے برابر جتنا جلد محفوظ طور پر ہوسکے بڑھانے کی ضرورت ہوگی۔

شاہراہوں پر ٹریفک کے بہت سے اشارے نصب ہوتے ہیں جو آپ کو خروج، روٹ، فاصلے اور منزلوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔ سڑک پر لگے ٹریفک کے نشانات، آپ کے مطلوبہ راستے پر جانے کے لئے درست لین اختیار کرنے کو یقینی بنانے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ غیر ضروری طور پر لین تبدیل کرنے سے اجتناب کریں۔

شاہراہ میں داخل ہونا

جب آپ شاہراہ کے داخلے کے راستہ پر ہوں تو آپ کو چاہیئے کہ اپنے ارادوں سے دوسروں کو خبردار کرنے کے لئے اشارے کا استعمال کریں اور محفوظ طور پر ٹریفک کے بہاؤ میں شامل ہونے کے لئے اپنے شیشوں میں سے پیچھے دیکھیں اور نہ نظر آنے والے مقامات کا جائزہ لیں۔ اپنے آگے چلنے والی گاڑیوں سے محفوظ وقفہ رکھنے کو یقینی بنائیں کیونکہ ہوسکتا ہے کہ وہ اچانک رک جائیں۔

جب آپ داخلے کے راستہ پر گاڑی چلارہے ہوں تو آپ کو اپنی رفتار بڑھانے کی ضرورت پیش آسکتی ہے تاکہ آپ اس رفتار سے گاڑی چلا سکیں جس رفتار پر شاہراہ پر موجود گاڑیاں چل رہی ہوں۔ ٹریفک کے بہاؤ میں شامل ہوتے وقت ایسا کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ آپ کسی دوسری گاڑی کے لئے اس کی رفتار یا راستہ تبدیل کرنے کا سبب نہ بنیں۔ جب آپ ٹریفک کے بہاؤ میں شامل ہوجائیں تو اشارہ بند کرنے کی یقین دھانی کریں۔

اشاروں پر نظر رکھیں اور شاہراہ سے نکلنے کے لئے پہلے ہی سے تیاری کریں۔

شاہراہوں سے خروج کرنا

شاہراہوں سے باہر نکلنے کے لئے شاہراہ پر لگے ہوئے اشارے، آپ کو اپنی منزل کے مطابق لین اختیار کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لئے موجود ہوتے ہیں۔ اپنے خروج کے راستے سے کافی پہلے ہی درست لین اختیار کرنے کو یقینی بنائیں۔ اور اس بات کی یقین دھانی کریں کہ آپ نے شاہراہ سے خروج کے ارادے سے دوسروں کو خبردار کرنے کے لئے گاڑی کا اشارہ روشن کیا ہو۔

آگے کی تیاری کریں، حد رفتار کی پابندی کریں اور سڑک پر ٹریفک کے اشاروں اور نشانات پر نظر رکھیں اس سے آپ کو اپنی منزل پر پہنچنے میں مدد ملے گی۔

آپ جب خروج کے راستہ پر ہوں تو آپ کو چاہیئے کہ اپنی رفتار کم کردیں اور جس سڑک میں آپ داخل ہورہے ہوں اس پر حدرفتار کی پابندی کریں۔

امارات روڈ پر خروج کے راستوں پر نمبروں کا نظام ہے جو آپ کو اپنے سفر شروع کرنے کے مقام سے آپ کے خروج کے راستہ تک کا فاصلہ ظاہر کرتا ہے۔ اس سے آپ کو ڈرائیونگ کرنے کی تیاری کا موقع ملتا ہے۔

اگر آپ سے اپنا خروج کا راستہ چھوٹ جائے تو پرسکون رہیں اور خروج کے دوسرے راستہ پر پہنچنے تک شاہراہ پر ڈرائیونگ جاری رکھیں۔ یادرکھیں، اس سڑک پر گاڑیاں تیز رفتاری سے چلتی ہیں تو آپ پر لازم ہے کہ شاہراہ پر گاڑی پیچھے کی جانب ہرگز نہ چلائیں۔ ایسا کرنا بہت ہی زیادہ خطرناک ہے اور آپ اس طرح کرنے سے قانون کی خلاف ورزی بھی کررہے ہوتے ہیں۔



تقاطع پر بنے ہوئے پل (انٹرچینجز)

دبئی میں اکثر انٹر چینج پیچیدہ ہیں اور نئے ڈرائیوروں کے لئے الجھن کا باعث بن سکتے ہیں۔ انٹرچینج کو استعمال کرنے کے لئے ذیل میں کچھ مشورے دیئے گئے ہیں:

- ڈرائیونگ کرنے کا لائحہ عمل تیار کریں۔ سفر شروع کرنے سے پہلے نقشہ دیکھیں تاکہ آپ ٹھیک طور پر جانتے ہوں کہ کون سے خروج سے باہر نکلنا ہے۔
- سڑک پر لگے ہوئے سمت بتانے والے اشاروں پر نظر رکھیں اور جتنا پہلے سے ممکن ہو اپنی منزل کے راستہ کے مطابق لین اختیار کریں۔
- اپنے لین تبدیل کرنے کے ارادے سے دوسروں کو خبردار کرنے کے لئے اشارہ استعمال کریں۔
- ٹریفک پر نظر رکھیں خاص طور پر ان گاڑیوں پر جو انٹرچینج میں داخل ہورہی ہوں یا ان پر بھی جو انٹرچینج سے نکل رہی ہوں۔
- اپنے نہ نظر آنے والے مقامات کا معائنہ کریں کیونکہ ہوسکتا ہے کہ آپ کے خروج کرنے کے وقت کوئی دوسرا ڈرائیور کسی اگلے انٹرچینج سے باہر نکلنے کے لئے آپ کی لین میں آرہا ہو۔ جب آپ انٹرچینج سے باہر نکل جائیں تو آپ کو ہیڈ چیک کا عمل کرنا چاہئے کیونکہ آپ کی گاڑی بڑی سڑک میں داخلے کے وقت ترچھی ہوگی اس لئے آپ فقط اپنے شیشوں میں سے دیکھنے پر ہی بھروسہ نہیں کرسکتے ہیں۔
- جب آپ انٹرچینج سے باہر نکل رہے ہوں تو اس بات کی یقین دھانی کریں کہ آپ نے اشارے کا بروقت استعمال کیا ہو کیونکہ آپ ٹریفک کے بہاؤ میں شامل ہونے جارہے ہوں گے۔ اپنی مطلوبہ لین میں جتنی جلدی محفوظ طور پر ممکن ہو چلے جائیں، اور ایسا کرتے وقت اس بات کی یقین دھانی کریں کہ آپ ٹریفک کے بہاؤ میں چلنے والی گاڑیوں کے لئے رکاوٹ کا باعث نہ بنیں۔ اور خروج کے وقت بھی ایسا ہی کریں۔

دیئے گئے خاکے میں دی گئی صورتحال میں درج ذیل اہم نقاط کو مدنظر رکھنا بہت ہی ضروری ہے جس کا انحصار اس گاڑی پر بھی ہے جو آپ چلارہے ہوں:

- سبز گاڑی شاہراہ میں داخل ہورہی ہے: اپنے ارادوں سے بروقت خبردار کرنے کے لئے اشاروں کا استعمال کریں۔ اورنج گاڑی کو گذرنے کا موقع دیں اور ٹریفک میں اتنی رفتار سے شامل ہوجائیں جس سے ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا نہ ہو۔
- شاہراہ پر چلنے والی اورنج گاڑی: اپنی رفتار برقرار رکھیں۔ اپنے دائیں جانب سبز گاڑی پر اور لین تبدیل کرنے کی کوشش کرنے والی پیلی گاڑی پر نظر رکھیں۔
- پیلی گاڑی جو شاہراہ سے نکلنے کے لئے لین تبدیل کررہی ہے: اپنے اشارے روشن رکھیں۔ شیشے دیکھیں اور ہیڈچیک کا عمل کریں تاکہ آپ اپنے ساتھ والی لین میں پیچھے سے آنے والی اورنج گاڑی سے خبردار رہ سکیں۔ اپنی رفتار پر قابو رکھیں اور سبز گاڑی کے اچانک رکنے یا رفتار کم کرنے کے لیے تیار رہیں۔
- اورنج گاڑی جو شاہراہ سے باہر نکل رہی ہے: شاہراہ سے باہر نکلتے وقت اپنے اشارے روشن رکھیں اور ٹریفک کے بہاؤ کے مطابق درست رفتار اختیار کریں۔

پارکنگ

بحیثیت ڈرائیور آپ کو اپنی گاڑی کو پارک کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ یہ آپ کے گھر کے داخلے کے راستہ میں، کام کرنے کی جگہ کے باہر، شاپنگ سنٹر میں یا آپ کی عبادت گاہ کے باہر ہوسکتی ہیں۔

پارکنگ کرنا اتنا آسان کام نہیں ہے جتنا کہ یہ نظر آتا ہے۔ آپ کو اپنی گاڑی کسی رہائشی علاقہ میں غیر مصروف ٹریفک کی سڑک پر یا بہت زیادہ ٹریفک کی سڑک پر پارک کرنے کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔

ایک اہم قانون!

ہر شخص پر لازم ہے کہ وہ اپنی گاڑی کا دروازہ کھولنے سے یا اپنی گاڑی کا دروازہ کھلا چھوڑ دینے سے کسی دوسرے شخص یا گاڑی کے لئے خطرے کا باعث نہ بنے۔

(آرٹیکل ۹، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱، ۱۹۹۵)

آپ پر لازم ہے کہ ان جگہوں پر پارکنگ کے اشاروں اور سڑک پر لگے نشانات کی پابندی کریں جو آپ کو معلومات دیتے ہیں کہ آپ کیسے اور کب تک اس جگہ پر اپنی گاڑی کو پارک کرسکتے ہیں۔ اس سے آپ کو سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کے لئے خطرہ بننے یا پارکنگ کے جرمانہ سے بچنے میں مدد ملے گی۔

اپنی گاڑی کو پارک کرنے سے پہلے خود سے سوال کریں کہ:

- کیا میں نے پارکنگ کرنے کے لئے ایک محفوظ اور قانونی مقام کا انتخاب کیا ہے؟
- کیا میں سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد یا ٹریفک کے لئے رکاوٹ کا باعث بنے بغیر اپنی گاڑی کو پارک کرسکتا ہوں؟
- کیا میں پیچھے سے آنے والی ٹریفک کے ساتھ ساتھ اپنی گاڑی کے بائیں جانب سے گذرنے والی ٹریفک کو واضح طور پر دیکھ سکتا ہوں؟
- کیا دوسرے ڈرائیور بھی مجھے آسانی سے دیکھ سکتے ہیں؟

رکنے اور پارکنگ کرنے کے قوانین

بہت سے مقامات ایسے ہیں جہاں آپ پر لازم ہوتا ہے کہ اپنی گاڑی کو روکنے یا پارک کرنے کی ممانعت ہوتی ہے۔ اگر آپ ایسی جگہوں پر اپنی گاڑی کو پارک کرتے ہیں تو آپ سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کے لئے خطرہ بن سکتے ہیں اور آپ کو جرمانہ بھی ہوسکتا ہے۔

ایک اہم قانون!

آپ پر لازم ہے کہ درج ذیل مقامات پر اپنی گاڑی پارک نہ کریں:

- ایسی جگہ جہاں پارکنگ کرنے کی ممانعت ہو
- پیدل چلنے والوں کے سڑک عبور کرنے کی جگہ، فٹ پاتھ پر، پلوں پر یا سرنگ میں
- موڑ میں، پہاڑی کی ڈھلان پر یا سڑک کے درمیان مسلسل لائن پر
- جہاں آپ کی گاڑی کسی ٹریفک لائٹ، اشارے یا سڑک کے نشانات کو چھپا دے
- کسی گھر، پارکنگ کی جگہ، پٹرول اسٹیشن، ہسپتالوں، ہنگامی مراکز، آگ بجھانے کے اسٹیشن، پولیس اسٹیشن، عسکری علاقوں، مدرسوں یا تعلیمی اداروں کے داخلے یا خروج کے راستوں میں
- ایسی جگہیں جہاں آپ کھڑی ہوئی دوسری گاڑیوں کے چلنے میں رکاوٹ کا باعث بنیں
- رہائشی علاقے (اگر بڑی گاڑی یا میکینیکل مشینری چلارہے ہوں) بشرطیکہ وہ کسی تعمیراتی کام میں استعمال ہورہی ہوں
- تقاطع سے ۱۵میٹر دور یا پبلک ٹرانسپورٹ اسٹیشن کے سامنے۔

(آرٹیکل ۴۹، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱، ۱۹۹۵)



سڑک کے متوازی پارکنگ

یہ عمومی طور پر گاڑی پارکنگ کرنے کا طریقہ ہے بشرطیکہ پارکنگ کے اشارے آپ کو اس کے علاوہ کوئی اور ہدایت دیں۔ آپ پر لازم ہے کہ اپنی گاڑی کو مکمل طور پر پارکنگ کے اندر، سڑک کے کنارے کی سیدھ میں پارک کریں۔

اکثر پارکنگ کی جگہوں پرایک گاڑی کی جگہ کے برابر سڑک پر واضح نشانات لگے ہوتے ہیں۔ اگر آپ پارکنگ کی ایسی جگہ کا انتخاب کررہے ہوں جہاں نشانات نہ لگے ہوئے ہوں تو آپ کو پہلے دیکھنا چاہیئے کہ کیا وہاں آپ کی گاڑی پارکنگ کے لئے مناسب جگہ موجود ہے۔ آسان طور پر راہنمائی کے لئے آپ یہ دیکھ سکتے ہیں کہ وہ جگہ آپ کی گاڑی کی لمبائی سےڈیڑھ گنا سے کم نہیں ہونی چاہیئے۔

اگر پارکنگ کی جگہ پر نشانات نہ لگے ہوئے ہوں تو آپ کو چاہیئے کہ:

- اپنی گاڑی اور اس سے اگلی اور پچھلی گاڑی کے درمیان ایک میٹر جگہ چھوڑیں تاکہ آپکے اور دوسری گاڑی کے لئے پارکنگ کے اندر آنے اور باہر نکلنے کے لئے جگہ موجود ہو۔
- اپنی گاڑی ٹریفک چلنے کی سمت میں پارک کریں۔
- دوسری گاڑیوں یاپیدل چلنے والے افراد کے راستہ کو بند نہ کریں۔

ترچھی پارکنگ



ترچھی پارکنگ عمومی طور پر سڑک کے دائیں جانب ہوتی ہے۔ تاہم بعض اوقات یہ سڑک کی بائیں جانب بھی ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر شاپنگ سنٹر وغیرہ میں۔

آپ پر لازم ہے کہ آپ اشارے میں واضح کئے گئے زاویہ یا پارکنگ کی جگہ پر لگے نشانات کے مطابق پارکنگ کریں۔

ترچھی پارکنگ زیادہ تر سڑک سے ۹۰ اور ۶۰ درجہ زاویہ پر بنی ہوئی ہوتی ہیں۔

اگر آپ ۹۰ درجہ زاویہ کی پارکنگ میں گاڑی کھڑی کررہے ہوں تو اس میں جانے کے سیدھا یا پیچھے کی جانب گاڑی چلا کر جاسکتے ہیں۔ اگر آپ اس میں اپنی گاڑی ریورس کرکے کھڑی کرتے ہیں تو ایسا کرنے سے آپ کو باہر نکلتے وقت ٹریف دیکھنے میں آسانی ہوگی۔

اگر آپ ۶۰ درجہ زاویہ کی ترچھی پارکنگ میں گاڑی کھڑی کررہے ہوں تو آپ کو اس میں جاتے وقت اپنی گاڑی کو سیدھا چلانے اور نکلتے وقت ریورس چلانے کی ضرورت پیش آئے گی۔

آپ جب بھی پارکنگ میں گاڑی پارک کررہے ہوں تو یادرکھیں کہ تمام پیدل چلنے والوں اور دوسری گاڑی والوں کو راستہ دیں!

اگر آپ پیچھے کی جانب گاڑی چلا کر نکل رہے ہوں تو ہیڈ چیک کا عمل کریں کیونکہ ہوسکتا ہے کہ آپ کی گاڑی کے قریب لوگ موجود ہوں جنھیں آپ نے دیکھا ہی نہ ہو۔

دبئی میں پیڈ پارکنگ

روڈز اینڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی (آر ٹی اے) نے پیڈ پارکنگ کا منظم نظام لاگو کیا ہے۔

پارکنگ کے مقامات:

دبئی کے کچھ پارکنگ کے مقامات کو حکمت عملی کے تحت بطور پیڈ پارکنگ مخصوص کیا ہے۔ ان مقامات کی نشاندہی اس کے داخلے کی جگھوں پر بڑے سائن بورڈز سے کی گئی ہے جو اس علاقہ میں پیڈ پارکنگ کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ان سائن بورڈز پر پیڈ پارکنگ کے اوقات کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔

پیڈ پارکنگ کے مقامات کی اقسام:

کنٹرول کردہ جگھوں کو دو بڑی اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے جو کہ یہ ہیں؛ پہلی قسم کی جگہیں اور جنہیں (اے، بی) کے حوالہ سے پہچانا جاتا ہے اور دوسری قسم کی جگہیں جنہیں (سی، ڈی) کے حوالہ سے پہچانا جاتا ہے، جبکہ ان جگھوں پر جہاں (اے، سی) کی علامت ہو گاڑیاں پارکنگ میں سڑک کے متوازی کھڑا ہونے کی نشاندہی کرتی ہیں (قلیل وقت کی پارکنگ زیادہ سے زیادہ ۴ گھنٹے تک) اور ان کی فیس مختلف ہوتی ہے، جبکہ ان جگھوں پر جہاں (بی، ڈی) کی علامت ہو گاڑیاں پارکنگ میں مربع کی شکل کی پارکنگ کی نشاندہی کرتی ہیں (طویل وقت کی پارکنگ زیادہ سے زیادہ ۲۴ گھنٹے تک) اور ان کی فیس مختلف ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ پارکنگ کی جگھوں کی اور بھی اقسام ان علاقوں میں جہاں (ایف، ای، جی) علامات کے ساتھ ہوتی ہیں۔ جنہیں مشروط طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ وہ شرائط ذیل میں دی گئی ہیں

- پارکنگ اجازت نامے کی اجازت نہیں ہے۔
- پارکنگ کے اوقات A & B سے مختلف ہیں۔
- سرکاری یا چھٹیوں میں اُن جگھوں پر پارکنگ فیس نافظ ہو گی، جہاں کوڈ E موجود ہے،جیسا کہ ڈیرہ فش مارکیٹ

ان مقامات کی درجہ بندی بہت اہم ہے خاص طور پر سیزنل پارکنگ کارڈ کے ساتھ یا mParking (موبائل کے ذریعہ) نظام کو استعال کیا جائے جن کی مقامات کے لحاظ سے فیس طے کی گئی ہے۔ پارکنگ کے مقامات پر واضح طور پر سائن بورڈ لگائے گئے ہیں جو پارکنگ میٹر کے مقامات کی نشاندہی بھی کرتے ہیں۔ پیڈ پارکنگ کی ایک اور قسم کثیرالمنزلہ کارپارکنگ عمارات بھی ہیں جو ۲۴ / ۷ کام کرتی ہیں جن کی فیس ۵ درھم فی گھنٹہ ہے۔

پارکنگ کی جگھوں پر خلاف ورزیاں اور جرمانے:

پارکنگ مقامات (سائڈ پارکنگ اور مربع پارکنگ) کی خلاف ورزیوں اور قابل ادائیگی جرمانوں کا اطلاق ایگزیکٹو کونسل کی قرارداد نمبر (۵) ۲۰۱۶ اور امارت دوبئی میں پبلک پارکنگ کے استعال کو منظم کرنے کے مطابق ہے۔

پیڈ پارکنگ کی فیس کی ادائیگی کے طریقے

پارکنگ فیس کی ادائیگی کے کئی طریقے ہیں۔

پارکنگ کی فیس ادائیگی کی مشین – یواے ای کے جاری کردہ سکے (ادرھم، ۵۰ فلس)استعمال کرنے سے، پارکنگ فیس ادائیگی کے بعد کاغذی ٹکٹ نکلتا ہے جسے گاڑی کے ڈیش بورڈ پر رکھنا لازم ہے۔

نول کارڈ – اس کا استعمال زیادہ تر دبئ میں پبلک ٹرانسپورٹ میں ہوتا ہے مگر اسے پارکنگ کی فیس کی ادائیگی کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

نوٹ: سرخ نول کارڈ کو پارکنگ میٹر پر استعمال نہیں کیا جاسکتا

طویل مدتی پارکنگ کارڈ – اس کارڈ سے پارکنگ ٹکٹ یا mParking (موبائل کے ذریعہ) نظام کو استعمال کئے بغیراس کارڈ کے لئے مخصوص کسی بھی پارکنگ میں گاڑی پارک کرنے کی سہولت مہیا ہوتی ہے۔ یہ کارڈ ۹۰ دن سے ۳۶۵ دن کی مدت تک ہوسکتا ہے اور اس کی قیمت ۴۵۰ درھم سے ۲۵۰۰ درھم تک ہے۔ برائے مہربانی مزید معلومات کے لئے، یا آن لائن خریدنے اور اپنی مرضی کے مقام پر وصول کرنے کے لئے ویب سائٹ www.rta.ae دیکھیں۔

سمارٹ پارکنگ ایپلیکیشن - پارکنگ کے لئے،ایک خاص نیا اکاؤنٹ بناکر، پارکنگ فی بھری جا سکتی ہے۔ یہ سبھی لائسنس-شدہ گاڑیوں کے مالیکوں پر نافظ ہے۔ اس کھاتے میں ئی-پے کریڈٹ کارڈ اور دبئ سمارٹ گورنمنٹ ایم -پے گیٹ وے اور دوسرے کئ مختلف طریقوں سے پیسہ بھرا جا سکتا ہے اور اس میں جو اضافی خدمت فی ایس ایم ایس کے ذریعے لگتی ہے وہ بھی نہیں کٹتی۔ سمارٹ پارکنگ ایپلیکیشن سے آپ سمارٹ نقشے کے ذریعے ،دبئ کے ہر اس علاقے کا کوڈ اور نمبر چن سکتے ہیں جہاں پارکنگ فیس نافظ ہے، اسکے علاوہ علاقے کے نام بھی چن سکتے ہیں ،تا کے نہ صرف آپ کو مکمّل طور پر معلوم ہو کہ آپکی گاڑی سہی جگہ پارک کی گئ ہے بلکہ الیکٹرانک ٹکٹ خریدنے میں بھی آسانی ہو۔

ایم -پارکنگ خدمت میں رجسٹر کرنے کے لئےwww.mpark.rta.aeپر تشریف لائیں یا کال کریں ۸۰۰۹۰۹۰۔

پارکنگ کے خلاف ورزیوں کے خلاف جرمانہ		
مقررہ پارکنگ فیس کی ادائیگی کے بغیر گاڑی کھڑی کرنا	پہلا	۱۵۰
پارکنگ کے وقت سے تجاوز کرنا جس کے لئے ادائیگی کی گئی ہو۔	دوسرا	۱۰۰
کوئی ایسا کام کرنا جس سے پبلک پارکنگ استعمال کرنے کے قابل یا اس میں رکاوٹ پیدا ہو	تیسرا	۲۰۰
اجازت نامے یا معیاد ختم والے اجازت نامے کے بغیر دمعذور افراد کے لئے مخصوص پارکنگ کی جگہ میں گاڑی کھڑی کرنا، یا اجازت نامہ جرمانے کے وقت واضح طور پر دکھائی نہ دیتا ہو	چوتھا	۱۰۰۰
اجازت نامے کے بغیر گاڑی بیچنے یا کرایہ پر دینے کا بورڈ لگانا	پانچواں	۱۰۰۰
پبلک پارکنگ کی جگہ میں ممنوع جگہ پر گاڑی کھڑی کرنا	چھٹا	۲۰۰
دوسروں کے لئے مختص پارکنگ میں اپنی گاڑی کھڑی کردینا	ساتواں	۱۰۰۰

حادثہ ہونے کی صورت میں آپ کا محفوظ طرز عمل اور ذمہ داریاں

پہلا مرحلہ : جائے حادثہ – ابتدائی اقدام

۱. حادثہ میں ملوث ہونے والی تمام گاڑیوں پر لازم ہے کہ فوری طور پر کسی محفوظ مقام پر رک جائیں۔ اگر ممکن ہو تو ٹریفک میں رکاوٹ نہ بنیں اور اپنی گاڑی کو شاہراہ سے اتار لیں۔ دوبئی میں ایسی گاڑیوں کو جرمانہ کیا جائے گا جو چل سکتی ہوں اور سڑک سے نہ ہٹائی جائیں ۔

۲. ہنگامی بتیاں روشن کردیں اور اگر ممکن ہو تو ٹریفک چلنے والی لین سے مخالف سمت والے دروازے سے محتاط ہوکر گاڑی سے باہر نکلیں۔ جب تک کوئی زخمی یا پھنس نہ گیا ہو یا گاڑی سے محفوظ طور پر باہر نکلنا ممکن ہو گاڑی میں بیٹھے رہنے سے گریز کریں۔

ایک اہم قانون!

ٹریفک کے حادثہ ہونے کی صورت میں سڑک استعمال کرنے والے تمام افراد پر لازم ہے کہ حادثہ کا شکار ہونے والے بالخصوص زخمی افراد کو ہر ممکن مدد فراہم کریں۔

(آرٹیکل ۱۲، لاگو کردہ ضمنی قانون، م ع ا، وفاقی قانون برائے ٹریفک نمبر ۲۱، ۱۹۹۵)

۳. حادثہ میں ملوث دوسرے افرد کو دیکھیں کہ کوئی زخمی تو نہیں ہوگیا۔ ابتدائی طبی امداد صرف اس صورت میں دیں کہ آپ اس کے اہل ہوں۔ حادثے میں زخمی افراد کو حرکت دینے کی کوشش نہ کریں کیونکہ ایسا کرنے سے آپ ان کے زخموں کو مزید بگاڑ سکتے ہیں اور غیر تربیت یافتہ ابتدائی طبی مدد گاروں کے خلاف قانونی چارہ جوئی ہوسکتی ہے۔ زخمی موٹرسائیکل سوار کا ہیلمٹ ہرگز نہ اتاریں۔

آپ حادثہ کے شکار افراد میں صدمے کی علامات اور نشانیوں کا پتہ چلاسکتے ہیں۔ اس میں رنگ زرد ، نیلا / سرمئی پڑ جانا، ٹھنڈی جلد یا پسینہ آنا، سانس تیز یا بے ربط ہونا، تیز یا کمزور نبض، متلی ہونا اور پیاس لگنا ہوسکتا ہے۔ حادثہ کے شکار افراد جن میں صدمے کی علامات ہوں کو گرم رکھنے کے لئے جیکٹ یا کمبل اوڑھا دیں۔ انہیں بے ہوش ہونے سے بچانے کے لئے ان کے ساتھ باتیں کرتے رہیں لیکن انہیں جاگتا رکھنے کے لئے زبردستی نہ کریں۔ صدمے سے دوچار فرد کو کھانے پینے یا تمباکو نوشی کرنے کی اجازت نہ دیں۔

۴. اگر ممکن ہو تو انہیں محفوظ مقام پر منتقل کر دیں، بہتر ہے کہ کسی رکاوٹ یا ٹھوس چیز کے پیچھے۔ پیچھے سے آنے والی ٹریفک پر نظر رکھیں اور اگر ضروری ہو تو حرکت کرنے کے لئے تیار رہیں۔ آپ کو چاہیئے کے اپنی گاڑی کے سامنے یا بلکل پیچھے ہر گز کھڑے نہ رہیں خاص طور پر رات کے وقت جب کہ آپ اپنی گاڑی کی پچھلی لائٹس دکھائی دینے میں رکاوٹ بن سکتے ہیں۔

دوسرا مرحلہ: انتظامیہ کو اطلاع کریں

۱. ہنگامی نمبر ۹۹۹ ملائیں اور پولیس طلب کریں۔ اگر کوئی زخمی ہو تو ایمبولینس کی درخواست کریں۔ ہنگامی خدمات کو معلومات فراہم کرنے کے لئے لفظ « لائن » کا مخفف پر عمل کریں۔

- لوکیشن: مقام جیسا کہ علاقے اور سڑک کا نام، مشہور جگہ، بلڈنگ کا نام اور نمبر وغیرہ۔
- حادثہ، جو کچھ واقع ہوا ہو۔
- نمبر: زخمیوں کی تعداد۔
- زخم کی سنگینی کس حد تک ہے۔ اگر ہو سکے تو درج بیان کریں:
- زخم کیسے لگا۔
- زخم کہاں لگا اور کیسا دکھائی دیتا ہے
- زخمی فرد کتنا ہوش میں ہے اور
- زخمی فرد کی عمر اندازا کتنی ہے۔

۲. اگر معمولی حادثہ ہو اور کوئی زخمی بھی نہ ہوا ہو تو پولیس آپ کو پولیس اسٹیشن آنے کی یا موبائل ایپ کے ذریعہ سے حادثے کی رپورٹ حاصل کرنے کی ہدایت دے سکتی ہے۔

۳. مجوزہ ادارے سے تفتیش کے لئے اپنے پاس ڈرائیونگ لائسنس، کار کی رجسٹریشن اور اماراتی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ موجود ہونے کی یقین دھانی کریں۔

۴. اگر ہو سکے تو آپ اپنی گاڑی کے نقصان کی کچھ تصویریں اتار لیں۔ دوسری گاڑی میں سوار یا قریب کھڑے افراد کی تصاویر لینے سے اجتناب کریں۔ (آپ کے لئے ضروری ہے کہ دوسرے افراد کی تصاویر یا ویڈیو بنانے سے اجازت لیں)۔ آپ سے جو تصاویر اتاری ہوں ان میں سے پولیس کو صرف وہ تصاویر دکھائیں جس میں دوسرے افراد نہ ہوں۔ اور ان تصاویر کو سوشل میڈیا پر ہر گز شیئر نہ کریں۔

۵. حادثہ ہونے کے بعد دوسرے ڈرائیور کے وہاں نہ رکنے کی صورت میں اس گاڑی کا رجسٹریشن نمبر لکھ لیں اور پولیس آنے پر انہیں دے دیں۔

تیسرا مرحلہ: پرسکون رہیں اور مجوزہ ادارے کی جانب سے دی گئی ہدایات پر عمل کریں

۱. کسی بھی صورتحال میں اپنے غصہ کو بے قابو ہونے، دوسرے پر الزام لگانے یا بحث میں الجھنے سے گریز کریں۔ اگر دوسرا ڈرائیور (یا کوئی مسافر بھی) آپ پر چیخے، پرسکون رہیں اور اس پر اِصرار کریں کہ پولیس آنے پر وہ مناسب قدم اٹھائے گی۔

۲. جب پولیس آ جائے، پر سکون رہیں اور جب تک بولنے کا نہ کہا جائے خاموش رہیں۔ پولیس فیصلہ کرے گی کہ کون غلطی پر ہے اور پولیس رپورٹ جو عربی میں ہوگی مہیا کرے گی جو کہ عمومی طریقہ کار ہے۔ رپورٹ کی کاپیاں مختلف رنگوں میں دی جاتی ہیں۔

- گلابی فارم: غلطی کرنے والی ڈرائیور کو دیا جاتا ہے۔
- سبز فارم: غلطی نہ کرنے والے ڈرائیور کو دیا جاتا ہے۔
- سفید فارم: اس وقت دیا جاتا ہے جب کوئی بھی فریق غلطی پر نہ ہو یا دوسرا فریق نامعلوم ہو۔

پولیس رپورٹ کے بغیر گاڑی کو پہنچے کسی بھی نقصان کی اصلاح کا کام نہیں کیا جائے گا۔ جائے وقوعہ پر آنے والے پولیس آفیسر کی جانب سے دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ پولیس حادثہ میں ملوث کسی بھی ڈرائیور کا ڈرائیونگ لائسنس اپنے قبضہ میں لینے کا فیصلہ کر سکتی ہے۔

چوتھا مرحلہ: پولیس رپورٹ حاصل کرلینے کے بعد

۱. اپنی انشورنس کمپنی یا کرایہ پر کار دینے والی کمپنی کو جو ہوا اس کی اطلاع دیں۔

۲. انشورنس یا کار کرایہ پر دینے والی کمپنی آپ کو ہدایات دے گی کہ پولیس رپورٹ کا کیا کرنا ہے (اس کی اپنے فون سے ایک تصویر بنالیں)۔ اگر آپ کی کار کو معمولی نقصان پہنچا ہو مثلاً بمپر یا پینل پر ڈینٹ وغیرہ تو ہوسکتا ہے کہ پولیس والا آپ کو جائے وقوعہ سے گاڑی چلا کر جانے کی اجازت دے دے۔ اگر آپ کی گاڑی کو کافی زیادہ نقصان پہنچا ہو تو یا اس کی لائٹس یا شیشہ ٹوٹ گیا ہو تو ریکوری ٹرک کی ضرورت پڑے گی۔ اس کا انتظام آپ کی انشورنس کمپنی یا ریکوری کمپنی کو براہ راست کال کرکے بھی کیا جاسکتا ہے۔ پولیس ریکوری کا انتظام نہیں کرتی۔

کسی معمولی حادثے کی صورت میں دبی پولیس کی ایپ کے ذریعے حادثے کی رپورٹ کریں

شرطة دبي

بہت اہم بات!

اگر آپ راستہ پر کوئی حادثہ دیکھیں جس میں آپ ملوث نہ ہوں تو جائے حادثہ کو دیکھنے کے لئے رفتار کم کرنے سے گریز کریں کیونکہ سے اس سے ٹریفک میں رکاوٹ ہوسکتی اور / یا دوسرا حادثہ بھی ہوسکتا ہے۔
اگر آپ ایسی ایمبولینس دیکھیں جس کی لائٹس روشن ہوں اور سائرن بج رہا ہو تو اس راستہ دیتے ہوئے گذر جانے دیں۔

حصہ ۶ : کفایت شعاری کے ساتھ گاڑی چلانے کی عادت

کفایت شعاری کے ساتھ گاڑی چلانے کی عادت

اپنے پیسوں کو پٹرول پمپ میں ڈالنے کی بجائے بینک میں ڈالیں!

پٹرول کے خرچ کو کم کرنے کے بہت سے واضح اور آسان طریقے ہیں جو آپ اپنی گاڑی کی مرمت سے کرسکتے ہیں۔اپنی گاڑی کے انجن کی ٹیوننگ کروانے سے، ائیر فلٹر تبدیل کروانے سے اور ٹائروں میں درست طریقے سے ہوا بھروانے سے آپ کا پٹرول کم خرچ ہوتا ہے اور پٹرول پمپ پر پیسوں کی بچت ہوتی ہے۔

گاڑی چلانے کے دوران پٹرول بچانے میں سٹئیرنگ ویل پر آپ کا غیر جارحانہ رویہ بہت اثر انداز ہوتا ہے۔ یہ گاڑی چلانے کا محفوظ تر طریقہ بھی ہے۔

لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ پٹرول کی بچت کا ایک طریقہ اور بھی ہے جس پر آپ کا کچھ خرچ نہیں ہوگا؟

جی ہاں یہ درست ہے، یہ بالکل مفت ہے اور آپ اس کو اب سے ہی شروع کرسکتے ہیں۔ اس اہم تبدیلی میں آپ کی روزمرہ کی گاڑی چلانے کی عادت شامل ہیں۔ آپ یقین کریں یا نہ کریں، آپ جس انداز سے گاڑی چلاتے ہیں اس کا اثر آپ کے پٹرول کے استعمال پر ہوسکتا ہے۔

بہت زیادہ تیزی سے رفتار بڑھانے اور بار بار بریک کے استعمال سے ۳۰ ٪ تک زیادہ پٹرول خرچ ہوسکتا ہے اور جس کی وجہ سے آپ کو بار بار پٹرول ڈلوانا پڑتا ہے۔ احتیاط سے گاڑی چلانے سے سڑکوں پر سلامتی اور ٹریفک کے بہاؤ میں بہتری ہوتی ہے۔

دیئے گئے آسان مشورے یقینی طور پر بہتری پیدا کرسکتے ہیں

- گاڑی کی رفتار بتدریج بڑھائیں۔ آپ جتنی زور سے ایکسیلیٹر دبائیں گے اتنا ہی زیادہ پٹرول استعمال ہوگا۔ آرام سے گاڑی چلانے کے انداز سے ۱۰ ٪ تک پٹرول بچایا جاسکتا ہے۔
- بریک کا استعمال۔ بریک کو جب بھی استعمال کرنا ہو آرام سے اور مثبت انداز سے کرنا چاہیئے۔ سامنے سڑک پر دور تک نظر رکھنے سے آپ سڑک پر ان ٹریفک کے حالات میں تبدیلیوں کو دیکھ سکتے جن کی وجہ سے آپ کو بریک لگانے کے ضرورت پیش آسکتی ہے۔ اس کے لئے تیار رہیں۔ اپنا پاؤں ایکسلیٹر سے ہٹا دیں اور بریک کا استعمال کافی پہلے سے شروع کریں۔
- گئیر مناسب وقت پر تبدیل کریں۔ اگر آپ کی گاڑی کا گیئر مینول ہو تو انجن کے کم چکروں پر گیئر کم یا زیادہ کرنے کی کوشش کریں۔ مناسب وقت میں اور جلدی سے بڑے گئیر تبدیل کریں۔ آپ کی گاڑی کے انجن کے چکر جتنے زیادہ ہوں گے اتنا ہی زیادہ پٹرول خرچ ہوگا۔ مینول گیئر والی کاریں عموماً آٹومیٹک گیئر والی کاروں سے کم پٹرول خرچ کرتی ہیں۔

- انجن کی رفتار کو مناسب طور پر کم رکھنا چاہئے۔ انجن کی رفتار ۳۰۰۰ چکر فی منٹ رکھنے سے بہت زیادہ پٹرول بچایا جاسکتا ہے۔
- اپنی رفتار کو کم رکھیں ۔ ۸۰ کلومیٹر / گھنٹہ سے گاڑی چلانے سے آپ کی گاڑی سے کم دھواں نکلے گا۔ ۱۱۰ کلومیٹر / گھنٹہ کی رفتار سے چلانے سے گاڑی سے دھواں بہت تیزی سے نکلے گا۔ ۱۰۰ کلومیٹر / گھنٹہ کی بجائے ۸۰ کلومیٹر/گھنٹہ رفتار سے چلانے سے آپ ۲۵ ٪ پٹرول کی بچت کرسکتے ہیں۔ قانونی حد رفتار کی پابندی کریں اور سڑک پر تبدیلیوں سے نمٹنے کے لئے پہلے ہی سے تیار رہیں۔
- ٹریفک لائٹ کی خلاف ورزی کرنے کی کوشش نہ کریں۔ جب آپ کسی سرخ اشارے پر کھڑے ہوں اور پھر تمام آنے والے اشاروں کو کاٹنے کی کوشش کریں تو آپ زیادہ پٹرول خرچ کریں گے اور ہوسکتا ہے کہ آپ کو سرخ اشارے کی وجہ سے رکنا بھی پڑے۔ اگر آپ پرسکون رفتار سے گاڑی چلاتے ہیں تو عموماً جب آپ ٹریفک کے اشارے پر پہنچتے ہیں تو ٹریفک لائٹ سبز ہوجاتی ہے۔
- دن کے اوقات کو مدنظر رکھیں۔ اگر ممکن ہو تو مصروف ٹریفک میں پھنسنے سے بچنے کے لئے اپنے کام کے اوقات کو آگے پیچھے کردیں۔ ایسی ٹریفک میں پٹرول بہت زیادہ ضائع ہوتا ہے جو رک رک کر چل رہی ہو ۔ کام کے لئے گھر سے تھوڑا جلدی نکلنے کی کوشش کریں۔ آپ ٹریفک میں پھنسنے سے بچ جائیں گے اور اپنے باس کو بھی متاثر کرسکتے ہیں۔
- اپنی گاڑی کے ٹائروں میں ہوا کا دباؤ درست رکھنے سے پٹرول اور پیسے دونوں کی بچت ہوتی ہے۔ایک کا م جو آپ اپنے پٹرول کو زیادہ دیر تک استعمال کرنے کے لئے کرسکتے ہیں وہ ٹائروں میں ہوا کے دباؤ کا معائنہ کرنا ہے۔ ٹائروں میں ہوا کے کم دباؤ کی وجہ سے ٹائروں کی سڑک پر رگڑ زیادہ ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے انجن کی زیادہ قوت لگتی ہے اور اس سے پٹرول زیادہ خرچ ہوتا ہے۔ گاڑی کی ہینڈبک میں ٹائروں کےلئے درست دباؤ کے بارے میں معلومات پڑھیں۔ آپ جب بھی اپنی گاڑی میں پٹرول ڈلوائیں ، ٹائروں میں ہوا کا دباؤ بھی چیک کریں۔ یہ سوچیں کہ آپ ایسا کرنےسے اپنی گاڑی کے پٹرول میں ۲ لیٹر کا اضافہ کرسکتے ہیں۔
- اپنی گاڑی کے انجن کی ٹیوننگ کرواتے رہیں۔ اپنی گاڑی کے انجن کی ٹیوننگ کروانا بھی اپنے پٹرول کے خرچہ کو کم کرنے کا ایک اور بہترین طریقہ ہے۔ ایک انجن جو سٹارٹ ہونے میں دس سیکنڈ لگادیتا ہے تو اس سے اتنا پٹرول جل جاتا ہے جو آپ کو چار کلومیٹر تک لے جانے کے لئے کافی ہے۔
- درست پٹرول کے استعمال کی یقین دھانی کریں۔اپنی گاڑی کی بہترین کارکردگی کے لئے منظور شدہ پٹرول ہی استعمال کریں۔ اپنی گاڑی کے کتابچہ کو دیکھیں کہ اس میں کون سا پٹرول آپ کی گاڑی کے لئے منظور کیا گیا ہے۔

ماحولیاتی بہتری کے مدنظر گاڑی چلانے کی تحریک میں شامل ہوں۔

حصہ ۷ : اپنی معلومات پرکھنے کے لئے سوالات

اپنی معلومات پرکھنے کے لئے سوالات

دبئی ڈرائیور لائسنس حاصل کرنے کے لئے ، آر ٹی اے تھیوری ڈرائیونگ ٹیسٹ، ایک اہم حصّہ ہے پریکٹیکل ڈرائیونگ ٹیسٹ سے پہلے اسے پاس کرنا ضروری ہے امتحان کے میعار کو بہتر کرنے کے لئے ، جولائی ۲۰۱۵ میں اس میں ہیزرڈ پرسیپشن ٹیسٹ(اتچ پی ٹی یعنی خطروں کی سمجھ سے وابستہ ٹیسٹ بھی شامل کیا گیا۔ برائے مہربانی (اتچ پی ٹی) ٹریننگ کے لئے وقت نکالے تاکہ آپ یہ ٹیسٹ پاس کر سکیں۔

اس حصّے میں ان سوالات کی مثال ہے، جو آپ کو اصل ٹیسٹ میں پوچھے جائینگے۔ اسکی تیاری آر ٹی اے تھیوری پرکٹس آپ سے کی جا سکتی ہے۔ آپ اسٹور یا پلے اسٹور سے اسے فری میں ڈاؤن لوڈ کریں اور جتنی بار چاہے پرکٹس کریں.

نیچے کچھ سوال - جواب کے نمونے ہیں۔ ان جوابات کو مزید آگاہی کے لئے اپنے ڈرائیونگ انسٹیٹیوٹ کے استاد (لیکچرر) سے رابطہ کریں:

س ۱ ۔ دھند میں گاڑی چلانے کے خطرات کو کم کیا جا سکتا ہے:

A. ھڑکیوں اور آئینوں کو صاف رکھ کے

B. ریڈیو پر تنبیہات سن کر

C. ہیڈلائٹس کو زیادہ سے زیادہ روشن رکھ کر

س ۲۔ دھند میں گاڑی چلانے کا انداز بدل لینا چاہیے ،چاہے :

A. رفتار ۴۰ ک م فی گھنٹہ کر دینا

B. پورا سفر ایک ہی لین میں گاڑی چلانا

C. اڑی کے اندر دھیان ہٹانے والی باتیں یا چیزیں کم کرنا

س ۳۔ آپ وہیکل اے چلا رہیں ہیں، آپکو یہ موڑ کس طرح لینا چاہیے؟

A. چوراہے سے گزرتے ہوئے ، اپنی گاڑی کو لیفٹ گھمایے

B. دھیرے سے چوراہے میں گاڑی لے جائیں اور راہگیر کو جانے دیں

C. جب تک راہگیر سڑک پار نہ کر لے تب تک گاڑی چوراہے میں ہرگز نہ لے جائیں



س ۴۔ ان میں سے ہر گاڑی چوراہے پر سیدھے ہاتھ کی طرف مڑنے ہی والی ہے، کونسی گاڑی رایٹ مڑنے کے لئے، سہی اور محفوظ پوزیشن میں ہے؟

A. صرف وہیکل اے

B. صرف وہیکل بی

C. وہیکل اے اور وہیکل بی دونوں



س ۵۔ محفوظ طریقے سے گاڑی چلانا یعنی؛

A. ہمیشہ بتائی گئی رفتار سے گاڑی چلانا

B. دوسروں کو غلطیاں کرنے دینا

C. ہمیشہ ۲ سیکنڈ کا فاصلہ رکھنا

س ۶۔ آپ کو اپنی گاڑی قابو میں کرنے کا ہنر آگیا ہو تب آپ نے جان لیا ہے کے،

A. آپ گاڑی چلانے سے وابسطہ ہر بات جانتے ہیں

B. آپ سڑک پر محفوظ طریقے سے گاڑی چلانا جانتے ہیں

C. آپ گاڑی چلانے کی ترکیبوں میں سے صرف ایک ہی کو جان پائیں ہیں

س ۷۔ اسکول کے قریب گاڑی چلاتے وقت زیادہ احتیاط برتنی چاہئے، کیونکہ،

A. بچے بنا دیکھے سڑک پار کر سکتے ہیں

B. ان علاقوں میں رفتار کی حد مختلف ہوتی ہے

C. یہاں بچے کھیلتے رہتے ہیں

س ۸۔ تیز رفتار لین میں دھیرے گاڑی چلانا

A. اتنا ہی خطرناک ہے جتنا حد سے زیادہ رفتار سے گاڑی چلانا

B. عام اور قابلِ قبول ہے

C. یقینی اور محفوظ طریقہ ہے

س ۹۔ اپنے بہترین حال میں گاڑی چلانے کا مطلب ہے

A. نیند یا تھکان میں گاڑی ناچلانا

B. اول راستے ہی چننا

C. راستے کا اندیشہ ہونے پر گاڑی نہ چلانا

س ۱۰۔ گاڑی چلاتے وقت انڈیکیٹرز (نشان داہی) کا استعال لازم ہے کیونکہ

A. امارات ٹریفک قانون کی درکار ہے

B. اسکی امارات ٹریفک قانون میں درکار نہیں

C. یہ ٹرانسپورٹ سنت کی مانگ ہے

جوابات: س۱ A، س۲ C، س۳ B، س۴ B، س۵ B، س۶ C، س۷ A، س۸ A، س۹ A، س۱۰ A

حصہ ۸ : ٹریفک کے قانون کی خلاف ورزیاں، جرمانے اور بلیک پوائنٹس

ٹریفک کے قانون کی خلاف ورزیاں، جرمانے اور بلیک پوائنٹ

ٹریفک کی تمام خلاف ورزیوں کا نتیجہ کسی نہ کسی قسم کے جرمانے کی صورت میں ہوگا۔اس میں بلیک پوائنٹس یا لازمی ادا کرنے والا جرمانہ ہوگا۔ دبئی پولیس نے بلیک پوائنٹس کا نظام محفوظ طور پر ڈرائیونگ کرنے کی حوصلہ افزائی کے لئے متعارف کرایا ہے۔

ڈرائیونگ کی سنگین خلاف ورزیوں کی فہرست ذیل میں دی گئی ہے۔ دوسری خلاف ورزیوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے RTA کی ویب سائٹ دیکھیں: www.rta.ae

یہ بھی ذہن نشین رکھیں کہ ٹریفک قانون کی بعض خلاف ورزیوں کی صورت میں عدالت جس قسم کی سزا کا فیصلہ سنائے گی وہ اس خلاف ورزی کی شدت کے مطابق کم یا زیادہ ہوگا۔

نمبر	مخالفہ	جرمانہ	بلیک پوائنٹس	مدت ضبط
۱	A. اس طرح گاڑی چلانا کہ جس سے ڈرائیور کی جان یا دوسروں کی زندگیوں کو خطرہ ہو۔ B. اس طرح گاڑی چلانا جس کے نتیجہ میں نجی یا سرکاری جائدادوں کو نقصان پہونچے۔	۲۰۰۰	۲۳	۶۰ دن
۲	الکوہل کے زیر اثر گاڑی چلانا۔	عدالت طئے کرے گی۔	۲۳	۶۰ دن
۳	منشیات یا عقل کو مفلوج کردینے والی اشیاء کے زیر اثر گاڑی چلانا۔	عدالت طئے کرے گی۔	۲۴	۶۰ دن
۴	نمبر پلیٹ کے بغیر گاڑی چلانا	۳۰۰۰	۲۳	۹۰ دن
۵	A. بڑی گاڑی کو اس طرح چلانا کہ جس سے ڈرائیور کی جان یا دوسروں کی زندگیوں کو خطرہ ہو۔ B. بڑی گاڑی کو اس طرح چلانا جس کے نتیجہ میں نجی یا سرکاری جائدادوں کو نقصان پہونچے۔	۳۰۰۰		
۶	بڑی گاڑی کا لال اشارہ پار کرنا۔	۳۰۰۰		
۷	بڑی گاڑی کے ڈرائیور کی وجہ دوسری گاڑی کا پلٹنا۔	۳۰۰۰		
۸	بڑی گاڑی کے ڈرائیور کا لائن کی اصولوں کی پابندی نہیں کرنا۔	۱۵۰۰	۱۲	

نمبر	مخالفہ	جرمانہ	بلیک پوائنٹس	مدت ضبط
۹	A. بڑی گاڑی کا اس طرح بھرا ہوا ہونا جس سے دوسروں کو خطرہ لاحق ہو۔ B. بڑی گاڑی کا اس طرح بھرا ہوا ہونا جس سے سڑک کو نقصان پہونچے۔	۲۰۰۰	۲	
۱۰	ممنوعہ مقامات پر بڑی گاڑی کا داخل ہونا۔	۱۰۰۰	۴	
۱۱	بڑی گاڑی سے لدے ہوئے سامان کا گرنا یا بہنا۔	۳۰۰۰	۱۲	
۱۲	ٹرانسپورٹیشن کی گاڑیوں اور ٹرک کی پشت پر واضح طور پر نظر آنے والے اسٹیکر کو نہ لگانا	۵۰۰		
۱۳	لائسنسنگ اتھارٹی کی اجازت کے بغیر صنعتی، تعمیراتی اور میکا نیکی گاڑیوں اور ٹریکٹر کو چلانا۔	۱۵۰۰		
۱۴	ٹرک میں ایکزہاست پائپ کو نہیں لگانا۔	۱۵۰۰		
۱۵	ٹرک پر لدے ہوئے سامان کو کور نہیں کرنا۔	۳۰۰۰		
۱۶	متعلقہ علاقوں میں لوڈنگ یا ان لوڈنگ کے اصولوں کی خلاف ورزی کرنا۔	۱۰۰۰	۴	
۱۷	ٹرک کا ممنوعہ علاقے میں اور ٹیک کرنا۔	۳۰۰۰		
۱۸	ایسی بڑی گاڑی کو چلانا جو سیکورٹی اور سیفٹی کے معیار پر پوری نہ اترتی ہو۔	۲۰۰۰	۲	
۱۹	A. ٹریفک کے مخالف گاڑی چلانا۔ B. ممنوعہ مقام سے داخل ہونا۔	۲۰۰ ۱۰۰۰	۴ ۸	۷ دن ۷ دن
۲۰	شور کرنے والی گاڑی کو چلانا ۔	۲۰۰۰	۱۲	
۲۱	آلودگی پھیلانے والی گاڑی کو چلانا۔	۱۰۰۰	۲	
۲۲	A. انشورنس نہ کی ہوئی گاڑی کو چلانا۔ B. غیرلائسنس شدہ گاڑی کو چلانا ۔	۵۰	۴	۷ دن
۲۳	غیر ملکی لائیسنس کے ساتھ اجازت شدہ حالات کے علاوہ گاڑی چلانا۔	۱۰۰۰	۴	
۲۴	دوسری گاڑی کے لائیسنس کے ساتھ گاڑی چلانا۔	۴۰۰	۱۲	
۲۵	A. میعاد پوری کرچکے ڈرائیونگ لائیسنس کے ساتھ گاڑی چلانا B. میعاد پوری کرچکے رجسٹریشن کے ساتھ گاڑی چلانا	۵۰۰	۴	۷ دن
۲۶	A. ایسی بڑی گاڑی کو چلانا جو سیکورٹی اور سیفٹی کے معیار پر پوری نہ اترتی ہو۔ B. ڈرائیونگ کے غیر لائق گاڑی کو چلانا۔	۵۰۰		

مدت ضبط	بلیک پوائنٹس	جرمانہ	مخالفہ	نمبر
		۴۰۰	A. ایک نمبر پلیٹ کے ساتھ گاڑی چلانا B. غیر واضح نمبر کے ساتھ گاڑی چلانا۔	۲۷
		۴۰۰	گاڑی کو متعین کم ترین رفتار سے کم پر چلانا۔	۲۸
	۴	۱۰۰۰	اچانک گاڑی کو موڑنا	۲۹
	۴	۵۰۰	خطرناک طریقے سے گاڑی کو پیچھے کرنا۔	۳۰
	۴	۸۰۰	A. گاڑی چلاتے وقت ہاتھ میں موبائل لیکر بات کرنا۔ B. دوسری رکاوٹ والی چیزیں۔	۳۲
۳۰ دن	۱۲	۱۰۰۰	A. چھوٹی گاڑی کا سرخ سگنل پار کرنا۔ B. موٹر بائیک کا کا سرخ سگنل پار کرنا۔	۳۳
۶۰ دن	۲۳	۳۰۰۰	متعین زیادہ ترین رفتار کی حد سے ۸۰ کیلو میٹر/گھنٹے سے زیادہ کی رفتار سے گاڑی چلانا۔	۳۴
۳۰ دن	۱۲	۲۰۰۰	متعین زیادہ ترین رفتار کی حد سے ۶۰ کیلو میٹر/گھنٹے سے زیادہ کی رفتار سے گاڑی چلانا۔	۳۵
۱۵ دن	۶	۱۵۰۰	متعین زیادہ ترین رفتار کی حد سے ۶۰ کیلو میٹر/گھنٹے سے کم رفتار سے گاڑی چلانا۔	۳۶
		۱۰۰۰	متعین زیادہ ترین رفتار کی حد سے ۵۰ کیلو میٹر/گھنٹے سے کم رفتار سے گاڑی چلانا۔	۳۷
		۷۰۰	متعین زیادہ ترین رفتار کی حد سے ۴۰ کیلو میٹر/گھنٹے سے کم رفتار سے گاڑی چلانا۔	۳۸
		۶۰۰	متعین زیادہ ترین رفتار کی حد سے ۳۰ کیلو میٹر/گھنٹے سے کم رفتار سے گاڑی چلانا۔	۳۹
		۳۰۰	متعین زیادہ ترین رفتار کی حد سے ۳۰ کیلو میٹر/گھنٹے سے زیادہ سے گاڑی چلانا۔	۴۰
	۴	۴۰۰	ٹریفک پولیس اہلکار کی ہدایت کو نہ ماننا۔	۴۱
	۶	۱۰۰۰	ہارڈ شولڈر سے اور ٹیک کرنا۔	۴۲
	۶	۶۰۰	سڑک میں خطرناک طریقے سے داخل ہونا۔	۴۳
		۶۰۰	ممنوعہ مقام سے اور ٹیک کرنا۔	۴۴
۳۰ دن ۳۰ دن	۱۲ ۱۶	۸۰۰ ۱۰۰۰	A. ٹریفک پولیس کے بلانے پر وہاں سے بھاگ جانا(چھوٹی گاڑی) B. ٹریفک پولیس کے بلانے پر وہاں سے بھاگ جانا(بڑی گاڑی)	۴۵

نمبر	مخالفہ	جرمانہ	بلیک پوائنٹس	مدت ضبط
۴۶	دوسروں کی ہلاکت کا سبب بننا۔	عدالت طئے کرے گی۔	۲۳	۶۰ دن
۴۷	شدید زخمی کرنے یا خطرناک حادثہ کا سبب بننا۔	عدالت طئے کرے گی۔	۲۳	۳۰ دن
۴۸	A. معمولی حادثہ پیش آنے پر چھوٹی گاڑی کے ڈرائیور کا جائے حادثہ پر نہ رکنا۔ B. معمولی حادثہ پیش آنے پر بڑی گاڑی کے ڈرائیور کا جائے حادثہ پر نہ رکنا۔	۵۰۰ ۱۰۰۰	۸ ۱۶	۷ دن ۷ دن
۴۹	۱۰سال سے کم عمر کے بچوں کو آگے کی سیٹ پر بیٹھنے دینا۔	۴۰۰		
۵۰	۴ سال سے کم عمر کے بچے کے لئے چائلڈ کار سیٹ کو مہیا کرانے سے ناکام رہنا۔	۴۰۰		
۵۱	A. ڈرائیور کا سیٹ بیلٹ نہ باندھنا۔ B. مسافروں کا سیٹ بیلٹ نہ باندھنا۔	۴۰۰	۴	
۵۲	معقول سلامتی کے فاصلے کو برقرار نہ رکھنا۔	۴۰۰	۴	
۵۳	سڑک کھلی ہوئی ہونے کو یقینی بنائے بنا اس میں داخل ہو جانا۔	۴۰۰	۴	
۵۴	ایمرجنسی،پولیس،سرکاری گاڑیوں یا حکومتی قافلے کو راستہ نہ دینا۔	۱۰۰۰	۶	
۵۵	A. فائر ہائیڈرینٹ کے سامنے گاڑی کھڑی کرنا۔ B. معذور افراد کے لئے مخصوص پارکنگ میں گاڑی کھڑی کرنا۔	۱۰۰۰	۶	
۵۶	سڑک پر گاڑی کو بلا وجہ کھڑی کرنا۔	۱۰۰۰		
۵۷	پیلے بکس میں گاڑی کھڑی کرنا۔	۵۰۰		
۵۸	ممنوعہ مقامات پر سڑک کے بائیں جانب گاڑی کھڑی رکھنا۔	۱۰۰۰		
۵۹	راہ گیروں کی گزرگاہ پر گاڑی روکنا۔	۵۰۰		
۶۰	دوسری گاڑی کے پیچھے گاڑی کھڑی کرنا اور دوسری گاڑیوں کے جانے کا راستہ بند کر دینا۔	۵۰۰		
۶۱	ٹیکسیوں کے لئے مخصوص پک اپ ائریا کے علاوہ دوسرے مقامات پر رکنا۔	۵۰۰	۴	
۶۲	روڈ جنکشن یا موڑ پر گاڑی کو روکنا۔	۵۰۰		
۶۳	گاڑی کی محفوظ پارکنگ نہ کرنا۔	۵۰۰		
۶۴	غلط طریقے سے پارکنگ کرنا۔	۵۰۰		

نمبر	مخالفہ	جرمانہ	بلیک پوائنٹس	مدت ضبط
۶۵	A. اس طرح گاڑی پارک کرنا جس سے گزرنے والوں کو خطرہ ہو۔ B. اس طرح گاڑی پارک کرنا جس سے پیدل چلنے والوں کو دشواری پیش آئے۔	۴۰۰		
۶۶	فٹ پاتھ پر گاڑی پارک کرنا۔	۴۰۰		
۶۷	اجازت کے بغیر گاڑی میں اسٹیکر چپکانا یا کچھ لکھنا۔	۵۰۰		
۶۸	A. اجازت شدہ لیول سے زیادہ گاڑی کے شیشوں پر مخفی لگوانا۔ B. مخفی نہ لگوانے والی گاڑیوں پر مخفی لگوانا۔	۱۵۰۰		
۶۹	پیدل چلنے والوں کو ان کی کراسنگ پر راستہ نہ دینا ۔	۵۰۰	۲	
۷۰	ٹریفک سائن اور ہدایات کی پابندی نہ کرنا۔	۵۰۰		
۷۱	گاڑی چلاتے وقت کھڑکی سے کوڑا پھینکنا۔	۱۰۰۰	۲	
۷۲	سڑک پر ایسے نشانات رکھنا جس کی وجہ سے سڑک کو نقصان یا ٹریفک میں رخنہ پڑے۔	۵۰۰		
۷۳	بنا اجازت کے چیسس یا انجن کو موڈیفائی کرانا۔	۱۰۰۰	۱۲	
۷۴	جائے حادثہ پر بھیڑ اکٹھی کرنا۔	۱۰۰۰		۳۰ دن
۷۵	غیر مجاز مقاصد کے لئے گاڑی کو استعمال کرنا۔	۳۰۰	۴	
۷۶	غیر قانونی طور پر مسافروں کو لے جانا۔	۳۰۰	۲۴	
۷۷	بنا اجازت کے جلنے اور مشتعل ہو جانے والے مواد کو لے جانا۔	۳۰۰۰	۲۴	۳۰ دن
۷۸	جس گاڑی کو مسافر اٹھانے کے لئے لائیسنس نہیں دیا گیا ہے اس میں مسافروں کو لے جانا۔	۱۰۰۰	۴	۶۰ دن
۷۹	گاڑی کی متعین تعداد سے زیادہ سواری اٹھانا۔	۵۰۰	۴	
۸۰	گاڑی کے بریک ڈاون ہونے کے دوران روڈ سیفٹی کے تقاضوں کو پورا نہ کرنا۔	۵۰۰		۷ دن
۸۱	A. موٹر سائیکل چلانے والے کا ہیلمٹ نہ پہننا۔ B. مسافر کا ہیلمٹ نہ پہننا۔	۵۰۰ –	۴	
۸۲	خراب ہو چکے ٹائر۔	۵۰۰	۴	۷ دن
۸۳	مڑتے وقت یا رخ تبدیل کرنے کے دوران اشارہ کا استعمال نہ کرنا۔	۴۰۰		
۸۴	بائیں جانب یا پیچھے سے آنے والی گاڑی کو راستہ نہ دینا۔	۴۰۰		

نمبر	مخالفہ	جرمانہ	بلیک پوائنٹس	مدت ضبط
۸۵	A. گاڑی کا اس کے انجن میں بڑی مرمت کرانے کے بعد جانچ نہ کروانا۔ B. گاڑی کا اس کے چیچس میں بڑی مرمت کرانے کے بعد جانچ نہ کروانا۔	۴۰۰		
۸۶	چھوٹی گاڑی کا لائن کے اصولوں کی پابندی نہیں کرنا۔	۴۰۰		
۸۷	کار کی لائٹس کا خراب حالت میں ہونا۔	۴۰۰	۲	
۸۸	A. اشاروں کا خراب حالت میں ہونا۔ B. کار کی پچھلی لائٹس کا خراب حالت میں ہونا۔۔	۴۰۰	۲	
۸۹	A. پیدل چلنے والوں کا ٹریفک سگنل کی پیروی نہ کرنا۔ B. ممنوعہ جگہ سے پیدل چلنے والوں کو سڑک پار کرنا۔	۴۰۰		
۹۰	اسکول بس کے ڈرائیور کا اسٹاپ سائن کو اکٹیویٹ کرنے میں ناکام رہنا یا ٹریفک کے اصولوں کی خلاف ورزی کرنا۔	۵۰۰	۲	
۹۱	اسکول بس کے اسٹاپ سائن کے اکٹیویٹ ہونے کے بعد گاڑی چلانے والے کا نہ رکنا۔	۱۰۰۰	۱۰	
۹۲	سڑک پر رکشہ یا نمائشی بائیک کو چلانا	۳۰۰۰		۹۰ دن
۹۳	اجازت شدہ حالات کے علاوہ ٹیکسی اور بس کی لائن میں گاڑی چلانا۔	۴۰۰		
۹۴	اجازت شدہ حالات کے علاوہ بنا اجازت موٹر کی ریلی میں حصہ لینا۔	۵۰۰	۴	۱۵ دن
۹۵	بنا اجازت گاڑی کے رنگ کو بدلنا۔	۸۰۰		
۹۶	A. کار یا کشتی کو بنا اجازت اٹھانا۔ B. کار یا کشتی کو اٹھاتے وقت اس کے حفاظتی اور سلامتی کے تقاضوں کو پورا نہ کرنا۔	۱۰۰۰		
۹۷	A. ٹریلر کے پچھلے یا سائڈ کی لائٹس کا بری حالت میں ہونا۔ B. ٹریلر کے پچھلے یا سائڈ کی لائٹس کا نہ پایا جانا۔	۵۰۰	۴	
۹۸	یہاں موجود طریقوں کے علاوہ کسی اور طریقے سے ٹریفک میں رخنہ ڈالنا۔	۵۰۰		
۹۹	A. ممنوعہ مقام سے موڑنا۔ B. غلط راستے سے موڑنا۔	۵۰۰	۴	
۱۰۰	A. چھوٹی گاڑی کا اس طرح بھرا ہوا ہونا جس سے دوسروں کو خطرہ لاحق ہو۔ B. چھوٹی گاڑی کا اس طرح بھرا ہوا ہونا جس سے سڑک کو نقصان پہونچنے کا خطرہ لاحق ہو۔	۵۰۰	۴	

حصہ ۸ : ٹریفک کے قانون کی خلاف ورزیاں، جرمانے اور بلیک پوائنٹس

نمبر	مخالفہ	جرمانہ	بلیک پوائنٹس	مدت ضبط
۱۰۱	بنا اجازت چھوٹی گاڑی کا اور لوڈ کرنا یا اس کا لوڈ ابھرا ہوا ہونا۔	۵۰۰	۴	
۱۰۲	چھوٹی گاڑی سے سامان کا پھسلنا یا گرنا۔	۵۰۰		
۱۰۳	کمرشیل نمبر پلیٹ کا غیر قانونی استعمال کرنا۔	۵۰۰		۷ دن
۱۰۴	A. رات میں لائٹ کے بغیر گاڑی چلانا۔ B. دھند والے موسم میں لائٹ کے بغیر گاڑی چلانا۔ C. دھند کے موسم میں متعلقہ اداروں کی ہدایات کے باوجود گاڑی چلانا۔	۵۰۰	۴	
۱۰۵	A. غلط طریقے سے ہارن کے ہارن یا اس کے ساونڈ سسٹم کو استعمال کرنا۔ B. رہائشی علاقوں تعلیمیزون،اسپتال کے قریب دوسروں کو ہلاکت میں ڈالنے والے انداز میں گاڑی چلانا۔	۴۰۰	۴	
۱۰۶	A. گاڑی کا رجسٹریشن کارڈ لے کر نہ چلنا۔ B. ڈرائیونگلائیسنس لے کر نہ چلنا۔	۴۰۰		
۱۰۷	غلط وقت اور جگہ میں سیکھنے والی گاڑی کو استعمال کرنا۔	۴۰۰		
۱۰۸	A. ایسی گاڑی میں سیکھانا جس پر سکھانے کا لیبل نہ لگا ہو۔ B. لائسنسنگ اتھارٹی کی اجازت کے بنا غیر مجاز گاڑی میں ڈرائیونگ سیکھانا۔ C. لائیسنس کے بغیر ڈرائیونگ سیکھانا۔	۵۰۰		
۱۰۹	ٹریننگ کے دوران ڈرائیونگ لرننگ پرمٹ کو ساتھ نہ رکھنا۔	۳۰۰		
۱۱۰	زیادہ ترین بلیک پوئنٹس تک پہونچنے کے بعد ٹریفک کے پہلے مخالفہ لگتے وقت ڈرائیونگ لائیسنس کو جمع نہ کرانا۔	۱۰۰۰		
۱۱۱	زیادہ ترین بلیک پوئنٹس تک پہونچنے کے بعد ٹریفک کے دوسرے مخالفہ لگتے وقت ڈرائیونگ لائیسنس کو جمع نہ کرانا۔۔	۲۰۰۰		
۱۱۲	زیادہ ترین بلیک پوئنٹس تک پہونچنے کے بعد ٹریفک کے تیسرے مخالفہ لگتے وقت ڈرائیونگ لائیسنس کو جمع نہ کرانا۔	۳۰۰۰		
*ایک سال کے لئے ڈرائیونگ لائیسنس کا معطل ہو جانا۔				

حصہ ۹ : آرٹی اے کا آسان لائسنس کا نظام

آرٹی اے کا آسان لائسنس کا نظام

آر۔ ٹی ۔ اے میں اپنا ریکارڈ دیکھنا

آرٹی اے کی جانب سے دبئی کے ڈرائیونگ لائسنس یافتہ ڈرائیور اور دبئی میں رجسٹر شدہ گاڑی کے مالکان کو گاڑی اور لائسنس سے متعلق معلومات جاننے اور ڈرائیونگ سے متعلقہ خدمات حاصل کرنے کے لئے ۲۴ گھنٹہ آن لائن ہوم پیج کی سہولت مہیا کی گئی ہے۔ انٹرنیٹ پر مہیا کردہ خدمات کو عربی اور انگریزی دونوں زبانوں میں دیکھا جاسکتا ہے۔ اوراس میں ٹریفک کے جرمانوں اور بلیک پوائنٹس کے بارے میں معلومات بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔

اپنا آرٹی اے کا ریکارڈ دیکھنے کے لئے آر۔ ٹی ۔ اے کی ویب سائٹ www.rta.ae پر لاگ آن ہوکر پہلے صفحے کے نیچے دیئے گئے بیز "Licensing eServices" پر کلک کریں۔ اگلے صفحہ پر "New User" سلیکٹ کریں اور اپنی ذاتی معلومات درج کریں۔ رجسٹریشن کا عمل آسان اورسریع ہے۔

آر۔ ٹی ۔ اے کی آن لائن خدمات

آر۔ ٹی ۔ اے آن لائن خدمات میں ڈرائیونگ سے متعلق کافی خدمات مہیا کی گئی ہیں اس میں گاڑی کی رجسٹریشن کی تجدید، ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید اور گشمدہ ڈرائیونگ لائسنس یا نمبر پلیٹ کے دوبارہ اجراء کی خدمات شامل ہیں۔

آن لائن خدمات میں صارفین کو ۲۰ سے زیادہ خدمات مہیا کی گئی ہیں۔ بہت سے معاملات جیسا کہ گاڑی کی رجسٹریشن کی تجدید کا عمل ایک منٹ میں مکمل ہوجاتا ہے۔ اس عمل کی تکمیل کے لئے فیس کی ادائیگی بذریعہ کریڈٹ کارڈ کی جاتی ہے اور صارف گاڑی کی رجسٹریشن کی عارضی منظوری کی نقل اپنے گھر میں پرنٹ کرسکتا ہے۔ گاڑی کی رجسٹریشن کا عمل عارضی منظوری کی نقل پرنٹ کرنے کے ساتھ ہی مکمل ہوجاتا ہے۔ اور اس کے مکمل ہونے کے فوری بعد گاڑی چلائی جاسکتی ہے۔

آر۔ ٹی ۔ اے کال سنٹر

آر۔ ٹی ۔ اے کال سنٹر کی سروس صارفین کے لئے ۲۴ گھنٹے کھلی رہتی ہے۔ اور بہت سی آن لائن خدمات جیسا کہ گاڑی کی رجسٹریشن اور ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید بھی بذریعہ کال مکمل کی جاسکتی ہیں۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ آر۔ ٹی ۔ اے کے کال سنٹر ۸۰۰۹۰۹۰ پر کال کرکے گاڑی اور لائسنسنگ سروس کا انتخاب کریں۔

بذریعہ کال سنٹر کاروباری خدمات حاصل کرنے کے لئے آپ کو کریڈٹ کارڈ یا ای- درھم اور ایک ای میل ایڈریس کی ضرورت پیش آئے گی جس میں آپ کوعارضی رجسٹریشن جیسی خدمات کی منظوری بھیجی جائے گی۔

گاڑی کی رجسٹریشن یا ڈرائیور لائسنس کی تجدید کا تیزاور آسان ترین طریقہ آر۔ ٹی ۔ اے کے بااعتماد ایجنٹس کی خدمات حاصل کرنا ہے۔ بااعتماد ایجنٹس دو اقسام کے ہیں۔ کچھ منتخب کردہ گاڑی کی انشورنس کرنے والے ہیں جو اپنے صارفین کی گاڑیوں کی رجسٹریشن کی تجدید کرنے کے لئے بھی مجاز ہیں اورکچھ آنکھیں ٹیسٹ کرنے والے بھی ہیں جو اپنے صارفین ڈرائیورلائسنس کی تجدید کرنے کے لئے مجاز ہیں۔

گاڑی کی رجسٹریشن کی تجدید کروانے کی صورت مین آپ کو گاڑی کی انشورنس خریدنا ضروری ہے۔ اگر آپ آر۔ ٹی ۔ اے کے بااعتماد ایجنٹ سے انشورنس خریدتے ہیں تو وہ اسی وقت آپ کی گاڑی کی رجسٹریشن بھی کرسکتے ہیں۔ وہ آپ کو عارضی رجسٹریشن کی منظوری مہیا کرسکتے ہیں جس سے آپ اپنی گاڑی چلاسکتے ہیں۔ اگر آپ کی گاڑی ۳ سال سے زیادہ پرانی ہے تو آپ کو پہلے اپنی گاڑی کا معائنہ کروانا ہو گا۔

بااعتماد ایجنٹس کی دوسری قسم آنکھیں ٹیسٹ کرنے والے ہیں۔ ڈرائیور لائسنس کے اجراء کے لئے آپ کو آنکھوں کا معائنہ کروانا ہو گا۔ آر۔ ٹی ۔ اے کے بااعتماد ایجنٹ سے آنکھوں کا معائنہ کروائیں اور اسی وقت اپنے لائسنس کی تجدید بھی کروالیں۔ اس صورت میں آنکھیں ٹیسٹ کرنے والا آپ کوڈرائیونگ لائسنس کی تجدید کی عارضی منظوری دے گا جس سے آپ فوری طور پر گاڑی چلا سکتے ہیں۔

تمام صورتوں میں، چاہے گاڑی کی رجسٹریشن کی تجدید ہو یا ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید ہو تو آپ کو اختیار دیا جائے گا کہ آپ گاڑی کی رجسٹریشن یا ڈرائیونگ لائسنس کا تجدید شدہ پلاسٹک کارڈ آر۔ ٹی ۔ اے کے آفس سے یا بذریعہ کوریئر وصول کرنا چاہیں گے۔ کوریئر سے وصول کرنے کی صورت میں تھوڑی سی اضافی فیس ادا کرنا ہو گی لیکن خود وصول کرنے صورت میں اضافی فیس نہیں ہو گی۔

برائے مہربانی نوٹ فرمالیں:

آر۔ ٹی ۔ اے بااعتماد ایجنٹس آپ سے آر۔ ٹی ۔ اے کی خدمات کے لئے کوئی اضافی فیس وصول نہیں کریں گے۔ آپ وہی فیس ادا کریں گے جو آپ آر۔ ٹی ۔ اے کے آفس میں ادا کرتے ہیں۔

آر۔ ٹی ۔ اے کی ویب سائٹ www.rta.ae پر انشورنس اور آنکھوں کا ٹیسٹ کرنے والے آر۔ ٹی ۔ اے کے بااعتماد ایجنٹس کی فہرست دستیاب ہے۔ اس کے لئے پہلے Licensing اور پھر "ھاؤ ٹو" کا انتخاب کریں

اپنی گاڑی کی رجسٹریشن کی تجدید ۵ مرحلوں میں کروائیں

Anytime

اختیار (A) تجدید بذریعہ آن لائن یا اختیار(B) تجدید بذریعہ آر۔ ٹی ۔ اے کال سنٹر

STEP 1

آن لائن اگر آپ کی گاڑی ۳ سال سے زیادہ پرانی ہے تو گاڑی کے ٹیسٹ سنٹر سے گاڑی کا معائنہ کروائیں یا

کال سنٹر اگر آپ کی گاڑی ۳ سال سے زیادہ پرانی ہے تو گاڑی کے ٹیسٹ سنٹر سے گاڑی کا معائنہ کروائیں

STEP 2

آن لائن: اپنی گاڑی کی انشورنس کروائیں (یا)

کال سنٹر: اپنی گاڑی کی انشورنس کروائیں

STEP 3

آن لائن (www.rta.ae) پر اپنی پروفائل بنائیں (یا)

کال سنٹر ۸۰۰۹۰۹۰ پر آر۔ٹی۔اے خدمات کے لئے کال کریں

STEP 4

آن لائن بذریعہ کریڈٹ کارڈ یا ای- درھم اپنی گاڑی کی رجسٹریشن کی تجدید کی فیس اور جرمانہ (اگرہو) ادا کریں۔ یا

کال سنٹر بذریعہ کریڈٹ کارڈ یا ای- درھم اپنی گاڑی کی رجسٹریشن کی تجدید کی فیس اور جرمانہ (اگرہو) ادا کریں۔ یا

STEP 5

آن لائن اپنی گاڑی کو استعمال کرنے کے لئے گاڑی کی رجسٹریشن تجدید کی عارضی

منظوری پرنٹ کریں۔ اور بذریعہ کوریئر رجسٹریشن کارڈ وصول کریں یا

کال سنٹر اپنی گاڑی کو استعمال کرنے کے لئے گاڑی کی رجسٹریشن تجدید کی عارضی منظوری جو کہ ای میل میں بھیجی جائے گی پرنٹ کریں۔ بذریعہ کوریئر رجسٹریشن کارڈ وصول کریں

حصہ ۹ : سیکھیں اور اپنے ڈرائیونگ کے تجربے کا لطف اٹھائیں

ڈرائیونگ کرنا سیکھتے رہیں اور اپنے گاڑی چلانے کے تجربات سے لطف اندوز ہوں

سڑک پر گاڑی میں سفر کرنا کہیں آنے جانے کا ایک بہت ہی حیرت انگیز ذریعہ ہے اور ایک ڈرائیور کی حیثیت سے گاڑی کو اپنے قابو میں رکھنا بہت ہی مسرت کا باعث ہوتا ہے۔ تاہم، اس کے ساتھ آپ پر ایک اہم ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے وہ یہ کہ آپ، اپنی اور اپنے مسافروں کی بحفاظت منزل پر پہنچنے کو یقینی بنائیں۔ جب آپ اپنا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرلیتے ہیں اور محفوظ ڈرائیور بنا سیکھ لیتے ہیں تو آپ تنہا ڈرائیونگ کرنے کے تجربہ سے لطف ہوں گے۔

اس بات کی یقین دھانی کریں کہ آپ سیکھنا جاری رکھیں۔ اپنے گاڑی چلانے کے تجربہ میں اضافہ کریں اور سڑک پر سلامتی سے متعلق جتنی زیادہ ہوسکے معلومات حاصل کریں۔ آپ کسی دوسرے کی نسبت خود اپنے آپ کو گاڑی چلانے میں مہارت حاصل کرنے کے بارے میں بہت زیادہ سکھا سکتے ہیں۔ ذیل میں کچھ مشورے دیئے گئے ہیں:

- اپنی ڈرائیونگ کے بارے میں ہمیشہ خود سے سوالات کریں۔اس طرح آپ اس کے بارے میں ہمیشہ سوچتے رہیں گے اور خود کو بہتر کرنے کی کوشش کرتے رہیں گے۔
- اپنا ایک لائحہ عمل بنائیں اور خود سے پوچھیں کہ آپ نے کہاں، کب اور کیوں کچھ کرنا ہے۔
- دوسروں کی ڈرائیونگ کرنے کے انداز کا مشاہدہ کریں۔ اس سے آپ کو کسی صورتحال میں کچھ کرنے کے بارے میں مدد مل سکتی ہے۔
- جب اپنی ڈرائیونگ کو بہتر بنانے کی کوشش کررہے ہوں تو خود کو یاد دلانے سے مدد مل سکتی ہے کہ آپ کو کیا کرنا چاہئے (اس کے لئے اپنی ڈرائیونگ کی ہینڈبک سے رجوع کریں)۔
- دوسرے ڈرائیوروں سے پوچھیں کہ ڈرائیونگ کے دوران پیش آنے والی کسی مشکل سے کیسے نمٹا جاسکتا ہے۔
- عموماً" ڈرائیونگ کے لئے اپنی منزل کے راستہ کا لائحہ عمل بنانا شروع کریں جیسا کہ روزانہ کام پر جانے اورواپس آنے کاراستہ یا مقامی شاپنگ سنٹر تک جانے کا راستہ۔

اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو آپ ڈرائیونگ کرنے کے لمحات کو حیرت انگیز پائیں گے۔

لطف اندوز ہوں!

حصہ ۱۰: نصاب کی معلومات کی تربیت

نظریہ نصاب

مقصد: لین ڈرائیوروں کو علم اور مثبت ذہنیت فراہم کرنا

دورانیہ: ۸ سبق کا ہر ایک سبق

سبق	فہرست
۱. ڈرائیور کی ذمہ داریاں اور اس کا رویہ	• ٹریننگ اور امتحان کا نقشہ • گاڑی چلانے کا انداز • بیمہ اور اس میں کیا چیزیں شامل نہیں ہیں • ٹریفک حادثہ کا انجام • پیچھے بیٹھی سواری سے وابستہ ذمہ داری
۲. ٹریفک کے اصول و قوانین کی معلومات	• ٹریفک کے اصول و قوانین کی ضرورت • سڑک کی علامات • روڈ مارکنگ • بس اور ٹیکسی کی لائن • چوراہوں پر ٹریفک کنٹرول • رفتار کی حد • پیدل چلنے والوں کو راستہ دینا • مڑنا • چوراہے • لائن بدلنا اور اور ٹیک کرنا • پارکنگ کی پابندی
۳. سڑک استعمال کرنے والوں کی خصوصیات	• کار چلانے والے • پیدل چلنے والے • ہیوی اور جڑی ہوئی گاڑیوں کو چلانے والے • موٹر سائیکل چلانے والے • سائکل چلانے والے • جانور
۴. ڈرائیور کی حالت	• دوا، تھکاوٹ، الکوحل • موبائل فون اور دوسری رکاوٹیں • مزاج - جارحانہ نمائشی اور جذباتی • دیکھنے اور بھانپنے کی غلطیاں • رد عمل کا وقت اور رکنے کی دوری • پیچھے چلنے کی محفوظ دوری

سبق	فہرست
۵. ماحول	• رات میں گاڑی چلانا - رات میں ہماری آنکھیں کس طرح دیکھتی ہیں - نظر کو متاثر کرنے والے رنگ - ہیڈ لائٹ اور ہائی بیم • دھند اور ریت کا طوفان - دکھائی دینے کی حد اور رفتار - حادثات میں ہلاک ہونے والوں کی رپورٹ • بارش اور سیلاب - دکھائی دینے کی حد اور ہائیڈرو پلاننگ - بریک لگانے اور گاڑی سے پیچھے رہنے کی دوری - سیلاب کے پانی کی جانچ کرنا - اس کو پار کرنا اور پھر اس کے بعد • پھسلنے اور ریت والی سڑک سطح جیسے کہ اسٹیل کی پلیٹیں
٦. فری وے میں چلانا ٹریفک کی بدعنوانیاں اور روٹ کی پلاننگ	• فری وے کے اصول - لائن کا نظم و ضبط - کیا کرنا اور کیا نہیں کرنا چاہئے • عام ٹریفک کے حادثات اور بدعنوانیاں • مناسب روٹ کی پلاننگ - سفر کے لئے معقول وقت - عمدہ روٹ کا انتخاب - بھیڑ سے بچنے کے لئے متبادل راستہ • ماحولیاتی ڈرائیونگ • ماحولیات دوست ڈرائیونگ (چھٹے حصے میں ملاحظہ کریں)
۷. چلاتے وقت خطرات اور ہنگامی حالات کی پیش قیاسی کی صلاحیت میں اضافہ کرنا	• خطرات کو بھانپنے کا کلپ - سیدھا سڑکیں - جنکشن - رات - دھند - رہائشی - اسکول کا علاقہ • ہنگامی حالات - ریت میں پھنس جانا - میکا نیکی دشواریاں • ہنگامی گاڑیوں کا راستہ دیں
۸. ٹریفک حادثہ کی کیس اسٹڈی اور حادثہ کے وقت کس طرح کام کرنا چاہئے	• مختلف طرح کے حادثات پر تبادلہ خیال - پیدل چلنے والوں سے ٹکرانا - سامنے والی گاڑی سے ٹکرانا - پیچھے والی گاڑی سے ٹکرانا - جنکشن پر گاڑی سے ٹکرانا - گزرنے والی گاڑی سے ٹکرانا - آنے والی گاڑی سے ٹکرانا - اکیلی گاڑی سے ٹکرانا • اوپر درج شدہ حادثات سے کیسے بچا جائے • ہنگامی حالات کی گاڑیاں سرکاری گاڑیاں اور انہیں کیسے راستہ دیا جائے • حادثے میں ذمہ داریاں - متاثرین کے ساتھ مدد - کون کون مدد کر سکتا ہے - گاڑی میں آگ بجھانے والا - حادثات کے لئے پولیس موبائل درخواست

چھوٹی موٹر گاڑی کا تربیتی نصاب

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوب کام
مرحلہ ۱ – گاڑی چلانے کے بنیادی کام (احاطے میں)		
گاڑی چلانے اور بنیادی کاموں کی تیاری		
۱۰۱ء گاڑی کے بیرونی حصہ کا معاینہ	• پہیے / ٹائر، بیرونی حصہ، لائٹس، نمبر پلیٹ، اطراف آئینے، کھڑکیاں، گاڑی کے نیچے	گاڑی کے بیرونی حصہ کا معاینہ کرنے کے قابل ہونا
۱۰۲ء گاڑی میں بیٹھنا	• گاڑی میں بیٹھتے وقت حفاظتی پہلو (اگر اطراف میں ٹریفک ہو دروازے کا لاک کھولنا اور اسے کھولنا، دروازے کو یا کسی کی ملکیت کو نقصان پہنچائے بغیر دروازہ کھولیں	گاڑی میں محفوظ طور پر بیٹھنے کے طریقہ کار کے بارے میں جاننا
۱۰۳ء آلات کے پینل کے بارے میں جاننا	فیول کی گیج، انجن کے چکروں کا میٹر، انجن کے ٹمپریچر کا گیج، ائرکنڈیشن، ہیڈلائٹس، اشارے، ونڈ اسکرین کے وائپر کی سیٹنگ اور ہارن گاڑی میں مہیا کی گئی اضافی خصوصیات جیسا کہ ٹائر میں ہوا کے دباؤ کی نگرانی، گاڑی کی سڑک پر گرفت کے آلات وغیرہ	آلات اور ان کے استعمال کے بارے میں جاننا
۱۰۴ء کاک پٹ کی مشق اور دکھائی دینا	• دوزاے کا لاک (بشمول بچوں کے لئے حفاظتی لاک) • موبائل فون بند کرنا • ونڈ اسکرین / آئینے صاف ہونا	دروازہ کے لاک اور بچوں کے لئے حفاظتی لاک کے استعمال کا طریقہ جاننا اور کاک پٹ کی مشق کرنا
۱۰۵ء ڈرائیونگ کے لئے بیٹھنے کا انداز	• سیٹ کو ضرورت کے مطابق درست کرنا اور سیٹ بیلٹ باندھنا • اسٹیئرنگ پکڑتے وقت ہاتھوں کی پوزیشن تقریبا ۱۲۰ درجہ زاویہ پر ہو	گاڑی چلانے کے لئے بیٹھنے کا درست انداز اختیار کریں
۱۰۶ء مسافروں کی سلامتی اور سامان کو محفوظ کرنا	سیٹ بیلٹ، سر کے لئے سہارے، بچوں کے لئے سیٹ (ائیر بیگ) مسافروں کی مقررہ تعداد / سیٹ، سامان کو محفوظ کرنا	سیٹ بیلٹ کو درست طور پر استعمال کرنے کے بارے میں جاننا اور تمام مسافروں کی سلامتی کو یقینی بنانا
۱۰۷ء آلات کے بارے میں جاننا (ہاتھ اور پاؤں سے استعمال ہونے والے)	• پاؤں سے استعمال ہونے والے آلات: ایکسیلریٹر، بریک، (کلچ) • ہاتھوں سے استعمال ہونے والے آلات: ہینڈ بریک، گئیر، اسٹیئرنگ ویل	تمام کنٹرول کرنے والے آلات کو غیر حقیقی طور پر چلانے کے مشق کرنا

حصہ ۱۰ : نصاب کی معلومات کی تربیت

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوب کام
۰۸ء۱حفاظتی تدابیر اور انجن چلانا	انجن کو اسٹارٹ کرنے کا طریقہ کار (ہینڈ بریک، گیئر، اسٹیئرنگ لاک)	انجن کو محفوظ طور پر اسٹارٹ کرنے کے قابل ہونا
۰۹ء۱آلات کا معاینہ	انتباہ کرنے والی لائٹس، میٹر اور صوتی معاینہ	انتباہ کرنے والی لائٹس اور ان کے کاموں کو پہچاننے کے قابل ہونا
۱۰ء۱آئینوں کو درست کرنا	• گاڑی کے دونوں جانبی آئینوں کو اس طرح درست کرنا کہ ان میں سے کار کا ۵/۱ حصہ نظر آئے۔ • کار کے اندر پیچھے دیکھنے والے آئینہ میں سے حرکت کرنے کے بغیر کار کا پچھلا شیشہ پورا نظر آئے۔ • بغیر ادائیگی کی منتقلی	تمام آئینوں کو صحیح طریقہ سے درست کرنے کے قابل ہونا
۱۱ء۱ گاڑی چلاتے وقت نظر کی سمت	مؤثر طور پر مشاہدہ کرنے کی اہمیت کو اور سڑک استعمال کرنے والوں کو اپنے ارادوں سے آگاہ کرنے کی ضرورت کو سمجھنا	سامنے اور پیچھے مشاہدہ کرنے کے قابل ہونا
۱۲ء۱ گاڑی کو حرکت میں لانا اور روکنا	• کلچ کی رگڑ پر قابو کرنا / کلچ پکڑنے کے وقت کو جاننا (مینول گیئر والی کاروں میں) • گاڑی کو حرکت میں لانے اور روکنے کے لئے پاؤں سے استعمال کرنے والے آلات میں ربط قائم کرنا۔	درج ذیل کے قابل ہونا: • ایکسیلیٹر اور کلچ میں میں اچھی طرح ربط پیدا کرنا • کلچ پکڑنے کے وقت کو جاننا • ایکسیلیٹر اور کلچ کو قابو کرتے ہوئے گاڑی کو روانی کے ساتھ حرکت میں لانا
۱۳ء۱ انجن بند کو بند ہونے سے بچانا (مینول گیئر والی گاڑی)	• کلچ دبا کر انجن کو بند ہونے سے بچانا • بند ہوجانے والے انجن کو دوبارہ اسٹارٹ کرنا	درج ذیل کے قابل ہونا: • انجن کو بند ہونے سے بچانا • محفوظ طور پر اور جلدی سے بند انجن کو دوبارہ اسٹارٹ کرنا
۱۴ء۱ گاڑی کو محفوظ رکھنا (اندر اور باہر سے)	پارکنگ کرتے وقت گیئر کا انتخاب کرنا اور گاڑی کو محفوظ رکھنا ہینڈ بریک لگانا، انجن بند کرنا، گاڑی کو باہر سے لاک کرنا	• انجن کو بند کرنے، پارکنگ بریک لگانے اور گاڑی کو لاک کرنے کے قابل ہونا
۱۵ء۱ گاڑی چھوڑ کے جانا	گاڑی سے باہر نکلنے سے قبل سلامتی کا معاینہ کرنے کی اہمیت	گاڑی کو محفوظ کرکے چھوڑ کر جانے کے قابل ہونا
۱۶ء۱ گیئر تبدیل کرنا (مینول گیئر والی کاریں)	• گیئر تبدیل کرنے کے وقت کے بارے میں جاننا • تیسرے گیئر تک گیئر تبدیل کرنا • گیئر تبدیل کرتے وقت اسٹیئرنگ کو قابو میں رکھنا	• درج ذیل کے قابل ہونا: • گیئر تبدیل کرنے کے وقت کے بارے میں علم ہونا • گاڑی کو لہرائے بغیر تیسرے گیئر تک گیئر تبدیل کرنا

مطلوبہ کام	موضوع کی تفصیل	موضوع
موڑ اور سیدھی سڑک پر گاڑی کو لین کے اندر رکھنے کے لئے اسٹیئرنگ استعمال کرنے کے قابل ہونا	• اسٹیئرنگ استعمال کرنے کی تکنیک • اسٹیئرنگ استعمال کرتے وقت نظر کی سمت • لین کے اندر پوزیشن اختیار کرنا • اسٹیئرنگ استعمال کرنا اور رخ سیدھا کرنا • موڑ (دایاں / بایاں) میں اسٹیئرنگ کا استعمال اور پوزیشن اختیار کرنا	۱ء۱۷ اسٹیئرنگ کا استعمال اور گاڑی کی پوزیشن
انجن کی مدد اور پاؤں کی بریک سے رفتار کرنے اور رفتار کم کرنے سے قبل پیچھے مشاہدہ کرنے کے قابل ہونا۔	• ایکسیلیٹر سے پاؤں ہٹا کر رفتار کم کرنا • بریک دبا کر رفتار کم کرنا • رفتار کم کرتے وقت پیچھے مشاہدہ کرنے کی اہمیت	۱ء۱۸ رفتار کم کرنا
درج ذیل کے قابل ہونا: • مطلوبہ مقام سے ۰ء۵ میٹر تک گاڑی کو روکنا • رکنے سے قبل پیچھے دیکھنے والا آئینہ دیکھنا	• روانی سے بریک لگانا اور مطلوبہ مقام پر رکنا • رکتے وقت پیچھے مشاہدہ کرنے کی اہمیت	۱ء۱۹ گاڑی کو مطلوبہ مقام پر روکنا
مرحلہ ۱ کے تمام موضوعات پر خود مختاری سے عمل کرنے کے قابل ہونا	• مرحلہ ۱ کے تمام موضوعات کا جائزہ لینا • کمزور موضوعات میں بہتری لانا • مرحلہ ۱ کے موضوعات کے مطابق جانچنا	۱ء۲۰ مرحلہ ۱ کی جانچ

مرحلہ ۲ شاہراہ عام (کم اور متوسط ٹریفک والی)

دو طرفہ ٹریفک والی سڑک پر گاڑی چلانا (۴۰ کم / گھنٹہ)

مطلوبہ کام	موضوع کی تفصیل	موضوع
درج ذیل کے قابل ہونا: • نہ نظر آنے والے مقامات کی نشاندہی کرنا • نہ نظر آنے والے مقامات کا درست طریقہ سے معاینہ کرنا • خطرات کا مشاہدہ کرنے کے بارے میں علم ہونا	• نہ نظر آنے والے مقامات کے بارے میں جانیں • نہ نظر آنے والے مقام کا معاینہ کرنے کا طریقہ • خطرات کو کیسے دیکھا جائے • گاڑی چلاتے وقت نظر جمائے رکھنے کا عمل • خطرات کا مسلسل مشاہدہ کرتے رہنا • ممکنہ خطرات کی نشاندہی کریں: گھروں کے راستہ سے باہر نکلنے والی کاریں، کھڑی ہوئی گاڑیوں کے درمیان سے بچوں کا سڑک عبور کرنا۔۔۔	۲ء۰۱ نہ نظر آنے والے مقامات، ہیڈچیک کا عمل اور ممکنہ خطرات
درج ذیل کے قابل ہونا: • آئینہ دیکھنا اور ہیڈ چیک کا عمل کرنا • کم از کم ۳ سیکنڈ قبل اشارے استعمال کرنا • حرکت کرنے سے قبل سلامتی کو یقینی بنانا	• مستعدی سے معلومات حاصل کرنا (آئینے، ہیڈچیک کا عمل) • اپنے ارادوں (اشاروں سے) سے دوسروں کو مناسب طور پر خبردار کرنا • محفوظ ہونے کی صورت میں ہی حرکت کرنا (مثلا اپنی رفتار یا سمت تبدیل کرتے وقت)	۲ء۰۲ گاڑی چلانے کا منظم طریقہ (حفاظتی معمول)
سلامتی کے مناسب معمول کے ساتھ محفوظ طور پر سڑک کے کنارے سے گاڑی کو حرکت میں لانا	آئینہ – ہیڈ چیک کا عمل – اشارے – جب محفوظ اسٹیئرنگ موڑنا – آئینہ – سامنے دیکھنا	۲ء۰۳ سڑک کے کنارے سے گاڑی کو حرکت میں لانا

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوبہ کام
۲ء۰۴ رفتار کم کرنا اور رکنا	• آئینہ – ہیڈ چیک کا عمل – اشارے – جب محفوظ ہو تو اسٹیئرنگ موڑنا ۔ آئینہ • مطلوبہ مقام پر رکنا –گیئر کا انتخاب اور گاڑی کو حفاظت سے محفوظ اور قانونی جگہ پر روکنا	سڑک کے کنارے پر محفوظ طور سے مناسب طریقہ کار سے روکنے کے قابل ہونا
۲ء۰۵ سڑک کے کنارے پر موجود خطرات کے قریب سے گذرنا	• آئینے – اشارے – انتظار کرنے کی پوزیشن (اگر مناسب ہو) • کسی خطرے کے قریب سے گاڑی کے جانب میں ۰ء۵ اور ۱ میٹر فاصلہ رکھنا • یہ جان لیں کہ سامنے سے آنے والی ٹریفک کو فوقیت حاصل ہے (اگر آپ کو سڑک کے درمیان لگے ٹریفک کے نشانات کو عبور کرنے ضرورت پیش آئے)	گاڑی کے اطراف میں مطلوبہ وقفہ رکھتے ہوئے کسی رکاوٹ کے قریب سے محفوظ طور پر رکنے کے قابل ہونا
۲ء۰۶ مخالف سمت سے آنے والی ٹریفک کا سامنا کرنا	• سامنے سے آنے والی ٹریفک کا مشاہدہ کرنا • سامنے سے آنے والی ٹریفک کا اندازہ لگانا • رفتار درست کرنا جب سامنے سے ٹریفک آرہی ہو • قریب سے گذرنے سے قبل سلامتی کے اُصول کی پابندی	سامنے سے آنے والی ٹریفک کو مد نظر رکھنا اور اندازہ لگا کر محفوظ طور پر کسی رکاوٹ کے قریب سے گذرنا
۲ء۰۷ دائیں جانب سڑک پر دایاں موڑ کاٹنا	• پہنچنے کا مرحلہ: دیکھیں (چوراہے کی شناخت کریں)– آئینے – اشارے- پوزیشن لینا/ رفتار – غیر محفوظ سڑک استعمال کرنے والوں کو دیکھنے کے لئے دایاں آئینہ دیکھنا/ ہیڈچیک کا عمل کرنا – نئے راستے پر نظر رکھنا • مڑنے کا مرحلہ: دائیں مڑیں اور سڑک پر نظر رکھیں – نئے راستے میں داخل ہوتے وقت آئینہ دیکھیں	جانبی سڑک پر دائیں مڑتے ہوئے درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا: درست طریقہ کار پر عمل کرنا • راستہ پر فوقیت رکھنے والوں کو راستہ دینا • لین کے درمیان میں گاڑی رکھنا
۲ء۰۸ بائیں جانب سڑک پر بایاں موڑ کاٹنا	• پہنچنے کا مرحلہ: دیکھیں (چوراہے کی شناخت کریں)– آئینے – اشارے- پوزیشن لینا/ رفتار • مڑنے کا مرحلہ: فاصلہ رکھنے اور آگے بڑھنے کا مناسب وقت (مڑنا یا انتظار کرننے کی پوزیشن) – مڑنے سے قبل بایاں آئینہ دیکھنا – بائیں مڑنا اور راستے پر نظر رکھنا – نئے راستہ میں داخلے کے وقت آئینے دیکھنا	بائیں مڑتے وقت درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا: • درست طریقہ کار پر عمل کرنا • راستہ پر فوقیت رکھنے والوں کو راستہ دینا • لین کے درمیان میں گاڑی رکھنا
۲ء۰۹ جانبی سڑک میں دوہرا موڑ مڑنا: دایاں اور بایاں	• پہنچنے کا مرحلہ: دیکھیں (چوراہے کی شناخت کریں)– آئینے – اشارے- پوزیشن لینا/ رفتار • مڑنے کا مرحلہ: فاصلہ رکھنے اور آگے بڑھنے کا مناسب وقت (مڑنا یا انتظار کرننے کی پوزیشن) – مڑنے سے قبل بایاں آئینہ دیکھنا – بائیں مڑنا اور راستے پر نظر رکھنا – نئے راستہ میں داخلے کے وقت آئینے دیکھنا	بائیں مڑتے وقت درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا: • درست طریقہ کار پر عمل کرنا • راستہ پر فوقیت رکھنے والوں کو راستہ دینا• لین کے درمیان میں گاڑی رکھنا

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوبہ کام
۲ء۱۰ بڑے گیئر استعمال کرنا : گیئر کم یا زیادہ کرنا	• مناسب رفتار پر تیسرے یا چوتھے گیئر تک روانی کے ساتھ گیئر تبدیل کرنا۔ • آٹومیٹک گیئر میں ۱ اور ۲ گیئر کے کام، کک ڈاؤن کا عمل جاننا • سڑک پر حد رفتار کے بارے میں جاننا	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • کم ٹریفک میں میں جلدی سے رفتار بڑھاتے ہوئے چوتھے گیئر تک گیئر تبدیل کرنا • آٹومیٹک گیئر ہونے کی صورت میں 'کک ڈاؤن' سے قوت حاصل کرتے ہوئے رفتار بڑھانا۔ ۱ اور ۲ نمبر گیئر کے استعمال جاننا۔ • حد رفتار کی پابندی کرنا
۲ء۱۱ راستہ دینا، رکنے کے اشارے، فوقیت کا قانون	• چوراہوں پر فوقیت کے عمومی قوانین کو سمجھنا • رکنے اور راستہ دینے کے اشارے کے فرق کے بارے میں جاننا	لازمی کام کے اشاروں کے مطابق چوراہوں پر جب ضرورت ہو رکنے اور راستہ دینے کا عمل کرنے کے قابل ہونا
۲ء۱۲ پیدل افراد کے عبور کرنے کی جگہ اور غیر محفوظ سڑک استعمال کرنے والے	• پیدل افراد کے سڑک عبور کرنے سے متعلق قوانین کو جاننا • یہ جانیں کہ چوراہوں پر غیر محفوظ سڑک استعمال کرنے والوں کو کیوں زیادہ خطرہ درپیش ہوتا ہے • رفتار ہمپ کے فنکشن اور منطق کو سمجھیں	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا سڑک عبور کرنے کی جگہ پر پیدل افراد کے لئے محفوظ طور رکنا اور راستہ دینا • غیر محفوظ سڑک استعمال کرنے والوں کے رویہ کی پیش بینی کریں
۲ء۱۳ دائیں جانبی ٹی – تقاطع پر پہنچنا اور مڑنا	• راستہ دیں، رکنے کا اشارہ، پیدل عبور کرنے کی جگہ • پہنچنے کا مرحلہ: ایم ایس ایم پی ایس ایل (آئینہ، اشارہ، موڑنا، پوزیشن، رفتار، دیکھنا) • مڑنے کا مرحلہ: (تقاطع سے نکلنا) وقفہ رکھنا، غیر محفوظ سڑک استعمال کرنے والے (مثلاً موٹر سائیکل سوار) «رینگنا اور جھانکنا» اگر سامنے محدود دکھائی دے۔ • خروج کا مرحلہ: نئے راستہ میں داخلے کے وقت آئینہ دیکھنا – ٹریفک کے حالات کی مناسبت سے رفتار بڑھانا	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • پیدل افراد کو راستہ دینا اور محفوظ طور پر رکنا • سلامتی کے معیاری طریقہ کار پر عمل کرنا • بڑی سڑک کو محفوظ طریقے سے داخل کرنے اور اس کے بعد رفتار اٹھانے سے پہلے راستہ دیں.
۲ء۱۴ بائیں جانبی ٹی – تقاطع پر پہنچنا اور مڑنا	• راستہ دیں، رکنے کا اشارہ، پیدل عبور کرنے کی جگہ • پہنچنے کا مرحلہ: ایم ایس ایم پی ایس ایل (آئینہ، اشارہ، موڑنا، پوزیشن، رفتار، دیکھنا) • مڑنے کا مرحلہ: (تقاطع سے نکلنا) وقفہ رکھنا، غیر محفوظ سڑک استعمال کرنے والے (مثلاً موٹر سائیکل سوار) «رینگنا اور جھانکنا» اگر سامنے محدود دکھائی دے۔ • خروج کا مرحلہ: نئے راستہ میں داخلے کے وقت آئینہ دیکھنا – ٹریفک کے حالات کی مناسبت سے رفتار بڑھانا	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • پیدل افراد کو راستہ دینا اور محفوظ طور پر رکنا • سلامتی کے معمول پر عمل کرنا • بڑی سڑک میں محفوظ طور پر داخل ہونے سے قبل راستہ دینا اور داخل ہونے کے بعد رفتار بڑھانا
۲ء۱۵ غیر نشان شدہ چوراہوں سے گذرنا	• چوراہے سے قبل اپنی رفتار درست کرنا • چوراہے میں دیکھنا سامنے سے آنے والی ٹریفک آپ کے سامنے آسکتی ہے (بائیں مڑنے والے) • جب محفوظ ہو تو آگے بڑھیں	چوراہوں میں محفوظ رفتار پر داخل ہونے اور خطرات کی پیش بینی کے قابل ہونا

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوبہ کام
۲ء۱۶ سامنے سڑک استعمال کرنے والوں سے نمٹنا	• جانبی سڑکوں سے نکلنے والی ٹریفک • راستہ کاٹنے والی ٹریفک (سامنے سے آنے والی ٹریفک کا بائیں مڑنا) • داخلے کے راستوں، گیراج سے نکلنے والی ٹریفک (مثلاً رہائشی، صنعتی علاقے) • سڑک کے کنارے کھڑی ہوئی گاڑیوں کے پیچھے سے نکلنے والے غیر محفوظ سڑک استعمال کرنے والے (مثلاً پیدل افراد) • آگے چلنے والی گاڑی کے ارادوں کو سمجھنا (رفتار کم کرنا، بریک لگانا، اشارے) • گاڑی چلانے کے دوران اور رکتے وقت حفاظتی وقفہ رکھنا	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • سامنے چلنے والے سڑک استعمال کرنے والے کے ارادوں کی نشاندہی کرنا اور مناسب طور پر رد عمل کرنا • رکتے وقت آگے چلنے والی گاڑی سے محفوظ فاصلہ رکھنا
۲ء۱۷ مرحلہ ۲ کے موضوعات کے مطابق جانچنا	• مرحلہ ۱ کے تمام موضوعات کا جائزہ لینا • کمزور موضوعات میں بہتری لانا • مرحلہ ۲ کے موضوعات کے مطابق جانچنا	مرحلہ ۲ کے تمام موضوعات پر خود مختاری سے روڈ چیک لسٹ کے مطابق ۵۰٪ پر عمل کرنے کے قابل ہونا۔
مرحلہ ۳ شاہراہ عام (متوسط سے زیادہ ٹریفک والی)		
۶۰ -۸۰ کم/گھنٹہ متعدد لین والی سڑکوں پر گاڑی چلانا		
۳ء۰۱ دوطرفہ سڑک سے اسٹاپ سائن سے داخل ہونا	پہنچنے کا مرحلہ: ایم ایس ایم پی ایس ایل (آئینہ-اشارہ-اسٹیئرنگ- پوزیشن-رفتار-دیکھنا) • بائیں جانب سے آنے والی گاڑیوں کو راستہ دینا • معاینہ کریں کہ کوئی گاڑی آپ کی لین میں نہ آرہی ہو (قریبی لین سے) • معاینہ کریں کہ کوئی دوسری گاڑی لین تبدیل کرکے آپ کی لین میں نہ آرہی ہو • صرف اس وقت سڑک میں داخل ہوں جب آنے والی گاڑیوں سے تصادم کا خطرہ نہ ہو۔ سڑک میں داخل ہوتے وقت اپنی گاڑی کے مڑنے کے دائرے کو مدنظر رکھیں۔ • سڑک میں داخل ہوتے وقت دائیں جانب کے آئینہ (ہیڈچیک) سے معاینہ کریں۔ • جب آپ سڑک میں داخل ہوجائیں اور نیا راستہ اختیار کرلیں، اپنے آئینوں سے پیچھے کا معاینہ کریں • نئے راستے کے حالات سے مطابقت کرنے کے لئے اپنی رفتار جلدی سے بڑھالیں	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • اسٹاپ لائن پر ۵ء۰ میٹر کے فاصلہ پر رکیں • آنے والی گاڑیوں کا اندازہ لگانے کے قابل ہونا اور انہیں راستہ دینا۔ • تاخیر کے بغیر چوراہے پر گاڑی کو حرکت میں لانا • سڑک پر داخل ہونے کے بعد رفتار درست کرنا • آئینہ دیکھنے، اشارہ دینے اور ہیڈ چیک کرنے کے عوامل کرنا

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوب کام
۳ء۰۲ گاڑی کو سیدھا چلانا: ٹریفک لائٹس	• ٹریفک لائٹس کے جلنے بجھنے کی ترتیب کا علم ہونا(سبز، پیلی اور لال بتیاں)، جلتی بجھتی پیلی لائٹ = خرابی ہونا (خبردار رہیں!) • ٹریفک لائٹس پر کافی دور سے نظر رکھیں • چوراہے پر پہنچتے وقت آئینے سے پیچھے معاینہ کریں اور مناسب رفتار اختیار کریں («ناقابل واپسی مقام» سبز لائٹ ہونے کی صورت میں) • پیدل افراد کے سڑک عبور کرنے کی جگہ • چوراہے پر بنا باکس • چوراہا عبور کرنے کے بعد درست لین اختیار کرنا • اپنی رفتار کو سڑک کے حالات کے مطابق درست کرنا • خطرناک کام: ٹریفک لائٹ کو پھلاڑنے کی کوشش کرنا۔ ٹریفک لائٹس پر اچانک رکنے کی صورت میں پیچھے سے تصادم، لال اشارہ کاٹنے والی ٹریفک سے خبردار رہیں (دائیں یا بائیں جانب سے)	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • تمام قوانین کی پابندی کرتے ہوئے ٹریفک لائٹ والے چوراہے سے گاڑی چلا کر گذرنا • سڑک استعمال کرنے والوں اور تبدیل ہونے والی ٹریفک لائٹس سے نمٹنے کے لئے اپنی رفتار درست کرنا • آئینہ دیکھنے، اشارہ دینے اور ہیڈ چیک کرنے کے عوامل کرنا
۳ء۰۳ گاڑی سیدھا چلانا: مشاہدہ کرنا اور جائزہ لینا	• کافی دور تک دیکھیں، اپنے اطراف میں اور پیچھے دیکھیں(تیز رفتاری میں سرنگ میں روشنی کے بارے میں آگاہی) • مستقل طور پر اپنے اردگرد سے ہوشیار رہنا: اشارات، سڑک کے نشانات، سڑک استعمال کرنے والے افراد وغیرہ کو پہچانیں • ٹریفک کی سیدھ میں قریب اور دور تک دیکھنا	جائزہ لینے کے اُصول لاگو کرنا اور ٹریفک سائن، نشانات اور سڑک استعمال کرنے والے افراد کا مشاہدہ کرنے کے لئے نظروں کو حرکت میں رکھنا
۳ء۰۴ گاڑی سیدھا چلانا: رفتار اختیار کرنا اور محفوظ وقفہ رکھنا	• اپنی سڑک پر حد رفتار کے بارے میں جانیں • حالات کے مطابق مناسب رفتار اختیار کرنا (ٹریفک، موسم، روشنی/اندھیرا، ڈرائیور کی قابلیت) اور حد رفتار • گاڑی کو سیدھا چلاتے وقت مناسب طور پر محفوظ وقفہ برقرار رکھنا (کم از کم ۲ سیکنڈ اُصول، سامنے، پیچھے اور اطراف میں محفوظ فاصلہ رکھنا) رفتار کم کرنا، رکنا اور گاڑی کو حرکت میں لانا۔ • آگے چلنے والی گاڑی کے اشارے / بریک لائٹس / رکنے پر نظر رکھنا • یہ جاننا کہ آپ کسی اور کے نہ نظر آنے مقام پر تو نہیں ہیں • تیز رفتاری میں (لین میں پوزیشن برقرار رکھنے کے لئے) گاڑی کو قابو رکھنے کی مختلف خصوصیات سے آگاہی (مثلاً اسٹیئرنگ کی حساسیت) • ٹریفک لائٹس سے سڑک میں شامل ہونے والی ٹریفک سے (سلپ لین، سروس روڈ، بس اسٹاپ) اور بائیں جانب سے آنے والے سڑک استعمال کرنے والوں سے نمٹنا۔	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • سڑک کی حد رفتار کے بارے میں جاننا • سڑک اور ٹریفک کے حالات سے مطابقت کے لئے مناسب رفتار اختیار کرنا • اگلی گاڑی سے محفوظ فاصلہ اور وقفہ رکھنے کے قوانین پر عمل کرنا • سڑک میں شامل ہونے والی ٹریفک سے محفوظ طور پر نمٹنا

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوبہ کام
۳ء۰۵ گاڑی سیدھا چلانا: بڑے گیئر استعمال کرنا (مینول کاریں)	• مناسب رفتار اور وقت پر بڑے گیئر تبدیل کرنا • رفتار کم کرتے وقت / روکتے وقت بالترتیب گیئر کم نہ کرنا (گیئروں سے، مثلاً ۴-۳-۲) • اگر گاڑی کی ضرورت ہو (انجن بند ہونے سے بچنے کے لئے) رفتار کم کرتے وقت براہ راست مطلوبہ گیئر لگانا (بلاک شفٹ) • رفتار کم کرنے کے اور دوبارہ چلنے کے بعد براہ راست مطلوبہ گیئر لگانا (رفتار کے مطابق مناسب گیئر لگانا)	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • سڑک حالات اور ٹریفک کے مطابق رفتار اختیار کرنا • جب ضرورت ہو تو درست طریقہ سے انجن کی مدد سے رفتار کم کرنا
۳ء۰۶ سلپ لین سے خروج (دائیں جانب)	• پہنچنے کا مرحلہ: پہنچنے کا مرحلہ: ایم ایس ایم پی اسی ایل (آئینہ-اشارہ- اسٹیئرنگ- پوزیشن-رفتار-دیکھنا) • مڑنے کا مرحلہ: رفتار – پوزیشن – غیر محفوظ سڑک استعمال کرنے والے (پیدل افرد کے عبور کرنے کی جگہ)- سڑک پر سامنے دیکھنا (چلنے والے لین یا شامل ہونے والی لین میں) • خطرے کا عنصر: پیچھے سے نکلنے والی گاڑیوں سے خبر دار رہیں	درست طریقہ سے بڑی سڑک سے دائیں جانب خروج کرنے کے قابل ہونا
۳ء۰۷ سلپ لین سے سڑک میں داخل ہونا (شامل ہونا)	• پیدل افراد کے عبور کرنے کی جگہ (موڑ پر، لین میں شامل ہونے سے قبل) • فوقیت کے قانون کو سمجھنا (راستہ دینا) • پہنچنے کا مرحلہ (سلپ لین میں): آئینے – اشارے- ہیڈچیک کا عمل- درست رفتار اور پوزیشن • شامل ہونے کا مرحلہ: وقفہ اختیار کرنا (شامل ہوتے وقت رفتار درست کرنا) یا انتظار کرنے کی پوزیشن- پیچھے سے حرکت میں آنے والی گاڑیوں سے آگاہ ہونا	درست طریقہ کار سے سلپ لین میں داخل ہونے اور لین کے درمیان میں رہنے کے قابل ہونا
۳ء۰۸ لین تبدیل کرنا	• لین تبدیل کرنے کا مرحلہ: آئینے – مناسب وقفہ کو دیکھنا – اشارہ – ہیڈچیک کا عمل – آئینے – لین میں جانا (پوزیشن / رفتار) • استحکام کا مرحلہ: آئینے، لین تبدیل کرنے کے بعد رفتار درست کرنا اور محفوظ فاصلہ رکھنا • یہ جانیں کہ کس جگہ لین تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہے (مثلاً چوارہوں سے پہلے، پیدل عبور کرنے کی جگھوں پر) • یہ جانیں کہ کس جگہ لین تبدیل کرنا غیر محفوظ ہے (مثلاً سروس روڈ جیسی جگھوں سے ٹریفک نکلنے اور دائیں جانب والی لین میں جاتے ہوئے لین تبدیل کرتے وقت، بس اسٹاپ اور داخلے والی لین)	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • مناسب مقامات پر لین تبدیل کرنا • آئینوں کی مدد سے آنے والی گاڑیوں کی رفتار اور فاصلے کا اندازہ لگانا • بتدریج اور روانی سے لین تبدیل کرنا • لین تبدیل کرنے کے درست طریقہ کار پر عمل کرنا

مطلوبہ کام	موضوع کی تفصیل	موضوع
درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • اوورٹیک کرنے کے اقدام کو لاگو کرنا • سامنے سے تصادم سے بچنے کے لئے مخالف سمت سے آنے والی ٹریفک کا اندازہ لگانا • رفتار اور قوت حاصل کرنے کے لئے ایکسیلیٹر دبانا • اوورٹیک کرنے کے بعد محفوظ طور پر لین میں واپس آنا • اوورٹیک کی ممانعت والے مقامات کو پہچاننا	• لین تبدیل کرنے کا مرحلہ: آئینے – مناسب وقفہ کو دیکھنا – اشارہ ہیڈچیک کا عمل – آئینے – لین میں جانا (پوزیشن/رفتار) • استحکام کا مرحلہ: آئینے، لین تبدیل کرنے کے بعد رفتار درست کرنا اور محفوظ فاصلہ رکھنا • لین میں واپس آنے کا مرحلہ: آئینے – اشارہ – ہیڈ چیک کا عمل- آئینے – مڑنا (پوزیشن/رفتار) • دوبار استحکام کا مرحلہ: آئینہ، لین تبدیل کرنے کے بعد درست رفتار اور پوزیشن اختیار کرنا	۳ء۰۹ اوورٹیک کرنا (لین تبدیل کرنا اور لین میں واپس آنا)
درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • بائیں مڑنے کے لئے درست پوزیشن اختیار کریں • مڑنے سے قبل دوسری گاڑیوں کے رک جانے کی یقین دھانی کریں • درست طور پر لین میں مڑیں • خطرہ کی نشاندہی کریں اور ان سے بچنے کے لئے اقدام اٹھائیں • موڑ مڑنے کے بعد رفتار درست کریں	• بائیں مڑنے کے لئے درست لین کا انتخاب کریں، اگر ایک لین سے زیادہ ہوں (یو-ٹرن، بایاں موڑ، اگلا موڑ) • پہنچنے کا مرحلہ: (بائیں مڑنے والی لین میں داخلہ اور ٹریفک لائٹ تک پہنچنا): آئینے – اشارہ – گاڑی موڑنا (درست پوزیشن اور رفتار اختیار کرنا) • مڑنے کا مرحلہ (ٹریفک لائٹس سے): موڑ میں دیکھیں – جب مناسب ہو موڑ میں داخل ہوں – درست پوزیشن برقرار رکھیں (مڑنے کے دوران اور بعد میں لین کا انتخاب، دوسری مڑنے والی گاڑیوں کی مناسبت سے پوزیشن رکھنا) اور رفتار – دائیں جانب سے شامل ہونے والی ٹریفک سے خبردار رہیں۔ • خطرے کا عنصر: کچھ ٹریفک لائٹس پر ہوسکتا ہے کہ مخالف سمت سے سبز لائٹس پر بھی ٹریفک آرہی ہو • خطرے کا عنصر: ہوسکتا ہے کہ اگلی گاڑی یو – ٹرن لے رہی ہو (پیچھے سے تصادم؟)	۳ء۱۰ ٹریفک لائٹ سے بائیں مڑنا
درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • یو- ٹرن کرنے کے لئے مناسب پوزیشن اختیار کریں • لین میں صحیح طور پر موڑ مڑیں۔ • خطروں کی نشاندہی کریں اور بچنے کے لئے اقدامات اٹھائیں۔ • گاڑی کو لہرائے بغیر اسٹیئرنگ کو واپس گھمائیں۔ • مڑنے کے بعد درست رفتار اختیار کریں	• یو – ٹرن کے اشارے کو سمجھیں بشمول ممانعت کی جگہوں پر • یو – ٹرن (اور اسٹاپ) سائن، یو – ٹرن کی اقسام (کھلا، بند) پہلے ہی سے شناخت کریں • **پہنچنے کا مرحلہ:** آئینے – اشارہ – رفتار اور پوزیشن درست کرنا • **اسٹاپ سائن پر:** مڑنے کے لئے کھلی جگہ بنانے کے لئے لین کے دائیں جانب کی پوزیشن پر جانا۔ • سامنے سے تمام لین میں آنے والی ہر قسم کی ٹریفک کو راستہ دیں (اور کھلے یو – ٹرن میں مخالف سمت میں آنے والی ٹریفک کو) سامنے سے آنے والی گاڑیوں کی رفتار اور فاصلے کا انداز لگانا ضروری ہے۔ • **ٹریفک لائٹس پر:** یو – ٹرن کرنے کے لئے انتہائی بائیں جانب والی لین کا انتخاب • **مڑنے کا مرحلہ:** وقفہ رکھنا – موڑ میں دیکھیں – موڑ میں درست لین اختیار کریں – دائیں جانب سے سڑک میں شامل ہونے والی گاڑیوں سے خبردار رہیں (ٹریفک لائٹس پر)	۳ء۱۱ یو – ٹرن (ٹریفک لائٹس پر، کھلا اور بند)

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوبہ کام
۳ء۱۲ دوہری لین والے راؤنڈ اباؤٹ (دائیں، سیدھا، بائیں اور یو – ٹرن)	• راؤنڈ اباؤٹ پر پہنچنے سے قبل ٹریفک کے اشاروں، سڑک منقسم کرنے والی جگہوں اور تھرتھراہٹ والی پٹیوں کی شناخت کریں۔ • **پہنچنے کے مراحل:** مناسب لین کی منصوبہ بندی – آئینے – اشارے – اگر لین تبدیل کرنا ہو تو ہیڈچیک کا عمل – رفتار – راؤنڈ اباؤٹ میں بائیں جانب سے آنے والی ٹریفک کو راستہ دینا اور پوزیشن لینا • **پہنچنے کا مرحلہ:** مناسب لین اختیار کرنے کا فیصلہ کریں – آئینے – اگر لین تبدیل کرنی ہو تو ہیڈ چیک کا عمل – رفتار اور پوزیشن – راؤنڈ اباؤٹ میں درست لین میں داخل ہونا • **نکلنے کا مرحلہ:** اشارہ – ہیڈ چیک کا عمل – راؤنڈ اباؤٹ سے نکلتے وقت درست لین میں جانا – جب محفوظ ہو تو مناسب لین میں جائیں (اگر ضروری ہو) • **خطرے کا عنصر:** ایسی گاڑیوں سے خبردار رہیں جو آپ کو راستہ نہ دے رہیں اور آپ کے سامنے یا ایک جانب سے راؤنڈ اباؤٹ میں داخل ہورہی ہوں (سیدھا جاتے، بائیں مڑتے یا یو – ٹرن لینے کی صورت میں)۔ ہوسکتا ہے کہ راؤنڈ اباؤٹ تک پہنچنے / داخلے کی وقت گاڑی کا بائیں جانب والے ستون کی وجہ سے بائیں جانب والی ٹریفک نظر نہ آئے	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • راؤنڈ اباؤٹ تک پہنچنے سے قبل درست پوزیشن اختیار کرنا • داخلے اور خروج کے وقت مناسب اشاروں کا استعمال کرنا • جس گاڑی کو راستہ پر فوقیت حاصل ہو اس کی رفتار اور فاصلے کا اندازہ لگانا • راؤنڈ اباؤٹ میں درست رفتار اختیار کرنا • راؤنڈ اباؤٹ میں چلنے والی گاڑیوں کے ارادوں کو سمجھیں۔ • سلامتی کے اصولوں کو لاگو کریں
۳ء۱۳ سڑک استعمال کرنے والوں کے غیر متوقع کاموں سے نمٹنا	• مثالیں: لین تبدیل کرنا یا پیشگی انتباہ کے بغیر لین میں شامل ہونا یا سابقہ مشاہدے کی بنیاد پر • یہ جان لیں کہ ہوسکتا ہے کہ دوسرے ڈرائیور قانون کے مطابق گاڑی نہ چلائیں • سڑک استعمال کرنے والوں کو راستہ دینا جب ان کا خیال رکھنا یا سلامتی مقصود ہو: سڑک مل جل کر استعمال کریں	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • سڑک استعمال کرنے والوں کے ارادوں کو سمجھیں اور مناسب طور پر رد عمل کریں • خوش اخلاق کا مظاہرہ کریں اور دوسروں کا خیال رکھیں
۳ء۱۴ رات کے وقت گاڑی چلانا (کم از کم ۱ گھنٹہ)	• حالات کے مطابق درست لائٹس کرنا ضروی ہیں • لائٹس کے استعمال کا طریقہ • معاینہ کریں کہ لائٹس کام کررہی ہوں (اگلی، پچھلی، بریک لائٹس، اشارے، ہنگامی لائٹس) • دیکھنا اور دوسروں کو نظر آنا • رات کے آئینہ کا کام، حالات کے مطابق رفتار اختیار کرنا • مخصوص خطرات جب رات کے وقت گاڑی چلا رہے ہوں (مثلا چندھیا جانا) • مشکل موسمی حالات سے متعلقہ حالات (بارش، دھند، آندھی) • ونڈ اسکرین کے وائپر اور صفائی والے پانی کو استعمال کرنا	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • تمام لائٹس کا معاینہ کریں • ٹریفک اور سڑک کے حالات کے مطابق ہیڈ لائٹس استعمال کریں • مختلف رنگوں کی شناخت کریں جو نظر پر اثر انداز ہوتے ہوں۔ • آنکھیں چندھیا جانے سے کیسے بچا جائے • ہیڈ لائٹس کی حد تک گاڑی چلانے کے لئے اپنی رفتار کو درست کرنا
۳ء۱۵ مرحلہ ۳ جانچ	• مرحلہ ۳ کے تمام موضوعات کا جائزہ لینا • کمزور موضوعات میں بہتری لانا • مرحلہ ۳ کے موضوعات کے مطابق جانچنا	مرحلہ ۳ کے تمام موضوعات پر خود مختاری سے روڈ چیک لسٹ کے مطابق ۷۵٪ پر عمل کرنے کے قابل ہونا۔

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوبہ کام
مرحلہ ۴ گاڑی چلانے کی خصوصی مہارتیں (میدان میں)		
مہارت کے نصاب		
۴ء۰۱ ترچھی پارکنگ (۶۰ درجہ زاویہ، سیدھا، دائیں اور بائیں)	• داخلے کا مرحلہ: آئینے – اشارے – رفتار کی درستگی – ہیڈ چیک کا عمل (غیر محفوظ سڑک استعمال کرنے والے) – جب محفوظ ہو تو پارکنگ کی جگہ گاڑی داخل کرنا۔ • خروج کا مرحلہ (ریورس کرنا): مشاہدہ (آنے والے سڑک استعمال کرنے والے)، ہیڈ دائیں اور بائیں چیک کا عمل، جب محفوظ ہوتو ریورس کرنا (ٹریفک میں ریورس کرتے وقت خبردار رہنا)	گاڑی کو ترچھی پارکنگ میں کھڑا کرنے کے قابل ہونا: • سامنے اور جانبی باؤنڈری لائنوں کو چھوئے بغیر • پارکنگ کی جگہ میں مکمل طور پر داخل ہونا پارکنگ سے نکلتے وقت درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے پچھلی ونڈ اسکرین سے دیکھیں • پیچھے سے آنے والی گاڑیوں کی مد نظر رکھتے ہوئے آہستگی سے پیچھے گاڑی چلائیں اور میدان کی اسکور شیٹ میں دی گئی تمام ضروریات کے مطابق
۴ء۰۲ گیراج میں پارکنگ کرنا (۹۰ درجہ زاویہ ریورس اور فقط دائیں جانب)	• یہ بات سمجھیں کہ گیراج کی پارکنگ میں ریورس کرکے کھڑا کرنا کیوں محفوظ ہے۔ • داخلہ سے قبل مرحلہ: مشاہدہ / پہنچنے پر پارکنگ میں جگہ کا اندازہ لگانا • داخلے کا مرحلہ (ریورس گیئر میں): ریورس کرنے سے قبل گاڑی کو درست مقام پر لانا – آئینے – اشارہ – جب محفوظ ہو تو پارکنگ کی جگہ میں داخل ہونا۔ • خروج کا مرحلہ: مشاہدہ (سڑک استعمال کرنے والوں کے آنے کا) – اشارہ – جب محفوظ ہو تو پارکنگ کی جگہ سے نکلنا۔	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا: • گاڑی کو درست جگہ پر لانا • کھڑی گاڑی کا اسٹیئرنگ موڑے بغیر پارکنگ کرنا • سامنے اور جانبی باؤنڈری لائنوں کو چھوئے بغیر گاڑی پارکنگ کریں • مکمل طور پر پارکنگ میں داخل ہونا • یہ عمل ۳ منٹ میں مکمل کریں پارکنگ سے نکلتے وقت درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • حرکت کرنے سے قبل سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے دائیں اور بائیں دیکھیں • کسی بھی باؤنڈری لائن کو چھوئے بغیر باہر نکلیں اور میدان کی اسکور شیٹ میں دی گئی تمام ضروریات کے مطابق

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوب کام
۴،۰۳ متوازی پارکنگ (ریورس کرکے اور فقط دائیں جانب)	• **داخلے سے قبل مرحلہ:** مشاہدہ کرنا / پہنچنے پر پارکنگ میں جگہ کا اندازہ لگانا • **داخلے کا مرحلہ:** ریورس کرنے سے قبل پوزیشن – آئینہ – اشارے – ہیڈ چیک کا عمل (دونوں طرف) – پارکنگ کی جگہ میں ریورس کرنے کے لئے سمت کے نشان استعمال کریں • **خروج کا مرحلہ:** آگے حرکت کرنے کے لئے جگہ؟ – اشارہ – ہیڈچیک کا عمل – اسٹیئرنگ موڑنا	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا: • گاڑی کو درست پوزیشن میں لانا • کھڑی گاڑی کا اسٹیئرنگ موڑے بغیر پارکنگ کرنا • جانبی اور پیچھے باؤنڈری لائنوں کو چھوئے بغیر پارکنگ کریں • مکمل طور پر پارکنگ میں داخل ہونا • یہ عمل ۵ منٹ میں مکمل کریں پارکنگ سے نکلتے وقت درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • حرکت کرنے سے قبل سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے دائیں اور بائیں دیکھیں • کسی بھی باؤنڈری لائن کو چھوئے بغیر باہر نکلیں اور میدان کی اسکور شیٹ میں دی گئی تمام ضروریات کے مطابق
۴،۰۴ چڑھائی پر گاڑی کو حرکت میں لانا (فقط سیدھا، مینول اور آٹومیٹک کاریں)	ہینڈ بریک، درست گیئر، کلچ پکڑنے کا وقت (مینول کام) اور حرکت کرنے سے قبل مؤثر طور پر مشاہدہ کرنے کی اہمیت کو سمجھیں	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا: • پہلی یا دوسری کوشش میں حرکت میں لانا اور ۱۵ سینٹی میٹر یا اس زیادہ پیچھے کو نہ جانے دینا • رکنے کے بعد ۶۰ سیکنڈ سے کم وقت میں حرکت میں لانا اور میدان کی اسکور شیٹ میں دی گئی تمام ضروریات کے مطابق
۴،۰۵ تین مرحلے میں مڑنا	• جہاں سڑک تنگ ہو اور یو–ٹرن کرنا ممکن ہو تو اس جگہ تین مرحلے میں موڑ مڑنے کی اہمیت کو سمجھیں۔ • سڑک استعمال کرنے والے دوسرے افراد کا خیال رکھنے کے لئے اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ ان کے لئے پریشانی کا باعث نہ بنے۔ خوش اخلاقی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسروں کو نکلنے کا موقع دیں۔ • مشاہدہ / تین مرحلے میں مڑنے کے لئے جگہ کا اندازہ لگانا۔ سلامتی کی یقین دھانی کریں اور تین مرحلے میں موڑ مڑیں۔ • آئینے – اشارہ – ہیڈ چیک کا عمل اور فٹ پاتھ کے قریب روکنا۔ • سلامتی کو یقینی بناتے ہوئے تین مرحلے میں موڑ مڑنے کا کام انجام دیں۔ • ضروری ہے کہ فٹ پاتھ کو نہ ماریں	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • آگے اور پیچھے فٹ پاتھ کو مارے بغیر گاڑی کو تین مرحلوں میں واپس موڑیں۔ • موڑیں اور اسٹیئرنگ گھمائیں «کھڑی گاڑی کا اسٹیئرنگ نہ موڑنا» • ریورس کرتے وقت پیچھے معاینہ کریں • سڑک استعمال کرنے والوں کا خیال رکھتے ہوئے خوش اخلاقی کا مظاہرہ کریں۔

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوب کام
۴ء۰۶ ہنگامی بریک	• درست تکنیک لاگو کرنے کی اہمیت کو سمجھیں • ہنگامی بریک لگانے کی مشق کا اشارہ دینے کے بارے میں جانیں۔ • ۲۰ - ۳۰ کم / گھنٹہ رفتار۔ جب اشارہ دیا جائے، جلدی سے رد عمل کریں اور فٹ بریک کو زور سے دبائیں۔ کار کے رکنے سے بالکل پہلے کلچ دبائیں۔ • بچنے والے منفی کاموں کے بارے میں وضاحت کریں • اشارہ - ہیڈ چیک کا عمل - دوبارہ گاڑی چلانا • خطرے کا عنصر: پیچھے سے آنے والی ٹریفک سے خبردار رہیں۔ اس مشق کو کرنے سے قبل اطراف میں سلامتی کو یقینی بنائیں	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • ایک سیکنڈ کے اندر رد عمل کریں • کلچ سے پہلے بریک دبائیں • مطلوبہ فاصلہ سے قبل گاڑی روک لیں • سلامتی کے طریقہ کار کو لاگو کرنا اور میدان کی اسکور شیٹ میں دی گئی تمام ضروریات کے مطابق
۴ء۰۷ ٹائر	• اپنے ٹائروں کے بارے میں کم از کم قانونی حالت ہونے کے بارے میں جانیں • اپنے ٹائروں میں درست ہوا کے دباؤ کے بارے میں جانیں۔ • ٹائروں کی حالت اور ہوا کے دباؤ کا معاینہ کرنے اور اس کے دورانیے کے بارے میں جانیں۔ • ٹائروں میں ہوا کے دباؤ کو درست کرنے کے طریقہ کے بارے میں جانیں • یہ جانیں کہ آپ کا اضافی ٹائر کہاں موجود ہے۔	ٹائر کی ضرورت کا معاینہ کرنے کے قابل ہونا
۴ء۰۸ ٹائر تبدیل کرنا	• ٹائر تبدیل کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں جاننا • انسٹرکٹر مظاہرہ کرے اور سیکھنے والا اس میں حصہ لے	ٹائر تبدیل کرنے کے طریقہ کار پر عمل کرنے کے قابل ہونا
۴ء۰۹ معائع کی سطح	• ونڈ اسکرین صاف کرنے کے پانی کی ٹنکی میں پانی بھرنے کے طریقہ کے بارے میں جانیں۔ • انجن آئل ڈالنے کی جگہ کے بارے میں جانیں • گاڑی کے محفوظ اور روانی کے ساتھ چلنے کے لئے ان معائعات کی اہمیت کو سمجھیں (مثلاً انجن ٹھنڈا رکھنے والی پانی، بریک آئل، اسٹیئرنگ اور آٹومیٹک گئیر آئل)۔	آئل اور پانی کی ضرورت کے بارے میں جاننے کے قابل ہونا
۴ء۱۰ سروس / گاڑی کا معاینہ	• گاڑی کا معاینہ کرنے کی قانونی ضروریات کے بارے میں جاننا (دورانیہ، سرٹیفکیٹ، طریقہ کار) • اپنی گاڑی کو سروس کرنے کے وقت کے بارے میں جانیں • یہ جانیں کہ سروس کرنے میں صرف آئل تبدیل کرنا ہی کافی نہیں (بریک کا معاینہ بھی خصوصی طور پر اہم ہے)	سروس کرنے اور معاینہ کرنے کی ضرورت کے بارے میں جاننے کے قابل ہونا
۴ء۱۱ قانونی کاغذات کی ضرورت (گاڑی / ڈرائیور)	• گاڑی کا رجسٹریشن کارڈ (گاڑی کا معاینہ، گاڑی کا بیمہ)، سالک، جس نوع کی گاڑی چلا رہے ہوں اس نوع کا ڈرائیونگ لائسنس۔	تمام قانونی کاغذات کی ضروریات کے بارے میں جاننے کے قابل ہونا
۴ء۱۲ مرحلہ ۴ جانچ	مرحلہ ۴ کے تمام موضوعات کا جائزہ لینا • کمزور موضوعات میں بہتری لانا • اسمارٹ میدانی ٹیسٹ کے طریقہ کار کے بارے میں جانیں	مرحلہ ۴ کے تمام موضوعات پر خود مختاری سے اسمارٹ میدانی اسکور شیٹ کے مطابق عمل کرنے کے قابل ہونا۔

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوبہ کام
مرحلہ ۵ میدان میں ٹیسٹ، سڑک پر جانچ اور شاہراہ عام پر گاڑی چلانا		
۵٫۰۱ اسمارٹ میدان کی داخلی جانچ	• اسمارٹ میدانی ٹیسٹ کے طریقہ کار کا خلاصہ • اسمارٹ میدانی ٹیسٹ کے تمام عناصر کا تجزیہ • کمزور پوائنٹس میں بہتری لانا • اسمارٹ میدانی ٹیسٹ کی ضروریات کے مطابق تمام اسمارٹ میدانی ٹیسٹ کا اندازہ لگانا • قوی مہارات اور بہتری کے مقامات کی وضاحت کریں	درج ذیل کام کا مظاہرہ کرنے کے قابل ہونا • میدان کی اسکور شیٹ کے مطابق تمام ٹیسٹ کے کام • خود مختاری سے تمام کام سرانجام دینا
۵٫۰۲ آر ٹی اے یارڈ ٹیسٹ	آزمائشی طور پر سمارٹ یارڈ ٹیسٹ کے نظام کے مطابق تمام ٹیسٹ اشیاء کو انجام دینے کے قابل.	
۵٫۰۳ داخلی جانچ	• شاہراہ عام پر گاڑی چلانے کا مظاہرہ کریں • کامیابی کی صورت میں آر ٹی اے روڈ ٹیسٹ کی کتاب سے رجوع کریں • ناکامی کی صورت میں دہرائی کی مشق کے لئے کمزوری کی جگہ کی ہدایت • انسٹرکٹر کو ہدایت دیں کہ اس کے سکھانے کو کس طرح بہتر کیا سکتا ہے۔	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا • شاہراہ عام پر روڈ ٹیسٹ اسکور شیٹ کے مطابق گاڑی چلانا • معاونت کے بارے میں تمام کام سرانجام دینا
۵٫۰۳ سیکھنے والے کے لئے کامیاب ہونا لازمی ہے		
۵٫۰۴ شہر کی سڑکوں پر خود مختاری سے گاڑی چلانا • ۲۰ گھنٹے تک سیکھنے والوں کے لئے • کم از کم ۱۲۰ منٹ • ۱۰ اور ۱۵ گھنٹے تک سیکھنے والوں کے لئے • کم از کم ۶۰ منٹ	• پہلے سے تعین کردہ امتیازی جگہ / دوبئی کے راستوں پر مطلوبہ مقام تک پہنچنے کے راستے کا علم ہونا • مسلسل راہنمائی مہیا کرنے والے سائن بورڈ (سبز پس منظر والے) کو استعمال کرنے کا علم ہونا • کسی کی ہدایات کے بغیر گاڑی چلانے کے عوامل کو خود مختاری سے ادا کرنا • **اضافی خصوصیات کی حامل تربیتی گاڑیوں میں درج ذیل استعمال کرنے کے قابل ہونا:** • گاڑیوں میں استعمال ہونے والا نیویگیشن سسٹم • نہ نظر آنے والے مقام دکھانے میں مدد کا نظام / مانیٹر • پارکنگ کے سینسر / پیچھے دیکھنے والا کیمرہ/خود کار پارکنگ	درج ذیل کام کرنے کے قابل ہونا: • مستقل راہنمائی کرنے والے سائن بورڈ سے راہنمائی حاصل کرنا اور مقررہ امتیازی جگہ یا مطلوبہ مقام پر محفوظ طور پر پہنچنا • گاڑی چلانے کے عوامل کو خود مختاری سے خود فیصلے لیتے ہوئے ادا کرنا مثال کے طور پر لین میں پوزیشن، لین تبدیل کرنا، اوورٹیک کرنا، اشاروں کا استعمال وغیرہ **اضافی خصوصیات والی تربیتی گاڑیوں کے لئے:** • اضافی خصوصیات کو محفوظ طور پر استعمال کرنے کے قابل ہونا

موضوع	موضوع کی تفصیل	مطلوبہ کام
۵۰۰۵ بڑی شاہراہ پر خود مختاری سے گاڑی چلانا • ۲۰ گھنٹے تک سیکھنے والوں کے لئے کم از کم ۱۲۰ منٹ • ۱۰ اور ۱۵ گھنٹے تک سیکھنے والوں کے لئے کم از کم ۶۰ منٹ	• اماراتی کے روٹس پر موجود پہلے سے تعین کردہ امتیازی جگہ / مطلوبہ مقام تک پہنچے کے لئے راستے کا علم ہونا • مسلسل راہنمائی مہیا کرنے والے سائن بورڈ (نیلے پس منظر والے) کو استعمال کرنے کا علم ہونا • کسی کی ہدایات کے بغیر گاڑی چلانے کے عوامل کو خود مختاری سے ادا کرنا • بڑی شاہراہ میں داخل ہونا یا خروج کرنا • سڑک پر لگے اشارے اور نشانات • بڑی شاہراہ میں داخل ہونے والی ٹریفک کو راستہ دینا • لین کا استعمال اور لین کا نظم و ضبط • دور تک دیکھنا : ٹریفک کے بہاؤ کی پیش بینی کرنا • حفاظتی وقفہ رکھنا • کم از کم اور زیادہ سے زیادہ رفتار کی حد • بریک لگا کر رکنے کا فاصلہ • جانبی گاڑیوں کی وجہ سے ہوا کے دباؤ کا خلل (اوور ٹیک کرنے یا ہونے کے دوران) • لین تبدیل کرنا (نہ نظر آنے والے مقام، ایک ہی لین میں آنے والی گاڑیاں) • اوورٹیک کرنا (آئینے میں نظر آنے والی اشیاء کا حقیقی فاصلہ نظر آنے سے قریب یا دور ہوسکتا ہے) • متعدد لین والے راؤنڈ اباؤٹ • سڑک کے کناروں کے کام اور استعمال کا طریقہ • تغیر پذیر پیغام والے اشارے • حد رفتار کے کیمرے اور اس سے متعلقہ جرمانے • پانچویں گیئر کا استعمال اضافی خصوصیات والی تربیتی گاڑیوں کے لئے: • کروز کنٹرول یا معاون کروز کنٹرول • لین تبدیل ہوتے وقت انتباہ کرنے کا نظام • ہاتھ لگائے بغیر موبائل فون استعمال کرنے کا نظام • دوسرے آلات اگر نصب ہوں	درج ذیل سے بڑی شاہراہ پر گاڑی چلانے کے قابل ہونا: • بڑی شاہراہ میں داخلے اور خروج کے وقت رفتار درست کرنا۔ • درست لین اختیار کرنے کے بارے میں علم ہونا۔ • زیادہ رفتار سے گاڑی چلاتے وقت خطرات پر نظر رکھنا۔ • اگلی گاڑی سے محفوظ فاصلہ اور اطراف میں وقفہ رکھنا • راؤنڈ اباؤٹ میں درست لین اختیار کرنے کے بارے میں علم ہونا • پانچویں گیئر کو استعمال کرنا • قبل از وقت راہنمائی کے اشاروں کو پڑھنے کے بارے میں علم ہونا۔ اضافی خصوصیات والی تربیتی گاڑیوں کے لئے: • اضافی خصوصیات کو محفوظ طور پر استعمال کرنے کے قابل ہونا
۵۰۰۶ آر ٹی آے کا روڈ ٹیسٹ	سڑک پر عملی ٹیسٹ کی اسکور شیٹ کے مطابق مطلوبہ کاموں کو کرنے کے قابل ہونا۔	

روڈ اینڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کو یہ حق ہے کے وہ کبھی بھی ، کسی نئے قائدے ، قانون اور تدبیر کے تحت ، اس ہینڈ بُک کی کسی بھی بات کو تبدیل کر سکتے ہیں ۔

(یہ ہینڈ بک آر۔ٹی۔اے تھیوری ڈرائیونگ پر باضابطہ یا سرکاری حوالہ دستاویز ہے)

تجاویز اور آراء کی صورت میں

crmadmin@rta.ae یا پر ای میل بھیجیں

ویب سائٹ : www.rta.ae

۸۰۰-۹۰۹۰ پر کال کریں